بن عابس سے فعلمت ما فی السموات والارض اور مسلم نے حدیث حضرت عمرو بن اخطب سے
فاخبرنا بما کان وما ھو کائن اور حدیث حضرت عائشہ رض سے رأیت فی مناہی ھذا کل شئ
وعد تم اور ترمذی نے حدیث عبد اللہ بن عمر سے ھذا کتاب من رب العالمین فیہ اسماء
اھل الجنۃ واسماء آبائہم وقبائلہم ثم اجمل عن آخرہم اور ھذا کتاب من رب العالمین

فیہ اسماء اهل النار واسماء ابائهم وقبائلهم الحدیث اور روایت کیا ہے قسطلانی نے دیلمی سے حدیث علمت الاسماء کلہا اور ابن حجر عسقلانی نے امام احمد سے ابن مسعود رض سے اوتی نبیکم صلی اللہ علیہ وسلم کل شیء الا الخمس نقل کیا ہے شیخ عبد الحق محدث دہلوی لمعات مین لکھتے ہین قوله فعلمت ما فی السموات والارض کنایة عن حصول جمیع العلوم انتہی اور سیوطی انموذج اللبیب مین تحریر فرماتے ہین عرض علیه امته کلهم من ادم فمن بعده کما علم ادم اسماء کل شیء اور اس سے قبل لکھتے ہین اوتی صلی اللہ علیہ وسلم علم کل شیء الا الخمس التی فی ایة ان اللہ عنده علم الساعة وقیل اوتیها ایضا وامر بکتمانها والخلاف جار فی الروح ایضا ان احادیث اور عبارات سے وسعت علم حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ثابت ہوتی ہے اور ثابت ہوا کہ جناب باری نے آپکو معرفت اہل جنت و نار کی مفصل انکے نامونکے انکے باپون اور قبیلون کے نامونکے اور معرفت کل نامونکی بلکہ کل مسمیات کی اور انکشاف ہر شیء کا اور علم اولین وآخرین علم ما کان وما یکون دیا ہے لیکن باین وسعت بہ جملہ غیوب امور جزئیہ مین گو بہ نسبت دوسری مخلوقات کے علوم کے اکثر کثیر ہین اور امور جزئیہ پر اطلاع ہونا مستلزم علم کلی یا اطلاع تفصیلی ہر ہر شیء کا باین طور کہ کوئی جزئی امر ہر شیء کا علم سے باہر نہو نہین ہے پس علم جملہ مغیبات کلیات وجزئیات کا بجمیع تفاصیلہا کہ مختص حضرت الوہیت کے ساتھ ہے کسی مخلوق کو حاصل نہین اور نہ ہو سکتا ہے اور نہ خدا نے کسیکو بطریق معجزہ دیا ہے البتہ انبیا کو حق تعالی نے علم باللہ وصفاته کا کمال اس غایت تک عطا فرمایا ہے جس غایت تک مخلوق کو حاصل ہونا ممکن ہے اور کائنات حادثہ کا علم انکو بقدر احتیاج انکی امت کے عنایت فرمایا ہے تحقیق اسکی عقائد الخواص وفصوص وغیرہ مین موجود ہے ہر گاہ کہ حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث الی العالمین ہین اسیواسطے آپکو علم کل شیء کا عنایت فرمایا جن امور پر تفصیلا اطلاع کی ضرورت تھی اطلاع تفصیلی اسکی دی اور جن مین چاہا اجمال رکھا اور علم حضرت رسالت پناہ کا بعد حصول کے سلب ہو جانا یا سہو ہو جانا غلط ہے سہو بجز علوم منسوخہ کے اور ثابت نہین بلکہ بحکم آیہ قل رب زدنی علما ترقی علوم آپکے لیئے ثابت ہے پس علوم حضرت رسالت کی نہایت ہی نہین ہے اور اسیکو مطلع علی الغیوب باطلاع اللہ کہہ سکتے ہین باطلاع الہی مطلع علی الغیوب آپکو سمجھنا ہرگز کفر نہین بلکہ عین ایمان ہے واللہ اعلم حررہ محمد عبد الباقی سامحه اللہ یوم التلاقی

فی الواقع علم تفصیلی جمیع ماکان وما یکون کا مختص حق تعالی کے ساتھ ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اگرچہ اطلاع ماکان وما یکون پر دیگئی لیکن اطلاع تفصیلی جمیع پر ثابت نہیں واللہ اعلم کتبہ عین القضاۃ عفا اللہ عنہ۔ واقعی زید بر سر حق ہے اور حضور حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ماکان و ما یکون پر تمام عالم سے بدرجہا زائد اطلاع دیگئی تو حضرت من جانب جناب باری عز اسمہ مطلع علی الغیوب ہوگئے اور یہ کیفیت نہیں بلکہ عین حق ہے اور کشف کے بعد مکشوف غیب نہیں رہتا بلکہ درحقیقت یہ علم متعلق بغیب نہیں ہے بلکہ علم غیب مطلقا منحصر بذات الٰہی ہے اور قول عمرو باطل ہے انسلاب علم یا کسی صفت کمال کا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کرنا افحش سوء ادب ہے۔ واللہ اعلم بالصواب حررہ ابو الغنا محمد عبد المجید غفر لہ اللہ الوحید [محمد عبد المجید] واقعی قول زید کا صحیح و درست ہے اور عمرو کا قول باطل و فضول ہے اسواسطے کہ اللہ پاک نے اپنے نبی مکرم کو ہر طرح کے غیب سے علم عطا فرمایا ہے خواہ غیب مطلق ہو خواہ غیب اضافی اور علم ماکان و ما یکون سے بھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو علم عطا فرمایا ہے پس حضرت سرور صلی اللہ علیہ وسلم کو مطلع علی الغیوب کہنا کفر ہرگز نہیں بلکہ عین ایمان ہے جیسا کہ علماء محققین نے ثابت کیا ہے خاتم المحدثین مولانا شاہ عبد العزیز دہلوی قدس سرہ اپنے فتاوے میں فرماتے ہیں الا من ارتضی من الرسول یعنی مگر کسیکہ پسند میکند آن کس رسول می باشد خواہ از جنس ملک باشد مثل حضرت جبرئیل خواہ از جنس بشر مثل حضرت محمد و موسی و عیسی علیہم الصلوۃ والسلام کہ او را اظہار بعضے از غیوب خاصہ خود می فرماید تا آن غیوب را بمکلفین میرساند و تلبیس و اشتباہ را از وی بکلی دفع می نماید تا احتمال خطا و ناراستی اصلا پیرامون آن نگردد و عامہ مکلفین کہ بدین معجزہ تصدیق رسول بشری نمودہ باشند در وحی ہر بار بران اعتماد نمودہ در غلط نیفتند و راہ حق گم نکنند و لہذا در انزال وحی احتیاج بلیغ بکار می برد انتہی اور حضرت جدی و مرشدی قدوۃ السالکین مولانا شاہ عبد الرزاق لکھنوی قدس سرہ اپنے رسالہ انوار غیبیہ میں افاضہ فرماتے ہیں اور غیب خاص بھی حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو حضرت حق نے بتادیا اور بعض انبیا کو اور اولیا کو بھی اسمیں سے کچھ کچھ بتادیا جسکو جسقدر چاہا پس یہ سب بتادینے سے واقف ہوسکے تو ان سب کو عالم الغیب بالاستقلال یعنے خود بخود بے بتائے اللہ کے سمجھنا الخ [illegible] اور اللہ کے بتانے سے بعض غیب کا عالم جاننا اور اپنے فہم سے کسی قسم غیب کو انکے علم [illegible] کفر نہیں ایمان ہے اور بالکل انبیا

اور اولیا کو معاذ اللہ علم غیب سے محروم سمجھنا خالی از کفر نہیں ہے اسواسطے کہ اس سمجھ سے بعض آیات قرآنی کا اور وسعت قدرت حق کا انکار لازم آتا ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں اسقدر اعتقاد رکھنا چاہیے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالی نے جمیع کائنات کا علم دیا اور غیب سے بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت کچھ دیا خاص ہو یا مطلق کلی صنف علم غیب سے نفی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی درست نہیں اور نہ کل کا احاطہ کر سکتے ہیں اسکو اللہ ہی کے حوالہ کرنا چاہیے وہی جانے علم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا کیفیت اور کیا تعداد ہے اور حضرت جد مکرم مقبول بارگاہ صمد جناب مولانا علی محمد لکھنوی قدس سرہ اپنے مجموعہ فتاوے میں تحریر فرماتے ہیں یعنی در ظاہر امی بودند و در باطن حق تعالی بر جمیع علوم اطلاع دادہ کما فی الشفا للقاضی علیہ الرحمۃ ھذا اصح انہ صلی اللہ علیہ وسلم کان لا یکتب ولکن اوتی علم کل شیء انتہی ملتقطاً و نزد اہلسنت والجماعت و علمای باعمل بنصوص صریح بہ ثبوت پیوستہ کہ حق سبحانہ و تعالی آن سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم را بعد بعثت علم اولین و آخرین یعنی علوم ماضیہ و مستقبلہ از بدء خلق تا قیام قیامت ما کان و ما یکون بلکہ تمامی علوم جزوی و کلی و احاطہ آن الہام فرمود زیرا کہ از معجزات باہرات صلی اللہ علیہ وسلم بہ ہر صغیر و کبیر و ہر کہ عقل سلیم و اعتقاد کامل دارد ہویدا و در کتب حدیث و تفسیر مثل آفتاب جہانتاب بتصریح جا بجا بین و آشکارا است کہ علم سید المرسلین و محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ و علی آلہ اجمعین وسیع است بر تمام علوم انس و جن و ملائکہ زیرا کہ حق تعالی آن محبوب عالم را احاطہ بر علوم قرآن شریف و علوم اولین و آخرین عنایت فرمودہ چنانکہ حق تعالی ارشاد می فرماید ما فرطنا فی الکتاب من شیء الآیۃ و علوم تمامی انبیا علیہم الصلوۃ والتسلیم مندرج و منحصر اند در علوم صلی اللہ علیہ وسلم و بر جمیع معارف و علوم و جمیع مصالح دارین و معرفت امور شرائع و قواعد دین و سیاست عباد و مصالح امت ہر چہ ہم خویش و امم جمیع انبیا و رسل و اسرار و اختلافات شرائع ایشان بالخصوص بالہام الہی اطلاع داشتند آنرا ذی عقل سلیم نکند نماید احادیث متواترہ و مشکاۃ در باب اشراط الساعۃ و قیام قیامت و شفاعت عظمی و دخول جنت للمسلمین و کیفیت آنہا و دخول نار للکافرین و حال بر آل انبیا و غیرہ موجود است حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما مروی است کہ فرمود رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم بیشک حق تعالی بر داشت برای من دنیا را پس می بینم طرف آن و ہر چہ شدنی است تا روز قیامت باینطور کہ کف دست خود را می بینم و فرمود ابوذر رضی اللہ عنہ کہ نگذاشت ما را رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم و مرغی کہ بازوی خود را می جنباند

در آسمان مگر علم آنها از من ذکر کرده و یک حدیث از عبد الرحمن بن عائش و دیگر از معاذ بن جبل منقول است
که فرمود رسول خدا صلی الله علیه وسلم که دیدم پروردگار خود را در حسن صورت گفت پروردگار من پرسید
از من که در چه چیز خصومت میکنند ملائکه گفتم تو عالمی گفت آنحضرتؐ پس نهاد پروردگار تعالی دست
قدرت خود را میانه دو شانهٔ من پس یافتم سردی دست مولی تعالی درمیان دو پستان خود پس دانستم
هر چه در آسمان و هر چه در زمین بود و در حدیث دیگر است که روشن و ظاهر شد برای من هر چیز الحدیث
محقق دهلوی علیه الرحمة در تحت این حدیث افاده می فرمایند عبارت است از حصول تمامی علوم جزوی و
کلی و احاطهٔ آن انتهت و همین طور ملا علی قاری علیه الرحمة رقم می فرمایند ای هر چه اذن داده الله برای ظهور آن
عالم علویه و سفلیه مطلقا و خصوصیت ملائکه خصوصا درینجا مطلب هر یک می نویسم تا درفهم آید پس ازین
عبارت هر باب بسند کتاب رقم خواهم ساخت و در صحیح مسلم از ابو زید یعنی عمرو بن اخطب مروی است که خواند
رسول خدا صلی الله علیه وسلم همراه ما نماز صبح را و به منبر رفته خطبه شروع ساخت تا اینکه زوال شد فرود آمد و
نماز ظهر ادا ساخت باز به منبر رفته خطبه خواند تا اینکه وقت عصر آمد نماز خوانده باز خطبه خواند تا اینکه غروب
آفتاب گردید پس خبر داد ما را بما کان و بما هو کائن پس عالم ترین ما حافظ ترین ما است و حضرت عبد الحق
محدث دهلوی در مدارج النبوة افاده فرموده هر که مطالعه کند احوال شریف او را از ابتدا تا انتها به بیند که چه
تعلیم کرده است او را پروردگار و افاضه کرده است بر وی از علوم و اسرار ما کان و ما یکون بضرورت
حاصل شود او را علم به نبوت او بی شوب و شکوک و ظنون قوله تعالی و علمك ما لم تكن تعلم وكان فضل
الله عليك عظيما صلی الله علیه وسلم و علی آله حسب علمه و کماله انتهی و ازین معجزه اگر محمد بجهت خذلان
انکار کند دیگر را مجال انکار نیست کما هو مصرح فی الشفاء و فی جمع الجوامع للسیوطی ان الله عز وجل
رفع لی الدنیا فانا انظر الیها والی ما هو کائن فیها الی یوم القیمة کما انظر الی کفی
هذه انتهی و در منح المکیه فی شرح قصیدة الهمزیة لابن الحجر ای وسع علمه صلی الله علیه وسلم علوم
العالمین الانس والملائكة والجن لان الله تعالى اطلعه على العالم فعلم علم الاولين والآخرين
ما كان وما يكون كما مر وحسبك في ذلك القرآن الذي اوتيه صلى الله عليه وسلم ومثله
معه كما صح عنه صلى الله عليه وسلم وقد قال الله تعالى ما فرطنا في الكتاب من شئ
ويلزم من احاطته صلى الله عليه وسلم بالعلوم القرآنية ومثلها الذي اوتيه

ایضا انہ صلی اللہ علیہ وسلم احاط بعلوم الاولین والاخرین وان علومھم منہ رشحۃ
ومنغمرۃ فی علومہ صلی اللہ علیہ وسلم انتہی وفی المواھب عن ابن عمر رضی
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ قد رفع لی الدنیا فانا انظر الیھا
والی ما ھو کائن فیھا الی یوم القیامۃ کانما انظر الی کفی ھذہ وسنح من خواطر الابرار الاخیار
انہ صلی اللہ علیہ وسلم عرف جمیع ما یقع فی حیاتہ وبعد موتہ وما قد انعدم وقوعہ فلا سبیل
الی فوتہ وقال ابو ذر ترکنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وما یحرک طائر جناحیہ فی السماء
الا ذکر نا منہ علما ولا شک ان اللہ تعالی قد اطلعہ علی زید من ذلک والقی علیہ علم
الاولین والاخرین واما علم عوارف المعارف الالھیۃ فتلک لا یتناھی عددھا وانہ صلی
اللہ علیہ وسلم ینتہی مددھا انتہی ودر شفاء قاضی عیاض رحمہ اللہ مرقوم است ومن
معجزاتہ الباھرۃ ما جمعہ اللہ لہ من المعارف والعلوم وخصہ بہ من الاطلاع علی
جمیع مصالح الدنیا والدین ومعرفۃ بامور شرائعہ وقوانین دینہ وسیاسۃ
عبادہ ومصالح امتہ وما کان فی جمیع الامم قبلہ وقصص الانبیاء والرسل والجبابرۃ والقرون
الماضیۃ من لدن ادم الی زمنہ وحفظ شرائعھم وکتبھم ووعی سیرھم وانباءھم وایام
اللہ فیھم وصفات اعیانھم واختلاف ارائھم ومعرفۃ مدد نھم واعمارھم وحکم حکمائھم
ومحاجۃ کل امۃ من الکفرۃ ومعارضۃ کل فرقۃ من الکتابیین بما فی کتبھم واعلامھم باسرارھا
ومغیبات علومھا واخبارھم بما کتموہ من ذلک وغیرہ الی الاحتواء علی لغات العرب
وغریب الفاظ فرقھا والاحاطۃ بضروب فصاحتھا والحفظ لایامھا وامثالھا وحکمھا ومعانی
اشعارھا والتخصیص بجوامع کلمھا الی المعرفۃ بضرب الامثال الصحیحۃ والحکم البینۃ لتقریب
التفھیم للغامض والتبیین للمشکل الی تمھید قواعد الشرع الذی لا تناقض فیہ ولا تخاذل مع
اشتمال شریعتہ علی محاسن الاخلاق ومحامد الاداب وکل شیء مستحسن مفضل لم ینکر منہ
ملحد ذو عقل سلیم شیئا الا من جھۃ الخذلان بل کل جاحد لہ وکافر بہ من جاھلیۃ اذا سمع
ما یدعو الیہ صوبہ واستحسنہ دون طلب اقامۃ برھان علیہ انتہت مختصرا وفی المشکوۃ عن معاذ
ابن جبل قال احتبس عنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذات غداۃ عن صلوۃ الصبح حتی

كربها انتراءى عين الشمس فخرج سريعا فثوب بالصلوة فصلى رسول الله صلى الله عليه وسلم وتجوز
فى صلوته فلما سلم دعا بصوته فقال لنا على مصافكم كما انتم ثم انفتل الينا ثم قال اما انى
ساحدثكم ما حبسنى عنكم الغداة انى قمت من الليل فتوضأت وصليت ما قدر لى فنعست فى
صلوتى حتى استثقلت فاذا انا بربى تبارك وتعالى فى احسن صورة فقال يا محمد قلت
لبيك رب قال فيم يختصم الملأ الاعلى قلت لا ادرى قالها ثلثا قال فرأيته وضع كفه بين
كتفى حتى وجدت برد انامله بين ثديى فتجلى لى كل شئ الحديث قال الملا على القارى فى
المرقاة اى مما اذن الله فى ظهوره لى من العوالم العلوية والسفلية مطلقا وما يختصم به
الملأ الاعلى خصوصا انتهى وفى المشكوة المصابيح عن عبد الرحمن بن عايش قال قال رسول
الله صلى الله عليه وسلم رأيت ربى فى احسن صورة قال فيم يختصم الملأ الاعلى قلت انت
اعلم قال فوضع كفه بين كتفى فوجدت بردها بين ثديى فعلمت ما فى
السموات والارض وتلا وكذلك نرى ابراهيم ملكوت السموات والارض
وليكون من الموقنين الحديث ودر اشعة اللمعات محقق دهلوى رحمة الله عليه
در تحت اين حديث رقم فرموده اند مروى است از عبد الرحمن بن عايش كه گفت رسول الله
صلى الله عليه وسلم كه ديدم پروردگار خود را در نيكو صورت گفت پروردگار تعالى و پرسيد از
من كه در چه چيز خصومت ميكنند ملائكه گفتم تو داناترى گفت آنحضرت پس نهاد پروردگار
تعالى دست قدرت وانعام خود را درميان دوشانه من پس يافتم سردى دست وتعالے را
درميان دو پستان خود پس دانستم هرچه در آسمان وهرچه در زمين بود عبارت است از حصول
تمامى علوم جزئى وكلى واحاطه آن وخواند آنحضرت مناسب اين حال وبقصد استشهاد بامكان
آن اين آيه را وهمچنين نموديم ابراهيم خليل الله عليه الصلوة والسلام را ملك عظيم تمامى آسمانها را
وزمين را وتا آنكه گردد ابراهيم از يقين كنندگان بوجود ذات وصفات وتوحيد واهل تحقيق
گفته اند كه تفاوت است درميان اين دو رويت زيرا كه خليل عليه السلام ملك آسمان وزمين
را ديد وحبيب هرچه در آسمان وزمين بود خالى از ذات وصفات وظواهر وبواطن همه را ديد
وخليل را حاصل شد مراد از يقين بوجوب ذاتى ووحدت حق بعد از ديدن ملكوت آسمان وزمين

چنانکہ حال اہل استدلال وارباب سلوک ومحبان وطالبان می باشد وحبیب حاصل شد مراورا یقین ووصول الی اللہ ولا لبس ازان دانست عالم را وحقائق آنرا چنانکہ شان محبوبان ومطلوبان است انتہی وفی اللمعات التنقیح للشیخ الموصوف قولہ فعلمت ما فی السموات والارض کنایۃ عن حصول جمیع العلوم واستشہد علی امکانہ وحصولہ بقولہ وکذلک نری ابراہیم ملکوت السموات والارض والملکوت فعلوت من الملک للمبالغۃ انتہی وفی المرقاۃ لملا علی القاری یعنی ما اعلمہ اللہ تعالی بما فیہما من الملائکۃ والاشجار وغیرہما وھو عبارۃ عن سعۃ علمہ الذی فتح اللہ علیہ وقال ابن حجر ای جمیع الکائنات التی فی السموات بل وما فوقہا کما یستفاد من قصۃ المعراج والارض ھی بمعنی الجنس ای وجمیع ما فی الارضین السبع بل وما تحتہا کما افادہ اخبارہ صلی اللہ علیہ وسلم عن الثور والحوت الذی علیہما الارضون کلہا انتہی ویمکن ان یراد بالسموات الجہۃ العلیا وبالارض الجہۃ السفلی فیشتمل الجمیع انتہی وفی الصحیح المسلم حدثنی ابوزید یعنی عمرو ابن اخطب قال صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الفجر وصعد المنبر فخطبنا حتی حضرت الظہر فنزل فصلی ثم صعد المنبر فخطبنا حتی حضرت العصر ثم نزل فصلی ثم صعد المنبر فخطبنا حتی غربت الشمس فاخبرنا بما کان وبما ھو کائن فاعلمنا احفظنا انتہی اور حضرت اخی واستاذی جامع العلوم العقلیہ والنقلیہ حاوی الفنون الفرعیۃ والاصلیۃ قدوۃ المحققین زبدۃ المدققین مولانا مولوی حافظ سید الحاج محمد عبد الباقی صاحب دام فیوضہم نے اپنے رسالہ موسومہ بہ کشف غطاء الریب عن مسئلۃ علم الغیب میں تحریر کیا ہے الکشف الرابع قال ان نبینا صلی اللہ علیہ وسلم اطلعہ اللہ سبحانہ علی الغیوب قال اللہ تبارک وتعالی تلک من انباء الغیب نوحیہا الیک وقال تعالی ذلک من انباء الغیب نوحیہ الیک قال البیضاوی ای ما ذکرنا من القصص والغیوب لم تعرفہا الا بالوحی وقال النسفی ای ذلک من الغیوب التی لم تعرفہا الا بالوحی وقال اللہ تعالی وعلمک ما لم تکن تعلم قال البیضاوی من خفیات الامور او من امور الدین والاحکام انتہی وقال النسفی من امور الدین الشرائع او من خفیات الامور وضمائر القلوب وقال البغوی من الاحکام

وقيل من العلم الغيب في قال السيوطي من الاحكام والغيب وقال الله تعالى وما هو على
الغيب بضنين بالضاد في قراءة نافع المولى وابن عامر الشامي وحمزة وعاصم الكوفي
وقرء ابن عمرو البصري وعلى الكسائي الكوفي بظنين بالظاء قال الخازن في تفسيره
وما هو اي محمد صلى الله عليه وسلم على الغيب اي الوحي ومن خبر السماء وما اطلع عليه
مما كان غائبا عليه من الانبياء والقصص بظنين اي بمتهم والظنة التهمة وقرء
الآخرون بالضاد اي ببخيل يقول انه ياتيه علم الغيب فلا يبخل به عليكم بل يعلمكم
ولا يكتمه كما يكتم الكاهن ما عنده حين ياخذ عليه حلوانا وهو اجرة الكاهن
انتهى وقال البيضاوي وما هو وما محمد على الغيب على ما يخبره من وحي الله
وغيره من الغيوب بظنين اي بمتهم من الظنة وقرء بضنين من الضاد هو
البخل اي لا يبخل في التبليغ والتعليم انتهى فثبت مما ذكرنا ان الله جل جلاله اطلع
نبينا صلى الله عليه وسلم على الغيب فلا يبخل النبي صلى الله عليه وسلم في تعليمه الى
الغيب وتبليغه بل يعلمه ويبلغه انتهى اور اسی کتاب میں ہے واما سعة علمه صلى الله عليه وسلم
بالكائنات فقد اخبر النبي صلى الله عليه وسلم بما خلق الله من العرش الى ما تحت الثرى
وقد ذكر منها السيوطي في الهبة السنية واخرج البخاري في صحيحه عن عمر يقول قام فينا النبي
صلى الله عليه وسلم مقاما فاخبرنا عن بدء الخلق حتى دخل اهل الجنة منازلهم واهل
النار منازلهم حفظ ذلك من حفظه ونسي من نسيه في عمدة القاري الغرض انه اخبر
عن المبدء والمعاش والمعاد جميعا قال فيه دلالة على انه اخبر في المجلس الواحد احوال
المخلوقات من ابتدائها الى انتهائها وفي ايراد ذلك كله في مجلس واحد امر عظيم من
خوارق العادة وكيف وقد اعطي جوامع الكلم انتهى ایسا ہی نقل کیا ہے اسی کتاب میں ملا
علی قاری اور طیبی اور عسقلانی سے اور بھی اسی کتاب میں ہے واخرج مسلم واحمد عن ابی زید الانصاری
قال صلى بنا رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوة الصبح وصعد المنبر فخطبنا حتى حضرت
الصلوة ثم نزل فصلى الظهر ثم صعد المنبر فخطبنا ثم العصر كذلك حتى غابت الشمس
فحدثنا بما كان وما هو كائن فاعلمنا احفظنا واخرج ابو داؤد عن حذيفة بن اليمان انه

قال قام فینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقاما فما ترک شیئا یکون فی مقامہ ذلک
الی قیام الساعۃ الا حدث بہ حفظہ من حفظہ ونسیہ من نسیہ قد علمہ اصحابی ھؤلاء
وانہ لیکون منہ الشیء قد نسیتہ فاراہ فاعرفہ فاذکرہ کما یذکر الرجل وجہ الرجل
اذا غاب عنہ ثم اذا راٰہ عرفہ ثم قال حذیفۃ ما ادری انسی اصحابی ام تناسوہ واللہ
ما ترک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قائد فتنۃ الی ان تنقضی الدنیا یبلغ من تبلغہ ثلثمائۃ
فصاعدا الا قد سماہ لنا باسمہ واسم ابیہ وقبیلتہ انتھی اور بھی اسی کتاب میں ہے واخرج الطبرانی
عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ قد رفع لی الدنیا فانا
انظر الیھا والی ما ھو کائن الی یوم القیامۃ کانما انظر الی کفی ھذہ قال الزرقانی قد رفع
ای اظھر وکشف لی الدنیا بحیث احطت بجمیع ما فیھا کانما انظر الی کفی بھذہ
الاشیاء الی انہ نظر حقیقۃ دفع بہ احتمال ان السبب ارید بالنظر العلم ولا یرد انہ اخبار
ممن شاھدہ فلا یکون غیبا لان اخبارہ بذلک اخبار عن غیب من الناس ثم یعلم
باعتبار صدقہ ووجوب اعتقادہ بقولہ ان کل ما علمہ الناس بعدہ من جملۃ ما راٰہ
حین کشف لہ الدنیا صلی اللہ علیہ وسلم انتھی واخرج احمد والطبرانی عن ابی ذر لقد
ترکنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وما یحرک طائر جناحیہ من السماء الا ذکر لنا منہ
علما وفی روایۃ الا ذکر لنا منہ علما قال الزرقانی ذکر لنا من طیرانہ علما یتعلق بہ فکیف
بغیرہ مما ھنالک فی الارض وھذا تمثیل لبیان کل شیء تفصیلا تارۃ واجمالا اخری
والمعنی انہ ما ترک شیئا الا بینہ لنا بحیث لا یخفی علینا شیء بعدہ وقد کان خطب قبل
وفاتہ خطبا اطال فیھا مرۃ من الصباح الی الظھر ای قبل الغروب لم یدع شیئا الا بینہ
لاصحابہ انتھی واخرج مسلم فی صحیحہ عن ثوبان ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال
ان اللہ زوی لی الارض حتی رأیت مشارق الارض ومغاربھا وان امتی سیبلغ
ملکھا ما زوی لی منھا انتھی اور بھی اسی کتاب میں ہے واخرج الترمذی عن عبد اللہ
ابن عمر قال خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفی یدہ کتابان فقال اتدرون ما ھذان
الکتابان فقلنا لا یا رسول اللہ الا ان تخبرنا فقال للذی فی یدہ الیمنی ھذا کتاب

من رب العالمین فیہ اسماء اهل الجنة واسماء اٰبائهم وقبائلهم ثم اجمل علی اٰخرهم فلا یزاد فیهم ولا ینقص منهم ابدا ثم قال للذی فی شماله هذا الکتاب من رب العالمین فیه اسماء اهل النار واسماء اٰبائهم واسماء قبائلهم ثم اجمل علی اٰخرهم فلا یزاد فیهم ولا ینقص منهم ابدا الی ان قال ثم قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیدیہ فنبذهما ثم قال فرغ ربکم من العباد فریق فی الجنة وفریق فی السعیر انتهی اور اسی کتاب میں ہے واخرج مسلم من طریق المرادی عن عائشة زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی حدیث صلوٰة خسوف الشمس قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رأیت فی مقامی هذا کل شیء وعدتم حتی لقد رأیتنی ارید ان آخذ قطفا من الجنة حین رأیتمونی جعلت اتقدم ولقد رأیت جهنم یحطم بعضها بعضا حین رأیتمونی تأخرت ورأیت فیها عمرو بن لحی وهو الذی سیب السوائب اور اسی کتاب میں ہے واخرج الدیلمی من حدیث ابی رافع وام حبیبة والحاکم من حدیثها انه قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مثلت لی امتی فی الماء والطین وعلمت الاسماء کلها کما علم اٰدم الاسماء کلها وفی روایة الدنیا بدل امتی واخرج الطبرانی وایضا المقدسی عن حذیفة بن اسید بن خالد الغفاری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عرضت علی امتی البارحة الذی هذه الحجرة اولها واٰخرها قیل یارسول اللہ عرض علیک من خلق فکیف من لم یخلق فقال صوّروا لی فی الطین حتی انی لاعرف بالانسان منهم من احدکم الوجه انتهی اور اسی کتاب میں ہے واخرج الدارمی والنسائی عن عبد الرحمٰن بن عابس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رأیت ربی فی احسن صورة قال فیم یختصم الملأ الاعلی قلت اللہ اعلم فقال فوضع کفه بین کتفی فوجدت بردها بین یدی فعلمت ما فی السمٰوٰت والارض وتلا وکذلک نری ابراهیم ملکوت السمٰوٰت والارض ولیکون من الموقنین

خلاصہ کلام یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بذریعہ وحی تعلیم علم غیب ہوئی جیسا کہ احادیث مذکورہ بالا سے ثابت ہوتا ہے یہاں تک کہ بیان کردیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ چیزیں جو اللہ نے پیدا کیں عرش سے تحت الثری تک ان میں سے بعضوں کو سیوطی نے ذکر کیا ہے جیسا کہ سنتے ہیں اور روایت کیا ہے بخاری نے اپنی صحیح میں عمر رضی اللہ عنہ سے فرماتے ہیں کہ قیام فرمایا ہمارے درمیان نبی صلی اللہ علیہ وسلم

نے ایک زمانہ مین پس خبردی ہمکو آپ نے شروع پیدائش خلق سے وہانتک کہ داخل ہونگے اہل جنت
اپنے اپنے درجون مین اور اہل نار اپنی اپنی جگہون مین یاد رکھا اُسکو جس نے یاد رکھا اور بھلا دیا اُسکو
جس نے بھلا دیا عمدۃ القاری مین ہی غرض اس سے یہ ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خبردی مبدء اور
معاش ومعاد سب کی اور کہا صاحب عمدۃ القاری نے اسمین ثبوت ہی اس بات کا کہ نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے ایک ہی مجلس مین تمام مخلوقات کے حالات ابتدا سے انتہا تک بیان کیے اور بیان کرنا
کل احوال کا ایک ہی مجلس مین یہ امر عظیم خوارق عادت کا ہی اور کیونکر نہو حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ
وسلم کو جوامع کلم عطا کیے گئے ہین اور روایت کیا ہی مسلم و احمد نے ابی زید انصاری سے کہا اُنھون
نے نماز پڑھی ہمارے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی اور منبر پر چڑھ گئے پس خطبہ پڑھا یہانتک
کہ نماز ظہر کا وقت پہونچ گیا پھر اُترے اور نماز پڑھی آپ نے ہمارے ساتھ ظہر کی پھر منبر پر چڑھ
گئے پس خطبہ پڑھا پھر عصر کی نماز کے وقت نے ایسا ہی کیا یہانتک کہ غروب ہوگیا آفتاب پس
بیان کردیا ہمسے ما کان وما یکون کو پس زیادہ عالم ہم لوگون مین وہی ہی جو زیادہ یاد رکھنے والا
ہی اور روایت کی ہی ابوداود نے حذیفہ بن یمان سے کہا اُنھون نے کہ کھڑے ہوے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ہم مین ایک مرتبہ پس نچھوڑا اُس قیام مین کسی چیز کو جو ہوگی قیام قیامت تک مگر بیان
کردیا اُسکو یاد رکھا اُسکو جس نے یاد رکھا اور بھلا دیا اُسکو جس نے بھلا دیا میرے ساتھی اُس
سے آگاہ ہین اور جب کوئی بات اُنمین سے ہوتی ہی اور مین بھولا ہوتا ہون تو اُسکو خیال کرتا
ہون مجکو یاد آجاتی ہی جیسا کہ یاد کرتا ہی ایک شخص دوسرے شخص کے چہرے کو جب غائب ہوجاتا
ہی اُس سے پھر جب دیکھتا ہی پہچان لیتا ہی پھر کہا حذیفہ نے نہین جانتا ہون مین کہ میرے ساتھی
بھلا دیے گئے ہین یا خود اُنھون نے کسی وجہ سے بھلا دیا ہی قسم خدا کی نہین چھوڑا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی فتنہ برپا کرنے والے کو دنیا پوری ہونے تک جسکے ساتھی تین سو آدمی
یا اُنسے زیادہ ہون مگر بتادیا ہمکو اُسکا نام اور اُسکے باپ کا نام اور اُسکے قبیلہ کا نام اور طبرانی مین
ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہی کہا اُنھون نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق
اللہ جلشانہ نے بلند کیا میرے لیے دنیا کو پس مین اُسکو دیکھتا ہون اور جو ہونے والا ہی اُسمین
قیامت کے دن تک جیسا دیکھتا ہون مین اپنی ہتھیلی کو زرقانی لکھتے ہین قدمہ فمر الی بینے

بتحقیق ظاہر کردی گئی اور کھولدی گئی میرے لیے دنیا اس طرح پر کہ مین نے احاطہ کر لیا کل چیزونکو جو اس مین ہین کا نما انظر الی کفی یعنے گویا کہ دیکھتا ہون مین اپنے کف دست کو اس مین اشارہ اس جانب ہی کہ حضرت سرور صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا بھر کو حقیقۃً دیکھا وقوع کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس قول سے یہ احتمال کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد نظر سے علم نہین ہی اسپر اعتراض نہین ہوسکتا یہ خبر دینا مشاہدہ سے ہی پس غیب نہین اسلیے کہ اسکی خبر دنیا خبر دینا ہی اُس چیز کے کہ جو لوگون سے پوشیدہ و غائب ہی پھر اسوجہ سے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نبی ہین اور آپ کے قول کا اعتبار واجب ہی کہ جو کچھ لوگون نے بعد آپکے مشاہدہ فرمایا وہ منجملہ اُن اشیا کے ہی جنکو آپ دیکھ چکے جب دنیا بلند کر کے روبرو آپکے کی گئی اور روایت کیا ہی احمد اور طبرانی نے ابی ذر سے کہ کہا اُنھون نے بتحقیق نہین چھوڑا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمکو اس حال مین کہ جو چڑیا کہ اپنے پرونکو آسمان پر ہلاتی ہی مگر ذکر کر دیا ہمسے اُسکا علم زرقانی نے کہا ہی کہ ذکر کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسکے اُڑنے سے وہ علم جو اُسکے متعلق ہو پس کیونکر چھوڑے دوسرے علوم جو ہمکو مہم ہین یہ تمثیل ہی اس بات کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر شے کو تفصیل وار کبھی اور بطور اجمال کبھی بیان کیا اور معنی یہ ہوے کہ نہین چھوڑا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی چیز کو مگر بیان کر دیا اُسکو ہمسے اسطرح کہ نہین پوشیدہ رہی ہمپر کوئی چیز بعد آپکے اور پڑھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے قبل وفات فرمانے کے چند خطبے کبھی اُسمین طول دیا آپنے صبح سے ظہر تک اور کبھی ظہر سے مغرب کے قریب تک نہین چھوڑا کسی چیز کو مگر بیان کر دیا اپنے صحابہ سے اور روایت کیا ہی مسلم نے اپنی صحیح مین ثوبان سے بتحقیق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ جلشانہ نے میرے لیے سمیٹ لیا زمین کو یہانتک کہ دیکھا مین نے مشارق ارض و مغارب ارض کو جہانتک ملک میرا پہونچیگا وہ وہی ہی جو میرے لیے سمیٹا گیا اور روایت کیا ہی ترمذی نے عبداللہ بن عمر سے کہا اُنھون نے کہ نکلے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور ہاتھ مین اُنکے دو کتابین تھین پس فرمایا آپنے کہ جانتے ہو یہ کون کتابین ہین کہا ہمنے کہ نہین یا رسول اللہ مگر یہ کہ بتادے ہمکو پس فرمایا اُسکو جو آپکے داہنے ہاتھ مین تھی کہ یہ کتاب پروردگار عالم کی جانب سے ہی اسمین نام جنت والون کے اور اُنکے باپون اور اُنکے قبیلون کے ہین پھر مجموعہ اسکا فرما دیا پس نہ زیادتی ہوگی اُنمین نہ کمی ہوگی اُنمین سے کبھی پھر فرمایا اُس کتاب کے لیے جو بائین

ہاتھ مین تھی کہ یہ کتاب پروردگار عالم کی جانب سے ہی اس مین اہل دوزخ کے نام ہین اور اُن کے
باپون کے اور اُنکے قبیلون کے پھر جملہ اُسکا بیان فرما دیا پس نہ زیادتی ہوگی اُنمین نہ کمی ہوگی اُنمین
سے کبھی اسکے بعد حدیث مین ہی پھر اشارہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دونون ہاتھون سے
پھر پھینک دیا آپنے اُن دونون کتابون کو یعنے آسمان کی جانب پھر فرمایا فراغت پاچکا پروردگار تمھارا
اپنے بندون سے پھر ایک گروہ جنت مین اور ایک دوزخ مین اور روایت کیا ہی مسلم نے بروایت
مرادی کے حضرت عائشہ زوجہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث صلوۃ خسوف شمس مین کہا حضرت
عائشہ رضہ نے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھی مین نے اس جگہ مین ہر چیز جس کا مجسے وعدہ
ہی یہانتک کہ دیکھا مین نے اپنے کو کہ لیا چاہتا ہون مین خوشہ انگور جنت کو جب تمنے مجھے دیکھا آگے
بڑھتے ہوے اور دیکھا مین نے جہنم کو کہ بعضے بعضون کو شکستہ کرتے ہین جب تمنے دیکھا کہ مین پیچھے ہٹا
اور مین نے دیکھا اُس مین عمرو بن لحی کو جس نے اول سانڈ چھوڑ وادیے تھے اور روایت کیا ہی دیلمی نے
ابی رافع و ام حبیبہ رضی اللہ عنہما سے اور حاکم نے حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا اُن دونون نے کہ فرمایا
رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بنائی گئی میری امت میرے واسطے پانی اور مٹی سے اور جتا یا گیا مین کل نام
جیسا کہ آدم کو کل نام بتا دیے گئے اور ایک روایت مین امت کی جگہ پر دنیا وارد ہوا ہی یعنی دنیا مجھکو دکھا دی گئی
اور طبرانی نے روایت کیا ہی اور مقدسی نے بھی حذیفہ بن اسید ابن خالد غفاری سے کہا اُنھون نے کہ فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پیش کی گئی شب گذشتہ کو مجھپر میری امت پہلی اور پچھلی اس حجرہ کے پاس پس
کہا گیا یا رسول اللہ پیش کی گئی آپ پر جو پیدا ہو چکی تو کیونکر پیش کی گئی جو ابھی پیدا نہین ہوئی ہی پس
فرمایا آپ نے اُنکی صورتین مٹی مین میرے لیے ظاہر کی گئین یہانتک کہ مین پہچانتا ہون اُنمین سے
ہر ایک انسان کو زیادہ تمھارے پہچاننے سے اپنے ساتھی کو اور روایت کیا ہی دارمی اور نسائی نے عبدالرحمٰن
بن عابس سے کہ کہا اُنھون نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا مین نے اپنے پروردگار کو
اچھی صورت مین فرمایا مجھسے اُس نے کہ کس بات مین جھگڑتے ہین ملاء اعلیٰ کے کہا مین نے خدا زیادہ
جانتا ہی فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے پس رکھا خدا نے اپنے کف کو درمیان میرے دونون شانون کے
پس پائی مین نے ٹھنڈک اُسکی اپنے سینہ مین پس جان لیا مین نے جو کچھ آسمان اور زمین مین
ہی اور پڑھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت وکذالک نری ابراہیم الآیۃ یعنے اسی طرح

دکھاتے ہین ہم ابراہیم کو ملک آسمان و زمین اسلیے کہ وہ یقین والون مین ہون اور بہت سی احادیث
ہین جن سے معلوم ہوتا ہی حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالی نے بہت کچھ علم غیب عطا فرمایا
ہی اس مسئلہ کی تحقیق حضرت اُستاذی دام فیوضہم نے اپنے رسالہ مذکور الصدر مین بہت بسط و تشریح
کے ساتھ کی ہی فلیراجع واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ | محمد قیام الدین عبد الباری |
فی الواقع غیب خاص جسکو غیب حقیقی بھی کہتے ہین وہ ہی کہ کسی مخلوق کو جناب باری عز اسمہ کے بغیر
بتائے کسی طرح معلوم ہو سکے مثلاً کنہ ذات و صفات باری عز اسمہ وغیرہ مخصوص بذات خاص تعالی
شانہ ہی اُس مین کسی کی شرکت نہین لیکن غیب مطلق جسکو غیب اضافی بھی کہتے ہین وہ ہی کہ
جسکو حواس البشر نہ پہونچ سکین مثلاً حشر و نشر و جنت و دوزخ کے احوال وغیرہ کہ حواس البشری اُسکے
ادراک سے قاصر ہین مخصوص بذات شانہ تعالی نہین بلکہ جس مخلوق کو اُس مین سے جس قدر مصلحت
تھا حضرت الوہیت نے بتا دیا خواہ مخلوق ملک ہو یا بشر اور بتا دینے کے بعد وہ غیب اُس مخلوق
کے حق مین غیب نہین رہتا بلکہ من قبیل مشاہدہ ہو جاتا ہی اگرچہ دوسرون کے حق مین وہ غیب غیب
ہی رہے پس محققین اہل سنت والجماعت کا عقیدہ نسبت علم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بوجہ
عموم احادیث یہ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالی نے جمیع کائنات کا علم دیا اور غیب بھی
بھی خاص ہو یا مطلق بہت کچھ دیا جسکا علم اُسکو ہی اسکو نہ کسی فرد کے لیے من کل افراد کے قائل
ہو سکتے ہین اور جو کچھ علم حضور کو دیا گیا وہ سب حضور پر من قبیل شہادت ہو گیا جسکی حقیقت واقعی
حضور کو معلوم ہو گی اسی کو عین العلم بھی کہتے ہین اسی بنا پر حضور نے فرمایا ہی کہ مین غیب کو نہین جانتا
ہون پس زید برسر حق ہی اور اُسکا قول کفر نہین بلکہ عین ایمان ہی اور عمرو کا قول باطل بلکہ قریب
کفر کے ہی علم یا کسی اور صفت کمال کے سلب ہو جانیکا قائل ہونا ذات پاک سرور کائنات علیہ افضل الصلوۃ
والتحیات سے کمال سوء ادب بلکہ قریب کفر کے ہی واللہ اعلم بالصواب حررہ العاصی محمد عبد العزیز
غفر اللہ ذنوبہ وستر عیوبہ | محمد عبد العزیز | **وما توفیقی الا باللہ** واقعی آیہ کریمہ وعندہ مفاتح
الغیب لا یعلمہا الا ہو اور قل لا یعلم من فی السموات والارض الغیب الا اللہ وغیرہ اکثر
آیات جو اس معنی مین ہین علی التواتر یہ امر ثابت ہی کہ علم غیب تمام جزئیات و کلیات کا ذات اقدس
خالق اکبر تعالی شانہ کے مختصات سے ہی کسیکو اُس مین شائبہ شرکت کا بالذات نہین ہے اسیوجہ سے

آیۂ کریمہ لو کنت اعلم الغیب الخ مین بھی انکار غیب دانی رسول کریم ارشاد ہوا اور یہ سب آیات
محکمات تنزیل سے ہین کوئی محتمل نسخ و تاویل کی نہین ہے البتہ آیۂ کریمہ عالم الغیب فلا یظہر علی
غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول مین جو استثنا رسول مرتضی کا اظہار غیب کیلیے ارشاد
ہوا تو بظاہر معارض پایا گیا اور تعارض کی دو قسمین ہین ایک حقیقی جسکا حکم تساقط ہے وہ یہان محتمل بھی
نہین ہے دوسرے صوری جسکا حکم ترجیح یعنے اثبات قوت و قربت احد المتعارضین مین یا توفیق یعنی
جمع بین المتعارضین بوجہ من الوجوہ ہین کما فی کتب الاصول اسی بنا پر حضرات مفسرین نے بغرض
توفیق و ترجیح ارشاد فرمایا کہ علم غیب نامتناہی بوجہ الکمال مختصات حضرت الوہیت جل شانہ و عز برہانہ
سے ہے جو اکثر آیات سے ثابت ہے کسی غیر کو اوس مین شائبہ شرکت جزئیہ یا کلیہ کا بالذات اصلاً و مطلقاً
نہین ہے مگر اظہار بعض غیوب کا موافق آیۂ الا من ارتضی من رسول کے تکمیل مرتبۂ رسالت کے
لیے بدلیل معجزہ وغیرہ کے ہر ایک رسول پر موافق اوسکے مرتبہ کے من جانب اللہ فرمایا گیا ہے اور جو کچھ اظہار
مغیبات حضرت رسول پر فرمایا گیا ہے وہ حضرت الوہیت کے علم غیب نامتناہی کے مقابلہ مین اقل القلیل
ہے اسیوجہ سے حضرت شاہ عبد العزیز علیہ الرحمۃ نے اپنی تفسیر مین آیۂ کریمہ الا من ارتضی من
رسول الخ کے تحت مین بعضے از غیوب خاصہ ارشاد فرمایا ہے اور شروانی نے حاشیۂ بیضاوی
مین بعض بل اقل القلیل لکھا ہے اور صاحب تفسیر الرحمن نے لا یطلعون علی جمیع الغیوب
لکھا ہے عبارتین ان سب کتابون کی جوابات ماسبق مین منقول ہین اور اسی بنا پر ابو السعود وغیرہ نے
اپنی تفسیر مین غیب کی دو قسمین لکھی ہین ایک وہ جسپر دلیل نصب نہین ہے وہ حضرت رب العزت
جل شانہ کیلیے مختص ہے اور آیۂ کریمہ وعندہ مفاتح الغیب الخ سے یہی غیب مراد ہے دوسرے
وہ غیب جس پر کوئی دلیل نصب ہو مثل صانع تعالی اور اسکی صفات کے اور نبوت انبیا اور احکام شرعیہ
متعلقۂ نبوت اور احوال قیامت بعث و نشور حساب وغیرہ جو امور غیبیہ منصوب دلیل ہین
اسی قسم ثانی مین داخل ہین اس تقسیم سے بھی یہی امر ثابت ہے کہ غیب قسم اول پر کسیکو آگاہی نہین
دی گئی اور غیب قسم ثانی پر بدلالت دلیل ہر ایک رسول کو موافق اوسکے رتبہ کے اللہ جل شانہ نے
آگاہی عنایت فرمائی ہے اور اسی تقسیم کے موافق علماے عقائد نے بھی تقسیم علم کی فرمائی ہے یعنے علم
کی دو قسمین ہین ایک علم بے سبب جو مختص بذات خالق اکبر جل شانہ ہے دوسری علم بسبب وہ

مشترک تمام مخلوقات مین ہی اور اسباب علم کے داخلی وخارجی کثیر ہین منجملہ اُنکے ایک سبب خبر صادق بھی ہی اور خبر صادق کی ایک قسم وحی منزل من اللہ ہی اور وحی کی بھی دو قسمین ہین ایک متلو اور دوسری غیر متلو متلو یعنی قرآن کریم جسکی تلاوت ناموس الٰہی نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر فرمائی اور آپنے اہل ایمان پر فرمائی یا جس کی تلاوت نماز مین جائز ہی اور ثانی حدیث شریف جسکی تلاوت ناموس الٰہی نے آپ پر نہین فرمائی اور نہ آپ نے اہل ایمان پر فرمائی اور تلاوت اُسکی نماز مین جائز نہین ہے اس بیان سے علماے عقائد کے بھی یہی ثابت ہی کہ تمام یا بعض غیب کا علم کسی رسول کو حاصل نہین ہوا الا موافق خبر صادق کے جو کچھ کسی رسول کو اللہ جل شانہ نے آگاہی عطا فرمائی اُس سے انکار بھی ہرگز نہین چاہیے اب یہ شبہہ ضرور ہی کہ آیۂ کریمہ الا من ارتضی مین علی غیبہ ارشاد ہوا جو کل پر دلالت کرتا ہی علی بعض غیبہ نہین ارشاد ہوا اور بعض احادیث مین بھی لفظ کل یا کل شئی ارشاد ہوا اس صورت مین مفسرین نے لفظ بعض یا اقل القلیل کو کیون اختیار کیا اسکے دو جواب ہین اول یہ کہ اصولیین کے نزدیک کل کی تین صورتین ہین ایک کل مجموعی دوسرے کل افرادی جیسے بولتے ہین لکل واحد منہما تیسرے وہ جزو جسکو کوئی نسبت معینہ کل کی جانب ہو اور بعض کے اقسام نہین ہین قلیل وکثیر ایک ہی ہے اس قاعدہ اصول کے موافق اگر کل مجموعی کو بدلالت ظاہر لفظ غیبہ کے اختیار کرتے تو اُن آیات متواترہ کے خلاف ہوتا جن کی قربت وکثرت ثابت ہی لہذا لفظ بعض اور اقل القلیل کو اختیار کیا اور جواب ثانی یہ ہی کہ وہ احادیث جنمین لفظ کل ارشاد ہوا ہے متواترہ نہین ہین مختلفہ بھی ہین اسوجہ سے اُنکا اعتبار آیات متواترہ اور ظاہر کتاب کے مقابلے مین نہین ہوسکتا ہی جیساکہ شرح عقائد نسفی مین ہی کہ خبر آحاد بالعموم اور آحاد مختلفہ بالخصوص جبکہ مخالف ظاہر کتاب کے ہون تو اعتقادیات مین معتبر نہین اگرچہ اُن جمیع شرائط کو شامل ہون جو اصول فقہ مین مذکور ہین اور اگر اُن احادیث کا تواتر بھی ثابت ہو تو بھی موافق اصول کے اپنے معنی سے مصروف ہونگے والا ترک اولی پر محمول ہونگے اسکی بھی تصریح دوسرے مقام مین شارح عقائد نسفی نے کی ہی الحاصل موافق آیات متواترہ کے حضرات مفسرین اور علماے عقائد سے اطلاع بعض غیب کی جو بسبب وحی ہر ایک رسول کے لیے موافق اُنکی رتبہ کے بالعموم اور حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ اجمعین کے لیے آپکی شایان شان سے

سب اکثر و اوفر کتاب اور سنت سے بالخصوص ثابت کردی ہی اور وہ حق ہی اسمین کوئی وجہ شک
و شبہہ کی نہین ہی کہ جو کچھ قرآن کریم اور احادیث صریح مین ہی اُس کل کی اطلاع آپکو بوجہ کمال
دیگئی اور وہ علم ما کان و ما یکون سب کو شامل ہی الا انہ کل مجمل اور نہ کل مفصل بلکہ کہین مجمل اور
کہین مفصل ہی بنا برعلی ذلک محققین علمانے کل مجموعے سے احتراز کر کے یہ ثابت کر دیا کہ شرعاً اطلاع
تفصیلی جمیع پر ثابت نہین اور جو اسرار آپکو ملہم یا منکشف ہوے اور اُنکا اظہار آپنے نہین فرمایا یا جن
علوم سے آپنے انکار فرمایا وہ قرآن وحدیث مین بھی نہین ہین اُنکا علم بھی سواے اللہ جل شانہ کے
کسیکو نہین ہی اس لیے اُنکا ذکر اجمالی بھی نہین ہوسکتا ہی پس عمرو اور زید ہر ایک ایمان دار کو
تصدیق اس بات کی کرنا واجب ہی کہ علم غیب نا متناہی اللہ جل شانہ کی ذات خاص کے لیے ہے
اُس علام الغیوب نے ہر ایک رسول کو موافق اُسکے رتبہ کے بعض غیوب پر آگاہی عنایت فرمائی
ہی ہر گاہ جناب سید المرسلین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ اجمعین کا مرتبہ عند اللہ تمام رسل ملکی و بشری
سے اعلی ہی لہذا آپکو حضرت باری عز اسمہ نے موافق آپ کے مرتبہ اور نبوت عامہ کے تمام رسل سے
اکثر و اوفر آگاہی ما کان و ما یکون و دیگر مخفیات پر جو قرآن کریم اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہی بالیقین
عنایت فرمائی اُس سے انکار جہانتک ضروریات دین ما جاء بہ الرسول سے ہوگا واجب تکفیر ہوگا
والا مثل ارباب تاویل کے فساد اعتقاد ضروری ہی اور جو علم آپکو حضرت علام الغیوب نے عطا فرمایا تھا وہ
غیب نہین بلکہ متیقن و بدیہیات ہین مثل آپکے محسوسات اور بدیہیات کے تھا اُس علم مین آپکے
احتمال نقیض و تشکیک مشکک اور انکار کو اصلا دخل نہین ہی جس طرح آپ کی حیات مین تھا اُسی
طرح تا قیام قیامت رہیگا کمال سوء عقیدت اور سوء ادب ہے کہ آپکے زوال علم کا خیال کیا
جائے نعوذ باللہ من عقائد الباطل اس مسئلہ کی تحقیق کے لیے فقیر نے چند روز مین جو کچھ کتب معتبرہ
سے استنباط کیا ہی اُسکو علیحدہ جمع کر کے ایک مختصر رسالہ موسوم بہ دافع الریب عن مسألۃ علم الغیب
مرتب کر دیا ہی یہ سب اُسکا لب لباب ہی من شاء التصریح فلیراجع الیہ واللہ اعلم وحکمہ احکم حررہ ابو سعید محمد
عبد الخالق غفر لہ العلیم الخالق [ابو سعید محمد عبد الخالق]

سوال ۲۹ کیا فرماتے ہین علماے دین
و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ علم غیب کے بابت زید کا عقیدہ یہ ہی کہ عالم الغیب کا رتبہ سواے
اللہ جل شانہ کے اور کسیکو نہین ہی اور نہ صفت عالم الغیب دیگر انبیا علیہم السلام یا حضرت محمد صلی اللہ

علیہ وسلم کو موصوف کرنا چاہیے کیونکہ یہ صفت خداوند کریم کے واسطے مخصوص ہے لقولہ تعالیٰ قل لا یعلم
من فی السموات والارض الغیب الا اللہ ولو کنت اعلم الغیب لاستکثرت من الخیر وما مسنی
السوء قل لا اقول لکم عندی خزائن اللہ ولا اعلم الغیب ان ہزاروں کیا بلکہ لاکھوں غیوبیہ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مثل قصص انبیاء سابقہ اور حالات بہشت اور دوزخ وقیامت و
اور ذکر بعث ونشر وحشر وغیرہ کا بذریعہ کشف ووحی والہام بیان فرمایا لیکن اللہ پاک نے اپنا کل
علم غیب آنحضرتؐ کو نہیں عطا فرمایا لہذا اطلاق لفظ عالم الغیب کا آنحضرتؐ پر نہیں ہو سکتا
ہے پس بموجب حکم شرع شریف کے زید کا عقیدہ کیسا ہے بینوا توجروا ہو المصوب
فی الحقیقت عالم الغیب سوا خدا کے کوئی نہیں جناب باری جل جلالہ نے علم غیب کسی مخلوق کو
نہیں دیا اور نہ انبیاء اور مرسلین کو غیب پر آگاہی عنایت کی ہے مدارک میں ہے (ما کان اللہ
لیطلعکم علی الغیب) ما کان اللہ لیوتی احدا منکم علم الغیب فلا تتوھموا عند اخبار
الرسول بنفاق الرجل واخلاص الاخر انہ اطلع علی ما فی القلوب اطلاع اللہ فیخبر
عن کفرھا وایمانھا (ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء) ولکن اللہ یرسل الرسل
فیوحی الیہم ویخبرھم بان فی الغیب کذا وان فلانا فی قلبہ النفاق وفلانا فی قلبہ
الاخلاص فیعلم ذالک من جہۃ اخبار اللہ لا من جہۃ نفسہ انتہٰی
پس حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم و دیگر انبیاء ومرسلین کو من الخیر وما مسنی السوء اور لا یعلم من
فی السموات والارض الغیب الا اللہ البتہ بہت سے امور غیبیہ پر جناب باری سے آگاہی عنایت
فرمائی ہے ان امور غیبیہ سے بھی وہ وقت ہیں جنکی نسبت قرآن مجید اور احادیث کریمہ کو آنکھ کھول کر
دیکھنے کا خیال لیکا کہ کیا کچھ امور ماضیہ ومستقبلہ دنیا ودینیہ واخرویہ پر آپکو اطلاع عنایت فرمائی گئی ہاں یہہ
وہ بھی امور غیبیہ ہیں جس پر حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع نہیں دیگئی جیسے کہ خدا
اور وہ اسم جنکو دعا میں آپ نے فرمایا او استاثرت بہ فی علم الغیب عندک وغیر ذالک پس کل
غیب پر حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع نہیں فرمائی گئی اور جن امور پر اطلاع فرمائی گئی وہ
بہ نسبت غیب حضرت حق جل جلالہ کے اقل قلیل ہیں مگر بہ نسبت دوسری مخلوق کے اکثر کثیر ہیں پس
عالم الغیب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ کہنا چاہیے بلکہ مطلع علی کثیر من الغیوب باطلاع اللہ کہنا چاہیے

اس سے ثابت ہوا کہ یہ عقیدہ زید کا کہ عالم الغیب بجز خدا کے کوئی نہیں ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کو اس نے مطلع بہت کچھ غیوب پر فرمایا ہے اور کل غیب آپکو نہیں دیے گئے اور عالم الغیب آپکو کہنا صحیح ہے اور تحقیق جملہ متعلقات مسئلہ علم غیب کے فقیر نے اپنے رسالہ میں بخوبی کر دی ہے واللہ اعلم حررہ محمد عبد الباقی سلمہ اللہ ایہم التلاقی۔ فی الواقع عالم الغیب مخصوص حق تعالیٰ میں ہے غیر کو عالم الغیب کہنا ناجائز ہے اگرچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مغیبات کثیرہ پر مطلع فرمائے گئے۔ واللہ اعلم کتبہ محمد عین القضاۃ عفی عنہ۔ واقعی علم غیب مختص بجناب باری عز شانہ ہے اور اُسی کا علم اجمالی قبل وجود وحضور اشیا محیط بجملہ کلیات وجزئیات کو علی سبیل التفصیل والکمال ہے ملا علی قاری شرح فقہ اکبر میں لکھتے ہیں وبالجملۃ فالعلم بالغیب امر تفرد بہ سبحانہ ہاں من ارتضی من رسول پر اظہار مغیبات کا موافق مصلحت حکمت کے کیا گیا ہے لیکن وہ بعد اظہار جناب باری کے علم بالغیب نہیں بلکہ بالشہادۃ ہے اسی وجہ سے حصر علم غیب مختص بجناب باری بدون استثنا کے ارشاد ہوا ہے قل لا یعلم من فی السموات والارض الغیب الا اللہ البتہ اظہار غیب کی نفی سے استثنا کی گئی فلا یظہر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول اور یہ مرتبہ اظہار مغیبات کا حضور حضرت شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کمال نہیں ہے بلکہ دیگر حضرات کو بھی عطا ہوا ہے چنانچہ حافظ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں تحت قولہ تعالیٰ الا من ارتضی من رسول لکھا ہے ھذا یعم الرسول الملکی والبشری البتہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اظہار وکشف تمام خلق کی نسبت سے بدرجہا زائد ہے جسکا علم اللہ کو ہے لیس عقیدہ زید کا صحیح ودرست ہے اور اطلاق عالم الغیب کا غیر خدا پر موہم شرک کا ہے اور اعتقاد غیر خدا کے عالم الغیب ہونے کا کفر ہے جیسا کہ حضرات علمای حنفیہ نے تصریح کی ہے فی شرح الفقہ الاکبر لعلی القاری ثم اعلم ان الانبیاء علیہم السلام لم یعلموا المغیبات من الاشیاء الا ما اعلمہم اللہ احیانا وذکر الحنفیۃ تصریحا بالتکفیر باعتقاد ان النبی علیہ السلام یعلم الغیب معارضۃ قولہ تعالیٰ قل لا یعلم من فی السموات والارض الغیب الا اللہ کذا فی المسامرۃ واللہ اعلم بالصواب حررہ ابو الغنا محمد عبد المجید غفر اللہ لو حید

ابو الغنا محمد عبد المجید	صح الجواب واللہ اعلم بالصواب حررہ العاصی محمد عبد العزیز غفر اللہ ذنوبہ وستر
عیوبہ	محمد عبد العزیز

واقعی علم غیب سوائے اللہ جل شانہ کے اور کسیکو نہیں ہے اُسی کی صفت مختص

سے ہی کما فی شرح عقائد النسفی العلم بالغیب امر تفرد به الله تعالی لا سبیل الیه للعباد الا باعلام و
الالہام بطریق المعجزة او الکرامة انتہی بقدر الحاجۃ اور حضرات رسل یا اولیاء اللہ پر بطریق معجزہ
یا کرامت کے جو امور غیبی منکشف ہوتے ہین وہ اُنکے حق مین غیب نہین بلکہ مثل محسوسات و بدیہیات
کے ہین اسیوجہ سے کسی ولی یا رسول نے دعوی علم غیب کا نہین کیا بلکہ اعلام و الہام کو ثابت کیا
ہی اور غیب دانی کی نفی ہر ایک نے کی ہی اسی بنا پر علماے عقائد نے قول مدعی علم غیب پر کفر کا فتوی
دیا ہی جیسا کہ شرح عقائد نسفی مین ہی ذکر فی الفتوی ان قول القائل عند رؤیة هالة القمر
یکون مطر مدعیا علم الغیب لا بعلامة کفر انتہی اور اعتقاد غیب دانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم بوجہ معارضہ آیہ کریمہ قل لا یعلم من فی السموات الخ کے بھی کفر ہی پس عقیدہ زید کا بہت
صحیح ہی تصحیح اس مسئلہ کی بتصریح استفتاے سابق مین فقیر کر چکا ہی۔ واللہ اعلم حررہ ابو سعید محمد عبد الخالق
غفر له الله الحلیم الخالق [ابو سعید محمد عبد الخالق] **سوال** ۲۹ کیا فرماتے ہین علماے دین و
مفتیان شرع المتین اس مسئلہ مین کہ فتواے مکتوبہ مین تحریر ہوا ہی کہ عالم الغیب بجز خدای تعالی کے
کسیکو کہنا نہ چاہیے حالانکہ بعض اکابر فرنگی محل کا قول اسکے خلاف موجود ہی عبارت اُسکی یہ ہی اللہ تعالی
بذات خود اُن غیبون کو جانتا ہی کسیکو بے بتلائے اللہ کے اُن چیزون کا جاننا ممکن نہین ہان جسقدر
جسکو اُنہین سے اللہ بتادے وہ بتلانے سے اُس قدر غیب کا عالم ہو جائیگا اُن سبکو عالم الغیب
بالاستقلال یعنے خود بخود بے بتائے اللہ تعالی کے سمجھنا البتہ شرک ہی اور اللہ کے بتانے سے بعض
غیب کا عالم جاننا عین ایمان ہی آسمین کون قول صحیح و درست ہی بینوا توجروا **الجواب ہو المصوب**
دونون قول صحیح ہین اسواسطے کہ اطلاق عالم الغیب کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر اسوجہ سے نکرنا چاہیے
کہ اسماے حضرت رسالت پناہ توقیفی ہین جسکی تصریح سیوطی نے انموذج مین اور زرقانی نے شرح مواہب
مین کردی ہی اور شریعت سے اطلاق اس اسم کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ثابت نہین سر اسمین یہ ہی
کہ عالم الغیب کا لفظ موہم شرک ہی بچند وجہ اول یہ کہ علم غیب صفت مخصوص بخدا ہی تصریح اسکی شرح فقہ
اکبر مین ملا علی قاری نے کردی ہی دوم یہ کہ علم غیب سے تبادر بلا قرینہ بالاستقلال ہوتا ہی اور یہ مخصوص
بخدا ہی سوم یہ کہ عالم الغیب کا لام استغراق حقیقی کے واسطے قرآن مجید مین آیا ہی تصریح اسکی تفتازانی نے
شرح مختصر مین کی ہی اسوجہ سے اکثر خیال استغراق کی جانب جاتا ہی چہارم یہ کہ لفظ غیب عام ہے

اور عام اپنے عموم پر رہتا ہی جبتک قرینۂ مخصصہ قائم نہولیں اگر قرینۂ صارفہ موجود ہو وہم شرک کو دفع
کردے تو صفت مخصوص بخدا نرہیگی نظیر اسکی لفظ رب ہی کہ بلا اضافت بجز خدا کے دوسرے پر بولا
نہین جاتا اور بسبب اضافت رافعۂ وہم شرک موجود ہو مضائقہ نہین کہ غیر پر اطلاق کیا جاوے جیسے
رب الارباب رب المال رب النوع وغیرہ اسی قبیل سے قرآن مین اذکرنی عند ربک وارد ہی علمانے
غیب کی دو قسمین کی ہین ایک وہ جس پر کوئی دلیل نہو دوسرے وہ جسکے واسطے دلیل ہو بیضاوی اور امام
رازی نے تصریح اسکی کی ہی اور کہا ہی کہ قسم اول مختص بخدا ہی اور قسم ثانی مخصوص بخدا نہین امام رازی
فرماتے ہین لا نمنع ان یقول نعلم من الغیب ما لنا علیه دلیل اور اطلاق غیب مقید کا عبارت مین
علما کے موجود ہی بیضاوی مین ہی الا ارتضی یعلم هو ملا علی قاری حاشیۂ بیضاوی مین لکھتے ہین لیس
بهذ ورود لا مستلزم لان یکون علم الغیب معجزة الانبیاء اور خفاجی لکھتے ہین و علم غیرہ لبعضه
لیس علما للغیب الا بحسب الظاهر اور مدارک مین ہی قد ارتضا علم الغیب اور بغوی نے لکھا ہے
وعلمك ما لم تکن تعلم قیل من علم الغیب اور مرقاۃ مین ملا علی قاری نے لکھا ہی متقدا ابی عبد الله
سے نقل کرکے ولیعتقد ان العبد ینقل فی الاحوال حتی یصیر فی الروحانیة فیعلم الغیب ویطوی له
الارض اور زرقانی مین ہی فیکون العلم به معجزة اور ایسے ہی بہت اطلاقات ہین جنکی تفصیل
مین طول ہی اسی قبیل سے اکابر کا قول اس قدر غیب کا عالم ہو جائے گا اور بعض غیب کا جاننا سمجھنا
چاہیے نہ اس قبیل سے جسکا فتوی سابق مین مینے ذکر کیا وہ اطلاق عالم الغیب کا بلا کسی قید کے ہی
جسکو مین منع کرتا ہون اور یہ اطلاق ساتھ ایسی قید کے ہی جس مین وہم شرک باقی نہین پس دونون
مین فرق کرنا لازم ہی خلط کرنا نہ چاہیے واللہ اعلم حررہ محمد عبد الباقی سامحه الله یوم التلاقی — واقعی علم
غیب سواے حضرت الوہیت کے کسیکو نہین ہی قال الله تعالی قل لا یعلم من فی السموات والارض
الغیب الا الله اور حضرت صلی الله علیه وسلم کو موافق مصلحت حضرت ایزدی کے اطلاع دیگئی حقیقت جو درست
علم بالشہادۃ ہی جیسا کہ کلام خفاجی سے بھی مستفاد ہوتا ہی پس حضرات اکابر رحمہم اللہ تعالی کے کلام کی
تاویل بحسن ظن محمل صحیح پر کرنا چاہیے در موارد شرک و کفر حقیقةً وابہاماً سے ہمیشہ اجتناب کرنا چاہیے
واللہ اعلم حررہ ابو الغنا محمد عبد المجید غفر له الله الوحید [ابو الغنا محمد عبد المجید] وما توفیقی الا بالله
فی الواقع علم غیب صفت مختصہ جناب باری جل جلالہ کی ہی جو آیۂ کریمہ وعنده مفاتح الغیب لا یعلمها

الا هو اور قل لا يعلم من في السموات والارض الغيب الا الله وغیرہ سے اور اکثر آیات سے یہ بھی
تواتر سے احتمال فسخ و تاویل کے ثابت ہے انکا انکار اس سے بالاتفاق کفر ہے اور بعضے امور غیبی کا اظہار یا بعض
غیوب کی اطلاع اپنے پسندیدہ رسول کو اللہ جل شانہ نے موافق اپنی مرضی کے جو فرمائی ہے وہ بھی مصداق
آیۂ کریمہ فلا یظهر الآیۃ کے بالاتفاق ثابت ہے اس سے بھی انکار آیۂ کریمہ سے انکار ہوگا بلکہ اسکا انکار ضروریات
دین یا جاریہ الرسول کی حد کو پہونچ جائے گا نعوذ باللہ من ذلک ہان اختلاف اسمین ہے کہ جن امور
غیبی کی اطلاع حضرات رسل کو اللہ جل شانہ نے دی یا جو امور غیبی انپر ظاہر فرمائے وہ بعد اطلاع اظہار
کے غیب ہین یا نہین اور ان امور کا علم علم غیب ہے یا نہین اکثر کے نزدیک نہین ہے اسلیے کہ غیب
کے معنی لغت مین غائب کے ہین جو ضد حاضر ہے یا غیبت کے ہین جو ضد حضوری کی ہے اسی مناسبت سے
اکثر مفسرین بیضاوی و صاحب مدارک و بغوی و خازن و امام رازی وغیرہ نے قلب و وحی اللہ
تعالی و آخرت و قدر وغیرہ معانی کثیرہ لکھے ہین پس باعتبار معنی لغوی بعد اظہار و اطلاع کے وہ
امور غیبی نرہین گے مثلاً حضرت جبرئیل یا اور ملائکہ کو حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر اللہ تعالیٰ نے
ظاہر فرمادیا تو ان صور ملکیہ پر اطلاق غیب کا نہین ہوسکتا کیونکہ اس عالم شہادت مین انکا مشاہدہ
اللہ جل شانہ نے جناب رسول کریم کو کرادیا اسی طرح سے نزول قرآن شریف بھی ہے کہ جبتک وہ عالم غیب
یعنے لوح محفوظ مین تھا کسی رسول ملکی و بشری کو اسکا علم نہ تھا جب اللہ جل شانہ نے آسمان دنیا مین
منقول فرمایا حضرت جبرئیل کو اسکا علم ہوا اسکے بعد جناب رسول کریم پر اس دنیا مین جبکہ حضرت
جبرئیل اوتار لائے اسوقت آپکو بھی علم ہوا اسی واسطے علم قرآن علم غیب نہین ہے بلکہ علم بالشهادة
ہے اور بعض حضرات مفسرین نے جو غیب کی دو قسمین لکھی ہین ایک وہ جس پر کوئی دلیل نصب نہین
ہے اور دوسرے وہ جس پر کوئی دلیل نصب ہوئی ہے اس تقسیم سے مطلب یہی ہے کہ قسم اول کا اظہار اللہ
جل شانہ کبھی نفرمائے گا اور دوسری قسم سے جس وقت ہو جاتا اپنے رسول پر اس عالم مین ظاہر فرمادیا
اس صورت مین علم ظواہر امور علم غیب نہین ہے ورنہ آیات متواترہ کے بالکل خلاف ہوگا سوا اسکے علم کی
بھی دو قسمین ہین ایک علم خالق تعالیٰ شانہ جو قدیم بالذات یعنے بے سبب ہے دوسرے علم مخلوق جو حادث
و باسباب ہے یہ علم حادث باسباب ایک صفت کاشفہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات ملک و انس و جن
سب کو عطا فرمائی ہے اور اسکے اسباب ثلثہ یعنی حواس سلیمہ اور عقل اور خبر صادق رسول ملکی و بشری

وغیر رسول سب اسی عالم شہادت میں اللہ جل شانہ پیدا فرما دیتا ہی مثل ظہور رسل ملائکہ کے کہ حضرات
رسل بشری کے لیے اسی عالم میں ہوتا تھا یا خطابات اللہ جل شانہ کے بوساطت رسل ملکی یا بکشف
والہام اسی عالم میں نازل ہوتے ہیں اسی طرح سے جو چیز غائب حاضر کر دیگئی یا عالم غیب سے
عالم شہادت میں مذکور و منقول ہوئی اسپر اطلاق غیب کا نہیں ہوسکتا ہی اور نہ اسکا علم علم غیب
ہوگا اسی وجہ سے محققین علما سے مفسرین نے اظہار و اطلاع بعض غیوب کو اختیار فرمایا علم
بعض غیوب نہیں ارشاد فرمایا یہ قول حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی وغیرہ رحمہم اللہ کا امام
المفسرین والمحدثین حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی تفسیر اور بیضاوی اور مدارک وغیرہ
تفاسیر معتبرہ سے مستند ہی چنانچہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے آیۂ کریمہ وعلمک ما لم تکن
تعلم کی تفسیر میں فرمایا ہی وعلمک بالقرآن من الاحکام والحدود وما لم تکن تعلم قبل القرآن اور
بیضاوی نے وعلمک من خفیات الامور او من امور الدین والاحکام اور صاحب مدارک
نے وعلمک من امور الدین والشرائع او من خفیات الامور وضمائر القلوب لکھا ہی الحاصل
حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے علم قرآن جو مجموعۂ وحی مقبول منزل من اللہ ہی جناب رسول
کریم کی نسبت ثابت فرما کے بعض ماخوذات من القرآن کی تفصیل فرمائی اور بیضاوی و مدارک
نے صرف بعض ماخوذات قرآنی کو لکھ کے ثابت کر دیا کہ اللہ جل شانہ نے آپکی تعلیم بالقرآن
فرمائی جو مجموعہ حدود و احکام و شرائع اسلام و خفیات امور و ضمائر قلوب یعنی ماخذ علوم ظاہری و
باطنی کا ہی اسکا علم کامل آپکو اللہ جل شانہ نے عطا فرمایا اور آپ ہی کی ذات سے درجہ بدرجہ علم ظاہری
و باطنی علما اور اولیاء اللہ کو حاصل ہوا بلکہ قیامت تک حاصل ہوتا رہیگا یہ علم بالشہادۃ ہی علم
غیب نہیں ہی اور بغوی نے معالم میں آیۂ مذکورہ کی تفسیر وعلمک ما لم تکن تعلم میں الاحکام
لکھ کے وقیل من علم الغیب اسوجہ سے لکھا تاکہ صیغۂ مجہول سے قوی و ضعیف قول میں امتیاز رہے
اسی طور سے خازن نے فی باب الدلائل قول بغوی کا نقل کیا ہی بہر تقدیر علماء عقائد واصول و
اکثر مفسرین و محققین کے نزدیک علم غیب خاص اللہ جل شانہ کے لیے ہی اور رسول مقبول صلی اللہ
علیہ وسلم کو شایان شان بعض غیوب کی اطلاع اللہ نے دی اور بعض کا اظہار فرما دیا وہ بعض تمام
مخلوقات کی اطلاع سے اکثر ہی لیکن آپکو علم غیب حقیقی کل یا بعض کچھ بھی نہیں عطا ہوا اور جو بعض

محققین علما و عرفا باللہ رحمہم اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا ہی کہ ہان جس قدر جسکو اُن مین سے اللہ بتا دے
وہ بتانے سے اُس قدر غیب کا عالم ہوگا اور اللہ کے بتانے سے بعض غیب کا عالم جاننا عین ایمان
ہی یہ بیان عارفانہ ہی اسوجہ سے ہر ایک کی سمجھ مین نہین آتا اسکو غلط کرنا کمال بے ادبی ہے چونکہ
غیب کے معنی اللہ اور وحی اور قلب وغیرہ مفسرین نے تحریر فرمائے ہین کما مر پس یہ عبارت جامع
ہر معنی کی ہی یعنی علم توحید یا علم وحی یا علم قلب یعنی ضمائر قلوب و علم باطن جس قدر جسکو اللہ جل شانہ نے
عطا فرمایا اور آپکو وہ کمال عطا فرمایا تھا کہ تمام مخلوقات سے اکثر آپکے معلومات تھے اور آپ ہی کے وسیلے سے اللہ جل
شانہ نے آپکی امت کے علما و اولیا رحمہم اللہ تعالی کو ہر ایک کے لائق علوم مذکورہ مین کمال عطا فرمایا ہی
بلکہ تا قیام ساعت و ساعت قیام یہ فیض حضرت محمدی علم ظاہری و باطنی کا جاری و ساری رہیگا
لہذا بیان عارفانہ مین مذکورہ کفر و شرک حقیقی و ابہامی سے تاویل ذمہ کی پاک ہی بلکہ عین ایمان ہی
گوکہ سوال اول کے جواب مین تفصیل سے یہ سب امور مرقوم ہو چکے تھے مگر بغرض اصلاح عقائد
عوام عام فہم اعادہ اُنکا ضرور ہوا واللہ اعلم و علمہ احکم حررہ ابوسعید محمد عبدالخالق غفرلہ اللہ الحلیم الخالق

ابوسعید محمد عبدالخالق | **جامع الفتاوے** کہتا ہی کہ فتاوے مذکورہ سے آنحضرت کے علم غیب
مین اختلاف معلوم ہوتا ہی اور واقعی اس بارہ مین سخت مباحثہ اور مخالفت علما کے مابین ہی اسلم اعتقاد
اس بارہ مین میرے نزدیک وہی ہی جو حضرت جدی و مرشدی مولانا عبدالرزاق قدس اللہ سرہ العزیز
نے اپنی کتاب انوار غیبیہ مین ذکر کیا ہی و ہو ہذا۔ غیب اُسکو کہتے ہین کہ جسکا جاننا آنکھون کے دیکھنے
اور کانون کے سننے اور عقل کے سوچنے سے نہو سکے وہ بغیر بتائے اللہ کے کسیکو آ نہین سکتا اُسکی
علما نے دو قسمین کی ہین ایک غیب خاص اور بعض اُسکو غیب علوی اور غیب حقیقی بھی کہتے ہین وہ
یہ ہی کہ کسی مخلوق کو بدون بتائے اللہ کے کسی طرح سے معلوم نہو سکے وہ کنہ ذات اور حقیقت صفات
اور احکام خاصہ حق سے ہین دوسرے غیب مطلق اُسکو بعض غیب اضافی بھی کہتے ہین وہ یہ ہی کہ
حواس ظاہری اُسکو پہونچ نہ سکے جیسے حشر و نشر اور دوزخ اور جنت کا احوال کہ حواس ظاہری اُسکو ادراک
نہین کر سکتے لیکن ملائکہ کے حواس علوی ہونیکی سبب سے اُسکو جانتے ہین اُنکے حق مین وہ شہادت ہی اور اس عالم کے
بعض احوال جیسے نظارہ کی لذت بینا کو شہادت اور اندھے مادرزاد کو غیب ہی سماعت کی لذت سننے والیکو شہادت
چیز نئی ہوئی اور مخالف ہو کتاب یا سنت یا اجماع یا اثر کے پس وہ بدعت ضلالہ ہی اور جو چیز نئی ہوا بہتر ہی سے اور نہین مخالف ہی کسی چیز کو اُسے پس وہ بہتر ہی اور تحقیق کہ پایا گیا قیام وقت ذکر اسم مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک عالم امت سے اور وہ مقتدی ہین اماموں کے از روے دین و پرہیزگاری کے وہ کون کہ امام تقی الدین سبکی ہین اور تابعداری کی اُنکی اس امر مین مشائخ اسلام نے جو اُنکے زمانے مین تھے پس بیان کی ہی بعضے اُنھین مشائخ نے یہ بات کہ تحقیق کہ امام سبکی کے پاس جمع تھی ایک جماعت اُنکے زمانے کے عالموں سے پس اشعار مدحیہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پڑھنے والے نے وہ صرصری رحمۃ اللہ علیہ کے تھے مضمون اُسکا یہ ہی کہ آپ کی مدح اگر خوشنویس سونے سے لکھے چاندی پر اچھی لگا کے تو بھی کم ہی اور کھڑے ہو جائین بزرگ لوگ صف باندھ کے یا گھٹنون کے بل تو بھی تعظیم کامل آپکی ادا نہو سکے پس کھڑے ہوے امام سبکی اور حاضرین مجلس پس حاصل ہوئی خوشی بہت اُس مجلس مین پس قیام کافی ہو جائیگا عامہ مومنین کو سند اور تحقیق کہ کہا ابن حجر ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ نے اور حاصل یہ ہی کہ تحقیق بدعت حسنہ اتفاق کی گئی اوپر مستحب ہونے اپنے سے اور صاحب سیرۃ شامی نے بھی اسی قصہ کو نقل کیا ہی اور قطع نظر اس عاجز نے بگوش و چشم خود دیکھا و سنا ہی کہ علماے فرنگی محل و دیگر علما دیار و امصار کے قیام کرتے رہے ہیں و مستحب و مستحسن کہتے رہے چنانچہ ابتک علماے حرمین شریفین کا اس پر عمل جاری ہی فی الواقع استحباب و استحسان قیام مین کچھ تامل نہین کہ یہ کلیہ فقہ کا منضبط ہی العادۃ محکمۃ عادت مومنین کے حکم جاری کیا ہی پس لوگون کو چاہیے کہ بمضمون حدیث شریف ما رآہ المسلمون حسنا فھو عند اللہ حسن یعنے جس چیز کو مسلمان اچھا دیکھین پس وہ نزدیک اللہ کے اچھی ہی قیام کرین اور اسکو مستحسن سمجھین اور جو لوگ اسکو بدعت کہتے ہین اور بدعت سیئہ مراد لیتے ہین وہ خطا کرتے ہین اسواسطے کہ بدعت کی علما نے پانچ قسمین قرار دی ہین جیسا کہ عبارت کتاب انسان العیون سے ظاہر ہوا ہی اور امام نووی نے شرح صحیح مسلم مین لکھا ہی قال العلماء البدعۃ خمسۃ اقسام واجبۃ ۱ ومندوبۃ ۲ ومحرمۃ ۳ ومکروھۃ ۴ ومباحۃ ۵ فمن الواجب نظم ادلۃ المتکلمین للرد علی الملاحدۃ والمبتدعین وشبہ ذلک

ومن المندوبة تصنیف کتب العلم وبناء المدارس والرباط وغیر ذلک ومن المباح البسط فی الوان الاطعمة وغیر ذلک والحرام والمکروه ظاهران انتہیٰ

ترجمہ کہا علما نے بدعت پانچ قسم پر ہی ایک واجبہ دوسری مندوبہ تیسری محرمہ چوتھی مکروہہ پانچوین مباح پس واجب کیا ہی کہ قائم کرنا متکلمین کا دلیلون کو واسطے ملحدین ومبتدعین کے اور مثل اسکے اور مندوبہ سے کیا ہی کہ تصنیف کرنا کتابون کا اور بنانا مدرسون کا اور مسافرخانون کا اور مثل اسکے اور مباح کیا ہی کہ دسترخوان کا آراستہ کرنا طرح طرح کے کھانون سے اور سوا اسکے اور حرام اور مکروہ دونون ظاہر ہین قیام تعظیمی وقت ذکر ولادت باسعادت جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کے ضروری بدعت حسنہ ہی جیسا کہ اوپر مشرح ہو چکا ہی اور داخل ہوگا قسم دوسری اور پانچوین یعنی مندوبہ ومباحہ مین اسواسطے کہ اس مین کوئی قبح شرعی نہین پایا جاتا ہی بلکہ موجب استحباب واستحسان کا ہوتا ہی اور قیام تکبری وہ ہی کہ جیسا لوگ قیام کرتے ہین لمحبة الدنیا واسطے امرا وسلاطین کے جیسا کہ عادت ہی اعاجم کی اسکی کیفیت یہ ہی کہ قیام کرنے والے اپنے تئین حقیر سمجھتے ہین بنسبت اسکی اور وہ لوگ ازراہ تکبر ونخوت کی اپنے تئین اعلیٰ جانتے ہین مفصّل تفصیل اسکی یہ ہی کہ حاضرین دربار دست بستہ دربار مین حاضر ہوتے ہین اور کھڑے رہتے ہین تاوقتیکہ انکی اجازت نہو تو نہین بیٹھتے ہین جب وہ اشارہ سے یا زبان سے اجازت دیتے ہین تب بیٹھتے ہین اور بعضے امراء ہین کہ اپنے سامنے اپنے رفقا وحضار مجلس کا کھڑا رہنا پسند کرتے ہین اور وہ لوگ اپنا فخر سمجھکے دست بستہ کھڑے رہتے ہین یا فی زماننا کفار کے واسطے قیام کیا جاتا ہی تو اس قسم کا قیام بیشک حرام ہی قیام کرنیوالا اور قیام کرانے والا دونون گنہگار ہونگے اور ایسے ہی قیام کے اوپر مواعید شدیدہ وارد ہوے ہین اسکو بھی مفصلا ومشرحا حضرت امام نووی نے اپنے رسالہ مین بیان کیا ہی اور احادیث کو نقل کیا ہی منجملہ انکے ایک حدیث بطور سند کے لکھی جاتی ہی عن ابی امامة قال خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم متوکئا علی عصا فقمنا الیہ فقال لا تقوموا کما تقوم الاعاجم یعظم بعضہم بعضا رواہ ابو داؤد ترجمہ ابی امامہ سے روایت ہی کہ نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم درحالیکہ تکیہ دینے والے تھے اوپر عصا کے پس کھڑے ہوے ہم آپکے سامنے پس فرمایا آپنے نہ قیام کرو تم جیسا کہ قیام کرتے ہین عجمی لوگ تعظیم کرتے ہین بعض

اُنکے بعض کے تئین روایت کیا اسکو ابو داؤد نے امام نووی نے اس حدیث کے تحت مین
یہ تحریر کیا ہی فکل من احب ان یقوم له فلا تقم له و قال البغوی وغیرہ فهذا فیمن
یامرهم بذلك ویلزمهم ایاه علی طریق النخوة والکبر انتهی ترجمہ
جس شخص نے دوست رکھا اس بات کو کہ قیام کرے کوئی واسطے اُسکے پس نہ قیام کیا جائیگا
واسطے اُسکے اور کہا بغوی نے اور غیر اُسکے نے پس یہ بیچ اُس شخص کے ہی کہ حکم کرتا ہو لوگون
کو واسطے قیام کے اور لازم کرتا ہو اُسکے تئین اُسکو اوپر طریقہ نخوت اور تکبر کے تواب بغور و
تامل دیکھنا چاہیے کہ یہ قیام مولد شریف کا جیسا کہ رائج ہندوستان مین ہی وہ اس حدیث مین
بوجوہ شامل نہین ہو سکتا ہی تو کیونکر وہ بدعت سیئہ ہوگا البتہ اسکا شمول باعتبار حصول ثواب
و تتبع علماے سابقین و حال و احادیث سابقہ سے جو کہ اول مذکور ہوئین ہوگا پس شخص منع
کرنے والے کی صریح خطا و تعصب ہی کہ بدعت سیئہ کہتا ہی اُسکو چاہیے کہ اپنے قول سے درگذرے
فقط واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب حررہ محمد جنید عبد الباسط انصاری غفر له اللہ الباری

سنہ ۱۲۶۳ **سوال** ۳۹ کیا فرماتے ہین علماے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ مثلاً
ہندوستان مین دستور ہی کہ محفل اقدس میلاد شریف مین وقت ذکر ولادت با برکت جناب سید
الابرار امام الاخیار حبیب اله العالمین خاتم النبیین محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لوگ تعظیماً
کھڑے ہو جاتے ہین اور اس تعظیم سے امیدوار ثواب و خوشنودی خدا و رسول کے رہتے ہین
مگر ایک شخص منع کرتا ہی اور کہتا ہی کہ صحابہ و تابعین و علماے مجتہدین سے یہ امر ثابت نہین ہی
پس بدعت سیئہ کو ترک کرنا ضرور ہی پس اس صورت مین یہ قیام تعظیمی کیسا ہی بینوا توجروا۔

ہو المصوب باب قیام مین علما کا اختلاف ہی بعضون نے بدعت سیئہ لکھا ہی اور بعضون
نے مستحب لکھا ہی لیکن اُسکے استحباب شرعی پر ہنوز کوئی دلیل شرعی معتد بہ نظر سے نہین گذری
واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی۔

ابوالحسنات محمد عبد الحی | **جامع الفتاوی** کتاب ہی کہ جو امور مستحسنات علماے کرام اور مشائخ
عظام ہین اور جواز و عدم جواز دونون کے جہات اُس مین پائے جاتے ہین جیسے مولود شریف

وقیام وغیرہ ہر عالم کو اپنے مستند دلائل پر عمل کرنا مناسب ہی مگر انکار بلیغ اور تکفیر و تفسیق کی کوئی وجہ نہین مسائل اختلافیہ مین شدت انکار شان محققین نہین ہی علماے کبار کے اختیار کیے ہوے ایسے افعال موجب خیر و برکت ہین اور مصالح دقیقہ اور فوائد عدیدہ پر مشتمل ہین جب تک کوئی دلیل قوی اُنکی حرمت یا بدعت سئیہ ہونے پر قائم نہو اُنکو ترک کرنا نہ چاہیے کیونکہ توارث علما خود ایک دلیل ہی فقیر کا اور بزرگان فقیر کا معمول یہ ہی کہ وہ میلاد کی محافل کرتے ہین اور قیام بھی اُس مین کیا جاتا ہی اور اسکو مستحسن تصور کرتے ہین کیونکہ کوئی قبح شرعی معتد بہ نہین ہی جس کی وجہ سے اس مین حرمت یا سیئہ ہو واللہ اعلم + سوال ۳۰

قبلہ من علماے دین زادعنا یتکم - کہ تعظیم مولود کے لیے مانڈا کے مولوی صاحب نے یہ فرمایا کہ نہ اُٹھو اور بعد رسا کے مولوی صاحب نے فرمایا کہ اُٹھنا اور نہ اُٹھنا دونون برابر ہین کیونکہ نہ تو یہ حدیث مین لکھا ہی کہ ضرور اُٹھنا چاہیے اور نہ تو یہ لکھا ہی کہ نہ اُٹھو لہذا علمائی دین صاحب کو تحریر دہ ہون جیسا درست اور روا ہو براہ مہربانی تحریر فرمائیگا زیادہ حد ادب اور ایک عورت اپنے مکان سے نکل گئی تو مرد و عورت دونون راضی ہوے مگر تین ماہ تک عورت دوسرے مرد کے پاس باہر رہی تو اُسکا رکھنا درست ہی یا نہین نکاح شرعا ٹوٹ گیا یا نہین اور قرآن شریف مین ضاد یا ظ کیا پڑھنا چاہیے - اور تعظیم کے بارہ مین لوگ جھگڑا و فساد کثرت سے کرتے ہین اور کہتے ہین کہ تم وہابی ہو لہذا جیسا حال ہو تحریر فرمایے ہو المصوب تعظیم قیام مولود شریف مین علما کے استحسان سے ہی اسکو کرنا بہتر ہی اور نہ کرنے والون سے جھگڑا و فساد نکرنا چاہیے اور عورت کو جبتک اُسکا شوہر طلاق نہ دیوے اُسوقت تک اُسکے نکاح مین ہی اور ضاد نماز مین پڑھنا چاہیے واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ

محمد قیام الدین عبد الباری ۱۳۲۹

سوال ۳۱ اکثر اشخاص مشرک اور بے نمازی اور بخیل و غماز و شرابی و رہزن اور زانی اور حرام اور سود خوار اور رشوت خوار اور تارک جماعت نماز اور دیوث علی ہذا القیاس اس قسم کے لوگ اور بعض ان مین اچھے لوگ بھی سب ملکر جشن ولادت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے منتظر روح کے رہتے ہین آیا ایسی محفل مین اور ایسے لوگون مین روح مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آتی ہی یا نہین ہو المصوب ضرور ہی تشریف لانا

آنحضرت سرور صلی اللہ علیہ وسلم کا احادیث سے ثابت نہین۔ واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری
عفا اللہ عنہ **سوال** کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ مجلس میلاد شریف مین روح مبارک
صلے اللہ علیہ وسلم کی تشریف لاتی ہی یا نہین اور اکثر مولود خوان اس مسئلہ کے اشعار پڑھتے ہین
مصرع اُٹھو تعظیم کو رسول اللہ آتے ہین۔ کوئی دلائل شرعی سے روح مبارک کا آنا ثابت
ہی یا نہین اگر ثابت نہین ہی تو ایسا اعتقاد رکھنا جائز ہی یا باطل **ہو المصوب** نہین واللہ اعلم
حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ **سوال** در محفل میلاد شریف غزل خوانی بہ نغمہ و
گٹکری می کنند علی الخصوص غزلیکہ منسلک استفتای ہذا است بحث در شعر دوم ؎

دکھاتا ہی کیا مرتبہ قرب کا | کہ زانو سے زانو ملاتا ہی آج

چونکہ خداوند جل و علا از مشابہت اعراض و جواہر قطعاً مبرا و از مناسبت اوہام و خواطر مطلقاً معرا علیہ محاسن از ترکیب جسد مبرا است
چون ذات پاکش از جسم بری ست پس زانو بزانو چگونہ آمیزد معاذ اللہ من ذلک و مصداق کلام
از مولانا نظامی میخواست ؎

نہ بر گنبدہ تا فراہم شوی | نہ افزودہ نیز تا کم شوی

و دلالت بر شان او میکند پس این احقر العباد و افقر الافراد بندہ خاکسار قاسم علیخان خلف عباد اللہ خان
متوطن قصبہ پادل ضلع ہردوئی بخدمت جمیع علماے دین و مفتیان شرع متین درین باب فتوی
میخواہد کہ عند اللہ و عند الناس مشکور گردد **ہو المصوب** از اشعار سے کہ ظاہر شان کفر است
پرہیز لازم است۔ واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ **سوال** مولود شریف
کرنا ساتھ خوشبو کے اور لوگون کو بلوانا سننے کے واسطے اور کچھ شیرینی وغیرہ تقسیم کرنا اور کچھ
سورہ وغیرہ پڑھنا اور تعظیم کے واسطے کھڑا ہونا کیسا ہی **ہو المصوب** یہ سب صورتین
مستحبات شرعیہ سے ہین جنکو علما نے اصول شرعیہ سے مستنبط کیا ہی۔ واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد
قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ [محمد قیام الدین عبد الباری] **سوال** کیا فرماتے ہین علما
دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ حسب رواج میلاد شریف و گیارھوین شریف کرنا
جائز ہی یا نہین **ہو المصوب** ہر محافل میلاد شریف و گیارھوین شریف جو منہیات شرعیہ سے
خالی ہون موجب ثواب ہین رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرنا خود حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
سے اور انکے صحابہ رضی اللہ عنہم سے ثابت ہی خواہ ذکر ولادت ہو یا فضائل یا معجزات وغیر ذلک

اور ایصال ثواب کسیکو باجماع اہل سنت وجماعت بلاشک وشبہہ ہوسکتا ہی تفصیل اسکی اپنے مواضع مین کتب مطول اور رسائل مین علماے کرام نے کردی ہی حاجت بیان نہین۔ واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ [محمد قیام الدین عبد الباری] ۲۶ سوال ۲۸۳ روایت ایسی بیان کرنا جس مین اوامر ونواہی نہون بلکہ رنگ محفل درست کرنے کے لیے روایات موضوعہ مثل اسکے کہ حضرت اویس قرنی رضہ نے حضرت علی مرتضیٰ اور حضرت عمر سے کہا کہ عشق شے دیگر است و ارادت شے دیگر ایسی روایات بیان کرنا جائز ہی یا نہین اور ایسی محفل کے بانی اور سامعین کو ثواب ملیگا یا نہین ہو المصوب اس طرح سے ذکر میلاد کرنا جس مین روایات موضوعہ ہون یا توہین صحابہ کی ہو جائز نہین اور ایسے محافل کرنا اور حاضر ہونا جائز نہین ورنہ جائز ہی۔ واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ ۲۷ سوال ۲۸۴ اگر کسی مقام کے جملہ مسلمان چندہ سے شیرینی منگاکر مولود شریف کرین اُس مین ایک شخص اس محفل اقدس کو نعوذ باللہ مذموم سمجھکر چندہ مین شریک نہو اور مولود شریف بھی نہ سنے اور بعد ختم مولود شریف جو شیرینی وغیرہ تقسیم کیجاوے اُسکے لینے سے انکار کرے پس ایسے شخص سے مسلمانون کو کیا برتاو کرنا چاہیے ہو المصوب اگر شخص مذکور طریقۂ حسنۂ میلاد شریف کی توہین سے مرتکب افعال مذکور کا ہو تو ایسے شخص سے مسلمانون کو پرہیز کرنا چاہیے۔ واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ ۲۸ سوال ۲۸۵ میلاد شریف ایک مقام پر ہوتا ہی اور زید قلیل فاصلے پر بآرام پلنگ پر لیٹا ہی اور شریک محفل قدس مین نہین ہوا پس زید عند الشرع کیسا ہی اور اس محفل مین شریک ہونے کے لیے ہر شخص کو پیام بھیجنا چاہیے یا نہین ہو المصوب نام پاک وذکر پاک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ باوجود قدرت کے توہین اور وہ امور جو بے ادبی مین شمار کیے جاتے ہین کرنا گناہ کبیرہ قریب بہ کفر ہے اور محفل میلاد شریف کہ فرد ہی افراد وعظ سے اُسکے لیے لوگون کو جمع کرنا اور پیام بھیجنا جائز ہے۔ واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ ۲۹ سوال ۲۸۶ مولود شریف کی محفل مین ہنود وغیرہ کا داخل ہونا کیا منع ہی ہو المصوب مولود شریف کی محفل مین ہنود کا آنا کوئی حرج نہین ہی۔ واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ [محمد قیام الدین عبد الباری] ۳۰ سوال اول بوسہ لینا اور پھرنا خونون انگلیون کے اور لگانا انکا اوپر دونون

آنکھون کے بروقت کہنے یا سننے اسم مبارک صلی اللہ علیہ وسلم کے اذان مین خواہ غیر اذان مین شرعًا کیا حکم رکھتا ہی

سوال دوسرا

تعیین ایام مولود شریف کی ماہ مبارک ربیع الاول مین خواہ فاتحہ کسی اور بزرگ کی روز وصال اُنکے کے کرنا اور اس تعیین کو ضروری یا اولی ایصال ثواب مین سمجھنا شرع سے ثابت ہی یا نہین بینوا توجروا ہو المصوب ناخون انگوٹھون کو رکھنا دونون آنکھون پر اور اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِی بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ کہنا بعد سننے شہادتین کے مستحب ہی اور تعیین ایام مولود شریف کی یا فاتحہ کی شرع سے ثابت نہین واللہ اعلم کتبہ محمد یوسف عفی عنہ [محمد یوسف] صح الجواب حررہ محمد رحمت اللہ عفی عنہ

جواب سوال اول صاحب جامع الرموز نے کنز العباد سے ناخونون انگوٹھونکو دونون آنکھون پر رکھنا اور اللھم متعنی بالسمع والبصر بعد سننے شہادتین کے کہنا مستحب لکھا ہی اور شرح اوراد مین بھی ایسا ہی لکھا ہی ظاہرا یہ مستحب قبیل ما احبہ العلماء سے ہی نہ مستحب حقیقی اس واسطے کہ کرنا اس فعل کا قرون ثلاثہ مین جو مشہود لہم بالخیر ہین سند صحیح سے ثابت نہین ہوا ہی اور بعضے ارباب علم جو حدیث اس باب مین نقل کرتے ہین وہ حدیث صحاح مین نہین ہی بہر تقدیر تارک اسکا قابل ملامت کے نہین ہی اور ضروری جاننے والا اسکا قابل ملامت کے ہی

جواب سوال دوم اولًا جاننا چاہیے کہ جو امر دین کہ اُسپر ثواب یا عقاب مرتب ہو اور زمان صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین مین نہو اور نشان اُسکا ادلہ اربعہ یعنے کتاب سنت اجماع قیاس سے نہ لگے وہی امر بدعت مذمومہ اور سئیہ ہی اور اُسکو صاحب شرع نے ضلالت فرمایا ہی صحاح مین موجود ہی كل بدعة ضلالة وكل ضلالة في النار[1] ماکول یا مشروب وغیرہ مباحات مین کسی امر نو کا احداث کرنا بدعت نہین ہی کہ یہ امر دین کا نہین ہی اور نہ ترتب ثواب یا عقاب کا اسپر نہین ہی آب بگوش دل سننا چاہیے کہ تعیین ایام مولود شریف کی ماہ مبارک ربیع الاول مین خواہ فاتحہ اور کسی بزرگ کی روز وصال اُنکے کے کرنا اُسکی دو صورت ہی ایک یہ کہ یہ تعیین بسبب اسکے واقع ہوئی کہ بقدر تعیین کے اہل اسلام خود بخود بے طلب آکے شریک برکت ذکر مولد شریف یا شریک استغفار ہونگے یا بسبب اسکے ہوئی کہ ایام ربیع الاول مین مثلا صاحب مجلس مولد کو فرصت ہوتی ہی یا اور کوئی سبب ہو اسطرح کے اسباب مین ہو کہ ثواب عقاب کو اسمین دخل نہو تو اس طرح کی تعیین درست ہی اور یہ تعیین مانند تعیین خوراک وزانہ یا پوشاک معمولی کے ہی کہ قابل ایراد کے نہی اور دوسری صورت یہ ہی کہ اس تعیین کو ضروری سمجھے یا ایصال ثواب مین اولی سمجھے یعنی اگر ماہ ربیع الاول مین مولد شریف

[1] اے اللہ نفع دے مجکو ساتھ سننے اور دیکھنے کے ۱۲ [2] یعنی ہر بدعت گمراہی ہی اور ہر گمراہی دوزخ مین ہی ۱۲

یا روز وصال بزرگ مین اُسکا فاتحہ نہو تو سمجھے کہ ثواب نہین حاصل ہوا یا کم ہوا اور مجلس مولد کی قبول نہین ہوئی اور بے خصوصیات کے وہ بزرگ راضی نہین ہوے چنانچہ عوام اور بعضے خواص بھی سمجھتے ہین اور بہ ترک اس خصوصیت اور تعیین کے حسرت اور افسوس ایسا کرتے ہین کہ فرض یا واجب یا سنت کے ترک سے ایسا افسوس نہین کرتے ہین اور تارک پر ملامت کرتے ہین تو یہی تعیین بدعت مذمومہ اور سیئہ ہے اور کل بدعة ضلالة مین داخل ہے زمان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین مین یہ طور تعیین کا نتھا ایصال ثواب اور ذکر خیر جس روز اور جس مہینے مین ہو شرعًا برابر ہے اس تعیین کی کوئی سند شرع سے ثابت نہین ہے اور فعل مشایخ طریقت کا حجت نہین ہے۔ واللہ اعلم نمقہ محمد عبد الحلیم تجاوز اللہ الکریم عن سیئاتہ بفضلہ العمیم [محمد عبد الحلیم] ہو الموفق جواب سوال اول ناخون انگوٹھون کو آنکھون پر وقت سننے شہادتین کے رکھنا مستحب ہے جیسا لکھا ہے صاحب کنز العباد نے یہ عبارت اُسکی ہے چون مؤذن اول بار بگوید اشہد ان محمدا رسول اللہ[1] تو بگو صلی اللہ علیک یا رسول اللہ[2] و چون بار دوم بگوید تو بگو قرة عینی بک یا رسول اللہ[3] بعدہ ناخن ہر دو ابہام بر چشم نہ بطریق وضع نہ بر سبیل مدواین دعا بخوان اللہم متعنی بالسمع والبصر[4] حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم می فرمایند من سمع[5] اسمی فی الاذان ووضع ابہامیہ علی عینیہ فانا طالبہ فی صفوف القیامة وانا قائدہ الی الجنة انتہی اور وقت سننے پاپنے اسم مبارک سید المرسلین خاتم النبیین صلوات اللہ علیہ وعلی آلہ اجمعین کے بغیر اذان کے ناخون انگوٹھون کو آنکھون پر رکھنا ابتک کہین نظر نہین آیا جواب سوال دوم بے شبہہ تعیین ایام مولد شریف شرع سے ثابت نہین اور قرون ثلاثہ مین بھی پائی نہین گئی لیکن بعد اُسکے رواج پائی چنانچہ اسکو پہلے نکالا ہے علامہ دہر فرید عصر شیخ الوقت شیخ عمر بن محمد نے شہر موصل[6] مین اور اُسی کی اطاعت کی ہے ملک مظفر ابو سعید کوکبری بن زین الدین علی بن بکتگین شاہ

---

[1] ترجمہ گواہی دیتا ہون مین کہ محمد پیغمبر خدا کے ہین ۱۲ [2] ترجمہ رحمت بھیجے خدا تمپر اے پیغمبر خدا کے ۱۲ [3] ترجمہ روشنی میری دونون آنکھون مین تمھین سے ہے اے رسول اللہ کے ۱۲ [4] ترجمہ اے اللہ نفع دے مجھکو ساتھ کان اور آنکھ کے ۱۲ [5] ترجمہ حدیث جس نے سنا میرا نام اذان مین اور رکھا دونون انگوٹھون کو اپنی دونون آنکھون پر تو مین ڈھونڈھونگا اُسکو صفون قیامت مین اور مین کھینچونگا اُسکو طرف جنت کے ۱۲ [6] موصل بفتح میم و سکون واو و کسر صاد مہملہ نام شہرے است در عراق و نام جزیرہ ۱۲ غیاث

اربل نے اور اس محفل معظم مین علمای مکرم اُس زمانے کے بخوشی آتے تھے اور موجب برکت اور اپنی بخشش کا جانتے تھے بعد اسکے اکثر بلاد اسلام مین رواج پایا اور علما نے اسکو مستحسن قرار دیا اگر خالی ہو منہیات شرعیہ سے اور روایات صحیحہ بیان ہون اور نیت خالص ہو واسطے برکت اور محبت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے اور تصدق واسطے فقرا اور مساکین کے تو موجب برکت عظیمہ کا ہوتا ہے جیسا کہا علامہ دمشقی نے سبل الہدی والرشاد فی سیرۃ خیر العباد معروف بہ سیرۃ الشامی مین قال الحافظ ابو الخیر السخاوی[1] فی فتاونہ عمل المولد الشریف لم ینقل عن احد من السلف الصالح فی القرون الثلاثۃ الفاضلۃ وانما حدث بعد ثم لازال اھل الاسلام فی سائر الاقطار والمدن الکبار یحتفلون فی شھر مولدہ صلی اللہ علیہ وسلم بعمل الولائم البدیعۃ المشتملۃ علی الامور البھجۃ الرفیعۃ ویتصدقون فی لیالیہ بانواع الصدقات ویظھرون السرور ویزیدون فی المبرات ویعتنون بقراءۃ مولدہ الکریم ویظھر علیھم من برکاتہ کل فضل عمیم انتھی وقال الحافظ ابو الخیر الجزری شیخ القراء من خواصہ انہ امان فی ذلک العام وبشری عاجلۃ بنیل البغیۃ والمرام قلت واول من احدث ذلک من الملوک صاحب اربل الملک المظفر ابو سعید کوکبری بن زین الدین علی بن بکتکین احد الملوک الامجاد والکبراء الاجواد وقال الحافظ عماد الدین بن کثیر فی تاریخہ کان یعمل المولد الشریف فی ربیع الاول ویحتفل بہ احتفالا ھائلا وکان شھما شجاعا بطلا عاقلا عادلا رحمہ اللہ تعالی واکرم مثواہ وقد صنف الشیخ ابو الخطاب بن دحیہ کتابا فی المولد سماہ التنویر فی مولد البشیر النذیر فاجازہ بالف دینار انتھی اور بعضون نے اسکو بدعت حسنہ قرار

---

[1] کہا حافظ ابو الخیر سخاوی نے اپنے فتاوے مین کہ کرنا مولود شریف کا منقول نہین ہوا کسی سلف صالح سے قرون ثلاثہ مین اور نہین ایجاد ہوا مگر بعد اُن کے پھر ہمیشہ اہل اسلام سب طرفون اور بڑے شہرون مین محفل کرتے رہے مہینے پیدایش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مین ساتھ خوشی کرنے دعوتون نادر شامل بڑے کامون پر اور خیرات کرتے رہے اُسکی راتون مین طرح طرح کے صدقون کے ساتھ اور ظاہر کرتے رہے خوشی کو اور بڑھاتے رہے نیکیون کو اور متوجہ ہوتے رہے ساتھ پڑھنے مولد شریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ظاہر ہوتا رہا اُنکے اوپر اُسکی برکتون سے ہر طرح کا فضل عام اور کہا حافظ ابو الخیر جزری شیخ القرا نے خواص مولد سے یہ ہے کہ امان ہے اُس سال مین اور بشارت آئندہ کو پانی خواہش اور مقصد کے کہا مین نے کہ پہلے ایجاد کیا اسکو بادشاہون سے شاہ اربل بادشاہ مظفر ابو سعید کوکبری بن زین الدین علی بن بکتگین نے کہ ایک بادشاہون بزرگ اور بڑے سخیون سے تھا اور کہا حافظ عماد الدین بن کثیر نے اپنی تاریخ مین کہ کرتا تھا مولد شریف ربیع الاول مین اور محفل کرتا بڑی اور تھا سخی شجاع جوان مرد عاقل عادل رحم کرے اُس پر اللہ اور اچھی آرام گاہ اُسکی کرے اور تحقیق تصنیف کی شیخ ابو الخطاب بن دحیہ نے اُسکے واسطے ایک کتاب مولد مین نام رکھا اُسکا تنویر فی مولد البشیر النذیر پس صلہ دیا اُسکا ہزار دینار ۱۲

دیا ہی اور علمانے بدعت کی پانچ قسم لکھی ہین واجبہ محرمہ مندوبہ مکروہہ مباحہ تفصیل اسکی طول رکھتی
ہی لیکن مختصر اجان لینا چاہیے کہ جو امر حادث ہوا اور مخالف ہو کتاب اور سنت اور اجماع اور اثر کے یہ
بدعت ضلالہ ہی اور یہی مراد کل بدعۃ ضلالۃ سے ہی اور جو امر حادث ہوا اور خلاف نہوا دلہ شرعیہ
کے اور اتفاق ہوا ویر جواز فعل اُسکے کے اور واسطے امید ثواب کے ہوا اور موافق قواعد شرعیہ
کے اور نیت خالص ہوا اور لازم نہ آوے اُس سے کوئی محذور شرعی جیسے بنا کرنا مدرسون کا اور
سرائے کا اور پل کا اور نیکیان جو نہ قرار پائی ہون صدر اول مین اور اُس مین معاونت ہوا ویر نیکی اور
خیر کے اور صدقہ واسطے فقرا اور مساکین کے اور محبت واسطے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے
وہ بدعت حسنہ ہی جیسا کہ حدیث شریف مین موجود ہی ما رأہ المسلمون حسنا فہو عند اللہ حسن[۱] و
ما رأہ المومنون قبیحا فہو عند اللہ قبیح اور اسی طرح کہا علامہ دمشقی نے سیرۃ شامی مین[۲] قال الحافظ
ابو محمد عبد الرحمن بن اسمعیل المعروف بابی شامۃ فی کتاب الباعث علی انکار البدع
والحوادث قال الربیع قال الشافعی رحمۃ اللہ علیہ المحدثات من الامور ضربان احدہما ما احدث
مما یخالف کتابا او سنۃ او اثرا او اجماعا فہذہ البدعۃ الضلالۃ والثانی ما احدث من الخیر
لا خلاف فیہ لواحد من ہذا فہی محدثۃ غیر مذمومۃ وقد قال عمر رضی اللہ عنہ فی قیام
رمضان نعمت البدعۃ ہذہ یعنی انہا محدثۃ لم تکن واذا کانت فلیس فیہا رد لما مضی قلت و
انما کان کذلک لان النبی صلی اللہ علیہ وسلم حث علی قیام شہر رمضان و فعلہ ہو صلی اللہ علیہ
وسلم واقتدی بہ فیہ بعض اصحابہ لیلۃ اخری ثم ترک النبی صلی اللہ علیہ وسلم فعلہا بالمسجد
جماعۃ لما فیہ من احیاء ہذا الشعار الذی امر بہ الشارع و فعلہ والحث علیہ والترغیب فیہ

سلہ ترجمہ جس چیز کو یقین کرین مسلمان نیک تو وہ نزدیک اللہ کے نیک ہی اور جس چیز کو یقین کرین مسلمان بد تو وہ نزدیک اللہ کے بد ہی ۱۲ ﷲ ترجمہ
عبارت سیرۃ شامی کہا حافظ ابو محمد عبد الرحمن بن اسمعیل عرف ابی شامہ نے اپنی کتاب الباعث علی انکار البدع والحوادث مین کہا ربیع نے کہا شافعی نے
نئی ایجاد کی دو قسمین ہین ایک وہ کہ نکالی جاوے خلاف کتاب یا سنت یا اثر یا اجماع کے لیس یہی بدعت ضلالت ہی اور دوسری وہ چیز کہ نکالی جاوے
نیکی سے کہ نہین خلاف اُسمین ساتھ ایک کے انھین سے لیس یہی چیز غیر مذموم ہی اور تحقیق کہا عمر رضی اللہ عنہ نے قیام رمضان مین اچھی بدعت ہی
یعنے تحقیق یہ نئی چیز ہی کہ نہ تھی اور جب ہوئی تو نہین ہی اُسمین رد اسواسطے کہ گذرا بیان اُسکا کہا مین نے نہین ہوا ایسا مگر واسطے اس بات کے کہ
تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تحریص کی قیام مہینے رمضان پر اور کیا اُسکو صلی اللہ علیہ وسلم نے اور اقتدا کی اُنکے ساتھ اُس مین بعض اصحاب کے
دوسری شب کو پھر ترک کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کرنا اُسکا مسجد مین جماعت کے ساتھ اسواسطے کہ اُس مین ہی قائم ہونا ہی اس امر کا کہ حکم
کیا ہی ساتھ اُسکے شارع نے اور کیا اُسکو اور کی تحریص اس شعار پر اور ترغیب اُس شعار مین ۱۲

سلہ والله تعالى اعلم فالبدع الحسنة متفق على جواز فعلها والاستحباب لها ورجاء الثواب لمن
حسنت نيته فيها وهي كل مبتدع موافق لقواعد الشريعة غير مخالف لشئ منها ولا يلزم من فعله
محذور شرعي وذلك نحو بناء المنابر والربط والمدارس وخانات السبيل وغير ذلك من
انواع البر الذي لم تعهد في الصدر الاول فانه موافق لما جاءت به الشريعة من اصطناع المعروف
والمعاونة على البر والتقوى ومن احسن ما ابتدع في زماننا من هذا القبيل ما كان يفعل
بمدينة اربل جبرها الله تعالى كل عام في اليوم الموافق لمولد النبي صلى الله عليه وسلم من الصدقات
والمعروف واظهار الزينة والسرور فان ذلك مع ما فيه من الاحسان الى الفقراء مشعر
بمحبة النبي صلى الله عليه وسلم وتعظيمه وجلالته في قلب فاعله وشكر الله تعالى على ما من به من
ايجاد رسوله الذي ارسله رحمة للعالمين صلى الله عليه وسلم وعلى جميع الانبياء والمرسلين
وكان اول من فعل ذلك بالموصل الشيخ عمر بن محمد الملا احد الصالحين المشهورين وبه اقتدى
في ذلك صاحب اربل وغيره رحمهم الله تعالى انتہی عبارتہ اور جو شخص مولد شریف کریگا
واسطے محبت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے اور خوشی کریگا ولادت باسعادت رسول مقبول صلی اللہ علیہ
وسلم کی اور خرچ کریگا للہ شہر مولد میں یعنی ربیع الاول میں دن کو اور رات کو عبادت میں مصروف رہیگا
ہوگا واسطے اُس شخص کے موجب برکت کا دنیا میں اور آخرت میں سبب بخشش کا لیکن یہ مجلس خالی ہو
منہیات شرعیہ سے اور اسیواسطے علما نے قصہ ابولہب کا نظیر اسکا لکھا ہی وہ یہ ہی کہ وقت ولادت رسول مقبول صلی اللہ
علیہ وسلم کے ثویبہ خادمہ ابولہب نے خوشخبری سنائی ابولہب کو کہ تیرے گھر بھتیجا پیدا ہوا ہی ابولہب نے اس

سلہ ترجمہ اور اللہ تعالیٰ بڑا جاننے والا ہی پس بدعت حسنہ اتفاق کیا گیا ہی اوپر درستی فعل و مستحب ہونے اُسکے کے اور امید ثواب کے واسطے اُس
شخص کے کہ نیک ہو نیت اُسکی اُسمیں وہی جو بدعت کہ موافق ہو قواعد شرعیہ کے نہ مخالف واسطے کسی شی کے اُنمیں سے اور نہ لازم آوے اُسکے کرنے
سے برائی اور یہ مثل بنانے منبروں اور خانقاہوں اور مدرسوں اور مسافرخانوں کے اور سوا اسکے نیکی کی قسموں سے کہ نہیں پیدا ہوئیں صدر
اول میں اسواسطے کہ تحقیق وہ موافق اُس کے ہی کہ آئی اُسکے ساتھ شریعت کرنے معروف سے اور نیکی اور تقوے پر اور بہتر اُن چیزوں میں کہ
نئی نکلی ہیں ہمارے زمانے میں اس قبیل سے وہ ہی کہ کی جاتی ہی شہر اربل میں نیکی دے اُس شہر کو اللہ تعالیٰ ہر سال روز موافق ولادت نبی
صلی اللہ علیہ وسلم میں صدقوں اور نیکی اور اظہار زینت اور خوشی سے اسواسطے کہ تحقیق باوجود کہ اُسمیں احسان طرف فقیروں کے ہی آگاہی دیتا ہی ساتھ محبت
نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور تعظیم اور بزرگی اُنکے کے دل میں کرنے والے اُسکے کے اور شکر اللہ تعالیٰ کا اس بات پر کہ احسان کیا اپنے ایسے رسول کے پیدا کرنے سے کہ
بھیجا اُسے رحمت واسطے تمام عالم کے رحمت کرے اللہ اُنپر اور سلام اور اوپر تمام نبیوں اور پیغمبروں کے اور تھا پہلا ایجاد کرنے والوں میں اُسکے موصل میں شیخ عمر بن محمد
ملا کہ ایک صالحین مشہورین سے تھا اور اُنکی پیروی کی اس بات میں شاہ اربل وغیرہ نے رحمت کرے اُنکو اللہ تعالیٰ ۱۲

خوشی مین ثویبہ کو دو انگلیون کے اشارے سے آزاد کردیا بعد مرنے ابولہب کے لوگون نے خواب مین دیکھا
پوچھا کیا حال ہی کہا کیا پوچھتے ہو حال اُسکا جو دشمن ہو خدا اور رسول کا اور جسکی مذمت مین قرآن نازل
ہو آگ مین جلتا ہون اور انواع انواع طرح کا عذاب ہو رہا ہی لیکن چونکہ مین نے دوشنبہ کی شب خوشی
کی کی تھی ولادت باسعادت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی اور اس خوشی مین ثویبہ کو آزاد کردیا تھا دو انگلیون
کے اشارے سے اُسکی برکت سے ہر دوشنبہ کو اُن دونون اُنگلیون سے کچھ پانی رستا ہی اُسکو چوستا ہون
اُس سے تخفیف عذاب ہوتی ہی آسپر علما نے لکھا ہی کہ ابولہب سا کافر جسکی مذمت مین قرآن نازل ہے
اُس نے خوشی کی تھی پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اُسکو تخفیف عذاب جحیم ہی نہ کہ مسلمان پس
سے مسلمان ثابت ہوتا ہی کہ اگر مسلمان خوشی کریگا ولادت باسعادت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اور
صرف کریگا بقدر توفیق اور لعید ہی کہ حق تعالی برکت عنایت فرمائے دنیا مین اپنے فضل سے اُسکے
مال اور اولاد وغیرہ مین اور آخرت مین اپنی رحمت سے داخل کرے جنات نعیم مین جیسا لکھا ہی علامہ
علاء الدین قسطلانی نے مواہب لدنیہ مین [سلہ] وقد روئی ابولھب بعد موتہ فی النوم فقیل لہ
ما حالک فقال فی النار الا انہ خفف عنی کل لیلۃ اثنین وامص من بین اصبعی ھاتین ماء و
اشار لراس اصبعہ وان ذلک باعتاقی لثویبۃ عندما بشرتنی بولادۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم
وبارضاعھا لہ قال ابن الجوزی فاذا کان ھذا ابولھب الکافر الذی نزل القرآن بذمہ جوزی
فی النار بفرحۃ لیلۃ مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم بہ فما حال المسلم الموحد من امتہ علیہ السلام
یسر بمولدہ ویبذل ما تصل الیہ قدرتہ فی محبتہ صلی اللہ علیہ وسلم لعمری انما یکون جزاؤہ من اللہ
الکریم ان یدخلہ بفضلہ العمیم جنات النعیم ولا زال اھل الاسلام یحتفلون بشھر مولدہ علیہ السلام

سلہ ترجمہ عبارت مواہب لدنیہ تحقیق دیکھا کسی نے ابولہب کو بعد مرنے کے خواب مین پس کہا اُس سے کیا حال ہی تیرا کہا آگ مین پڑا ہون مگر یہ کہ تخفیف کی جاتی ہی مجھپر ہر شب دوشنبہ کو اور چوستا ہون مین ان دونون اُنگلیون کے بیچ سے پانی اور اشارہ کیا سر اُنگلی کی طرف اور یہ سبب آزاد کرنے میرے کا ہی ثویبہ کو اُس وقت مین کہ بشارت دی تھی اُس نے مجھکو ساتھ پیدا ہونے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور سبب دودھ پلانے اُسکے کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کہا ابن جوزی نے جب یہ حال ہوا ابولہب ایسے کافر کا کہ نازل ہوا قرآن اُسکی مذمت مین عوض پایا دوزخ مین بسبب خوشی شب پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کیا حال ہی ایسے مسلمان موحد کا امت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ خوشی کرتا ہی ساتھ مولد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور خرچ کرتا ہی جہان تک پہونچتی ہی قدرت اُسکی محبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مین قسم ہی اپنی عمر کی کہ ہوگی جزا اُسکی اللہ کریم سے کہ داخل کریگا اُس کو اپنے فضل عام سے جنات نعیم مین۔ اور ہمیشہ اہل اسلام محفلین کرتے ہین مہینہ ولادت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مین ۱۲

ويعملون الولائم ويتصدقون في لياليه بانواع الصدقات ويظهرون السرور ويزيدون في المبرات ويعتنون بقراءة مولده الكريم ويظهر عليهم من بركاته كل فضل عميم ومما جرب من خواصه انه امان في ذلك العام وبشرى عاجلة بنيل البغية والمرام فرحم الله امرا اتخذ ليالي شهر مولده المبارك اعيادا ليكون اشد علة على من في قلبه مرض او عناد ولقد اطنب ابن الحاج في المدخل في الانكار على ما احدثه الناس من البدع والاهواء والتغني بالالات المحرمة عند عمل المولد الشريف فالله تعالى يثيبه على قصده الجميل ويسلك بنا سبيل السنة فانه حسبنا ونعم الوكيل انتهى اور اسی طرح لکھا ہے خاتم المحدثین مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے ماثبت من السنۃ اور مدارج النبوۃ میں چنانچہ واسطے اختصار کے عبارت مدارج کی لکھی جاتی ہے تو یہ ہے آن شب کہ چون آنحضرت متولد شد بشارت رسانید ابولہب را کہ در خانہ عبداللہ پسری متولد شد و ابولہب او را بدین مژدگانی آزاد کرد و امر کرد او را بشیر دادن وی و حق تعالی بدین شادی و سرور کہ ابولہب بولادت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کرد در عذاب وی تخفیف کرد در روز دوشنبہ از وی عذاب برداشت چنانکہ در حدیث آمدہ است و در اینجا سند است مر اہل موالید را کہ در شب میلاد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سرور کنند و بذل اموال نمایند یعنی ابولہب کہ کافر بود و قرآن بمذمت وی نازل شدہ چون بسرور میلاد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و بذل شیر جاریہ وی بجہت آنحضرت جزا دادہ شد تا حال مسلمان کہ مملو است بمحبت و سرور و بذل مال در طریق وی چہ باشد ولیکن باید کہ از بدعتہا کہ عوام احداث کردہ اند از تغنی و آلات محرمہ و منکرات خالی باشد تا موجب حرمان از طریقہ اتباع نگردد انتہی اور دن اور مہینے کا بیان جواب کتب معتبرہ سے ثابت ہوتا ہے کہ شب ولادت افضل ہے شب قدر سے یہی طرح لکھا ہے علامہ قسطلانی نے مواہب میں اور علامہ دمشقی نے سیرت شامی میں اور محدث دہلوی رح نے

سلہ ترجمہ اور کرتے ہیں دعوتیں اور خیرات کرتے ہیں اس مہینے کی راتوں کو طرح طرح کے صدقے اور ظاہر کرتے ہیں خوشی اور بہت بھلائیاں کرتے ہیں اور مشغول ہوتے ہیں ساتھ پڑھنے مولد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ظاہر ہوتا ہے ان پر اسکی برکتوں سے ہر طرح کا فضل عام اور تجربہ میں آیا ہے کہ خاصیتوں اسکی سے یہ ہے کہ تحقیق وہ امان ہے اس سال میں اور بشارت جلد ہے ساتھ حاصل ہونے خواہش و مقصد کے پس رحم کرے اللہ اس شخص پر کہ ٹھہرایا شبوں مہینے مبارک ولادت آنحضرت کو عیدیں تاکہ ہووے بہت سخت بیماری اس شخص کے کہ دل میں اسکے نفاق یا عناد ہے اور البتہ بہت بیان کیا ابن الحاج نے مدخل میں بیچ انکار کے اس چیز سے کہ ایجاد کیا ہے لوگوں نے بدعتوں اور بری خواہشوں سے اور گانا ساتھ آلات حرام کے جو نزدیک کرنے مولد شریف کے پس اللہ تعالی جزا دے اسکو اچھے قصد پر اور چلاوے ہمکو راہ سنت پر پس تحقیق وہی کافی ہے ہمکو اور اچھا وکیل

مدارج مین اس سے یہ ثابت ہوتا ہی کہ اس شب کو یا اس دن کو ذکر ولادت اور تصدق مال واسطے
فقرا اور مساکین کے ہو تو باعث زیادتی ثواب کا ہوگا لیکن اگر کوئی شخص اور کسی دن [illegible]
مین کریگا تو بھی موجب ثواب اور برکت کا ہوگا اگر مجلس خالی ہو منہیات شرعیہ سے اور نیت
خالص ہو واسطے نفع پہونچانے فقرا اور مساکین کے اور محبت واسطے رسول مقبول صلی اللہ علیہ
وسلم کے اور کرنے مولد کو فرض اور واجب نہ جانے اور نکرنے والے کو برا نجانے اور تعیین روز کا تخصیص
کسی بزرگ کی شرع سے ثابت نہین مگر علماے متاخرین اسکے استحسان کے قائل ہین۔ واللہ اعلم
بالصواب والیہ المرجع والمآب نمقہ خادم اولیاء اللہ الصمد علی محمد غفر اللہ الاحد [علی محمد] الاجابۃ
المولوی علی محمد فہو صحیح والتفصیل فی الکتب المعتبرۃ محبت با رسول وتذکرہ ولادت رسول ودیگر بیان
معجزات حال رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم از مستحسنات ومنجیات ست وذکر مستحسنات معجزات
وولادت رسول ومحاربات با کفار بہر ماہے وبہر یومے کہ باشد از مستحسنات ست وخالی از اجر نیست
لیس فیہ تعیین وان تعین یوما وشہرا لا علی سبیل الوجوب لا ایلام واللہ اعلم حررہ احقر العباد محمد نعیم اللہ عفی عنہ
[نعیم اللہ] ما اجاب المولوی علی محمد فہو صحیح ذکر ولادت رسول صلی اللہ علیہ وسلم وبیان معجزات آنحضرت
از مستحسنات ومنجیات ست آری تعیین یوم علی سبیل الوجوب ثابت نشدہ فقط کتبہ خادم العلماء الکرام
حفیظ اللہ غفر اللہ ذنوبہ [حفیظ اللہ] الصواب ما کتبہ العلماء انہ من المستحبات والبدعۃ الحسنۃ محمد برہان الحق
عفی عنہ۔ رکھنا ناخون انگوٹھون کا اوپر آنکھون کے بیچ سننے شہادتین کے اذان مین اور کہنا
اللہم متعنی بالسمع والبصر مستحب ہی اور معین کرنا ماہ مبارک ربیع الاول کو واسطے مجلس شریف
ولادت باسعادت حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اور روز وصال کو واسطے فاتحہ کے کہ یون سمجھ کر
اگر بلا وجوب ہو تو مباح ہی لاباس بہ اور حق نفسہ ذکر میلاد شریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و یاد ذکر معراج
شریف ودیگر معجزات ومحاربات وذکر وفات شریف اگر بخلوص نیت ووفور محبت ہو تو باعث حسنات
وبرکات فراوان کا ہی اور اس مجلس شریف مین بشرطیکہ منہیات شرعی اور ممنوعات سے خالی ہو حتی المقدور
ہو البتہ خالی ثواب وحسنات سے نہین ہی چنانچہ تفصیل اسکی مصنف کتب مولوی علی محمد نے جواب
مین لکھی ہی وہ صحیح ہی اور مستفتی کو بس کافی اور وافی ہی واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب [illegible]
عبد الوحید عفا اللہ عنہ۔ فی الواقع استحباب [illegible]

اندر بعض کتب میں موجود ہی اور انسے بوسہ دینا معلوم نہیں ہوتا اور نفس تخصیص یوم مولد شریف
اور فاتحہ وغیرہ کے اگرچہ بحث استحسان اسکے کتب فقہ میں نہیں ہی اما اور کتب معتبرہ میں موجود ہی
کچھ باک اور مضائقہ اس میں نہیں ہی اس مقدمہ میں علما سابقین نے رسائل لکھے ہین کتبہ
ابو البقا محمد عبد الحکیم غفر اللہ الرحیم | ابو البقا محمد عبد الحکیم | جواب مرقوم مولوی علی محمد صحیح ہی فقط کتبہ
ابو الحسن محمد صالح عفا اللہ عنہ حق سبحانہ تعالی جزائے خیر دے فاضل مجیب مولوی علی محمد کو کہ جواب خوب
مرغوب القلوب رقم فرمایا حررہ العبد المعتصم بحبل اللہ الصمد الشیخ ابو المسعود فخر الدین احمد المدعو بمحمد اصغر غفر له
اللہ الاکبر جواب سوال اول بوسہ لینا اوپر ناخون انگوٹھون کے وقت لینے یا سننے نام با احترام
حضرت خاتم الانبیا سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اذان وغیرہ میں آجتک اندر کتب معتبرہ فقہ کے نظر نہیں
آیا سوائے اسکے کہ صاحب خزانۃ الروایات اس عبارت کو لایا فی مقدمۃ الصلوۃ شرح جو نامی
اندر وشنود ** دو ابہام بر [illegible] و دیدہ نہد ** (له) فی قصص الانبیاء و مونس الابرار ان ادم اشتاق
لقاء محمد حین کان فی الجنۃ فاوحی اللہ تعالی لہ ہو من صلبک ویظہر فی اخر الزمان
فسأل اللہ تعالی لقاءہ فاظہر اللہ تعالی وجہ محمد فی صفاء ظفری ادم ع مثل المرأۃ
فانظر فی صفاء ظفری ابہامیہ ورای وجہ محمد فقبل ظفریہ ومسح علی عینیہ فصار
اصلا لذریتہ فاخبر جبرئیل ع ہذہ القصۃ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من سمع
اسمی فی الاذان فقبل ظفری ابہامیہ ومسح علی عینیہ لم یعمی ابدا انتہت اور بعض
متاخرین نے حاشیہ ہدایہ میں عبارت مذکورہ کو خزانہ سے نقل کیا اور صاحب تہذیب الصلوۃ نے بھی قصص الانبیا
سے اسی مضمون کو ذکر کیا ہے بموجب اس روایت کے بوسہ لینا اوپر ناخون انگوٹھونکے وقت سننے نام
با احترام کے اذان میں حکم استحباب کا رکھتا ہی اور بوسہ لینا وقت لینے نام سید انام کے یا سننے اسکے

له ترجمہ قصص الانبیاء و مونس الابرار میں ہے کہ البتہ آدم ع مشتاق ہوئے دیدار محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وقتیکہ تھے بہشت میں پس حکم
کیا اللہ تعالی نے انکو کہ وہ تیری اولاد سے ہی اور ظاہر ہونگا آخر زمانے میں پس طلب کیا آدم ع نے اللہ تعالی سے دیدار آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کا پس ظاہر کیا اللہ تعالی نے نقشہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا بیچ سطح دونون ناخونون آدم ع کے مثل آئینہ کے پھر نظر کی آدم ع نے
سطح ناخونون انگوٹھون اپنے پر اور دیکھا نقشہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا پس چوم لیا دونون ناخونون اپنے کو اور لگایا اوپر آنکھون اپنے کے
پس ہو گیا اصل واسطے اولاد انکی کے پھر جب خبر کیا جبرئیل ع نے اس قصہ کو پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ سنے نام میرا اذان
میں اور چومے دونون ناخونون اپنے انگوٹھون کے اور لگاوے اپنی دونون آنکھون پر نہوگا اندھا اس کا کبھی ۱۲

غیر اذان مین اس روایت سے ثابت نہین ہوتا اور ایسا ہی لگانا دونون انگوٹھون کا اوپر آنکھون کے وقت لینے یا سننے اسم مبارک حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے اذان وغیرہ مین کسی ایسی کتاب معتمدہ مین نظر نہین آیا سوا اسکے کہ صاحب کنز العباد فی شرح الاوراد نے رکھنے انگوٹھون کو اوپر آنکھون کے بعد استماع شہادتین کے علاوہ قہستانی سے نقل کیا اور کنز العباد سے جامع الرموز نے اسکو نقل کیا اور یہ کہا واعلم انه یستحب ان یقال عند سماع الاولی من الشهادة صلی الله علیك یا رسول الله وعند سماع الثانیة منها قرة عینی بك یا رسول الله ثم یقال اللهم متعنی بالسمع والبصر بعد وضع ظفری الابهامین علی العینین فانه صلی الله علیه وسلم یكون قائدا له الی الجنة كذا فی كنز العباد انتهی[ف۱] اور صاحب خزانة الروایات نے بھی اسکو مضمرات اور کنز سے نقل کیا اور بعض متاخرین نے بھی حاشیہ ہدایہ مین اسکو ذکر کیا اور صاحب تہذیب الصلوۃ نے بھی فتاوی غرائب سے نقل کیا پس بموجب اس روایت کے رکھنا ناخونون دونون انگوٹھون کا اوپر دونون آنکھون کے بعد سننے نام با احترام حضرت سید الانام علیه التحیة والسلام کے شہادتین اذان مین حکم استحباب کا رکھتا ہے اور رکھنا انکا وقت لینے نام سرور عالم کے یا سننے اسکے کے غیر اذان مین اس روایت سے بھی ثبوت کو نہین پہونچتا ہے جواب سوال ثانی کا تعیین ماہ ربیع الاول کے واسطے محفل لطیف مولد شریف کے مانند اصل عمل محفل کے حضرات اصحاب و اتباع و تبع تابعین رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین سے منقول نہین ہے جیسا کہ قدوۃ المحدثین اسوۃ المحققین فارس مضمار تحریر بلند مقامی شیخ محمد بن یوسف شامی سبل الہدی والرشاد فی سیرۃ خیر العباد مین شیخ الشیوخ البشر حافظ ابو الفضل احمد ابن علی بن حجر سے نقل کرکے کہتے ہین وقال الحافظ اصل عمل المولد بدعة لم تنقل عن احد من السلف الصالح من القرون الثلثة انتهی[ف۲] اور پہلے شیخ عمر بن محمد نے کہ صلحاء کرام مشہورین مین الانام سے تھے ایجاد اس محفل کی ماہ ربیع الاول مین بیچ مقام موصل کے کی اور بادشاہ مظفر ابو سعید کوکبری بن زین الدین علی بن بکتکین والی اربل نے کہ بادشاہ عالی جاہ عظیم الشان تقوی شعار سخاوت دثار تھے

ف۱ ترجمہ اور جان لے یہ بات کہ مستحب ہے کہ کہا جاوے وقت سننے شہادت اولی کے صلی اللہ علیک یا رسول اللہ اور وقت سننے شہادت دوسری کے قرۃ عینی بک یا رسول اللہ پھر بعد اسکے کہے اللہم متعنی بالسمع والبصر بعد رکھنے دونون انگوٹھون کے دونون آنکھون پر کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہوتے ہین اسکو کھینچنے والے طرف جنت کی ۱۲ ف۲ اور کہا حافظ نے اصل مولد کرنا بدعت ہے کہ کسی اگلے اور گذرے لوگون قرون ثلثہ سے منقول نہین

تقربا الی اللہ الکریم اقتدا اُس شیخ عظیم کی کی اور با احتشام و اہتمام تمام و انعام و اکرام بالا کلام کی یہ محفل اجلال
پیچ ماہ ربیع الاول کے ہر سال کرتے رہے جیسا کہ سبل الہدی میں کتاب الباعث فی انکار البدع و
الحوادث اور مرآۃ الزمان سے نقل کر کے مذکور ہے اور علماے اعلام اور صلحاے کرام اُس ہنگام کے اس محفل
با احترام میں پاس اُس بادشاہ نامدار کے بے اکراہ و انکار کے حاضر ہوتے رہے اور پسند کر کے برقرار
رکھتے گئے اور فاضل کامل متقن احادیث نبی عربی شیخ ابو الخطاب عمر بن دحیہ کلبی نے کتاب التنویر
فی مولد البشیر النذیر واسطے اُسکے تالیف کی سبل الہدی میں فتاوے شیخ العلما و المحدثین الاعلام
حافظ ابو الفضل عبد الرحمن جلال الدین و الاسلام سیوطی سے منقول ہے قال انہ کان ملکا عادلا
عادلا عالما وقصد به التقرب الی اللہ تعالی وحضر عنده فیه العلماء والصلحاء من
غیر نکیر منهم واثابه ابن دحیه وصنف له من اجله کتابا فهولاء علماء منهم رضوه
واقروه ولم ینکروه انتہی اور بعد اُسکے جمیع اقطار و بلاد کبار میں اہل اسلام ہمیشہ شہر مولد
خیر الانام علیہ التحیۃ والسلام میں محفل برکت منزل بہ تمام اہتمام و احتشام کرتے چلے آئے اور ایمہ اعلام اور
علماے اعلام نے بشرط خالی ہونے کے محرمات اور مکروہات شرعیہ سے اور خلوص نیت و رضا جوئی
حضرت خاتم الانبیا خیر البریہ علیہ وعلی آلہ الثناء والتحیۃ کے اسکے استحسان و استحباب کو اختیار کیا اور بانی
اس محفل رحمت منزل کو ثواب کہا اور اُسکی نہایت تعریف اور نہایت توصیف کی اور بعضے علما نے حق میں اس
محفل کرنے والوں کے بشارتیں طرح طرح کی اور تاکیدیں ترک کرنے اس محفل با احترام کی ممانعت سے
بعضے علما اُس ہنگام کے کہ عالم شام میں جانب جناب سید الانام علیہ وعلی آلہ الاکرام الف الف تحیۃ وسلام سے
ظہور میں آئی تھیں مذکور کیں چنانچہ تصریح تام و تشریح تمام سبل الہدی میں موجود ہے نقل جمیع عبارات اُسکی کی
موجب تطویل ہے لہذا بطور اختصار کے ذکر کی جاتی ہے قال وقد اثنی علیه الائمة منهم الحافظ ابو شامة
شیخ النووی فی کتابه الباعث علی انکار البدع والحوادث وقال مثل هذا الحسن یندب الیه
ویشکر فاعله واثنی علیه قال ابن الجزری لو لم یکن فی ذلک الا ارغاما للشیطان

سلہ ترجمہ کہا اُسنے کہ بادشاہ عادل عالم نے قصد تقرب الی اللہ کا کیا اور اُس مجلس میں علما اور صلحا حاضر تھے بے انکار اور ابن دحیہ راضی ہوا
اس پر اور اس بات میں کتاب تصنیف کی پس وہ علما اسمیں راضی ہوئے اور ثابت رکھا اسکو اور کسی نے انکار نہیں کیا کہا اور تعریف کی
اُسکی بہت اماموں نے کہ اُنمیں سے حافظ ابو شامہ شیخ نووی نے اپنی کتاب باعث علی انکار البدع والحوادث میں کہا ہے کہ مثل اس عمل کا بیشک نیک ہے
کہ مستحسن کیا جاتا ہے اور تعریف کی جاتی ہے کرنے والے کی اور تعریف کی ہے کہا ابن جزری نے اگر نہ ہو اس عمل میں مگر ذلیل کرنا شیطان کا تو بس ہے

وإرغام أهل الإيمان وقال العلامة ابن طغربك في الدر المنظم وقد عمل المحبون للنبي صلى الله
عليه وسلم فرحا بمولده الولائم فمن ذلك ما عمله بالقاهرة المعزية من الولائم الكبار الشيخ
أبو الحسن المعروف بابن فضل قدس الله سره شيخ شيخنا أبي عبد الله محمد بن النعمان وعمل
ذلك قبله جمال الدين العجمي الهمداني وممن عمل ذلك على قدر وسعه يوسف الحجار بمصر وقد
رأى النبي صلى الله عليه وسلم وهو يحرض يوسف المذكور على عمل ذلك قال سمعت ذلك من يوسف
بن علي بن زريق الشامي الأصل المصري المولد الحجار بمصر في منزله بها حيث يعمل مولد رسول الله
صلى الله عليه وسلم يقول رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم في المنام منذ عشرين سنة وكان
لي أخ في الله تعالى يقال له الشيخ أبو بكر الحجار فرأيت كأنني وأبا بكر هذا بين يدي النبي
صلى الله عليه وسلم جالسان فأمسك أبو بكر لحية نفسه وفرقها نصفين وذكر للنبي صلى الله عليه وسلم
كلاما لم أفهمه فقال النبي صلى الله عليه وسلم مجيبا له لولا هذا لكانت هذه في النار ودار إلي
وقال لأضربنك وكان بيده قضيب فقلت لأي شيء يا رسول الله فقال حتى لا تبطل المولد
ولا السنن قال يوسف فعملته منذ عشرين سنة إلى الآن قال وسمعت يوسف المذكور يقول
سمعت أخي أبا بكر الحجار يقول سمعت الشيخ أبا يوسف موسى المرزهوني يقول رأيت النبي صلى الله
عليه وسلم في النوم فذكرت له ما يقوله الفقهاء في عمل الولائم في المولد فقال صلى الله عليه وسلم من فرح بنا

ل ترجمہ: اور اتباع اہل ایمان کا اور کہا علامہ ابن طغربک نے درِ منظم میں تحقیق کہ حضرت کی محبت والوں نے بسبب خوشی پیدائش حضرت کے دعوت
کی کہ بعض ان میں سے شیخ ابو الحسن معروف بابن فضل قدس اللہ سرہ نے کیا اسکو تحقیق کہ مشہور ہیں دعوت بڑی کہ وہ ہمارے شیخ ابی عبد اللہ محمد
ابن النعمان کے شیخ تھے اور جمال الدین عجمی ہمدانی نے اسکو کیا ہے پہلے زمانے میں اور یوسف حجار نے بقدر وسعت اپنی کے اسکو کیا ہے مصر میں
اور دیکھا یوسف نے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم تحریص کرتے تھے یوسف کو اس کرنے پر کہا سنا میں نے اسکو یوسف ابن علی ابن زریق سے کہ شام اسکی
اصل تھی اور جائے ولادت اسکی مصر تھی کہ کرتا تھا مولد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے مکان میں اور کہتا تھا کہ بیس برس ہوئے کہ میں نے
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ میں اور میرا بھائی شیخ ابو بکر حجار گویا سامنے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹھے ہیں پھر ابو بکر نے اپنی
داڑھی کو پکڑ کے نصف نصف جدا کیا اور کچھ کلام حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسا کیا کہ میں نہ سمجھا اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب
میں اگر یہ نہ ہوتا تو یہ آئینہ ہوتا بیچ آگ میں اور پھرے گرد میرے اور فرمایا پھر آئندہ مارونگا میں تجھکو چونکہ تھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کے ہاتھ میں چھڑی کہا میں نے کس واسطے یا رسول اللہ پھر فرمایا کہ چھوڑ دے تو مولد کو اور نہ سنتوں کو کہا یوسف نے پس کیے جاتا ہوں میں
اسکو بیس برس سے اب تک کہا اور سنا میں نے یوسف مذکور سے کہ کہتے تھے سنا میں نے اپنے بھائی ابی بکر حجار سے کہ کہتے تھے سنا میں نے
شیخ ابی یوسف موسی زہونی سے کہ کہتے تھے دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں جب ذکر کیا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جو کہتے
ہیں فقہا مولد کی دعوتیں کرنے میں پس فرمایا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہم نے ہماری خوشی کی ۱۲

فرحنا به وسمعت منصور النشار يقول رأيت النبي صلى الله عليه وسلم في المنام يقول لي قل له لا يبطله يعني المولد ما عليك ممن أكل ومن لم يأكل قال وسمعت شيخنا أبا عبد الله بن محمد النعمان يقول سمعت الشيخ أبا موسى الزرهوني يقول رأيت النبي صلى الله عليه وسلم في النوم فذكرت له ما يقول الفقهاء في عمل الولائم في المولد فقال النبي صلى الله عليه وسلم من فرح بنا فرحنا به وقال الشيخ العلامة ناصر الدين المبارك الشهير بابن الطباخ في فتاوى بخطه إذا أنفق المنفق تلك الليلة وجمع جمعا أطعمهم وأسمعهم ما يجوز سماعه ودفع للسمع المشوق للآخرة ملبوسا كل ذلك سرورا بمولده صلى الله عليه وسلم فجميع ذلك جائز ويثاب فاعله إذا أحسن القصد قال الشيخ الإمام جمال الدين عبد الرحمن بن عبد الملك المعروف بالمخلص الكتاني رحمه الله تعالى مولد رسول الله صلى الله عليه وسلم مبجل مكرم قدس يوم ولادته وشرف وعظم وكان وجوده مبدء سبب النجاة لمن اتبعه وتقليل حظ جهنم ممن أعد لها لفرحه بولادته صلى الله عليه وسلم وتمت بركاته على من اهتدى به فشابه هذا اليوم يوم الجمعة من حيث أن يوم الجمعة لا تسعر فيه جهنم هكذا ورد عنه صلى الله عليه وسلم فمن المناسب إظهار السرور وإنفاق الميسور وإجابة من دعاه رب الوليمة للحضور

ساتھ تو ہم کو اس سے خوشی ہوئی اور سنا میں نے منصور نشار سے کہ کہتے تھے دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں کہ فرماتے ہیں مجھ کو کہ تو کہہ دے اُس سے کہ نہ چھوڑے یہ مولد کو تجھ کو کام نہیں ہے کچھ اُس شخص سے کہ کھاوے اور اُس شخص سے کہ نہ کھاوے کہا اور سنا میں نے ابو عبد اللہ ابن ابی محمد نعمان سے کہ کہتے تھے سنا میں نے شیخ ابی موسی زرہونی سے کہ کہتے تھے دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں پس ذکر کیا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جو کہ کہتے ہیں فقہا مولد کی دعوت کرنے میں پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے خوشی کی ہمارے ہم خوش ہوئے اُس سے اور کہا علامہ شیخ ناصر الدین مبارک معروف بابن طباخ نے اپنے ہاتھ کے لکھے ہوئے فتوے میں جب خرچ کرے خرچ کرنے والا اُس شب میں اور لوگوں کو جمع کر کے کھانا کھلاوے اور سناوے اُنکو ایسی چیز کہ سننا اُسکا درست ہے اور لباس دیوے آخرت کے شوق والا کی چیزیں سننے والے کو یہ سب کرے واسطے ولادت شریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پس یہ سب درست ہے اور ثواب پاتا ہے کرنیوالا جبکہ اچھی نیت سے کرے کہا شیخ امام جمال الدین عبد الرحمن بن عبد الملک معروف بمخلص کیتلانی رحمۃ اللہ علیہ نے مولد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بزرگ با اکرام ہے مقدس ہے روز ولادت آنحضرت کا باشرف و عظمت اور ہے پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ابتدا سبب نجات آپکے تابعداروں کے حق میں اور کمی کا دوزخ کے اُس شخص سے کہ مقرر کیا اُس نے [illegible] واسطے خوشی ولادت با سعادت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور پہنچیں برکتیں آپکی اُن لوگوں پر [illegible] پس مشابہ ہوا یہ دن [illegible] یوم جمعہ کے [illegible] جیسا آیا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے [illegible] اور خرچ کرنا مقدور کے موافق اور قبول کرنا دعوت مولد کی [illegible]

وقال الامام العلامة ظهير الدين بن جعفر الترسيني رحمه الله تعالىٰ هذا الفعل لم يقع في الصدر الاول من السلف الصالح مع تعظيمهم وحبهم له اعظاما ومحبة لا تبلغ جمعنا الواحد منهم ولا ذرة منه وهي بدعة حسنة ان قصد فاعلها جمع الصالحين والصلوة على النبي صلى الله عليه وسلم واطعام الطعام للفقراء والمساكين وهذا القدر يثاب عليه بهذا الشرط في كل وقت وقال الشيخ ناصر الدين ايضا فهذا اجتماع حسن يثاب قاصد ذلك وفاعله عليه اجتماع الصلحاء فقط ليأكلوا ذلك الطعام ويذكروا الله تعالى ويصلوا على رسوله صلى الله عليه وسلم يضاعف القربات والمثوبات وقال الشيخ الامام صدر الدين موهوب بن عمر بن الجزري الشافعي هذه بدعة لا بأس بها ولا تكره البدع الا اذا راغمت السنة واما اذا لم تراغمها فلا تكره ويثاب الانسان بحسب قصده في اظهار السرور والفرح بمولد النبي صلى الله عليه وسلم وقال في موضع اخر هذه بدعة ولكنها بدعة لا بأس بها وقال الحافظ لكنها مع ذلك قد اشتملت على محاسن وضدها فمن تحرى في عملها المحاسن وتجنب ضدها كان بدعة حسنة ومن لا فلا قال وقد ظهر لي تخريجها على اصل ثابت وهو ما ثبت في الصحيحين من ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قدم المدينة فوجد اليهود يصومون يوم

سلہ ترجمہ: اور کہا امام علامہ ظہیر الدین بن جعفر ترسینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے یہ کام نہیں ہوا صدر اول میں سلف صالح سے باوجود ان کی تعظیم اور محبت کے جو ان کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھی، نہیں پہنچتا ہر گز ہم میں کا ایک ان کے مرتبہ کو اور اس سے کم کو اور یہ بدعت حسنہ ہے اگر قصد کرے کرنے والا اس کا جمع کرنا نیکوں کا اور درود شریف پڑھنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اور کھانا کھلانا فقیروں اور مسکینوں کو اور اتنی بات پر ثواب ملتا ہے ہر وقت میں۔ اور کہا شیخ ناصر الدین نے بھی یہ اجتماع بہتر ہے ثواب پاتا ہے کرنے والا اس کا نیک نیت سے اور جمع ہونا صالحین کا اور کھانا کھانا واسطے ذکر اللہ تعالیٰ کے اور درود پڑھنے اوپر رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بڑھاتا ہے نیکیوں اور ثواب کو۔ اور کہا شیخ امام صدر الدین موہوب بن عمر جزری شافعی نے یہ بدعت ہے کہ اس میں کچھ ڈر نہیں اور نہیں کراہت ہوتی بدعت میں مگر جب کہ مخالفت کرے سنت سے اور جس جگہ مخالفت سنت کی نہیں پس نہیں مکروہ ہے اور ثواب پاتا ہے انسان موافق اپنے قصد کے اظہار سرور و خوشی میں پیدائش نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے۔ اور کہا شیخ موہوب نے دوسری جگہ یہ بدعت ہے لیکن ایسی بدعت ہے کہ کچھ ڈر نہیں اور کہا حافظ نے لیکن وہ ساتھ اس کے شامل ہے بھلائیوں اور اس کے خلاف پر جو شخص اختیار کرے اس کے کرنے میں خوبیوں کو اور پرہیز کرے خلاف سے تو یہ بدعت حسنہ اور اگر ایسا نہیں تو نہیں۔ کہا حافظ نے اور تحقیق ظاہر ہوا واسطے میرے تخریج اس کا اوپر اصل ثابت کے اور وہ وہ چیز ہے کہ ثابت ہوئی ہے صحیحین بخاری و مسلم میں کہ تحقیق حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے مدینہ میں پس پایا یہود کو کہ روزہ رکھتے تھے

يوم عاشوراء فسألهم فقالوا هذا يوم اغرق الله فيه فرعون ونجا موسى فنحن
نصومه شكرًا لله تعالى فقال انا احق بموسى منكم فصامه وامر بصيامه فيستفاد
منه فعل ذلك شكرًا لله تعالى على ما من به في يوم معين من اسداء نعمة
او دفع نقمة ويعاد ذلك في نظير ذلك اليوم من كل سنة والشكر
لله تعالى يحصل بانواع العبادات والسجود والصيام والصدقة و
التلاوة واي نعمة اعظم من النعمة ببروز هذا النبي الكريم نبي الرحمة
في ذلك اليوم وقال شيخنا رحمه الله تعالى في فتاواه عندي ان اصل عمل
المولد الذي هو اجتماع الناس وقراءة ما تيسر من القران ورواية الاخبار
الواردة في مبدء امر النبي صلى الله عليه وسلم وما وقع في مولده من
الايات ثم يمد لهم سماط ياكلونه وينصرفون من غير زيادة على ذلك
من البدع الحسنة التي يثاب عليها صاحبها لما فيه من تعظيم قدر النبي
صلى الله عليه وسلم واظهار الفرح والاستبشار بمولده الشريف قال وقد ظهر لي
تخريجه على اصل اخر غير الذي ذكره الحافظ وهو ما رواه البيهقي عن انس

---

۱۵ ترجمہ دن عاشورا کے پس پوچھا اُن سے پس کہا یہود نے اس دن میں غرق کیا اللہ نے فرعون کو اور نجات دی موسیٰ عم
کو پس ہم روزہ رکھتے ہیں اُسکا واسطے شکر اللہ تعالیٰ کے پس فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے میں احق ہوں ساتھ موسیٰ
کی تم سے پھر روزہ رکھا اس دن اور حکم کیا اس دن کے روزہ کا پس حاصل ہوا اُس سے کرنا اُسکا واسطے شکر اللہ کے
واسطے احسان کے روز معین میں ایجاد کرنے نعمت و دفع کرنے رنج کے اور عود کرتا ہے یہ ویسے دن میں ہر سال اور شکر
اللہ تعالیٰ کا حاصل ہوتا ہے ساتھ انواع عبادتوں اور سجدوں اور روزوں اور صدقوں اور تلاوت کے اور کونسی نعمت بڑی
نعمت ہے ظاہر ہونے اُس نبی کریم نبی رحمت سے بیچ اُس دن کے اور کہا شیخ ہمارے یعنی جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے
اپنے فتاوے میں کہ میرے پاس موجود ہے تحقیق اصل عمل مولد کی کہ وہ عبارت ہے جمع ہونے لوگوں سے اور پڑھنے اُس چیز سے
کہ ہوسکے قرآن سے اور بیان کرنے اخبار وارده سے بیچ ابتداے امر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور جوکہ واقع ہوا ہے وقت پیدائش
آنحضرت کے آیات خصائص سے پھر بچھایا جاوے دسترخوان کہ کھانا کھاویں لوگ بے زیادتی کے اُسپر بدعتوں حسنہ سے ہے کہ ثواب پاتا ہے اُسپر
کرنیوالا اُسکا اسواسطے کہ اُسمیں تعظیم ہے قدر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اور اظہار فرح اور خوشی کا ساتھ ولادت شریف کے ہے کہا شیخ نے اور تحقیق ظاہر ہوا
واسطے میرے نکالنا اُسکا اوپر اصل دوسری کے سوا اُسکے کہ ذکر کیا اُسکو حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے وہی وہ چیز ہے کہ روایت کیا اُس کو
بیہقی نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ۱۲

انّ النبی صلّی اللہ علیہ وسلم عقّ عن نفسہ بعد النبوۃ مع انہ ورد ان
جدہ عبد المطلب عقّ عنہ فی سابع ولادۃ والعقیقۃ لا تعاد مرۃ ثانیۃ
فیحمل ذلک علی ان ھذا فعلہ صلی اللہ علیہ وسلم اظھار الشکر علی ایجاد اللہ
تعالی ایاہ رحمۃ للعالمین وتشریفا لامتہ صلی اللہ علیہ وسلم کما کان یصلی
علی نفسہ کذلک فیستحب لنا ایضا اظھار الشکر بمولدہ واطعام الطعام ونحو
ذلک من وجوہ القربات والمسرات ۃ وقال فی شرح سنن ابن ماجۃ الصواب انہ
من البدع الحسنۃ المندوبۃ اذا خلا عن المنکرات شرعا انتھی ہاں شیخ تاج الدین
فاکہانی مالکی نے بطالیقت شیخ ابو عمرو بن العلا رحمہما اللہ تعالی کے عمل لطیف محفل شریف کو بدعت مذمومہ
قرار دیا اور اپنے رسالہ میں کہا فقد تکرر سوال جماعۃ من المبارکین عن الاجتماع
الذی یعملہ بعض الناس فی شھر ربیع الاول ویسمونہ المولد ھل لہ اصل
فی الشرع او ھو بدعۃ حدث فی الدین فقلت لا اعلم لھذا المولد اصلا فی
کتاب ولا سنۃ ولا ینقل عملہ عن احد من علماء ائمۃ الدین بل ھو بدعۃ
احدثھا البطالون بدلیل انا اوردنا علیھا الاحکام الخمسۃ ۃ قلنا اما ان
یکون واجبا او مندوبا او مباحا او مکروھا او محرما ولیس بواجب اجماعا
ولا مندوبا لان حقیقۃ المندوب ما طلبہ الشرع من غیر ذم علی ترکہ

ترجمہ کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عقیقہ کیا اپنا بعد نبوت کے باوجودیکہ تحقیق وارد ہو چکا ہے کہ آپکے دادا عبد المطلب نے عقیقہ کیا تھا
آپکا ساتویں دن پیدائش کے حالانکہ عقیقہ دوبارہ نہیں کیا جاتا ہے پس محمول ہوگا یہ اس بات پر کہ کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا واسطے
شکر ایجاد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے رحمت تمام عالم کے ہے اور واسطے مشرف کرنے امت اپنی کے ہے جیسا کہ تھے صلی اللہ علیہ وسلم
اپنے اوپر درود پڑھتے اسیواسطے پس مستحب ہے ہمکو بھی ظاہر کرنا شکر کا واسطے پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کھانا کھلانا اور
ایسی باتیں اچھے طریقوں اور خوشیوں سے اور کہا شرح سنن ابن ماجہ میں صواب یہ ہے کہ تحقیق وہی مولد شریف بدعتوں حسنہ مستحبہ سے ہے جبکہ خالی
ہو برائیوں شرعی سے انتہی ۱۲ اسکا ترجمہ پس تحقیق بار بار ہوا سوال ایک جماعت برکت والوں کا اُس اجتماع سے کہ کرتے ہیں اُسکو بعضے
لوگ مہینے ربیع الاول میں اور نام رکھتے ہیں اُسکا مولد کیا اُسکی کچھ اصل ہے شرع میں یا وہ بدعت ہے کہ حادث ہوئی ہے دین میں پس کہا میں نے
کہ نہیں جانتا ہوں میں واسطے اس مولد کے کوئی اصل کتاب میں اور نہ سنت میں اور نقل نہیں ہوا کرنا اُسکا کسی ایک علماء ائمہ دین سے بلکہ وہ بدعت
ہے کہ نکالا اسکو جھوٹوں نے بدلیل اس بات کے کہ تحقیق کہ ہم تولتے ہیں اُسپر احکام پانچ کو کہا ہمنے یا یہ کہ ہووے واجب یا مستحب یا مکروہ یا مباح یا حرام
اور نہیں واجب ہے اجماعا اور نہ مستحب ہے واسطے کہ تحقیق حقیقت مستحب کی وہ ہے کہ طلب کیا اُسکو شریع نے بغیر مذمت کے اُس کے ترک کے ۱۲

وهذا لم یاذن فیه الشرع ولا فعله الصحابة والتابعون المتدینون فیما علمت ولا یجائز ان یکون مباحا لان الابتداع فی الدین لیس مباحا باجماع المسلمین فلم یبق الا ان یکون مکروها او حراما انتهی مختصرا اور قدوۃ العلماء المحدثین المتسنین حافظ اجل شیخ جلال الحق والدین سیوطی نے اپنے فتاوے مین تعاقب انکا کیا اور انکے ہر ہر جملہ کا بالتفصیل والاطناب جواب باصواب دیا کہ سبل الہدی مین شرح و مصرح ہے مختصرا اس سے نقل کیا جاتا ہے قال اما قوله لا اعلم فیقال علیه نفی العلم لا یلزم منه نفی الوجود وقد استخرج له الامام الحافظ ابو الفضل بن حجر اصلا من السنة واستخرجت له انا اصلا ثانیا وقوله بل هو بدعة احدثها البطالون یقال علیه انما احدثه ملك عادل عالم الا قوله ولا مندوبا یقال علیه ان الطلب فی الندب تارة یکون بالنص وتارة بالقیاس وهذا وان لم یرد فیه نص ففیه القیاس علی الاصلین وقوله ولا جائز ان یکون مباحا کلام غیر مستقیم لان البدعة لم تنحصر فی الحرام والمکروه بل قد یکون ایضا مباحة ومندوبة وواجبة الخ فعرف بذلك منع قول الشیخ ولا جائز لان هذا القسم مما احدث ولیس فیه مخالفة لکتاب ولا سنة ولا اجماع فهی غیر مذمومة کما فی عبارة الشافعی وهو من الاحسان الذی لم یعهد فی العصر الاول

سلہ ترجمہ اور اسکا اذن نہیں دیا شرع نے اور نہ کیا اسکو صحابہ نے اور نہ تابعین دین داروں نے جیسا کہ مجکو علم ہے اور نہیں درست ہے کہ ہووے مباح اسواسطے کہ تحقیق جدید بات نکالنا دین مین مباح نہیں ساتھ اجماع مسلمین کے پس نہ باقی رہا مگر یہ کہ ہووے مکروہ یا حرام ۱۲ سلہ ترجمہ کہا جلال الدین سیوطی نے لیکن قول فاکہانی کا نہیں جانتا ہوں مین پس کہا جاویگا اسکے جواب مین نفی علم کو لازم نہیں نفی وجود کی حالانکہ تحقیق نکالی واسطے مولد شریف کے امام حافظ ابو الفضل ابن حجر نے ایک اصل سنت سے اور نکالی مین نے واسطے اسکے اصل دوسری اور قول اسکا بلکہ وہ بدعت ہے کہ نکالا اسکو جھوٹوں نے کہا جاویگا اسکے جواب مین کہ نہیں نکالا اسکو مگر بادشاہ عادل عالم نے تا آخر قول اسکا ولا مندوبا کہا جاویگا اسکے جواب مین تحقیق کہ طلب مستحب مین کبھی ہوتی ہے نص صریح اور کبھی قیاس سے اور یہ اگرچہ نہیں وارد ہوئی اسمین نص صریح پس اسمین قیاس ہے دو اصلوں پر اور قول اسکا اور نہیں درست ہے کہ ہووے مباح کلام نادرست ہے اسواسطے تحقیق کہ بدعت منحصر نہیں حرام اور مکروہ مین بلکہ کبھی ہوتی ہے مباح اور مستحب اور واجب تا آخر پس معلوم ہوا اس سے منع ہونا قول شیخ فاکہانی کا اور نا درست ہونا اسواسطے تحقیق کہ یہ قسم اس چیز سے ہے کہ نئی نکالی گئی ہے اور نہیں ہے اس مین مخالفت کتاب و سنت اور اجماع کی پس وہ غیر مذموم ہے جیسا کہ موجود ہے عبارت شافعی مین اور وہ بھلائی ہے کہ نئی نہیں جاری ہوئی عصر اول مین ۱۲

فان اطعام الطعام الخالی عن اعتراض الانام احسان فهو من البدع المندوبة کما فی عبارۃ ابن عبد السلام انتہی ملخصاً ۱؎ اور نصوص ان کتب و عبارات سے اور بخصوص قلوب اہل بصارت کے منقش ہوتا ہے کہ کرنا محفل لطیف مولد شریف کا تعین ماہ مفضل ربیع الاول کے کہ یہی ایجاد اول اس عمل کی ہے نزدیک ان حضرات علمائے عظام و صلحائے کرام و محدثین اعلام کے حکم استحسان و استحباب کا رکھتا ہے اور ان حضرات نے جیسا کہ اصل عمل لطیف کی حدیث شریف سے استنباط کی ہے ایسے ہی تعیین ماہ مکرم کی واسطے اس محفل محترم کے بھی وہین سے استخراج کی ہے بلکہ چونکہ تعیین اسکی متابعت ظاہرہ ساتھ فعل و امر حضرت خیر الانام علیہ وعلی آلہ التحیۃ والسلام کے اور مطابقت باہرہ عمل حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم الی یوم القیام سے بیچ روزہ روز عاشورا اور قصہ فرعون و حضرت موسیٰ علیہ السلام کے رکھتی ہے تقاوا حادیث نبی عربی علامہ حافظ ابن حجر مکی نے اسی کو سزاوار کہا اور توسیع امر یوم میں کہ مسلک اور علما کا ہے تردد کیا جہاں کہ یہ لکھا ہے ف علی هذا فینبغی ان یتحری الیوم بعینه حتی یطابق قصة موسی علیه السلام فی یوم عاشوراء ومن لم یلاحظ ذلك لا یبالی بعمل المولد فی ای یوم من الشهر بل توسع قوم فنقلوه الی یوم من السنة وفیه ما فیه انتہی ۲؎ علاوہ ازین تعیین ماہ مفضل کی واسطے اس عمل مبجل کے بعض علما نے ایک وجہ وجیہ اور بھی مذکور کی ہے کہ یہ شہر عظیم القدر ہے کہ جہان عالم اس مہینے میں سطوع انوار جمال باکمال رحمۃ للعالمین خاتم الانبیاء شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ اجمعین سے منور ہوا ہے پس تلاوت آیات و صلوات کی اور کثرت خیرات و صدقات کی اور مسرات و مبرات کی اور اشاعت مناقب جمیلہ حضرت سید الکائنات کی بالخصوص اس ماہ عالی جاہ میں سبب افزونی قربات و مثوبات کے ہے سبل الہدی میں مذکور ہے کہ امام ابو عبد اللہ بن الحاج نے کتاب مدخل میں فضیلت اس شہر مفضل میں یہ لکھا ہے ھذا الشهر العظیم الذی فضله الله تعالی وفضلنا فیه بهذا النبی الکریم الذی من الله تعالی علینا فیه لسید الاولین

۱؎ ترجمہ اسواسطے کہ تحقیق کھانا کھلانا کہ خالی ہو طمع تعریف خلق سے بھلائی ہے لیس وہ بہت مستحب ہے جیسا کہ مکتوب ہے عبارت ابن عبد السلام میں تمام ہوا خلاصہ تقریر سیوطی کا ۲؎ ترجمہ اسواسطے اسکے لیں چاہیے کہ ڈھونڈھا جاوے روز معین تاکہ مطابق ہووے قصہ موسیٰ علیہ السلام کے روز عاشورا میں اور جس نے نہیں لحاظ کیا اسکا بیچ اسکے نہ سا تحری کرنے مولد کے ہر دن میں مہینے سے بلکہ وسعت کی قوم نے یہاں تک کہ نقل کیا اسکو طرف ایک دن کے سال سے اور اسمیں جو تغیر ہے وہ ہے ۳؎ ترجمہ یہ مہینہ ایسا ہے کہ بزرگی دی اسکو اللہ تعالیٰ نے اور بزرگی دی ہمکو اس میں بسبب اس نبی کریم کے کہ احسان کیا اللہ تعالیٰ نے ہم پر ساتھ انکے بیچ اس کے آخر سردار اولین

والآخرين وكان يجب ان يزداد فيه من العبادة والخير شكرا للمولى على
ما اولانا به من هذه النعم العظيمة وان كان النبي صلى الله عليه وسلم
لم يزد فيه على غيره من الشهور شيئا من العبادات وما ذاك الا لرحمته
صلى الله عليه وسلم ورفقه بامته لانه عليه الصلوة والسلام كان
يترك العمل خشية ان يفرض على امته رحمة منه بهم لكن اشار عليه الصلوة
والسلام الى فضيلة هذا الشهر العظيم بقوله للسائل الذي سأله عن
صوم يوم الاثنين ذلك يوم ولدت فيه فتشريف هذا اليوم متضمن
لتشريف هذا الشهر الذي ولد فيه فينبغي ان نحترمه حق الاحترام ونفضله بما
فضل الله به الاشهر الفاضلة وهذا منها لقوله عليه الصلوة والسلام انا سيد
ولد آدم ولا فخر آدم فمن دونه تحت لوائي وفضل الازمنة والامكنة
بما خصه الله به من العبادات التي تفعل فيها لما قد علم ان الامكنة والازمنة
لا تشرف لذاتها وانما يحصل لها التشريف بما خصت به من المعاني فانظر
الى ما خص الله به هذا الشهر الشريف ويوم الاثنين الا ترى ان صوم هذا
اليوم فيه فضل عظيم لانه صلى الله عليه وسلم ولد فيه فعلى هذا ينبغي

سلہ ترجمہ: پچھلوں کی اور مستحب ہے کہ زیادہ کی جائے اس میں عبادت اور بھلائی واسطے شکر مولا کے بنا بر اس چیز کے کہ ظاہر کیا ہم کو ان نعمتوں بڑی
سے اگرچہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہ زیادہ کرتے اسمیں نسبت غیر اسکے کے مہینوں سے کوئی چیز عبادتوں سے اور یہ فقط واسطے رحمت اور
مہربانی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نسبت اپنی امت کے ہے اسواسطے کہ تحقیق کہ آنحضرت علیہ الصلوۃ والسلام تھے کہ ترک کرتے تھے عمل کو بخوف اس بات
کے کہ فرض ہو جاوے ایکی امت پر واسطے رحمت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے انکے حال پر لیکن اشارہ کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے طرف فضیلت اس
مہینے بزرگ کے ساتھ اپنے قول کے اسی سائل کو کہ سوال کیا روزہ روز دوشنبہ سے اسی دن میں پیدا ہوا ہوں پس بزرگی اس دن کی شامل
ہے بزرگی اس مہینے کو کہ پیدا ہوئے آنحضرت اسمیں پس سزاوار ہے کہ بڑائی کریں ہم اس مہینے کی نہایت بڑائی اور بزرگ جانیں ہم اس
مہینے کو بسبب اس چیز کے کہ بزرگی دی اللہ نے اس مہینے کو دوسرے مہینوں بزرگ پر اور یہ واسطے قول آنحضرت علیہ الصلوۃ کے ہے میں
سردار اولاد آدم کا ہوں اور اسمیں میرا فخر نہیں آدم اور ان کے سوا کے لوگ میرے جھنڈے کے نیچے ہیں اور بڑائی وقتوں اور مکانوں کی بسبب
خصوصیت دینے اللہ کے ہے انکو ایسی عبادتوں سے کہ انمیں کیجاتی ہیں اسواسطے کہ خوب معلوم ہو یہ بات کہ تحقیق مکان اور زمان بالذات مشرف
نہیں ہوتے بزرگی حاصل ہوتی ہے انکو فقط ساتھ خصوصیت دینے اللہ کے وجہ سے پس دیکھ تو اس چیز کی طرف کہ خصوصیت دی اللہ نے
جسکے ساتھ اس مہینے بزرگ اور دن دوشنبہ کو کیا نہیں دیکھتا ہے تو کہ اس دن کے روزہ میں بزرگی بڑی ہے اسواسطے کہ آنحضرت صلعم پیدا ہوئے ہیں پس بنا بر اسکے سزاوار ہے

اذا دخل هذا الشهر الكريم ان يكرم و يعظم و يحترم بالاحترام اللائق به اتباعًا له صلى الله عليه وسلم الا ترى الى قول ابن عباس رضى الله تعالى عنهما كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اجود الناس بالخير و كان اجود ما يكون فى رمضان فنمتثل تعظيم الاوقات الفاضلة بما امتثله على قدر استطاعتنا فان قال قائل قد التزم صلى الله عليه وسلم فى الاوقات الفاضلة ما التزمه فى غيره فالجواب ان ذلك لما علم من عادته الكريمة انه يريد التخفيف عن امته سيما فيما كان يخصه فعلى هذا التعظيم هذا الشهر العظيم الشريف انما يكون بزيادة الاعمال الزاكيات فيه و الصدقات و غير ذلك من القربات انتهى اکمال اہل تعیین ماہ فضیلت ربیع الاول کی بلکہ تخصیص روز ولادت باسعادت حضرت حبیب خدا سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے اس عمل لطیف کے مستنبط ہوتی ہی حدیث شریف سے اور بیچ اسکے متابعت ظاہرہ اور متابعت باہرہ ہی ساتھ عمل حضرت خیر الانام اور فعل حضرات صحابۂ کرام علیہ وعلیہم التحیۃ والسلام کے اور یہ نزدیک علمای عظام اور محدثین کرام کے حکم استحسان واستحباب کا رکھتا ہی اور اولی وافضل واعلی واکمل اس عمل مین اندر حصول ثواب کے ہوتی ہی پس تعیین اس ماہ عالیجاہ بلکہ اس روز معظم کی واسطے اس محفل محترم کے کرنا اور اسکو اولی در باب حصول ثواب کے جاننا مستحسنات سے ہی اور داخل تحت منطوق موثوق حدیث حضرت خیر الانام علیہ وآلہ التحیۃ والسلام ما راٰہ المسلمون حسنا فهو عند الله حسن کے ہی ہان ضروری جاننا تعیین کا دو صورتین رکھتا ہی ایک یہ کہ ساتھ اعتقاد عدم وجوب شرعی کے التزام اسکا

سطر ۱ ترجمہ یہ مہینہ بزرگ اکرام کیا جاوے اور بجا لایا جاوے احترام لائق اس مہینہ کے واسطے اتباع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کیا نہین دیکھتا ہی تو طرف قول حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما کے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سخی تر لوگون کے بھلائی کے ساتھ اور زیادہ تر سخاوت کرتے مہینہ رمضان مین پس اختیار کرین ہم تعظیم اوقات بزرگ کی اس چیز کے ساتھ کہ اختیار کیا اس چیز کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حسب استطاعت اپنی پس اگر کہے کوئی کہنے والا تحقیق اختیار کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوقات فاضلہ مین وہ چیز کہ نہین اختیار کیا اسکو غیر اسکے مین پس جواب یہ ہی کہ تحقیق یہ اسواسطے ہی کہ معلوم ہی عادت کریمہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ قصد رکھتے تھے تخفیف اپنی امت کا خصوصًا اس چیز مین کہ خود خصوصیت دی پس بنا براسکے بڑی تعظیم اس مہینے بزرگ کی فقط ساتھ زیادتی اعمال اچھے اور صدقات وغیرہ کے عبادتون سے ہوتی ہی ۱۲ سطر ۱۵ ترجمہ حدیث جس چیز کو دیکھین مسلمان نیک وہ نزدیک اللہ کے نیک ہی ۱۲

کرنا اور مواظبت اسپر رکھنا یا بنظر کثرت فضائل ماہ ویوم عالیجاہ اور برکات وحسنات ان کے کے یا
بلحاظ خروج کے دائرہ اختلاف فیہ سے درمیان علامہ حافظ ابن حجر مکی اور دیگر علماے اعلام کے اور
قصد دخول کے جانب متفق علیہ مین ان ایمہ کرام کے یا واسطے متابعت ظاہرہ عمل حضرت خیر الانام
وحضرات صحابہ کرام علیہ وعلیہم التحیۃ والسلام کے اور موافقت باہرہ علماے اعلام بیت اللہ الحرام و
مدینہ حضرت خیر الانام صلی اللہ علیہ وعلی آلہ الکرام وعظمہا غایۃ الاعظام کے اور مطابقت تمام جمہور
اہل اسلام مصریین وشام کے یا واسطے سہولت اس امر محترم کے بیچ اس ماہ ویوم مکرم کے
پس یہ حکم جواز وعدم کراہت کا رکھتا ہی اور ایسا ہی دربارۂ تعیین سورت کے اندر نماز کے بعض ان
وجوہ سے صاحب کتاب البرہان فی شرح مواہب الرحمن نے نقل کیا ہی جہان کہ یہ عبارت لایا ہی
الا ان الطحاوی قید الکراهة فیما اذا اعتقد ان الصلوٰة لا تجوز بغیرها و
اما اذا لم یعتقد ذلک ولازمها لسهولتها علیه او تبرکا بقراءة النبی
صلی اللہ علیہ وسلم ایاها فلا یکره بل یکون حسنا انتهی ملخصا اور شیخ ابو محمد
محمود بن احمد عینی نے کتاب النهایہ فی شرح الهدایہ مین ذکر کیا ہی قلت ولا خلاف بیننا و
بینهم فی الحقیقة لان ابا حنیفة انما کره الملازمة اذا لم یعتقد الجواز بغیره
والشافعی رح ایضا یکره مثل هذا اما اذا اعتقد الجواز بغیره ولا تعیین ل
سورة معینة لاحد الوجوه التی ذکرناها الان فلا یکره انتهی اور دوسرے
یہ کہ اسکو واجبات شرعیہ سے جاننا اور ترک کرنا روا اور سبب گناہ گردانا پس یہ اعتقاد فاسد منشا
مفاسد ہی احتراز کرنا اس سے ایسے کام مین ضروری ہی نزدیک علماے اعلام کے اور انھون نے واسطے
رفع مظنہ اس اعتقاد کے ترک ایسے کام کو بعضے اوقات مین ذکر کیا ہی جیسا کہ علامہ عینی نے دربارۂ
تعیین سورت کے کہا ہی [3] فلا کراهة فی ذلک لکن بشرط ان یقرء غیرها

---

[1] ترجمہ مگر یہ تحقیق کہ طحاوی نے مقید کیا کراہت کو اس چیز مین کہ اعتقاد رکھے اس بات کا کہ البتہ نماز نہین درست ہوتی بغیر اسکے اور لیکن جب
نہ اعتقاد رکھے اسکا اور اختیار کرے اسکو واسطے سہولت کے یا برکت پڑھنا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسکو پس مکروہ نہین ہی بلکہ بہتر ہی ۱۲
[2] ترجمہ کہا مین نہین خلاف بیچ درمیان ہمارے اور ان کے حقیقت مین واسطے تحقیق کہ ابو حنیفہ رحمۃ اللہ نے حکم کراہت ملازمت کا
کہ اعتقاد کرے اوسکی غیر کے جواز کا اور شافعی رحمۃ اللہ مکروہ کہا ہی ایسی بات کو لیکن جبکہ اعتقاد رکھے غیر کے جواز کا اور اختیار کرے سورت معینہ کو
کسی ایک وجہ کو کہ ذکر کیا ہم نے ابھی پس کراہت نہین ہی ۱۲ [3] پس کراہت نہین ہی لیکن بشرط کہ پڑھے سوا اوسکے غیر کو کبھی ۱۲

[1] ائلا یظن الجاہل الغبی انہ لا یجوز غیر ذلک انتہی اور تعیین روز وصال کی واسطے اعراس حضرات اولیاء و علماء باکمال کے اور تخصیص روز وفات کی واسطے فواتح جملہ مومنین و مومنات کے بھی سلف صالحین سے منقول نہیں ہے اور یہ بھی مستحسنات متاخرین ثقات سے ہے جیسا کہ ما ثبت من السنۃ فی ایام السنۃ میں مذکور ہے قال [2] لم یکن فی زمن السلف شیء من ذلک وانما ہو من مستحسنات المتاخرین انتہی اور تخریج اصل اسکے بھی علماء نے حدیث شریف سے کی ہے جیسا کہ ماہر علم کتاب الٰہی و حدیث نبوی شیخ عبد العزیز دہلوی نے بعضے اجوبہ میں لکھا ہے و در در منثور سیوطی مرقوم ست [3] واخرج ابن المنذر وابن مردویہ عن انس رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یاتی احدا کل عام فاذا تفوہ الشعب سلم علی قبور الشہداء فقال سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار واخرج ابن جریر عن محمد بن ابراہیم قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم [4] یاتی قبور الشہداء علی راس کل حول فیقول سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار وابوبکر وعثمان انتہی وفی التفسیر الکبیر عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ کان یاتی قبور الشہداء راس کل حول فیقول سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار والخلفاء الاربعۃ ہکذا یفعلون انتہی اور رفیع علمائے دین شیخ رفیع الدین دہلوی نے بعضے جوابات میں ذکر کیا ہے و در دورہ حکم اتحاد بالنظیر اجرا دہ میشود چنانچہ در حدیث است کہ یہود عرض کردند در حضور جناب نبوت کہ حق تعالی نجات حضرت موسی علیہ السلام و غرق فرعون درین روز کردہ است برای شکرانہ روزہ میگیریم جناب نبوت صلی اللہ علیہ وسلم فرمود [5] انا احق من اتبع بموسی صام یوم عاشوراء

---

[1] ترجمہ تاکہ گمان نکرے جاہل بیوقوف کہ بے سوا اسکے درست نہیں ہے ۱۲ [2] ترجمہ کہا کہ نہ تھا زمان سلف میں کچھ ان چیزوں سے وہ فقط مستحسنات متاخرین سے ہے ۱۲ [3] ترجمہ اور نکالا ابن منذر اور ابن مردویہ نے انس رضی اللہ عنہ سے بتحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے کہ تشریف لاتے احد کو ہر سال پس جبکہ پہنچتے گھاٹیوں پہ سلام علیک کرتے اوپر قبروں شہداء کے پس فرماتے سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار اور نکالا ابن جریر نے محمد بن ابراہیم سے کہ کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہ تشریف لاتے قبروں پر شہداء کی ابتدا میں ہر سال پس فرماتے سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار اور کرتے ایسا ہی ابوبکر اور عثمان رضی اللہ عنہما اور تفسیر کبیر میں روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بتحقیق کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تھے کہ تشریف لاتے قبروں شہداء پر تمامی ہر سال میں پس فرماتے سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار اور خلفاء اربعہ ایسا ہی کرتے تھے ۱۲ [5] ترجمہ میں لائق تر ہوں اس شخص سے کہ پیچھے آیا موسیٰ کے روزہ رکھا روز عاشورہ کو ۱۲

وامر الناس بصيامه[1] ونیز حضرت نبی صلے اللہ علیہ وسلم بلال را وصیت کردند بصوم روز
دوشنبہ و فرمودند فیہ[2] ولدت وفیہ انزل علی وفیہ هاجرت وفیہ اموت
بنا براین یاد کردن آن تاریخ در آن ماه رسم مردم افتاده لیکن چون مردمان ازین جهان بجهان
این رسم گزشته اند ایشان را انتظار رسیدن ولد یا کسی از اقارب خودمی باشد رفع انتظار آن
خانه است معتدبہ و بمعاملات مکاشفہ دریافت شده کہ درچنین روز اجتماع ارواح دوستان
در عالم برزخ هم میشود پس امداد بدعا و ختم و طعام بدعتی مباح است و وجہ قبح ندارد انتہی اور جو فعل
کہ مستحسنات متاخرین ثقات سے ہو اور اصل اُسکی حدیث شریف سے نکلتی ہو اُسکو مستحسن جاننا
اور اوپر اُسکے عمل کرنا مستحسنات سے ہے نہ مذمومات سے جیسا کہ مستفاد ہوتا ہے حدیث حضرت
سرور کائنات علیہ وعلی آلہ الف الف صلوات سے اور ایسا ہی حکم ہے اتباع افعال حضرات اولیاے
کرام شیوخ طریقت اسلام کا کہ محبوبان بارگاہ احدی و مقبولان درگاہ احدی ہیں اور دلیل
اس مضمون کی آیت وافی ہدایت الا[3] ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون ہے
پس اتباع ان حضرات کی بیچ اعمال رضیہ و اقوال بہیہ کے کہ مخالف نہوں کتاب کریم اور
سنت سنیہ کے پیش علماء علیہم الرضوان کے حکم ادب اور استحسان کا رکھتی ہے جیسا کہ عبارت
امام نووی کی ومندوبة[4] كاحداث الربط والكلام في دقائق التصوف
انتہت مختصرة اور یہ عبارت کتاب نور الانوار کی اخذنا[5] بقولهم بطريق الادب
انتہت ملخصة سے ظاہر ہے اس مدعا کی ہاں مستحسنات و مستحبات کو قبیل واجبات سے جاننا
اور ترک کو اُن کے موجبات معصیت سے گرداننا اعتقاد فاسد ہے اور علماے اعلام اور
فقہاے کرام نے فساد اعتقاد کو منشا کراہت فعل کا گردانا ہے جیسا کہ صاحب فتاوی عالمگیری
دربارۂ فساد اعتقاد کے بیچ تعیین سورت کے نماز میں لایا ہے قال[6] الطحاوی والاسبیجابی
هذا اذا راه حتما واجبا بحيث لا يجوز غيره او يرى قراءة غيرها مكروهة

---

[1] ترجمہ اور حکم کیا لوگوں کو اُسکے روزے کا ۱۲ [2] ترجمہ اس میں پیدا ہوا میں اور اسی میں نازل ہوئی مجھپر اور اس میں ہجرت کی میں نے اور اسی میں مروں گا ۱۲ [3] ترجمہ آگاہ ہو تحقیق اولیاء اللہ کو نہ ڈر ہے اور نہ انکو غم ہے ۱۲ [4] ترجمہ اور مستحب ہے شغل ایجاد کرنے مسافرخانوں کے اور گفتگو در دقائق تصوف میں ۱۲ [5] ترجمہ اختیار کیا ہے ہمنے اُنکے قول کو راہ ادب سے ۱۲
[6] ترجمہ کہا طحاوی اور اسبیجابی نے یہ اُسوقت ہے کہ جانے اسکو لازم و واجب اسطرح پر کہ نہ درست رکھے اُسکے غیر کو یا جانے اُسکے غیر کے پڑھنے کو مکروہ

واما اذا قرأ لاجل اليسر عليه او تبركا بقراءته فلا كراهة فی ذلك انتہی
اور صاحب غنية المستملی فی شرح منية المصلی نے بیچ ذیل دلائل کراہت صلوۃ الرغائب کے لکھا ہی
ومنها ان العامة يعتقدونها سنة من سنن النبی صلی الله عليه وسلم
فيكون فعلها سببا لكذبهم عليه صلی الله عليه وسلم قلت بل كثير من
العوام ببلاد اليوم يعتقدونها فرضا وكثير منهم يتركون الفرائض ولا
يتركونها وهو المصيبة العظمی انتہی والله اعلم بالصواب وعنده حسن الثواب حرره العبد
الفقير المعترف بالاثم والتقصير المنيب الی العلی الرب الحكيم ابو الاحيا محمد المدعو بالنعيم تجاوز الله عما جناه وبلغه
فی الدارين خير متمناه۔ جامع الفتاوے فقیر محمد عبد الباری عفا الله عنه کہتا ہی کہ استحباب
انعقاد مجالس میلاد شریف مع قیود مروجہ مباحہ ہمارے علما کا مجمع علیہ مسئلہ ہی اور جو بظاہر جناب مفتی
محمد یوسف رحمۃ الله علیہ و تصحیح و تفصیل مولانا مولوی عبد الحلیم رحمۃ الله علیہ سے بعض نافہم یہ سمجھتے ہین کہ
وہ متفق نہ تھی یہ غلطی ہی اصل یہ ہی کہ تعیین ماہ میلاد واسطے انعقاد کے فرض یا لازم سمجھنا محض شنیع ہی
نہ یہ کہ ان ایام کی افضلیت مختلف فیہ ہو جسطرح سنت نماز فجر مین تعیین سورۂ کافرون و سورۂ اخلاص کی
ہی کہ بہ نیت وجوب و فرضیت تعیین سور تہاے مذکورہ ثابت نہین نہ کہ افضلیت اسکی ثابت نہو لہذا
ان دونون حضرات نے جو کچھ لکھا ہے وہ لزوم تعیین کے بارہ مین ہی۔ ظاہر ہی کہ مجالس میلاد کا انعقاد
جو ایک فرد ہی افراد وعظ سے مثل صلوۃ عید الفطر یا عید الضحی کے نہین ہی کہ وہ بروز مخصوص ادا ہو سکتی ہین
ورنہ نہین بلکہ اسکا تعیین اسطور پر ثابت نہین ہی یہی مفتی صاحب نے تحریر فرمایا ہی بلکہ جب چاہے اس مجلس
خیر و برکت کو ترتیب دیسکتا ہی اسیوجہ سے مولانا عبد الحلیم صاحب نے اسکو اور تشریح سے بیان کیا اور دیگر علما نے اسکو مدلل
کر دیا آخر مین ہم دو فصلین جناب جدی و مرشدی مولانا شاہ عبد الرزاق قدس سرہ کے رسالہ کحل العینین بذکر
رسول الثقلین کی اس مجموعہ فتاوے مین شامل کرتے ہین تاکہ اس بحث پر مزید تائید اور مسئلہ واضح ہو جاوے
الله تعالی مسلمانونکو ایسے متبرک محافل و مجالس کے انعقاد کی توفیق دے اور انکو برکات سے محروم نکرے آمین ثم آمین

لہ یعنی جب اسکو پڑھے اپنی آسانی کے واسطے یا آنحضرت صلی الله علیہ وسلم کی قرات سے تبرک لینے کے واسطے پس نہین کراہت
ہی [illegible] ۱۲ سلہ [illegible] ہی تحقیق عوام لوگ اعتقاد کرتے ہین اسکو سنت پس ہوتا ہی کرنا اسکا سبب انکے دروغ بندی
[illegible] صلی الله علیہ وسلم [illegible] بلکہ بہت عوام [illegible] شہرون [illegible] اعتقاد کرتے ہین اسکو فرض اور بہت [illegible]
[illegible] اسکو [illegible] وہ بڑی مصیبت ہی ۱۲

فصل اول بیان عبادیت نفس کی شریعت نبوی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم مین جاننا چاہیے کہ نفس کو رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مامور بہ ہونا بوجوہ اربعہ آیات قرآنی سے ثابت ہے چنانچہ سورہ بقر مین بعد ذکر انعامات کے حق جل وعلا
ارشاد فرماتا ہے کما ارسلنا فیکم رسولا منکم یتلوا علیکم آیاتنا ویزکیکم ویعلمکم الکتاب و
الحکمة ویعلمکم ما لم تکونوا تعلمون فاذکرونی اذکرکم واشکروا لی ولا تکفرون جیسا کہ بھیجا
ہمنے رسول تم مین سے یعنی تمھاری جنس سے کہ پڑھتا ہے تم پر آیتین ہماری اور صاف کرتا ہے تمکو
یعنی کفر اور ضلال سے اور سکھاتا ہے تمکو کتاب اور حکمت اور سکھاتا ہے تمکو ایسی چیز کہ نہ تھے تم جان سکتے
یعنے عقل تمھاری کو رسائی اسکی نہ تھی پس ذکر کرو تم میرا ذکر کرون مین تمھارا اور شکر کرو میرا
اور نہ کفران کرو نعمت میری کا معالم مین مجاہد اور کلبی اور عطا سے روایت ہے کہ کاف تشبیہ کما
ارسلنا کا متعلق ہے فاذکرونی سے پس ہوگئے معنے کہ یاد کرو تم مجھکو جس طرح پر کہ بھیجا مین
نے رسول ایسی صفتون کا اور واشکروا لی اور پر فاذکرونی کے عطف بالواو کیا اور واو
عطف کا موضوع واسطے جمع کے ہے پس ہوگئے معنے کہ اور شکر کرو جیسا کہ بھیجا مین نے رسول اور
معنی شکر کے یہ ہین کہ ایسا کام کرے یا ایسا بیان کرے کہ آگاہی ہو نعمت دینے منعم کے ہو پس
ذکر خدا کا اور شکر مامور بہ ہوا کہ صیغہ امر کا مفید فرضیت اور وجوب کو ہے اور قرآن قطعی ہے پس
امر اسکا مفید فرضیت ہے پس ذکر اور شکر فرض ہوا اور متعلق کرنا ان دونون امر کا ساتھ کما
ارسلنا کے دلالت کرتا ہے اوپر ماموریت ذکر رسول کے اور بعض مفسرون نے کاف تشبیہ کو
متعلق ولاتم نعمتی کے کہ آیت سابق مین واقع ہے گردانا ہے یعنے قبلہ بیت المقدس سے منسوخ
کرکے طرف کعبہ کے قرار دیا تاکہ پوری کرین ہم تمپر نعمت اپنی جیسا کہ بھیجا ہمنے رسول پھر بواسطہ
فاے تعقیب کے امر ذکر کا فرمایا اور امر شکر کو اسپر معطوف کیا بواو عطف کہ مفید جمعیت کا ہے پس یہ
ترکیب دلالت کرتی ہے اوپر ذکر رسول کے اسی جگہ تفسیر رحمانی مین مذکور ہے منع کرنا کفران سے حکم شکر
کا ہے اور شکر ذکر ہے اور بیضاوی مین لکھا ہے واشکروا لی ما انعمت به علیکم یعنے شکر کرو میرا اس چیز
پر کہ نعمت دی مین نے اس کرکے تم پر اور عبد الحکیم نے اسکے حاشیہ مین لکھا ہے کہ ما انعمت به علیکم
بدل ہے ضمیر متکلم سے اسواسطے کہ شکر متعلق نعمت سے ہے تاہم یہ آیت شریفہ دلالت کرتی ہے اوپر
فرضیت ذکر نبوی کے اسواسطے کہ متصل لانا امر شکر کا بعد امر ذکر کے اشارہ طرف شکر لسانی کی

کہ عبارت بیان کرنے نعمت سے ہی اور تعقیب امر ذکر کی اور پر ذکر ارسال رسول کے مشیر ہی خصوص
بیان ذکر رسالت کو اور بیان اوصاف رسول کا اشارہ ہی طرف ذکر اوصاف رسول کے کلمہ
منکم مین لفظ من موضوع ہی واسطے ابتدا کے اشارہ ذکر ولادت کا ہی اور یتلوا علیکم آیاتنا اشارہ
معجزات کا ہی ویزکیکم اشارہ ہی اخلاق شریف اور تعلیم امور باطن کا ویعلمکم الکتاب والحکمۃ اشارہ
ہی تعلیم شرائع کا ویعلمکم ما لم تکونوا تعلمون تعلیم معرفت الٰہی کا اور احوال آخرت کا ہی پس اشارۃ
النص اس آیت کا مفید عبادیت ذکر شریف کا ہی اور اسیطرح دلالۃ النص بھی مفید عبادیت ذکر
شریف کو ہی اور عبارۃ النص اور اقتضاء النص مفید اسی کو اور یہ وجوہ بقواعد اصول قطعی ہین پس
ثابت ہوا کہ ذکر رسول مقبول ہر مومن پر فرض ہی اما چونکہ امر ذکر اور شکر مین تقیید صنف ذکر اور
وقت اور تعداد اور زبان مشرع نہین فرمائی پس کہنے محمد رسول اللہ سے ساتھ صدق دل کے
فرضیت ادا ہو جاتی ہی لیکن عبادیت ذکر اور احوال و اوصاف کے زائل نہین ہوتے کہ مامور بہ
مستقلہ مستلزم حسن لذاتہ کو ہی جیسا کہ کتب اصول مین مشرح ہی اور آنحضرت نے ذکر انہی اوصاف
کا کیا چنانچہ کتب حدیث سے ثابت ہوتا ہی بخاری مین باب ما جاء فی اسماء رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم مین جبیر بن مطعم سے روایت ہی کہ کہا انہون نے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم لی خمسۃ اسماء انا محمد وانا احمد وانا الماحی الذی یمحو اللہ بی الکفر
وانا الحاشر الذی یحشر الناس علی قدمی وانا العاقب فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
آلہ وسلم نے کہ میرے پانچ اسم ہین محمد ہون اور احمد اور مین ماحی ہون ایسا کہ مٹاتا ہی اللہ مجھسے کفر کو
اس وصف مین قید وجود کی لفرمانا اشارہ کرتا ہی کہ بجمیع وجوہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کفر
مٹنے کی امید ہی پس ذکر آنحضرت بھی موجب دفع کفر کا ذاکر اور سامع سے ہی اور مین حاشر ہون ایسا کہ
اٹھائے جاوینگے لوگ اوپر قدم میرے کے یعنی پہلے سب سے آپ ہی اٹھین گے اور مین عاقب ہون
یعنی ظہور نبوت آنحضرت سب انبیا کے بعد ہی پس آپ خاتم النبیین ہین اور مشکوٰۃ مین صحیح مسلم
سے نقل کیا ہی بروایت واثلہ بن اسقع کہ کہا واثلہ نے سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم یقول ان اللہ اصطفی کنانۃ من ولد اسمعیل واصطفی قریشا من کنانۃ
واصطفی من قریش بنی ہاشم واصطفانی من بنی ہاشم [illegible]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کہ تحقیق اللہ نے برگزیدہ کیا کنانہ کو اولاد اسمٰعیل سے
اور چن لیا قریش کو کنانہ سے اور چھانٹ لیا قریش سے بنی ہاشم کو اور برگزیدہ کیا مجھکو بنی ہاشم سے
اسی طرح بہت احادیث سے بیان کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اپنے اوصاف کو ثابت ہی و صحابہ
رضی اللہ عنہم ہمیشہ احوال صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بیان کیا کرتے تھے اور بیان کرنے احوال شریفہ پر
حریص تھے چنانچہ ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی عادت تھی کہ جسکو ملاقی ہوتے اُس سے ذکر احوال
رسول مقبول کا پیش کرتے جیسا کہ صحیح بخاری سے ثابت ہوتا ہے باب التعاون فی بناء المسجد مین
عکرمہ سے روایت کی قال قال لی ابن عباس ولابنہ علی انطلقا الی ابی سعید فاسمعا
من حدیثہ فانطلقنا فاذا ھو فی حائط یصلحہ فاخذ رداءہ فاحتبی ثم انشأ
یحدثنا حتی اتی الی ذکر بناء المسجد تا آخر کہا عکرمہ نے کہ کہا مجھکو ابن عباس نے اور اپنے بیٹے
علی کو کہ جاؤ دونون طرف ابی سعید کے پس سنو تم حدیث اُسکی پس ناگاہ وہ یعنی ابو سعید مصروف تھے
بیچ ایک دیوار بنانے کے اور درست کرتے تھے اُسکو پس لی چادر اپنی اور وہ بیٹھے پھر شروع کیا کہ حدیث
کہنے لگے ہمسے یہان تک کہ پہونچے اوپر ذکر بنای مسجد کے اس سے صاف معلوم ہوا کہ ابن عباس
عادت کثرت ذکر رسول اللہ کی ابی سعید سے جانتے تھے کہ واسطے سننے انکی باتون کے اُن دونون
کو حکم کیا اور ویسا ہی اتفاق ہوا کہ بمجرد انکے دیکھنے کے اپنا کام چھوڑکر بیان احوال آنحضرت کا
کرنے لگے گویا منتظر سامع رہتے تھے کہ تاثیر عشق ہی کہ ہر وقت متلاشی سامع کا واسطے بیان کرنے
ذکر معشوق کے رہتا ہی چنانچہ مولانا ے روم فرماتے ہین سے سینہ خواہم شرحہ شرحہ از فراق
تا بگویم شرح درد اشتیاق یہان تک کہ لقب بعضے صحابہ کا بسبب کثرت ذکر آنحضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کے وصاف النبی ہوگیا تھا چنانچہ ترمذی نے شمائل مین روایت کیا ہی امام حسن بن علی
رضی اللہ عنہما سے قال سألت خالی ھند بن ابی ھالۃ وکان وصافا عن حلیۃ النبی
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وانا اشتھی ان یصف لی منھا شیئا اتعلق بہ کہا امام
حسن رضی اللہ عنہ نے کہ پوچھا مین نے اپنے ماموں ہند بن ابی ہالہ سے اور تھے ہند رضی اللہ عنہ بڑے بیان کرنے
والے حلیۂ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور مین خواہش رکھتا تھا کہ بیان کرین ہند مجھسے کچھ احوال
حلیۂ شریف کا کہ اُن سے تعلق کرون یعنی حصہ اُٹھاؤن اور اُنکا ذکر کرون ساتھ اسکے یہان سے شوق سننے

اوصاف شریف کا اور بیان اُسکا افعال صحابہ سے ثابت ہوا اور آیت شریف سے بھی مفہوم ہوتا ہی کہ ذکر شریف نبوی حکم ذکر الٰہی کا رکھتا ہی اسواسطے کہ امر شکر مفید ماموریت ذکر شریف نبوی کو ہی اور امر فاذکرونی بہ ترکیب نحوی کہ مفعول بہ یائی متکلم واقع ہو مفید ماموریت ذکر الٰہی کو ہے اور عطف مفید اتحاد حکم کو ہی پس جو حکم ذکر الٰہی کا ہی بعینہ وہی حکم ذکر رسالت پناہی کا ہے اور فضائل مجالس ذکر الٰہی کے احادیث سے بہت ثابت ہین چنانچہ مشکوة مین ترمذی سے روایت ہی کہ کہا انس رضی اللہ عنہ نے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم اذا مررتم بریاض الجنة فارتعوا قالوا وما ریاض الجنة قال حلق الذکر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب گذرو تم طرف باغچون جنت کے پس چرو تم عرض کیا صحابہ نے اور کیا ہین باغچی جنت کے فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ مجلسین ذکر کی ہین اس جگہ سے معلوم ہوا کہ جمع ہو کر بیٹھنا اور ذکر کرنا موجب دخول جنت کا ہوتا ہی اور شریک ہونا اس محفل مین بھی باعث دخول جنت کا ہی اسلیے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حلقۂ ذکر کو باغچہ باعتبار مفاد کے فرمایا اور گذرنے والے کو اس طرف سے امر شریک ہونے کا بلفظ فارتعوا ارشاد کیا کہ رتع چرنے کو کہتے ہین اور وہ عبارت ہی مزہ اٹھانے اور فرحت لینے سے باغ مین اور بھی مشکوة مین مسلم سے روایت ہی کہ روایت کیا ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ نے خرج معاویة رضی اللہ عنہ علی حلقة فی المسجد فقال ما اجلسکم ههنا قالوا جلسنا نذکر اللہ قال آللہ ما اجلسکم الا ذلک قالوا آللہ ما اجلسنا غیره قال اما انی لم استحلفکم تهمة لکم وما کان احد بمنزلتی من رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم خرج علی حلقة من اصحابه فقال ما اجلسکم ههنا قالوا جلسنا نذکر اللہ ونحمده علی ما هدانا للاسلام ومنّ به علینا قال آللہ ما اجلسکم الا ذلک قالوا آللہ ما اجلسنا الا ذلک قال اما انی لم استحلفکم تهمة لکم ولکنه اتانی جبرئیل فاخبرنی ان اللہ عز وجل یباهی بکم الملئکة گذرے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اوپر ایک حلقہ یعنی مجلس کے کہ مسجد مین تھی پس کہا معاویہ رضی اللہ عنہ نے کس چیز نے بٹھلایا تمکو اس جگہ کہا اہل مجلس نے بیٹھے ہم کہ ذکر کرین اللہ کا کہا کیا قسم ہی اللہ کی کہ نہین بٹھلایا تمکو مگر اسی بات نے کہا

اہل مجلس نے قسم ہے اللہ کی نہیں بٹھلایا ہمکو سوا اسکے کسی چیز نے کہا معاویہ رضی اللہ عنہ نے آگاہ ہو
کہ تحقیق میں نے نہیں قسم لی تم سے بدگمان ہو کر تم سے اور نہیں ہے کوئی میرے مرتبہ پر بہت کم
حدیث کرنے والا میں اور یہ حدیث کم کرنا حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا بجہت احتیاط کے تھا غلطی سے
جیسا کہ زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ نے عذر کیا اور معلوم ہوا اس تقریر سے بہت ذکر کرنا حدیث آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دوسرے صحابہ سے اور تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گذرے اوپر ایک
حلقہ کے اصحاب اپنے سے میں فرمایا کس چیز نے بٹھلایا تمکو اس جگہ عرض کیا صحابہ نے بیٹھے ہم کہ ذکر
کریں ہم اللہ کا اور تعریف کریں ہم اسکی اس چیز پر کہ ہدایت کی ہمکو اسلام کی اور احسان رکھا
اس سے ہمپر کہا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا قسم ہے اللہ کی کہ نہیں بٹھلایا تمکو مگر اسی
چیز نے یعنی محض اسیواسطے بیٹھے ہو عرض کیا صحابہ نے کہ ہاں قسم ہے اللہ کی کہ نہیں بٹھلایا ہمکو مگر اسی
نے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آگاہ ہو نہیں قسم لی میں نے تم سے ازراہ تہمت کے
تمپر لیکن شان یہ ہے کہ آئے میرے پاس جبرئیل امین خبر دی مجھکو کہ تحقیق اللہ عز وجل فخر کرتا ہے ساتھ
تمہارے ملائکہ پر اور بھی مشکوۃ میں مسلم اور بخاری سے بروایت ابی ہریرہ کے روایت کیا ہے
کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان للہ ملائکۃ سیاحین فضلا یبتغون مجالس
الذکر فاذا وجدوا مجلسا فیہ ذکر قعدوا معهم وحف بعضهم بعضا باجنحتهم
حتی یملئوا ما بینهم وبین السماء الدنیا فاذا تفرقوا عرجوا وصعدوا الی
السماء قال فسألهم الله وهو اعلم بهم من این جئتم فیقولون جئنا من عند
عبادك فی الارض یسبحونك ویکبرونك ویهللونك ویمجدونك و
یسئلونك قال ماذا یسئلونی قالوا یسئلونك جنتك قال وهل رأوا جنتی
قالوا لا ای رب قال وکیف لو رأوا جنتی قالوا ویستجیرونك قال ومما
یستجیرونی قالوا من نارك قال هل رأوا ناری قالوا لا قال وکیف لو
رأوا ناری قال ویستغفرونك قال فیقول فقد غفرت لهم فاعطیتهم
ما سألوا واجرتهم مما استجاروا فیقولون رب فیهم فلان عبد خطاء انما
مر فجلس فیهم قال فیقول وله غفرت هم القوم لا یشقی بهم جلیسهم

تحقیق اللہ کے کچھ فرشتے ہین کہ پھرا کرتے ہین اور وہ بزرگ فرشتے ہین ڈھونڈتے ہین مجلسین ذکر
کی پس جب پاتے ہین کوئی مجلس کہ ذکر اللہ اور رسول کا ہوتا ہی بیٹھ جاتے ہین ساتھ اُنھین اہل مجلس
کے اور گھیر لیتے ہین بعضے بعضون کو اپنے بازوُن سے یعنی ذاکرون کے گرد اگرد فرشتے ہو بیٹھتے
ہین اور اُنپر سایہ کرتے ہین جیساکہ بخاری مین کلمہ فیحفونہم دلالت کرتا ہی پس گھیر لیتے ہین
بازوُن سے اہل مجلس کو یہانتک کہ بھر ہوتے ہین اُس وسعت مین کہ درمیان اُن ذاکرونکے اور
آسمان دنیا کے ہی پھر جب علیحدہ ہوتے ہین اور اُٹھ جاتے ہین اہل ذکر اوپچے ہوتے اور چڑھتے
ہین فرشتے طرف آسمان کے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پس پوچھتا ہی اُن سے اللہ
حالانکہ وہ دانا تر ہی اُنکے حال کو کہان سے آتے ہو پس کہتے ہین فرشتے آتے ہین ہم پاس سے
بندون تیرے کے جو زمین مین پاکی اور بڑائی اور وحدانیت اور بزرگی تیری بیان کرتے ہین ظاہر ہی
کہ بیان احوال رسول سے کیسی کچھ بڑائی اللہ کی بیان ہو جاتی ہی اور مانگتے ہین تجھی سے فرماتا ہی
پروردگار کیا مانگتے ہین مجھسے عرض کرتے ہین فرشتے کہ مانگتے ہین تجھسے جنت تیری فرماتا ہی اللہ
کیا دیکھا ہی اُنھون نے میری جنت کو کہتے ہین فرشتے نہین اے پروردگار فرماتا ہی اللہ اور کیسا
ہوتا اگر دیکھا ہوتا جنت کو اُنھون نے کہتے ہین اور امان اور پناہ مانگتے ہین فرماتا ہی پروردگار
کس چیز سے میری پناہ مانگتے ہین عرض کرتے ہین فرشتے آگ سے تیری یعنی دوزخ سے
فرماتا ہی پروردگار کیا دیکھی اُنھون نے آگ میری یعنے مباہاۃ فرشتون سے ارشاد ہوتا ہی
کہ دیکھو بندے میرے ایسے ہین کہ بغیر دید کے فقط استماع کلام رسولون سے ایسا شوق جنت
کا اور خوف دوزخ کا رکھتے ہین پس دیکھتے تو کیا کچھ مرتبے پر شائق اور خائف ہوتے اور
عرض کرتے ہین فرشتے اور مغفرت مانگتے ہین گناہون سے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے پس فرماتا ہی اللہ کہ تحقیق بخشدیا ہمنے اُنکو بھر دیا ہمنے اُنکو جو کچھ مانگتے ہین اور چھوڑ دیا
اُنکو اُس چیز سے کہ بچاؤ ڈھونڈھا اُنھون نے یعنی دوزخ سے کہتے ہین فرشتے اے پروردگار
اُن مین فلانا بندہ گنہگار ہی کہ فقط اُنکی طرف گذرا پس اُنکے پاس بیٹھ گیا ذاکر نہین ہی فرمایا رسول
مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پس فرماتا ہی پروردگار اور اُسکو بھی بخشدیا ہمنے وہ ذاکرین
ایسی گروہ ہین کہ نہین خراب اور برباد ہوتا ہی ببرکت اُنکے پاس بیٹھنے والا اُنکا اس سے معلوم ہوا

کہ مجلس ذکر خدا اور رسول کی باعث مغفرت ذاکر اور سامع کے ہوتی ہی اور عمل غیر عبادت ہرگز
موجب مغفرت نہین ہوسکتا ہی پس عبادت ہونا مجلس ذکر شریف کا ثابت ہوا اور تعیین مہینے
ربیع الاول کی از راہ شکر نعمت ولادت شریف کے اس مہینے مین مستحب ہی کیونکہ حضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے روز دوشنبہ کو روزہ رکھا ہی بجہت شکر ولادت اپنی کے اُس دن مین
جیسا کہ مشکوۃ کے باب صیام التطوع مین مسلم سے بسند ابی قتادہ کے روایت کی ہی سئل رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عن صوم الاثنین فقال فیہ ولدت وفیہ انزل علیّ پوچھا
لوگون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وجہ روزہ رکھنے دن دوشنبہ کے پس فرمایا کہ اسی
مین پیدا ہوا مین اور اسی مین نزول وحی کا ہوا مجھپر اس سے معلوم ہوا کہ تخصیص ایام ولادت کی
ساتھ انواع عبادت کے مستحسن ہی اور ذکر شریف میلاد شریف کا بھی انواع عبادات سے ہی کیونکہ
عبادیت نفس ذکر کی ثابت ہو چکی ہی لیکن چونکہ قرون ثلثہ سے خاص کر کے مہینے ربیع الاول مین
کرنا اس مجلس کا مروی نہین ہے کرنا محفل شریف کا بالخصوص مہینے معین ربیع الاول مین وقت
ایجاد کے بدعت حسنہ تھا کہ وہ بھی موجب ثواب کا ہی چنانچہ مشکوۃ کے کتاب العلم مین بسند مسلم
کے جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہی قال کنا فی صدر النہار عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم فجاء قوم عراۃ مجتابی النمار او العباء متقلدی السیوف عامتہم من مضر بل
کلہم من مضر فتمعر وجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لما رای بہم من الفاقۃ
فدخل ثم خرج فامر بلالا فاذن واقام فصلی ثم خطب فقال یا ایہا الناس
اتقوا ربکم الذی خلقکم من نفس واحدۃ الی اخر الایۃ ان اللہ کان علیکم رقیبا
والایۃ التی فی الحشر اتقوا اللہ ولتنظر نفس ما قدمت لغد تصدق رجل من دینارہ
من درہمہ من ثوبہ من صاع برہ من صاع تمرہ حتی قال ولو بشق تمرۃ
قال فجاء رجل من الانصار بصرۃ کادت کفہ تعجز عنہا بل قد عجزت
ثم تتابع الناس حتی رأیت کومین من طعام وثیاب حتی رأیت وجہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یتہلل کانہ مذہبۃ فقال من سن فی
الاسلام سنۃ حسنۃ فلہ اجرہا واجر من عمل بہا من بعدہ من غیر ان ینقص من

اجورھم شیٔ ومن سن فی الاسلام سنۃ سیئۃ کان علیہ وزرھا ووزر من عمل بھا
من بعدہ من غیر ان ینقص من اوزارھم شیٔ کہا جریر نے تھے ہم شروع دن مین نزدیک
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس آئی ایک قوم ننگی اوڑھے ہوے چیتھڑے شیر کے یا عبا کو
لٹکائے تلوارون کو اکثر اُنکے قوم مضر سے بلکہ سب قوم مضر سے تھے پس رنگین ہوا چہرۂ مبارک
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس جہت سے کہ دیکھا حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُنپر محتاجی کو
پھر اندر تشریف لے گئے پھر نکل آئے پھر فرمایا بلال کو کہنا اذان کا پس اذان کہی بلال رض نے اور
اقامت کہی پس نماز پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھر خطبہ پڑھا آنحضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے کہ عادت شریف تھی جب نصیحت عامہ مقصود ہوتی خطبہ پڑھتے پس فرمایا درون خطبہ
کے یا ایھا الناس اتقوا ربکم الذی خلقکم من نفس واحدۃ آخر آیت تک کہ ان اللہ
کان علیکم رقیبا ہی یعنے یہ آیت پوری پڑھی یا ایھا الناس اتقوا ربکم الذی خلقکم من
نفس واحدۃ وخلق منھا زوجھا وبث منھما رجالا کثیرا ونساء واتقوا اللہ
الذی تساءلون بہ والارحام ان اللہ کان علیکم رقیبا معنے اسکے یہ ہین کہ اے لوگو
ڈرو تم پروردگار اپنے سے جس نے پیدا کیا تمکو ایک نفس یعنی آدم سے اور پیدا کیا اُس سے جوڑا
اُسکا یعنی حوا کو اور نکالا اُس سے بہت مردون اور عورتون کو اور ڈرو اللہ سے کہ پرستش مین
پڑو گے اُسکی توحید کے اور ڈرو رحمون سے کہ صلۂ رحم کے مامور ہو تحقیق اللہ ہی تمپر نگہبان اور پڑھی وہ
آیت کہ سورۂ حشر مین ہی یا ایھا الذین آمنوا اتقوا اللہ ولتنظر نفس ما قدمت لغد
واتقوا اللہ ان اللہ خبیر بما تعملون اے ایمان والو ڈرو تم اللہ سے اور چاہیے کہ دیکھے اور
جانچے ہر نفس اُس چیز کو کہ پیش کیا کل کے روز قیامت کے واسطے اور ڈرو اللہ سے تحقیق اللہ
خوب خبردار ہی ساتھ اُس چیز کے کہ کرتے ہو صدقہ دیوے ہر مرد دینار اپنے سے درم اپنے سے
کپڑے اپنے سے صاع گیہون اپنے سے صاع خرمے اپنے سے یہان تک کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے اگرچہ ایک ٹکڑا خرمے کا ہو کہا جریر نے کہ آیا ایک مرد انصار مین سے لیے ہوے ایک
تھیلی کہ قریب تھا ہاتھ اُسکا کہ تھک جاوے اُس تھیلی کے بوجھ سے بلکہ تھک گیا پھر تو پیاپے لانے
لگے لوگ یہان تک کہ دیکھا مین نے دو تودے کھانے سے اور کپڑے سے تا آنکہ دیکھا مین نے چہرہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چمکنے لگا گویا کہ چہرۂ مبارک مین روغن ملا تھا پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جس نے نکالا درحالیکہ نکالنے والا بیچ اسلام کے ہی یعنی مسلمان ہی طریقہ اچھا تو اسکو ثواب اُس شخص کا ہی کہ عمل کیا اُس طریقہ پر بعد اُسکے بے اثبات کے کہ کم ہو وے عمل کرنے والون کے ثواب سے کچھ یعنی عمل کرنے والون کے عمل کا ثواب کم نہوگا اور عمل نکالنے والے کو بھی ثواب ہوتا رہیگا اُس اچھائی کا اور جس شخص نے کہ نکالا درحالیکہ وہ بیچ اسلام کے ہی طریقہ برا یعنی باوجود مسلمان ہونے کے اس بلا مین پھنستا ہی کہ ہوگا اُسپر بوجھ اُس طریقہ کا اور بوجھ اُس شخص کا جس نے عمل کیا اُس طریقہ پر بعد اُسکے بے اس بات کے کہ گھٹے وبال اُن کرنیوالون سے کوئی چیز اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اچھی چیز نئی نکالی ہوئی موجب اجر ہی اور محدثین کے نزدیک جو چیز کہ زمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین نہ تھی بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایجاد پائی وہ بدعت ہی اور جو چیز کہ افعال خلفاے راشدین سے ہی اگرچہ زمانہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مین نہ ہوئی ہو حکم مین سنت کے ہی بلکہ عین سنت ہی بموجب فرمانے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علیکم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین چنانچہ مشکوۃ کے کتاب العلم مین بسند امام احمد وابوداؤد وترمذی وابن ماجہ کے عرباض بن ساریہ سے روایت ہی

قال صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ذات یوم ثم اقبل علینا بوجھہ فوعظنا موعظة بلیغة ذرفت منہا العیون ووجلت منہا القلوب فقال رجل یا رسول اللہ کان ھذہ موعظة مودع فاوصنا فقال اوصیکم بتقوی اللہ والسمع والطاعة وان کان عبدا حبشیا فانہ من یعش منکم بعدی فسیری اختلافا کثیرا فعلیکم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین المہدیین تمسکوا بہا وعضوا علیہا بالنواجذ وایاکم ومحدثات الامور فان کل محدثة بدعة وکل بدعة ضلالة

کہا عرباض بن ساریہ نے نماز پڑھائی ساتھ ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک روز پھر رخ کیا ہماری طرف ساتھ منھ اپنے کے پس وعظ کیا ہمکو وعظ بہت کہ آنسو بہائے اس نصیحت سے آنکھون نے اور ڈرے اُس نصیحت سے دل پس کہا ایک مرد نے یا رسول اللہ گویا کہ نصیحت رخصت کرنیوالے کی ہی پس وصیت کیجیے ہمکو پھر فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

وصیت کرتا ہون تمکو ساتھ ڈرنے خدا کے اور سننے اور ماننے حکم حاکم دین کے اگرچہ ہووے غلام
حبشی یہ مبالغہ ہو درباب اطاعت حاکم اسلام کے یعنی اپنے غرور نسب مین مت پڑو اطاعت حاکم
اسلام بجالاؤ کیسا ہی حاکم حقیر ہو اسواسطے کہ شان یہ ہو کہ جو شخص کہ جیئے گا تم مین سے بعد میرے
پس قریب ہو کہ دیکھے گا اختلاف بہت پس لازم لو تم سنت میری اور سنت خلفا کی جو راہ راست
پر ہین ہدایت پائے ہوئے مضبوط پکڑو اُس سنت کو اور تھامو اُسی سنت کو دانتون سے یعنی خوب
مستعد رہو ادا کرنے سنت رسول اور سنت خلفا پر اور بچاؤ آپکو نئے نکالے ہوے کامون سے اسواسطے
کہ تحقیق نئی نکالی ہوئی بات بدعت ہو اور جو بدعت بری ہو گمراہی ہو اس حدیث شریف مین اول
حکم فرمایا تابعداری پادشاہ اسلام کا اور علت اُسکی حدوث اختلاف کثیر کو قرار دیا اور اُسپر تعقیب
فرمایا اتباع اپنی سنت اور سنت خلفا کا اس سے معلوم ہوا کہ جب اختلاف فیما بین کسی چیز
مین ہو تو قرار اُس سے ساتھ حق رسی کے اتباع حاکم اسلام مین ہو اور جب فعل یا قول حاکم خلاف
سنت ہو تو اُسپر عمل ممنوع اور پیروی سنت واجب ہو اور جب قول یا فعل حاکم مین مخالفت اور
خلاف سنت نہ پایا جاوے تو اتباع حاکم اسلام واجب ہو جیسا کہ مفہوم ہوتا ہو قول خالق اکبر سے اطیعوا
الله واطیعوا الرسول واولی الامر منکم تابعداری کرو اللہ کی اور تابعداری کرو رسول کی
اور صاحبون حکم کی جو تم مین سے ہین جملہ اولی الامر مقید بقید منکم کا عطف رسول پر دلالت کرتا ہے
اوپر وجوب اطاعت حاکم اسلام کے اور علماے باعمل جو ہواے نفس اور اشتیاق نام آوری اور طلب
تمول سے بری ہون اُنکی بھی اطاعت کے وجوب پر اور پیر صحیح السلسلہ کی اطاعت کے وجوب پر
مریدین کے حق مین دلالت کرتا اسواسطے کہ جابجا آیات قرآنیہ سے صاحب امر ہونا ان حضرات کا
بخوبی ثابت ہو پھر تفریع کرنا فان تنازعتم فی شئ فردوہ الی الله ورسولہ پھر اگر نزاع مین پڑو
بیچ کسی چیز کے پس پھیرو اُسکو طرف اللہ اور رسول کے دلیل صحیح ہو اس بات پر کہ جس قول و فعل
حاکم مین خلاف اللہ اور رسول کا نپایا جاوے بلکہ موافقت اصول اربعہ سے رکھے بلاشک اُسپر
کرنا استناد کا اور تعمیل اُسکی لازم ہو پس بیچ انکار مجلس مولود شریف کے سند کرنا طرف پادشاہ دنیا ہونی
شاہ اربل بمروج مولود شریف کے صریح مخالفت ہو ساتھ خدا اور رسول کے اسواسطے نظیر اُس
تعین کا بیان رسول سے ثابت ہو پھر بعد اُسکے فرمانا بلفاے تعقیب فعلیکم بسنتی وسنة الخلفاء

الراشدین دلیل اس بات پر ہی کہ سنت خلفا کی ہمارے حق مین عین سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کی ہی اسواسطے کہ عطف ہوا و مفید اتحاد حکم کو ہوتا اور لانا بعد اسکے وایاکم و محدثات
الامور کا اشارہ ہی طرف اس بات کے کہ نئی نکلی ہوئی بات عبارت ہی اس چیز سے کہ زمان رسول
اور خلفا سے باہر ہو پس معلوم ہوا کہ سنت خلفا کی محدثات سے الگ ہی پس وہ بھی سنت ہوئی
کیونکہ نائب حکم منیب مین ہوتا ہی اور بلاشبہہ خلفا نائب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہین اور
مراد خلفاے راشدین سے خلفاے اربعہ ہین اسواسطے کہ حصر فرمایا رسول صلعم نے خلافت کو تیس برس
مین چنانچہ ترمذی مین سفینہ سے روایت ہی کہ کہا سفینہ نے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم الخلافۃ بعدی ثلثون سنۃ ثم ملک بعد ذلک فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے خلافت بعد میرے تیس برس ہی پھر بادشاہت بعد اسکے یعنی تیس برس کے بعد جو حاکم اور
بادشاہ ہو حکم اسکا تولا جاوے شرع سے جو خلاف شرع نہو اتباع اسکی واجب ہی اور قول اور فعل خلفا
کو جانچنے کی کچھ حاجت نہین مطلقا اتباع اسکی واجب ہی پھر محدثین نے بنظر لفظ کل محدثۃ کی
تعریف بدعت کی یون کی کہ جو زمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین نہ پائی جاوے اور کل بدعۃ
ضلالۃ مین تنکیر کل بدعۃ کو تخصیص قرار دیکر بنظر من سن سنۃ کے بدعت کو تین قسم کیا حسنہ
اور مباحہ اور سیئہ اور حکم ضلالت کا اوپر سیئہ کے جاری کیا بدلیل روایت مشکوۃ کے لیکن کتب ثقتہ
کے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا انھون نے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم من احدث فی امرنا ہذا ما لیس منہ فہو رد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے جو شخص کہ نئی بات نکالے بیچ اس امر ہمارے کے اس چیز کو کہ نہین ہی امر سے پس وہ امر مردود ہ
بسبب مقید کرنے احدث کے بقید ما لیس منہ کہ دلالت کرتا ہی اوپر اجنبیت اور مخالفت کے اور حکم
رد کا اسپر مفید اس بات کو ہی کہ جو جدید امر موافق اور مناسب ہو قواعد دین سے اسپر حکم رد نہین ہی
اور ضلالت بلاشبہہ مردود ہی پس مراد اس جگہہ بدعت سے وہی بدعت ہی کہ ضد قواعد اصول ہو اور
جو بدعت موافق قواعد اصول کے ہو وہ موجب ثواب اور اجر کے ہی بدلیل حدیث من سن سنۃ کی
جیسا کہ شیخ عبد الحق دہلوی نے بیچ ترجمہ حدیث جابر کے لکھا ہی بدانکہ ہر چہ پیدا شدہ بعد از پیغمبر
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بدعت ست و ازان انچہ موافق اصول و قواعد سنت اوست قیاس کردہ شدہ

بران آنرا بدعت حسنه گویند و انچه مخالف آن باشد بدعت ضلالت خوانند و کلیه کل بدعة
ضلالة محمول برین ست و بعضے بدعتہاست که واجب ست چنانکه تعلیم و تعلم صرف و نحو که
بدان معرفت آیات و احادیث حاصل گردد و حفظ غرائب کتاب و سنت و دیگر چیزهای
که حفظ دین و ملت بران موقوف بود و بعضے مستحسن و مستحب مثل بنای رباطها و مدرسها و
بعضے مکروه مانند نقش و نگار کردن مساجد و مصاحف بقول بعضے و بعضے مباح مثل فراخی در
طعامهای لذیذ و لباسهای فاخر بشرطیکه حلال باشند و باعث طغیان و تکبر و مفاخرت نشوند
و مباحات دیگر که در زمان آنحضرت صلی الله علیه وآله وسلم نبودند چنانکه سیری و غربال مانند
آن و بعضے حرام چنانکه مذاهب اهل بدع و اهوا بر خلاف سنت و جماعت و انچه خلفاے راشدین
کرده باشند اگرچه بآن معنی که در زمان حضرت نبوده بدعت ست ولیکن از قسم بدعت حسنه
خواهد بود بلکه در حقیقت سنت ست زیراکه فرموده است برشما باد که لازم گیرید سنت مرا و سنت
خلفای راشدین راضی الله عنهم اجمعین اس تمام تقریر شیخ سے معلوم ہوا کہ بدعت عبارت ہے
اُس چیز سے کہ زمان رسول اللہ اور خلفا مین نہ پائی جاوے اُسکی تین قسم ہین ایک بدعت
حسنہ وہ عبارت ہی اُس چیز سے کہ بعد زمانہ رسول اللہ اور خلفا کے نکلی ہوا اور نظیر اُسکا اصول
اربعہ سے پایا جاوے کہ اُسپر اُسکا قیاس کیا جاوے دوسرے بدعت مباحہ کہ نہ نظیر اُسکا اصول
اربعہ سے ہاتھ لگے اور نہ کوئی قبح شرعی اُسمین ہو تیسرے بدعت سیئہ کہ نظیر اُسکا اصول اربعہ
مین نہو اور قبح شرعی اُسمین پایا جاوے پھر جاننا چاہیے کہ بدعت سیئہ کی تین قسمین ہین اس
واسطے کہ قبح شرعی خالی تین صورت سے نہین یا مخالفت اور مدافعت ارکان اصلیہ کے ہوگی مثلاً مسئلہ
توحید اور اعتقاد رسالت کا ہوئے یا عظمت رسول مین فتور پیدا کرے یا احوال آخرت مین یا
غیر نقلیات شرع کی احداث کرے تو وہ کفر ہی اگر بجہت تاویل کے اختیار کیا جاوے تو کرنیوالا
اُسکا کافر نہ کہلاویگا بلکہ مبتدع کہلاویگا اور اگر عناداً اختیار کرے تو کافر ہوجاوے گا یا مخالفت
رکھے ساتھ اعتقادات فروعی کے یا مستلزم استحلال حرام کا ہو یا ارتکاب اُسکا باعتقاد حلال
یا عدم کراہت ہو تو مرتکب اُسکا مبتدع اور دونون قسم پہلی کا مرتکب مثلاً مبتدع کے مورد
وعیدات حدیث کا ملعونیت اور عدم مقبولیت عبادات وغیرہ سے اور اگر فی نفسہ بالشبہ بدعت سیئہ ہوگا

بجبر و ہواے نفس کے باوجود اعتقاد کراہت کے وقوع مین آیا ہو خالی از عتاب نہین حکم
ضلالت کا اسی بدعت سیئہ پر ہی جیسا کہ مفہوم ہوتا ہی اس حدیث سے کہ مشکوۃ مین بسند ترمذی
اور ابن ماجہ کے بلال بن حارث مزنی سے روایت ہی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
آلہ وسلم من احیا سنۃ من سنتی قد امیتت بعدی فان لہ من الاجر مثل
اجور من عمل بہا من غیر ان ینقص من اجورہم شیئا ومن ابتدع بدعۃ ضلالۃ
لا یرضاہا اللہ ورسولہ کان علیہ من الاثم مثل آثام من عمل بہا لا ینقص ذلک من
اوزارہم شیئا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس نے زندہ کیا یعنی جاری کیا کسی
طریقہ کو طریقے میرے سے کہ مٹا دیا گیا ہو بعد میرے پس تحقیق ثابت ہی واسطے اسکے اجر مثل اجرون
ان لوگون کے کہ عمل کیا اس سنت پر بدون اس بات کے کہ کم کیا جاوے اجرون انکے سے
کوئی چیز یعنے عمل کرنے والا اپنا اجر پاوے گا اور جاری کرنے والے کو بھی ویسا ہی اجر ہوتا رہے گا
اور جس نے کہ نکالی بدعت برائی کی کہ نہین راضی ہی اس سے اللہ اور رسول اللہ کا ہو گا وبال سے
مثل وبالون ان لوگون کے کہ عمل کیا اسپر نہ کم کرے گا وہ اس شخص کے کل تابعون کا وبال یا نا
وبالون انکے سے کسی چیز کو اس حدیث کے ملانے سے ساتھ حدیث من سن سنۃ کے صریح ثابت
ہوتا ہی کہ موجب وبال وہی نئی بات ہی کہ قبح شرعی رکھے اسی واسطے مقید کرنا بدعت کا ساتھ اضافت
ضلالت کے دلالت کرتا ہی کہ نئی بات غیر ضلالت بھی ہوتی ہی اور اچھی نئی بات پر وعدہ اجر کا فرمایا
پس معلوم ہوا کہ کل بدعۃ ضلالۃ مین یہی بدعت غیر مرضیہ مراد ہی پھر جاننا چاہیے کہ اسی طرح
بدعت حسنہ بھی کئی قسم پر ہی اول وہ کہ بسبب اختلاف زمان کے موقوف علیہ ادائے فروض یا واجبات
کا ہو گیا ہو جیسے اس زمانے مین رکھنا توپ وغیرہ کا مجاہدین کے واسطے پس وہ موقوف علیہ حسب
احتیاج کے کبھی واجب اور کبھی مستحب ہو جاتا ہی دوسرے وہ کہ موقوف علیہ تو فروض کا نہین ہی
لیکن باعث تحصیل تادیہ فروض اور اصلاح کا ہوتا ہی جیسے مزاولت علوم درسیہ صرف و نحو و معانی
واصول و تواریخ وغیرہ کہ آلہ تحصیل علم تفسیر اور حدیث کے ہین اور اس سے ادائے فروض و واجبات
وغیرہ کا درست ہوتا ہی تیسرے وہ کہ باعث ترویج و تشویق امور خیرات کا ہو یا دلیل و حجت عقائد
عامہ کے جیسے بیان مواعظ وغیرہ کا یہ سب قسم موجب اجر و ثواب عامل کے ہین اور تعیین مجلس برائے ہمہ

رواج محبت دلی عوام کی اور خیرات اور حسنات کی ہر پس اقسام بدعت حسنہ سے ہی اسواسطے کہ ایجاد کیا اُسکو عالم محدث ورع متبحر شیخ عمر بن محمد نے بیچ شہر موصل کے اور اُسکی اتباع کی سلطان مظفر شاہ اربل نے اور کیا اُس مجلس کو اور دوسرے علما نے اور بہت علما نے تحسین اُسکی کی اور بعض علما نے جو منع کیا سبب اُسکا یہ ہی کہ اس مجلس مین بہت منہیات اور محرمات کو عوام الناس نے خلط کر دیا تھا جیسا کہ شیخ المحدثین علامہ ابو شامہ نے بیچ کتاب سبل الہدی والرشاد کے مفصلاً تقاریر علما کے درباب اثبات مجلس مولود شریف اور ابتدا اُس کی کے لکھا ہی چونکہ وہ کتاب عربی ہی نقل بتمامہ عبارت کی ساتھ ترجمہ اُردو کے موجب اختلاج اذہان عامہ کے ہوتی اسلیے عبارت مواضع متفرقہ کی بقدر حاجت مع ترجمہ لکھی جاتی ہی قال الحافظ ابو الخیر السخاوی فی فتاواہ عمل المولد الشریف لم ینقل عن احد من السلف الصالح فی القرون الثلثۃ الفاضلۃ انما حدث بعد ثم لا زال اہل الاسلام فی سائر الاقطار والمدن الکبار یحتفلون فی شہر مولدہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعمل الولائم البدیعۃ المشتملۃ علی الامور البہجۃ الرفیعۃ فی لیالیہ بانواع الصدقات ویظہرون السرور ویزیدون فی المبرات ویعتنون بقرأۃ مولدہ الکریم ویظہر علیہم من برکاتہ کل فضل عمیم انتہی کہا حافظ سخاوی نے فتووں اپنے مین کہ عمل مولد شریف کا منقول نہین کسی ایک اگلے اچھوں سے قرون ثلثہ سے کہ بزرگ قرنوں کے ہین یوں ہی ہی کہ ایجاد ہوا بالعد تبع تابعین کے پھر ہمیشہ اہل اسلام بیچ سب طرفوں اور شہروں بڑوں کے محفل کرتے رہے مہینے پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین ساتھ کرنے دعوتوں ولیمہ نادر کے شامل اوپر کاموں مبارک بلند مرتبہ کے بیچ راتوں اس مہینے کے ساتھ انواع صدقات کے اور ظاہر کرنے خوشی ولادت شریف کے اور زیادتی کرتی ہین خیرات مین اور مشغول ہوتے ہین ساتھ پڑھنے مولود شریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اور ظاہر ہوتا ہی اُن پر برکتوں آنحضرت سے ہر طرح کا فضل عام و قال الامام الحافظ ابو الخیر بن الجوزی شیخ القراء من خواصہ انہ امان فی ذلک العام وبشری عاجلۃ بنیل البغیۃ والمرام اور کہا امام حافظ ابو الخیر بن جوزی شیخ القرا نے کہ خواص اُسکے سے یہ ہی کہ تحقیق وہ مجلس امان ہی اُس سال مین اور بشارت جلدی کی ہی ساتھ حاصل ہونے خواہش و مطلب کے

قلت واول من احدث ذلک من الملوک صاحب اربل الملک المظفر ابو سعید
کوکبری بن زین الدین علی بن بکتگین احد الملوک الامجاد والکبراء الاجواد قال الحافظ
عماد الدین بن کثیر فی تاریخه کان یعمل المولد الشریف فی ربیع الاول ویحتفل له احتفالا
هائلا وشهما شجاعا بطلا عاقلا عادلا رحمه الله تعالی واکرم مثواه وقد صنف الشیخ
ابو الخطاب بن دحیة له کتابا فی المولد سماه التنویر فی مولد البشیر النذیر فاجازه
بالف دینار وقال سبط بن جوزی فی مرأة الزمان حکی بعض من حضر سماط المظفر فی بعض
الموالد انه عد ذلک السماط خمسة آلاف راس من الغنم شوی وعشرة آلاف دجاجة و
مائة فرس ومائة الف زبدیة من طعام وثلثین الف صحن حلوی قال وکان یحضر
عنده فی المولد اعیان العلماء والصوفیة فیخلع علیهم ویطلق لهم وکان یصرف علی المولد
فی کل سنة ثلثمائة الف دینار وکانت له دار ضیافة للوافدین من ای جهة علی ای صفة
فکان یصرف علی هذه الدار فی کل سنة مائة الف دینار وکان یتصدی من الفرنج
فی کل سنة ثلاثین الف دینار وکان یصرف علی الحرمین والمیاه بدرب الحجاز فی کل سنة
ثلاثین الف دینار هذا کله سوی صدقات السر وحکت زوجته ربیعة خاتون بنت ایوب
اخت الملک الناصر صلاح الدین قمیصه کان من کرباس غلیظ لا یساوی خمسة دراهم
قالت فعاتبته فی ذلک فقال البس ثوبا بخمسة دراهم واتصدق بالباقی خیر من ان البس
ثوبا مثمنا وادع الفقیر والمسکین وقد اثنی علیه الائمة منهم الحافظ ابو شامة شیخ
النووی فی کتابه الباعث علی انکار البدع والحوادث وقال مثل هذا الحسن یندب الیه ویشکر
فاعله ویثنی علیه قال بن الجوزی لو لم یکن فی ذلک الا ارغام الشیطان وارغام اهل الایمان

کہتا ہون مین یہ مقولہ مصنف سبل الہدی کا ہے پہلے جس نے ایجاد کیا اسکو بادشاہون مین سے صاحب
اربل کا ہے بادشاہ مظفر ابو سعید کوکبری بن زین الدین علی بن بکتگین ایک بادشاہون بزرگ
اور بڑے اسخیا سے کہا حافظ عماد الدین بن کثیر نے اپنی تاریخ مین کہ تھا کرتا تھا مولد شریف
ربیع اول مین محفل کرتا اسکی بڑی محفل درحالیکہ تھا بادشاہ روشن دل شجاع بڑی شجاعت والا
عقلمند عادل رحم کرے اسپر اللہ تعالی اور بزرگ کرے آرام گاہ اسکی اور تصنیف کی شیخ ابو الخطاب بن دحیہ

نے واسطے اُسکے ایک کتاب بیان مین مولد شریف کے نام رکھا اُس کتاب کا تنویر فی مولد البشیر النذیر اُسکے صلہ مین دیے اُسکو بادشاہ نے ہزار دینار اور کہا سبط بن جوزی نے بیچ مرآۃ زمان کے کہ حکایت کیا بعض حضار مجلس مذکور نے کہ تحقیق تیار کیے بادشاہ نے پانچ ہزار راس بکری کے کباب اور دس ہزار مرغ بھنوائے اور سو گھوڑے اور لاکھ تشتری زبدیہ کی اور تیس ہزار تشتری شیرینی کی اور حاضر ہوئے اُسکے پاس بیچ مجلس مولد شریف کے بڑے بڑے علما اور مشایخ پس خلعت دیا اُنکو اور احسانات کرتا اور خرچ کیا کرتا تھا بیچ مولد شریف کے ہر سال مین تین لاکھ دینار اور بنا رکھا تھا ایک گھر ضیافت کا واسطے ہر طرف سے آنیوالون کے اِس طرح پر اور لوگون مین صرف کیا کرتا اُس گھر پر ہر سال لاکھ دینار اور چھڑایا کرتا فرنگ سے ہر سال تیس ہزار دینار اور خرچ کیا کرتا حرمین پر اور پانی کی سبیلون پر راہون مین حجاز کے ہر سال تیس ہزار دینار یہ سب سوائے صدقہ پوشیدہ کے تھا حکایت کی زوجہ اُسکی ربیعہ خاتون بنت ایوب ہمشیرہ شاہ ناصر صلاح الدین نے کہ کرتہ اُسکا گاڑھے کپڑے کا تھا پانچ درم قیمت کو بھی کہ کم ایک روپیہ سے ہوتا ہے نہ پہونچتا کہا خاتون نے کہ ملامت کیا مین نے اُسکو اُس کپڑے پر پس کہا پہنتا ہون کپڑا پانچ درم کا اور للہ دیتا ہون باقی اور یہ بہتر ہے اُس سے کہ پہنون مین قیمتی کپڑا اور چھوڑ دون مین فقیر اور مسکین کو اور تحسین کی اِس باب مولد مین اُس بادشاہ کے پیشوایان دین اور ائمہ حدیث نے اُنہین سے ایک حافظ ابوشامہ اُستاد امام نووی کے ہین اپنی کتاب مین کہ موسوم ہے بباعث علی انکار البدع والحوادث اور کہا ایسی نئی بات بہتر ہے کہ تعریف کی جاتی ہے اُسکی اور جزا دیا جاتا ہے کرنیوالا اُسکا اور ثنا کیا جائیگا اُس بات پر کہا ابن جوزی نے اُسکا خاصیہ تھا کہ اگر نہ ہوتا اِس مین خوار کرنے شیطان سے اور خوش کرنے اہل ایمان سے (وقال العلامۃ

بن ظفربیل فی الدر المنتظم وقد عمل المحبون للنبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرحا بمولدہ الولائم فمن ذلک ما عمله بالقاهرة المعزية من الولائم الكبار الشيخ ابو الحسن المعروف بابن قفل قدس اللہ سرہ شیخ شیخنا ابی عبد اللہ محمد بن نعمان وعمل ذلک قبله جمال الدين العجمي الهمداني وممن عمل ذلك على قدره يوسف الحجار بمصر وقد رأى النبي صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وهو يحرض يوسف المذكور على عمل ذلك

قال سمعت ذلك من يوسف بن علی بن زریق الشامی الاصل المصری المولد الحجار عمر فی منزله بها حیث یعمل مولد رسول الله صلی الله تعالی علیه وآله وسلم یقول رأیت رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم فی المنام سنة عشرین سنة وکان لی اخ فی الله تعالی یقال له الشیخ ابوبکر الحجار فرأیت کاننی وابابکر هذا بین یدی النبی صلی الله علیه وآله وسلم جالسین فامسک ابوبکر لحیته ونفسه وفرقها نصفین وذکر للنبی صلی الله علیه وآله وسلم کلاما لم افهمه فقال النبی صلی الله علیه وآله وسلم مجیبا له لولا هذا لکانت هذه فی النار وقال لاضربتک وکان بیده قضیب فقلت لای شیء یا رسول الله فقال حتی لا تبطل المولد ولا السنن قال یوسف فعملته منذ عشرین سنة الی الآن قال وسمعت یوسف المذکور یقول سمعت اخی ابی بکر الحجار یقول سمعت الشیخ ابا یوسف موسی الذهونی یقول رأیت النبی صلی الله علیه وآله وسلم فی النوم فذکرت له ما یقوله الفقهاء فی عمل الولائم فی المولد فقال صلی الله علیه وآله وسلم من فرح بنا فرحنا به سمعت منصور النشار یقول رأیت النبی صلی الله علیه وآله وسلم فی المنام یقول لی قل له لا یبطلنه یعنی المولد ما علیک ممن اکل وممن لم یاکل قال وسمعت شیخنا ابی عبدالله بن ابی محمد النعمان یقول سمعت الشیخ ابو موسی الذهونی یقول رأیت النبی صلی الله علیه وآله وسلم فی النوم فذکرت له ما یقوله الفقهاء فی عمل الولائم فی المولد فقال النبی صلی الله علیه وآله وسلم من فرح بنا فرحنا به وقال الشیخ العلامة ناصر الدین المبارک الشهیر بابن الطباخ فی فتوی بخطه اذا انفق المنفق تلک اللیلة وجمع جمعا اطعمهم واسمعهم ما یجوز سماعه ودفع للسمع المشوق للآخرة ملبوسا کل ذلک سرورا بمولده صلی الله علیه وآله وسلم فجمیع ذلک جائز ویثاب فاعله اذا احسن القصد ولا یختص ذلک بالفقراء دون الاغنیاء الا ان یقصد مواساة الاحوج فالفقراء اکثر ثوابا نعم ان کان الاجتماع کما بلغنا عن فقراء هذا الزمان من اکل الحشیش واجتماع المردان وانما القوال ان کان ملحنة وانشاد المشوقات للشهوات الدنیویة وغیر ذلک من الخزی والعیاذ بالله فهذا المجمع اثام اور کما علامہ ابن ظفر نے

دنظم مین کہ تحقیق کرتے ہین محبین نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ازراہ خوشی ولادت کے دعوتین اُنہی
سے ہی جو کہ کیا شہر قاہرہ مین دعوتون بزرگ سے شیخ ابو الحسن بن قفل قدس اللہ سرہ نے
کہ اُستاد ابو عبد اللہ محمد بن نعمان ہمارے اُستاد کے تھے علم حدیث مین اور قبل اُنکے کیا جمال الدین
عجمی ہمدانی نے اور کیا اُسکو حسب وسعت اپنی کے یوسف حجار نے مصر مین اور خواب مین دیکھا
یوسف حجار نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہ تحریص کرتے ہین یوسف مذکور کو اُسکے کرنے
پر کہا ابن طغرل نے کہ سنا مین نے یوسف بن علی بن رزیق شامی الاصل مصری الولادت حجار
سے جس نے مقرر کیا اپنے گھر مین محفل مولد شریف کو جب کیا کرتا مولد شریف رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کا کہتا ہے وہی کہ دیکھا مین نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب مین
بلیس برس کا زمانہ ہوا اور ایک بھائی میرا تھا اللہ کی راہ مین کہ کہلاتا تھا ابو بکر حجار بس دیکھا
مین نے کہ مین اور وہ دونون رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے بیٹھے ہین بس
جھاڑا ابو بکر نے اپنی داڑھی کو اور بیچ سے چیر ڈالا اور عرض کیا خدمت شریف نبی صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم مین ایک ایسا کلام کہ مین نہین بوجھا پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس کے
جواب مین اگر نہ ہوتا یہ تو ہوتا یہ دوزخ مین اور فرمایا کہ مارونگا مین تجھکو درحالیکہ دست مبارک
مین چھڑی تھی بس عرض کیا مین نے کس واسطے یا رسول اللہ فرمایا تاکہ موقوف نکرے تو مولد کو اور
نہ سنتون کو کہا یوسف نے پس کرتا رہا مین اُسکو بیس برس سے ابتک کہا ابن طغرل نے اور
سنا مین نے یوسف مذکور سے کہ کہتے تھے سنا مین نے اپنے بھائی ابی بکر حجار سے کہ کہتے تھے سنا
مین نے شیخ ابو یوسف موسی زرہونی سے کہ کہتے تھے دیکھا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو
خواب مین پس ذکر کیا مین نے خدمت شریف مین جو کہ فقہا کہتے ہین حق مین دعوتون مولد شریف
کے پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے من فرح بنا فرحنا بہ جس نے خوشی کی
ہمارے پیدا ہونیکی خوش ہوے ہم اُس سے سنا مین نے منصور نشار سے کہ کہتے تھے دیکھا مین
نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب مین کہ فرماتے ہین مجھکو کہ کہدے اُسکو یعنے یوسف کو
کہ نہ موقوف کرے مولود کو کچھ غرض نہین تجھکو کہ کھاوے کوئی یا نہ کھاوے کہا ابن طغرل نے
اور سنا مین نے شیخ اپنے ابی عبد اللہ ابن ابی محمد نعمان سے کہ کہتے تھے سنا مین نے ابی موسی زرہونی

سے کہ کہتے تھے کہ دیکھا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب مین پس ذکر کیا مین نے جیسا کہ روایت ہی ابی بکر حجار سے اور کہا علامہ شیخ ناصر الدین مبارک بن طباخ نے اپنے ہاتھ کے لکھے ہوے فتوے مین جب خرچ کرے خرچ کرنے والا اس شب ولادت مین اور جمع کرے جماعت کو کھانا کھلاوے انکے تئین اور سناوے انکو ایسی چیز کہ سننا اسکا درست ہی احوال اور مدائح آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اور واقع ہو واسطے سننے والے کے شوق آخرت کا اسکے لگاؤ مین بجہت سرور بپیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس یہ سب جائز ہی ثواب پاوے گا کرنے والا اسکا جب کہ قصد اچھا ہوگا اور خاص نکرے اسکے ساتھ فقیرون کو سوا غنیون کے یعنی فقیر اور غنی سب کی دعوت کرے مگر یہ کہ قصد کرے رعایت اور سلوک ساتھ فقیرون کے اسلیے کہ فقرا کے دینے مین ثواب زیادہ ہی ہان اگر ہوا اجتماع جیسا کہ سنا جاتا ہی اس زمانے کے فقرا کا حال بھنگ خواری اور جمع کرنا امردون کا اور بٹھلانا قوالون کا اگر ہے راگ اور گانا شہوات دنیا کی جوش دلانے والی چیزونکا اور جو سوا اسکے برائیان ہون اللہ کی پناہ اس سے پس ایسا اجتماع البتہ گناہ ہی قال الشیخ الامام جمال الدین عبد الرحمن بن عبد الملک المعروف والمتخلص بالکستلانی رحمۃ اللہ علیہ مولد رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم معجل مکرم قدس یوم ولادتہ وشرف وعظم وکان وجودہ مبدء سبب النجاۃ من الغم وتقلیل حط جہنم ممن اعدلہا تفرحہ بولادۃ صلی اللہ علیہ والہ وسلم وتمت برکاتہ علی من اہتدی بہ فشابہ ہذا الیوم یوم الجمعۃ من حیث ان یوم الجمعۃ لا تسعر فیہ جہنم ہکذا ورد عنہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم فمن المناسب اظہار السرور وانفاق المیسور واجابۃ من دعاہ رب الولیمۃ للحضور کہا جمال الدین عبد الرحمن بن عبد الملک معروف ومتخلص بکستلانی رحمۃ اللہ علیہ نے مولد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مبارک اور بزرگ ہی مقدس ہی روز ولادت آنحضرت کا اور بزرگ عظیم الشان ہی وجود آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منشا سبب نجات بنی آدم کا اور کمی عذاب جہنم کا اس شخص سے کہ مقرر کیا اور مستعد ہوا بجہت خوشی ولادت شریف کے اور پوری پہونچتی ہین برکتین اسکو جس نے کہ راہ پائی اور اختیار کیا اسکو پس مشابہ ہوا یہ روز دن جمعہ کو اس جہت سے کہ روز

جمعہ کو جوش نہین مارتی ہے جہنم ایسا ہی مروی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پس مناسب ہے
ظاہر کرنا سرور کا اور خرچ کرنا حسب مقدور اور جسکی دعوت ہو مجلس مولد شریف مین بدل قبول
کرنا اور حاضر ہونا مناسب بلکہ لازم ہے وقال الامام العلامة ظهير الدين بن جعفر الترسيني
رحمه الله تعالى هذا الفعل لم يقع في الصدر الاول من السلف الصالح مع تعظيمهم
وحبهم له اعظاما ومحبة لاتبلغ جمعنا الواحد منهم ولا ذرة منه وهي بدعة حسنة
ان قصد فاعلها جمع الصالحين والصلوة على النبي صلى الله عليه وآله وسلم واطعام
الطعام للفقراء والمساكين وهذا القدر يثاب عليه بهذا الشرط في كل وقت واما
جمع الرعاع وعمل السماع والرقص وخلع الثياب على القوال بامرديته وحسن صورته
فلا يندب بل يقارب ان يذم ولا خير فيما لم يعمله السلف الصالح فقد قال عليه الصلوة
والسلام لا يصلح آخر هذه الامة الا ما اصلح اولها اور کہا امام علامہ ظہیر الدین جعفر ترسینی
رحمہ اللہ نے یہ کام نہین ہوا صدر اول مین سلف صالح سے باوجود تعظیم اور محبت انکی کو نہین پہنچتی
جماعت ہماری انکے ایک ذرہ کو وہ بدعت حسنہ ہے اگر قصد کرے کرنے والا اسکا جمع کرنا صالحین
کا اور درود پڑھنا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور کھانا کھلانا فقرا اور مساکین کا اس قدر مین ثواب
ہے اس شرط پر ہر وقت مین لیکن جمع کرنا لچون کا اور مجلس کرنا راگ اور ناچ کی اور خلعت دینا قوالونکا
امردی اور خوبصورتی کے واسطے پس اچھا نہین بلکہ قریب مذمت کے ہے اور اچھی نہین وہ
چیز کہ نکیا ہو اسکو اگلے نیک لوگون نے اسواسطے کہ فرمایا آنحضرت علیہ الصلوة والسلام نے اچھا
نہین کر سکتی پچھلے اس امت کی سوا اس چیز کے کہ اچھا کیا ہو اسکو اگلون نے وقال الشيخ
ناصر الدين الطيالسي هذا واتخذ السماع الخالي عن اجتماع المردان وانشاد ما نيّر
نار الشهوة من العشقيات والمشوقات للشهوات الدنيوية كالقد والخد والعين
والحاجب وانشاد ما يشوق الى الآخرة ويزهد في الدنيا فهذا الاجتماع حسن يثاب قاصد
ذلك وفاعله عليه الا ان سوال الناس ما في ايديهم بذلك فقط بدون ضرورة وحاجة
سوال مكروه واجتماع الصلحاء فقط ليأكلوا ذلك الطعام ويذكرون الله تعالى ويصلون
على رسوله صلى الله عليه وآله وسلم يضاعف القربات والمثوبات اور کہا شیخ ناصر الدین طیالسی نے

نے ایسا ہی ہے اور مقرر کرنا ایسے سماع کا کہ خالی ہووے جمع ہونے امردوں سے اور خالی ہووے
پڑھنے ایسی چیز سے کہ جوش ہووے آتش شہوت کو عشقیات شہوتوں دنیاوی سے اور پڑھنا
اُس چیز کا کہ شوق دلاوے آخرت کا اور نفرت پیدا کرے دنیا سے پس یہ اجتماع بہتر ہے ثواب پاتا ہے
قصد کرنے والا اسکا اور کرنے والا اسکا مگر یہ مانگنا لوگوں سے اُنکے ملک اسواسطے کہ بے ضرورت
اور حاجت کے سوال مکروہ ہے اور جمع ہونا اچھے لوگوں کا واسطے کھانا کھانے کے اور ذکر خدا
و رسول کے اور درود بھیجنے کے اوپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بڑھاتا ہے نیکیوں اور
اجروں کو وقال الامام الحافظ ابو محمد عبد الرحمن بن اسماعيل المعروف بابي شامة في
كتابه الباعث على انكار البدع والحوادث قال الربيع قال الشافعي رحمه الله تعالى المحدثات
من الامور ضربان احدهما ما احدث مما يخالف كتابا او سنة او اثرا او اجماعا فهذه البدعة
الضلالة والثاني ما احدث من الخير لا خلاف فيه لواحد من هذا فهي محدثة لم يكن و
اذا كانت فليس لها رد لما مضى قلت وانما كان كذلك لان النبي صلى الله عليه وآله وسلم
حث على قيام شهر رمضان وفعله هو صلى الله عليه وآله وسلم واقتدى به فيه بعض
الصحابة ليلة اخرى ثم ترك النبي صلى الله عليه وآله وسلم فعلها بالمسجد جماعة
لما فيه من احياء هذا الشعار الذي امر به الشارع وفعله والحث عليه والترغيب فيه
والله تعالى اعلم فالبدعة الحسنة متفق على جواز فعلها والاستحباب لها ورجاء
الثواب لمن حسنت نيته منها وهي كل مبتدع موافق بقواعد الشريعة غير مخالف لشيء
منها ولا يلزم من فعله محذور شرعي وذلك نحو بناء المنابر والربط والمدارس و
خانات السبيل وغير ذلك من انواع البر التي لم يعهد في الصدر الاول فانه موافق
لما جاءت به السنة من اصطناع المعروف والمعاونة على البر والصدقة والتقوى
ومن احسن ما ابتدع في زماننا هذا من هذا الفعل ما كان يفعل بمدينة اربل جبرها
الله تعالى كل عام في اليوم مولد النبي صلى الله عليه وآله وسلم من الصدقات
والمعروف واظهار الزينة والسرور فان ذلك مع ما فيه من الاحسان الى الفقراء
مشعر بمحبة النبي صلى الله عليه وآله وسلم وتعظيمه وجلالته في قلب فاعله وشكر الله تعالى على

ما من بہ من ایجاد رسولہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الذی ارسلہ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وعلی جمیع الانبیاء والمرسلین وکان اول من فعل ذلک بالموصل الشیخ عمر بن محمد الملا احد الصالحین المشہورین وبہ اقتدی فی ذلک صاحب اربل وغیرھم رحمہم اللہ تعالیٰ اور کہا امام حافظ ابو محمد عبد الرحمن بن اسمعیل عرف ابی شامہ رح نے کتاب باعث علی انکار البدع والحوادث مین کہا ربیع نے کہا شافعی رحمہ اللہ نے المحدثات من الامور ضربان الی آخرہ نئے نکالے امور دو قسم ہین ایک وہ چیز ہے کہ نکالے ایسی چیز سے کہ مخالفت کرے کتاب اللہ یا سنت رسول اللہ یا اثر صحابہ یا اجماع سے پس یہی بدعت ضلالت ہے اور دوسری ہے کہ نئی نکلی ہو نیکی سے کہ نہ مخالف ہو کسی ایک کو انہین سے پس محدثہ ہے کہ نہ تھی اور جب ہوئی تو اسمین رد نہین ہے اسواسطے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تحریص کی اوپر قیام مہینے رمضان کے یعنی تراویح کے اور کیا اسکو اور اقتدا کی بعضے صحابہ نے پھر ترک کیا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یعنی جماعت تراویح کو مسجد مین آکر پڑھنا اسواسطے کہ پڑھنا خاص تراویح کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بروایات احادیث ثابت ہے اور زمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین صحابہ کا پڑھنا بھی ثابت ہے چنانچہ منہج الرضوان مین تحقیق اسکی بیان کر چکا ہون کیا اسکو اصحاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد مین بجماعت یعنی اول وقت عشا کے بعد باوجودیکہ آنحضرت نے آخر وقت مین پڑھا تھا اسواسطے کہ اس اول وقت پڑھنے مین زندہ اور قائم کرنا ہے اس ایسے شعار کا کہ امر فرمایا اسکا شارع نے اور کیا اسکو اور تحریص اسکی ہے اور ترغیب اسکی اور اللہ دانا تر ہے کہ کوئی اور بھی حکمت ہو پس بدعات حسنہ ایسی چیزین ہین کہ اتفاق کیا گیا ہے اوپر جواز فعل اسکے کے اور مستحب ہونے اسکے کے اور امید ثواب کی واسطے اس شخص کے کہ نیت نیک رکھتا ہو اسکے کرنے مین اور وہی بدعت حسنہ وہ نئی چیز ہے کہ موافق ہو قواعد شرعیہ سے مخالفت نرکھے کسی ایک ان قواعد شرعیہ سے اور لازم نہ آوے کرنے اسکے سے کوئی قباحت شرعی اور مثال اسکی بنانا منبرون کا اور قلعون کا سرحدون ممالک اسلام پر اور مدرسون کا اور مسافر خانون کا اور سوا اسکے انواع نیکی سے کہ جاری نہ تھی صدر اول مین اسواسطے کہ یہ موافق اس چیز کے ہے کہ وارد ہوئی اسکے واسطے سنت ایجاد کرنے اچھائی سے اور معاونت اور نیکی کے اور مدد اور تقوی کے

اور اس نیکی سے کہ نئی نکلی ہمارے اس زمانے میں اس قبیل کی وہ چیز ہے کہ کیجاتی ہے شہر اربل میں کہ برگزیدہ کیا اسکو اللہ تعالی نے ہر سال روز موافق دن پیدایش آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میں خیرات کرنے اور معروف شرع سے یعنی ذکر شریف اور اظہار خوشی اور زینت کا اسواسطے کہ تحقیق یہ باوجود ہونے احسان کے ساتھ فقیرون کے اسمین آگاہی دینا ہے ہونے محبت نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اور تعظیم اور بزرگی آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی بیچ قلب کرنے والے کے اور شکر اللہ تعالی کا بنا بر احسان اللہ کے پیدا کرنے رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے کہ بھیجا انکو اللہ نے رحمت واسطے عالم کے اور اوپر سب انبیا اور رسولون سے اور پہلے کیا اس مجلس مولد شریف کو شہر موصل میں شیخ عمر بن محمد ملا نے کہ ایک صالحین مشہورین سے تھا اور اسی کی اقتدا کی اس امر میں شاہ اربل نے اور غیر اسکے نے رحم کرے ان سب پر اللہ و قال الشیخ الامام العالم العلامة صدر الدین موهوب بن عمر الجزری الشافعی هذه بدعة لا باس بہ ولا تکرہ البدع الا اذا راغمت السنة واما اذا لم تراغمها فلا تکرہ ویثاب الانسان بحسب قصدہ فی اظہار السرور والفرح بمولد النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم وقال فی موضع آخر هذا بدعة ولکنها بدعة لا باس بہا ولکن لا یجوز لہ ان یسئل الناس بل ان کان یعلم او یغلب علی ظنہ ان نفس السوال لطالب مما یعطیہ فالسوال لذلک مباح ارجو ان لا ینتهی الی الکراهة اور کہا پیشواے علماے محدثین عالم علامہ صدر الدین موہوب بن عمر جزری شافعی نے کہ یہ بدعت ایسی ہے کہ نہیں ہے اسمین باک اور قباحت اور نہیں برائی ہے بدعتوں میں مگر جبکہ مخالف ہوں سنت کے اور جو بدعت خلاف سنت کے نہو اسمین کچھ قباحت نہیں اور وہ مکروہ نہیں اور ثواب پاتا ہے انسان موافق قصد اپنے کے بیچ ظاہر کرنے سرور اور خوشی کے ساتھ پیدایش نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اور کہا اسی علامہ صدر الدین موہوب نے دوسرے موضع میں کہ یہ بدعت ہے لیکن ایسی بدعت ہے کہ نہیں ہے کچھ باک اسمین ولیکن نہیں درست ہے مولد شریف کرنے والے کو کہ بھیک مانگ کر مولد شریف کرے بلکہ اگر جانتا ہے یا ظن غالب ہے اس بات کا کہ فقط مانگنا اچھا معلوم ہوگا دینے والے کو بہ لحاظ عظمت مولد شریف کے پس سوال مباح ہے امید رکھتا ہوں اس بات کی کہ نہ پہونچے سوال حد کراہت کو و قال الحافظ اصل عمل المولد بدعة لم ینقل عن احد من السلف الصالح من القرون الثلاثة ولکنها

مع ذلک قد اشتملت علی محاسن وضدها فمن تحری فی عملہ المحاسن وتجنب ضدها
کان بدعۃ حسنۃ ومن لا فلا قال وقد ظهر لی تخریجها علی اصل ثابت وهو ما ثبت
فی الصحیحین من ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قدم المدینۃ فوجد الیهود
یصومون یوم عاشوراء فسألهم فقالوا هذا یوم اغرق اللہ فیہ فرعون ونجا موسی
فنحن نصومہ شکرًا للہ تعالی فقال انا احق بموسی منکم فصامہ وامر بصیامہ فیستفاد
منہ فعل ذلک شکرًا للہ تعالی علی ما من بہ فی یوم معین من اسداء نعمۃ ودفع
نقمۃ ویعاد ذلک فی نظیر ذلک الیوم فی سنۃ والشکر للہ تعالی یحصل بانواع
العبادات السجود والصیام والصدقۃ والتلاوۃ وای نعمۃ اعظم من النعمۃ ببروز
هذا النبی الکریم نبی الرحمۃ فی ذلک الیوم وعلی هذا فینبغی ان تحری الیوم بعینہ
حتی یطابق قصۃ موسی صلی اللہ علیہ وسلم فی یوم عاشوراء ومن لم یلاحظ ذلک
لا یبالی بعمل المولد فی ای یوم من الشهر بل توسع فی یوم فنقلوہ الی یوم من السنۃ
وفیہ ما فیہ فهذا ما یتعلق باصل عمل المولد واما ما یعمل فیہ فینبغی ان یقتصر علیہ لیفید الشکر
للہ تعالی من نحو ما تقدم ذکرہ من التلاوۃ والاطعام والصدقۃ وانشاد شیء من
المدائح النبویۃ والزهدیۃ المحرکۃ للقلوب الی فعل الخیرات والعمل للآخرۃ اما ما یتبع
ذلک من السماع واللهو وغیر ذلک فینبغی ان یقال ما کان من ذلک مباحا بحیث
یتعلق السرور بذلک الیوم لا باس بالحاقہ بہ ومهما کان حرامًا او مکروهًا فیمنع وکذا ما کان خلاف الاولی انتهی
اور کہا حافظ یعنی ابو الفضل بن علی بن حجر نے اصل مولد شریف کی بدعت ہے کہ منقول نہیں ہوئی کسی ایک
سلف صالح قرون ثلثہ سے ولیکن وہ باوجود بدعت ہونے کے شامل ہے نیکیوں اور غیر نیکیوں پر
جو شخص اختیار کرے اسکے کرنے میں اچھائیوں کو اور بچے ضد اسکی سے تو ہے بدعت حسنہ اور جو
نکرے ایسا تو نہیں اور کہا کہ تحقیق ظاہر ہوا مجھکو نکالنا اسی مولد شریف کا بنا بر اصل ثابت کی حدیث
سے وہی وہ چیز ہے کہ ثابت ہوئی صحیحین میں ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قدم
المدینۃ فوجد الیهود یصومون یوم عاشوراء فسألهم فقالوا هذا یوم اغرق اللہ فیہ
فرعون ونجا موسی فنحن نصومہ شکرا للہ تعالی فقال انا احق بموسی منکم فصامہ

وامر بصیامہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے مدینہ مین پھر پایا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہود کو کہ روزہ رکھتے تھے روز عاشورا کو پس پوچھا اُن سے کہ اس روز
روزہ کیون رکھتے ہو پس کہا یہود نے کہ یہ ایسا روز ہے کہ غرق کیا اللہ نے اسمین فرعون کو اور بچایا
موسی علیہ السلام کو پس ہم روزہ رکھتے ہین اس روز مین واسطے شکر اللہ تعالی کے بنا بر احسان
کرنے اللہ کے روز معین مین پہونچانے نعمت اور دفع کرنے رنج سے اور یہ لوٹ آتا ہین ویسے
روز مین ہر سال اور شکر اللہ تعالی کا حاصل ہوتا ہے انواع عبادات سے سجدہ ہو یا روزہ یا کھانا کھلانا یا
تلاوت قرآن اور کونسی نعمت بڑی ہے نعمت ظہور نبی کریم نبی الرحمۃ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
اس روز بارھوین ربیع الاول مین پس بنا براسکے سزاوار ہے کہ تلاش کیا جاوے روز مطابق تاکہ
مطابقت کرے قصہ موسی علیہ السلام کو روز عاشورہ اور جو کہ لحاظ نہین کرتا اس خصوص یوم کو باک
نہین رکھتا کرنے مولد شریف کو جس دن مین مہینے معلوم سے کہ چاہیے بلکہ وسعت دی کہ کسی دن مین
مہینے ربیع الاول سے کرلے بلکہ نقل کیا اسکو لوگون نے کسی ایک دن مین سال بھر کے وفیہ ما فیہ یہ
اشارہ اس طرف ہے کہ گو مولد شریف کرنا جب چاہیے ایام سال مین درست ہے لیکن تاریخ معین
مہینے ربیع الاول کی فضیلت حاصل نہین لیس یہ وہ چیز ہے کہ متعلق اصل مولد شریف سے ہے اور لیکن وہ جو
کی جاتی ہے اسی میلاد شریف مین پس سزاوار ہے یہ کہ اقتصار کیا جاوے اسپر کہ مفید ہو شکر خدا کو جیسے
پڑھنا کچھ آیتین قرآن کی اور کھانا کھلانا اور خیرات کرنا اور پڑھنا مدائح نبویہ اور احوال آنحضرت کا اور
بیان کرنا ایسے امور کا کہ محرک ہون قلوب کو طرف کرنے خیرات اور کامون آخرت کے اور ملایا جاتا ہے
اس سے از قسم سماع اور لہو اور سوا اسکے پس سزاوار ہے کہ کہا جاوے کہ جو اسمین سے مباح ایسا کہ
اعانت کرے سرور کو اس دن مین اسکو ملانے مین ساتھ مولد شریف کے کچھ مضائقہ نہین ہے اور
جو کہ حرام یا مکروہ یا خلاف اولی ہو منع کیا جاویگا وقال الشیخ القراء الحافظ ابو الخیر ابن الجزری
قد رئی ابو لہب بعد موتہ فی النوم فقیل لہ ما حالک فقال فی النار الا انہ یخفف عنی
کل لیلۃ اثنین وامص من بین اصبعی ماء بقدر ہذا واشار برأس اصبعہ
وان ذلک باعتاقی لثویبۃ عندما بشرتنی بولادۃ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
فما حال المسلم الموحد من امۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یسر بمولدہ

ما يصل اليه قدرته في محبته لعمري انما يكون جزاءه من الله الكريم ان يدخله بفضله
جنات النعيم وذكر نحوه الحافظ شمس الدين محمد بن ناصر الدين الدمشقي
اور کہا شیخ القرا حافظ ابوالخیر بن جزری نے کہ بعض صحابہ نے ابولہب کو بعد مرنے کے خواب میں دیکھا
پوچھا تیرا کیا حال ہے جواب دیا اُس نے کہ آگ میں پڑا ہوں مگر یہ کہ ہر شب دوشنبہ کو تخفیف عذاب
پاتا ہوں ان دونوں اُنگلیوں کے مابین سے کچھ نکلتا ہے کہ اُسکو چوس کر تسکین لیتا ہوں اور یہ بات
بجہت اسکے ہے کہ آزاد کیا میں نے ثویبہ کو جسوقت بشارت دی اُس نے مجھکو پیدائش محمد صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کی جب ایسا کافر بسبب خوشی ولادت شریف کے ہر شب دوشنبہ کو تخفیف عذاب اور
سیرابی پیاس سے پاوے تو سمجھنا چاہیے کہ کیا کچھ احوال اللہ مسلم موحد کا امت محمدی سے ہوگا جو خوشی
کرے گا ولادت شریف کی اور خرچ کرے گا حسب مقدور اپنی کے بسبب محبت آنحضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کے قسم ہے عمر میرے کی کہ ضرور جزا اُسکی یہ ہے کہ داخل کرے گا اُسکو اللہ کریم بفضل
اپنے کے جنات نعیم میں اور ایسا ہی ذکر کیا حافظ شمس الدین محمد بن ناصر الدین دمشقی نے وقال
شيخنا رحمه الله تعالى في فتاوىٰه عندي ان اصل عمل المولد الذي هو اجتماع الناس
وقراءة ما تيسر من القران ورواية الاخبار الواردة في مبدء امر النبي صلى الله عليه
واله وسلم وما وقع في مولده من الايات ثم يمد لهم سماط يأكلونه و
ينصرفون من غير زيادة على ذلك من البدع الحسنة التي يثاب عليها صاحبها
لما فيه من تعظيم قدر النبي صلى الله عليه واله وسلم واظهار الفرح والاستبشار بمولده
الشريف قال وقد ظهر لي تخريجه على اصل اخر غير الذي ذكره الحافظ وهو ما رواه
البيهقي عن انس ان النبي صلى الله عليه واله وسلم عق عن نفسه بعد النبوة مع انه
ورد جده عبد المطلب عق عنه في سابع ولادته والعقيقة لا تعاد مرة ثانية فيحمل
ذلك على ان هذا فعله صلى الله عليه واله وسلم اظهارا للشكر على ايجاد الله
تعالى اياه رحمة للعالمين وتشريف الامة صلى الله عليه واله وسلم كما كان
يصلي على نفسه كذلك فيستحب لنا ايضا اظهار الشكر بمولده بالاجتماع
واطعام الطعام ونحو ذلك من وجوه القربات والمسرات وقال في شرح سنن

ابن ماجة الصواب انه من البدع الحسنة المندوبة اذا خلا عن المنكرات شرعاً انتهى
اور کہا شیخ ہمارے رحمہ اللہ یعنی جلال الدین سیوطی نے اپنے فتاوے میں کہ میرے پاس ہی تحقیق
اصل مولد شریف یہ جمع ہونا لوگوں کا اور پڑھنا جس قدر ہو قرآن سے اور روایت اخبار وارد ہ ابتدا
امر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یعنی بیان ولادت شریف کی اور واقعات آیات خارقہ عادات کا وقت
ولادت شریف کے پس پھیلایا جاوے دسترخوان کہ کھانا کھاویں لوگ اور چلے جاویں بے زیادتی
دوسرے امروں کے بدعت حسنہ ہی ایسی کہ ثواب پاوے گا اسپر کرنیوالا اسکا اسواسطے کہ اسمیں
ہی تعظیم قدر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اظہار خوشی اور بشارت کا بسبب پیدائش شریف آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کہا در حالیکہ تحقیق ظاہر ہوا مجھکو نکالنا اسکو اصل دوسری سے سوا اُس اصل کے
کہ ذکر کیا اسکو حافظ نے یعنی ابن حجر نے احوال صوم عاشورا سے وہی اصل روایت ہی بیہقی کی انس رضی اللہ عنہ
سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عقیقہ کیا اپنا بعد حصول نبوت کے باوجودیکہ وارد ہوا ہی کہ تحقیق
دادا آپکے عبدالمطلب عقیقہ کر چکے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ساتویں دن ولادت شریف
کے اور اعادہ عقیقہ کا بعد کسی کے کر چکنے کے وارد نہیں پایا گیا پس محمول کیا جاوے گا یہ دوبارہ
عقیقہ کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اس بات پر کہ کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
واسطے اظہار شکر کے بنابر پیدا ہونے اپنے کے رحمۃ للعالمین اور مشرف کرنے امت کے جیسا کہ
تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ درود پڑھتے اپنے اوپر اسی راہ سے پس مستحب ہی ہمکو بھی
اظہار شکر کا بنابر ولادت شریف کے ساتھ جمع ہونے لوگوں کے اور کھانا کھلانے کے اور مثل
اسکے انواع قراتوں اور خوشیوں سے اور کہا شرح سنن ابن ماجہ میں کہ صواب اور صحیح یہ ہی کہ مجلس مولد
شریف بدعت حسنہ مستحب ہی بشرطیکہ خالی ہو منکرات شرعی سے خلاصہ ان سب تقاریر کا یہ ہی کہ ایجاد
تعیین مجلس مولود شریف کی بدعت حسنہ ہی کہ نظیر اسکا تین حدیث سے ثابت ہوتا ہی اول روزہ رکھنا
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا روز دوشنبہ کو اور بیان فرمانا علت صوم کی روز ولادت ہونا
اس دن کا دوسرے صوم عاشورا کا اختیار کرنا بعد بیان یہود کے وجہ شکر نجات موسیٰ
علیہ السلام کے اور فرمانا انا احق بموسیٰ کا تیسرے عقیقہ اپنا کرنا باوجود ہو چکنے عقیقہ جانب
عبدالمطلب کے اور جو روایت مسلم میں ابی ہریرہ سے آئی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لا تختصوا ليلة الجمعة بقيام من بين الليالي ولا تختصوا يوم الجمعة بصيام من بين الايام الا ان يكون في صوم يصومه احدكم خاص نکرو شب جمعہ کو ساتھ قیام کے شبون مین
سے اور خاص نکرو روز جمعہ کو ساتھ روزہ کے دنون مین سے مگر یہ کہ ہووے روز جمعہ کا ایسے روز
مین روزہ رکھتا ہو اسکو کوئی تمہارا مراد اس سے یہ ہے کہ چھانٹ نہ لو شب جمعہ کو واسطے قیام کے
اور روز جمعہ کو واسطے روزہ کے کہ اور روز دن روزہ نفل رکھنا لغو جانکر اکیلے جمعہ کو روزہ رکھنا
اختیار کرو بدلیل نظم من بین الایام کے جیسا کہ اشارہ کیا اُس طرف اسی کی شرح مین ترجمہ مشکوۃ
مین ساتھ قول اپنے کے گفت بندہ ضعیف عفا اللہ عنہ کہ سبب نہی آنست کہ بندہ را باید کہ در ہمہ اوقات
بعبادت وطاعت مشغول باشد ودائم متعرض نفحات الٰہی عز اسمہ باشد ووقت را مخصوص ساختن
ودر اوقات دیگر معطل بودن چیزی نیست واین معنی بہ نہی از تخصیص شب جمعہ بقیام مناسب
تر ست کما لا یخفی علی المتفطن فافھم واللہ اعلم یعنے اپنی طرف سے خاص کرنے سے
بے خصوص شرعی کے نہی فرمائی بدلیل کلمہ لا تختصوا کے باب افتعال سے کہ خواص مین اُسکے
بکوشش حاصل کرنا ماخذ کا ہو پس تخصیص مہینے ربیع الاول اور تاریخ اور دوشنبہ کی بلا شک اس
نہی سے خارج ہوگی کہ وجہ خصوص وقت کی بنظر شکر ولادت شریف کے شرع سے ثابت ہو بدلیل
فرمانے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیہ ولدت وجہ صوم روز دوشنبہ مین اور اگر اس
سے مطلق خصوص روز کا مراد ہو تو یہ حدیث اقسام نافی خصوص سے ہوگی اور احادیث سابقہ
اقسام مثبت خصوص سے ہین اور مثبت مقدم نافی سے عمل مین ہے جیسا کہ اصول سے ثابت ہے چنانچہ
منار الاصول مین لکھا ہے والمثبت اولی من النافی پس ہوتے ہوئے مثبت کے عمل نافی پر نہ چاہیے
بوقت تعارض اور جہان مثبت قوی ہو بطریق روایت کے بلاشبہہ نافی پر عمل درست نہین اور
تخصیص روزہ دوشنبہ کی حق مین مذکور ہو چکی اور مشکوۃ مین بسند ترمذی اور نسائی کے ام المومنین
عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے کہ کہا کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
یصوم الاثنین والخمیس تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ روزہ رکھتے دوشنبہ اور پنجشنبہ
کو اور بھی مشکوۃ مین بروایت ترمذی کے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ کہا قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تعرض الاعمال یوم الاثنین والخمیس فاحب ان یعرض عملی وانا صائم

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیش کیے جاتے ہین اعمال روز دوشنبہ اور پنجشنبہ کے پس دوست رکھتا ہون مین کہ پیش کیے جاوین عمل میرے درحالیکہ مین روزہ دار ہون بیان علت پیشی عمل کا دلیل ہی اس بات پر کہ تخصیص روز دوشنبہ کی خصائص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نہین بلکہ تحریص ہی اور پر تخصیص سے تمامی اہل اعمال کو پس ثابت ہوئی تخصیص ایام کی بسبب فضل شرعی کے اور فضل ولادت شریف سے کونسا فضل زیادہ ہی کہ حق تعالی جل شانہ بیان منت کا بہ ارسال آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتا ہی چنانچہ پارہ لن تنالوا البر مین نصف پارہ کے بعد ارشاد فرماتا ہی لقد من اللہ علی المومنین اذ بعث فیھم رسولا من انفسھم یتلو علیھم آیاتہ ویزکیھم ویعلمھم الکتاب والحکمۃ وان کانوا من قبل لفی ضلال مبین ادر ترجمہ تحقیق احسان کیا اللہ نے اوپر ایمان والے لوگونکے دقتیکہ اُٹھایا اُنمین رسول فرمانا بعث کا اور نہ کہنا کلمہ خلق کا اشارہ ہی اس طرف کہ پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سابق ہی تمام مخلوق سے پس پیدا کرنا خلائق کا اُس نور سے احسان عام تمام مخلوق پر ہی خصوص مومنین کے ساتھ نہین ہی پس ظہور نبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم احسان خاص مومنین پر ہی پس شکر اُسکا کہ عبارت اطاعت اور ذکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہی ہر مومن پر واجب اور فرض ہی خصوص ذکر ولادت کا مستحب ہی خاص مہینے ربیع الاول مین بسبب مناسبت وقت کے مستحب اسواسطے ہی کہ بعد ایجاد بانی کے اختیار کیا اُسکو علما سے صالحین نے اور اچھا جانا اُسکو اور جس چیز کو علماے مسلمین اچھا جانتے ہین وہ مستحب ہی اسواسطے کہ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے اپنے مسند مین عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی ما راٰہ المسلمون حسنا فھو عند اللہ حسن وما راٰہ المسلمون قبیحا فھو عند اللہ قبیح جس چیز کو دیکھے مسلمان بہتر پس وہ نزدیک اللہ کے بہتر ہے اور جس چیز کو دیکھے مسلمان برا پس وہ نزدیک اللہ کے بدتر ہی اور فرمانا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ما راٰہ المسلمون اور نفرمانا ما راٰہ المومنون دلالت کرتا ہی کہ اچھا جاننا صالحون کا مفید حسن شرعی کو ہوتا ہی اسواسطے کہ مسلم اسم فاعل اسلام کا ہی اور اسلام شرع مین عبارت ایمان مع العمل سے ہی پس مراد مومنین باعمل ہین اور عمل سواے علما کے دوسرون کا درست نہین ہوسکتا بدلیل قول اللہ تعالے کے انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء اللہ سے علما ہی ڈرتے ہین پس اچھا قرار دیا ہوا علما کا اچھا ہی ہو اور ظاہر ہی کہ ایجاد رسم مولد شریف کی شیخ عمر بن محمد ملا نے کی کہ علماے کبار محدثین سے ہی اور جاری کیا

اُسکو سلطان مظفر شاہ اربل نے اور وقت کے علما نے تحسین کی اُسکو چنانچہ نقل مضامین سبل الہدی سے معلوم ہو چکا پس دیکھنا اکثر مسلمین کا مولد شریف کو مہینے ربیع الاول مین ثابت ہوا اور یہ مضمون ماراٰہ المسلمون حسنا کا بھی ہو کہ اکثر صالحین مومنین اُسکو نیک سمجھین اسواسطے کہ معرفہ ہونا جمع کا بالف ولام تعریف جمعیت کو باطل کر دیتا ہو اور معنے جنسیت کے مراد ہوتے ہین جیسا کہ منار مین لکھا ہو وکذا اذا دخلت لام المعرفة فیما لا یحتمل العہد او جبت العموم حتی یسقط اعتبار الجمعیة اذا دخلت علی الجموع عملا بالدلیلین اور اسیطرح سے جب داخل ہو لام معرفہ اُس چیز مین کہ احتمال نرکھے عہد کو واجب کر دیتا ہو عموم کو یہانتک کہ ساقط ہو جاتا ہو اعتبار جمعیت کا جب داخل ہووے لام تعریف اوپر صیغون جمع کے واسطے عمل کرنے کے ساتھ دونون دلیلون کے اور اس عبارت کی شرح مین صاحب نور الانوار نے لکھا ہو واما اذا کان علی الجمع فثمرة عمومہ انہ یسقط معنی الجمع فلا یکون اقلہ الثلث اذ لو بقی معنی الجمع لم یظہر للام فائدة اذ لا عہد ولا استغراق ولا جنس فیجب ان یحمل علی الجنس فیکون ما دون الثلث معمولا للجنس وما فوقہ للجمع الی آخرہ اور جب ہووے دخول لام کا اوپر جمع کے پس ثمرہ عموم اسکے کا یہ ہو کہ تحقیق شان یون ہی ہو کہ دور ہو جاتے ہین معنی جمع کے پس نہ ہوگا اقل اوس سے جمع مین اسواسطے کہ اگر باقی رہے وہ جمع اپنی جمعیت پر تو ظاہر نہ ہوگا لام تعریف کا کچھ فائدہ اسلیے کہ نہین ہو سکتا ہو عہد کیونکہ عہد نام ہو ہونے فرد معین کا پس صیغہ جمع کا بیکار ہوا جاتا ہو اور نہین ہو سکتا ہو استغراق اسواسطے کہ وہ عبارت ہو ہونے کل افراد سے مجموعا اس صورت مین بھی جمعیت مین فساد پایا جاوے گا کیونکہ کل مجموعی بھی فرد حکمی ہو اور بھی اس صورت مین تکلیف مالایطاق لازم ہوتی ہو پس اگر جنس بھی نہ لیوین تو معنی لام کے بالکلیہ مٹ جاوینگے پس واجب ہوگا یہ کہ حمل کیا جاوے وہ صیغہ جمع معرف باللام اوپر جنس کے پس ہو جاویگا کم تین سے معمول جنس انشاء اللہ اور اوس کم پر معمول جمع پس عام ہو جائیگی جمع ایک سے لیکے انتہا تک کو پس ایک مسلم کا نیک سمجھنا اور بہتون کا نیک ہونے مین برابر ہو اور اسکو بہتون نے نیک سمجھا ہو سوا ایک علامہ فاکہانی کے کہ اُنھون نے بسبب غصہ کے بد کہا اور اعتبار اُسی کا ہو جسکی طرف اکثر ہون اسواسطے کہ مشکوٰۃ مین ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور بروایت ابن ماجہ انس رضی اللہ عنہ سے جو کہا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اتبعوا السواد الاعظم فانہ من

من شذ شذ فی النار پیروی کرو گروہ بڑے کی یعنے اکثر لوگون کی اسواسطے کہ جو علیحدہ ہوا اُسکی پیری
سے ڈالا جاویگا دوزخ مین پس اتباع اکثر علماے مسلمین کی واجب ہی اور بھی مشکوۃ مین بروایت
امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم ان الشیطان ذئب الانسان کذئب الغنم یاخذ الشاۃ القاصیۃ والناحیۃ وایاکم و
الشعاب وعلیکم بالجماعۃ العامۃ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یقینی شیطان بھیڑیا ہے
انسان کا مثل بھیڑیے بکری کے پکڑ لیتا ہی بھاگنے والے کو گروہ مین سے اور ہٹ جانے والے کو
جماعت مین سے اور چھوٹ جانیوالے کو گروہ مین سے اور بچاؤ تم اپنے کو پگ ڈنڈیون سے یعنی ایک
دو کی راہ نکالی ہوئی اختیار نکرو اور لازم لو اور اختیار کرو جماعت اور اکثر کو یعنی وہ راہ کہ اکثر علماے
صالحین نے اختیار کی ہی اُسی کو اختیار کرو اور شیخ عبد الحق دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کی شرح
مین لکھا ہے وبرتوباد کہ لازم گیری جماعت را و اکثر را و اکثر اشارہ است بآنکہ معتبر اتباع اکثر وجمہور است
چہ اتفاق کل در ہمہ وقائع بلکہ ممکن نیست اس سے معلوم ہوا کہ جو بدعت حسنہ ہی کہ مقیس ہو مستنبطات
شرعی پر جب اختیار کر لیوین اُسکو اکثر علما تو اتباع اُسکی لازم ہے اور انکار اقل کا بیکار ہی پھر جب رواج
اُسکا ایک قرن سے دوسرے قرن تک قائم رہے تو من قبیل قواعد کے ہو جاتا ہی اسواسطے کہ اشباہ و
نظائر مین مرقوم ہی العادۃ محکمۃ واصلہا قولہ علیہ الصلوۃ والسلام ما راٰہ المسلمون حسنا
فہو عند اللہ حسن عادت حکم کر دیتی ہی یعنی عادت اور رسم غیر منصوصات مین موجب ثبوت حکم کو ہوتی
ہی اور حاشیہ حموی مین لکھا ہی قولہ العادۃ محکمۃ اعلم ان مادۃ العادۃ یقتضی تکرار الشیئ وعودہ
تکرارا کثیرا یخرج عن کونہ واقعا بطریق الاتفاق جان تو تحقیق مادہ عادت کا کہ مشتق عود سے
ہی مقتضی ہی بار بار ہونے شئے کو وعود کرنے کو تکرار بہت کرکے کہ نکل جاوے واقع ہونے اپنے سے بطریق
اتفاق اور ندرت کے پس اکثر کرتے آنا علما کا ایک فعل غیر منصوص النہی کو مفید ہوتا ہی اباحت کو اور
اچھا بتانا علما کا فائدہ مستحب ہونیکا دیتا ہی جیسا کہ لکھا ہی نور الانوار مین سنن زوائد مین فہذا کلہا من
سنن الزوائد یثاب المرء علی فعلہا ولا یعاقب علی ترکہا وہو فی معنی المستحب الا ان المستحب
ما احبہ العلماء وہذا ما اعتادہ النبی پس یہ سب یعنی عادات آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
سبب قصد عبادت کے سنن زوائد سے ہی ثواب دیا جاتا ہی شخص اور کرنے اُسکے کے اور نہین عذاب کیا جاتا

ہی اور ترک اُسکے کے اور وہ بیچ معنی مستحب کے ہی مگر یہ کہ تحقیق مستحب وہ چیز ہی کہ اچھا جانا اور دوست
رکھا اُسکو علمانے اور یہ یعنی نفل وہ چیز ہی کہ عادت رکھی ساتھ اُسکے نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے
اور درمختار مین بیان وضو مین لکھا ہی ومستحبہ ویسمّی مندوبا وادبا وفضیلۃ وھو ما فعلہ
علیہ الصلوۃ والسلام مرۃ وترکہ اخری وما احبہ السلف اور مستحب اُسکا اور نام رکھا جاتا ہی
مندوب اور ادب اور فضیلت کرکے اور وہی مستحب وہ چیز ہی کہ کیا ہو اُسکو پیغمبر علیہ الصلوۃ والسلام نے ایک
مرتبہ اور چھوڑا ہو دوسری مرتبہ یعنی کبھی کیا اور کبھی نہ کیا اور وہ چیز کہ اچھا جانا اُسکو اگلے لوگون نے پس
اچھا سمجھا ہوا علماے سلف کا اور فعل عادی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حکم مین برابر ہے اور بھی
نورالانوار مین بیان حصر اصول فقہ مین درمیان چار کے لکھا ہی وتعامل الناس ملحق بالاجماع اور کرتے
چلے آنا علما کا ملحق ہی ساتھ اجماع کے یعنی تعامل الناس مثل اجماع کے حجت ہی اور درمختار مین بیچ ذکر
تکبیرات تشریق کے لکھا ہی ولا باس بہ عقیب العید لان المسلمین توارثوہ فوجب اتباعھم و
علیہ البلخیون اور نہین قباحت ہی ساتھ اُسی تکبیر تشریق کے پیچھے عید کے اسواسطے کہ تحقیق مسلمان لوگ
کرتے چلے آئے ہین اُسکو پس واجب ہی اتباع اُنکی اور طحطاوی مین لکھا ہی قولہ لان المسلمین
توارثوہ ای ولم یکن فی عصر الصحابۃ والا کانت سنۃ لانھم لا یبتدعون من انفسھم شیئا
قولہ فوجب الظاھر ان المراد بالوجوب الثبوت لا الوجوب المصطلح علیہ فی البحر عن المجتبی
والبلخیون یکبرون عقیب صلوۃ العید لانھا تودی بجماعۃ فاشبھت الجمعۃ اھ وھو
یفید الوجوب المصطلح علیہ قول اُسکا یعنی درمختار کا اسواسطے کہ تحقیق مسلمان لوگ کرتے چلے آئے ہین
اُسکو یعنی درحالیکہ نہ تھا تکبیر کہنا بعد نماز عید کے زمانہ صحابہ رضی اللہ عنہم مین والا ہوتا سنت اسواسطے کہ
تحقیق وہ صحابہ رضی اللہ عنہم نئی نہین نکالتے اپنی طرف سے کوئی چیز قول اُسکا فوجب ظاہر لفظ لاباس
کی سبب سے یہ ہی کہ تحقیق مراد وجوب سے ثبوت ہی نہ وجوب مصطلح علیہ شرع اور بحرالرائق مین مجتبی سے
نقل کیا ہی کہ بلخ کے علما تکبیر تشریق کہتے ہین بعد نماز عید کے اسواسطے کہ وہ ادا کی جاتی ہی ساتھ جماعت
کے پس مشابہ ہوئی ساتھ جمعہ کے اور وہ نقل فائدہ دیتی ہی وجوب اصطلاحی شرعی کو اس سے معلوم
ہوا کہ جو کرتے چلے آنا اگلے لوگون کا بطریق اجتہاد اور قیاس شرعی کے ہو تو اتباع اُنکی واجب اور جو
[illegible] کے ہوئی اتباع اُنکی ثابت اور مناسب ہی ہر صورت مخالفت اُنکی نچاہیے اور استحباب

تعیین مولد شریف کا مہینے ربیع الاول مین اوپر ثابت ہو چکا ہی کہ بطریق اجتہاد اور قیاس شرعی کے ہی اور کرتے چلے آنا وقت ایجاد سے اب تک اظہر ہی حتی کہ حرمین مکہ اور مدینہ مین التزام ہی چنانچہ حجاج ثقات سے مانند مرزا حسن علی اور مولوی حسین احمد محدثون سے اور مولوی تراب علی اور دوسرے حاجیون سے بالاتفاق مسموع ہوا اور حد تواتر کو پہونچا ہی اور التزام علماے اہل حجاز کا بدعت شنیعہ کو غیر متصور ہی اسواسطے کہ مشکوۃ مین بسند ترمذی کے عمرو بن عوف سے کہ صحابی جلیل القدر حاضرین بدر سے ہین رضی اللہ عنہ اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بسند صحاح ستہ کے روایت ہی کہ کہا قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ واٰلہ وسلم ان الدین لیارز الی الحجاز کما تارز الحیۃ الی جحرھا ولیعقلن الدین من الحجاز معقل الاروية من راس الجبل ان الدین بدأ غریبا وسیعود غریبا فطوبی للغرباء وھم الذین یصلحون ما افسد الناس من بعدی من سنتی فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے تحقیق دین سمٹے جگہ پکڑیگا طرف حجاز کے کہ عبارت مکہ اور مدینہ سے ہی جیسا جگہ پکڑتا ہی دانہ اپنے کشت گاہ مین کہ اُسی مین رہتا ہی اور اُسی سے اُگتا ہی اور پھر آئندہ پناہ لیگا دین حجاز سے یعنی حجاز پناہ گاہ دین کی ہی جیسا کہ پناہ لیتی ہین پہاڑی بکریان چوٹی پہاڑ سے تحقیق دین شروع ہوا مسافر اور غریب سے ہی کہ ہوجاویگا جیسا کہ شروع ہوا تھا پس خوشی اور اچھائی غریبون کو ہی اور وہی غربا وہ لوگ ہین کہ درست کرتے ہین اُس چیز کو کہ خراب کیا لوگون نے بعد میرے سنت میری سے اس سے صاف معلوم ہوا کہ اہل حجاز زنہار اتفاق اور التزام بدعت شنیعہ کہ مخالف دین کے ہی کرتے نہین جو کہ علماے سابقین نے قرارداد کیا اور علماے حجاز نے التزام کیا اتباع اُسکی واجب ہی جسکو وہ فرض سمجھے اُسکو فرض جاننا چاہیے اور جسکو وہ واجب سمجھے واجب ہی اور جسکو مستحب قرار دیا مستحب ہی اور جو مکروہ یا حرام قرار دیا وہ مکروہ اور حرام ہی اور انحراف اُس سے بدعت ضالہ ہی کیونکہ ثابت ہو چکا کہ تعامل حج دینیہ سے ہی اور انحراف اُس سے بدعت ضالہ ہی جسکا مرتکب مبتدع اور مورد مواعید شدیدہ کا ہوتا ہی اسواسطے تعریف بدعت ضالہ کی یہ ہی کہ ایجاد ہووے بعد قرون ثلثہ کے اور مخالف ہو حج شرعیہ کے جیسا کہ سابق مین مذکور ہو چکا ہی اور بدعت حسنہ خود موجب ثواب ہی اسیواسطے فقہا نے تعریف بدعت کی بیان مبتدع مین اس طور پر کی کہ سواے بدعت سیئہ ضالہ کے اور کسی پر صادق نہ آوے چنانچہ درمختار مین لکھا ہی ومبتدع ای صاحب بدعۃ وھی اعتقاد خلاف المعروف عن الرسول لا بمعاندۃ بل بشبھۃ یعنی مکروہ ہی اقتدا مبتدع کی یعنی

صاحب بدعت کی اور وہی بدعت کیا ہی کہ اعتقاد کرنا خلاف اُس چیز کے جو پہچانا گیا اور معلوم ہوا رسول سے
نہ بسبب معاندۂ محض کے بلکہ بسبب کسی طرح کے شبہ کے اور جسکا نظیر قرون ثلٰثہ سے یا سنت رسول سے
مستنبط ہو داخل ہی معروف عن الرسول میں اسیطرح تعامل الناس معروف ہی بدلیل ما رآہ المسلمون حسنا
فہو عند اللہ حسن کے کہ بیان اُسکا ہو چکا اور لکھا ہی طحطاوی مین قولہ وهی اعتقاد خلاف المعروف
ظاهره اقتصارها على الاعتقاد وليس كذلك وعرفها الشمني بقوله هي ما احدث على خلاف الحق
المتلقى عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم من علم او عمل وجعل دينا قويما وصراطا مستقيما قول
اُسکا وہی اعتقاد خلاف المعروف ظاہر رکہنا اور منحصر ہونا ہی بدعت کا اوپر اعتقاد کے یعنی عمل بدعت کے
بدون اعتقاد بدعت نہ ٹھہری حالانکہ نہین ہی ایسا بلکہ بدعت اعتقاد اور عمل دونون مین ہوتی ہی اور تعریف کی
اُسکی یعنی بدعت کی شمنی نے ساتھ قول اپنے کے وہی بدعت وہ چیز ہی کہ نئی نکالی جاوے بنا بر خلاف حق کے
کہ حاصل ہوا ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اقسام علم سے یعنی اعتقاد سے ہو یا عمل سے ہو اور ٹھہرایا جاوے
دین درست اور راہ راست پس جو چیزین عوام الناس قبائح شرعیہ سے رسم مسلمانون کی جانکر کرتے ہین وہ
بدعت سیئہ ضالہ ہین اور خارج ہین تعامل الناس سے اسواسطے کہ الف لام الناس واسطے عہد کے ہی اور مراد اُس سے لوگ
تقوے کے ہین بدلیل من سن سنۃ سیئۃ فلہ وزرہا ووزر من عمل بہا کے کہ ایجاد کرنا بدعت شرعی
کا موجب وبال کا ہی اور کرتے آنا اُسکا بھی موجب وبال کا ہی لیکن بمجرد اُسکے کرنیکے فاسق ہوجاتا ہی لیکن در حقیقت
وہ ناس سے خارج ہی حیوان مطلق کے زمرے مین داخل حاصل یہ کہ مولود شریف کرنا مستحب ہی اور مہینے
ربیع الاول مین بالخصوص بارہوین تاریخ افضل ہی ہان اسکو واجب سمجھنا یعنی نکرنے والے کو باوجود محب
پیغمبر ہونے کے گنہگار جاننا یا اور دوسرے دنون مین اسکا نادرست سمجھنا بے شبہہ مکروہ کیونکہ ایجاب
مستحب یا مباح کا مکروہ ہی جیسا کہ کتب فقہ سے مشرح ثابت ہوتا ہی بعض نادانی سے شبہہ کرتے ہین کہ تعین
مجلس شریف مین ساتھ مہینے ربیع الاول کے مشابہت کفار کی ہوتی ہی کہ ہنود جنم کنہیا کا کرتے ہین اور
نصاری بڑا دن حضرت عیسی علیہ السلام کا کرتے ہین سخت نادان ہین اسواسطے کہ نہین سمجھتے ہین اس بات
کو کہ حرمت مشابہت ثابت ہوتی ہی آیت یا ایہا الذین آمنوا لا تکونوا کالذین تفرقوا واختلفوا
من بعد ما جاءهم البينات واولئك لهم عذاب عظيم سے یعنی اے ایمان والو نہ ہو تم مثل اُن لوگون کے کہ
جدا ہوگئے اور خلاف کیا بعد اُس چیز کے کہ آئے اُنکو دلائل ظاہرہ یعنی احکام الٰہی اور وہی لوگ ہین کہ اُنکے لیے عذاب بڑا ہی

اور آیت یا ایہا الذین آمنوا لا تکونوا کالذین کفروا وقالوا لاخوانہم اذا ضربوا فی الارض او
کانوا غزی لو کانوا عندنا ما ماتوا وما قتلوا لیجعل اللہ ذلک حسرۃ فی قلوبہم واللہ یحیی ویمیت واللہ
بما تعملون بصیر ای ایمان دارو نہ ہو تم مثل اُن لوگون کے کہ کفر کیا اور کہا اپنے بھائیون کے واسطے
جس وقت چلے زمین مین یا ہوے مجاہد یعنی جہاد کیا اگر ہوتے ہمارے پاس تو نہ مرتے اور نہ قتل ہوتے یہ کہنا
اُنکا اسواسطے ہی کہ کرے اللہ اُنکے دلون مین اس قول کو حسرت یعنی روز قیامت کے اس قول کی
سبب سے حسرت اور ندامت اُٹھاوینگے اور اللہ ہی جلاتا ہی اور مارتا ہی اور اللہ اُس چیز کو کہ کرتے ہین
دیکھتا ہی عبارت نص دونون آیتون کی نہی کرتی ہی تفرق سے یعنی بعد قرار پا جانے ایک بات کے اصول
شرع سے اور جاری ہونے تعامل اہل اسلام کے نئی بات نکال کر پھوٹ نکلنے سے اور کفر کرنے سے اور جہاد
مین سستی کرنے سے اور مجاہدین پر طعن کرنے سے اور اشارۃ النص ان آیتون کی اُنکی مشابہت کرنے
سے بالقصد کہ کاف تشبیہ اشارہ ہی طرف مشابہت کے جیسا کہ بیضاوی مین تحت تفسیر آیت لا تکونوا کالذین
تفرقوا کے لکھا وعید للذین تفرقوا وتہدید علی التشبہ بہم یہ آیت وعید ہی واسطے اُنکے کہ پھوٹ نکالے اور دھمکی
اور ڈرانا ہی اوپر تشبیہ اُنکے کہ کافر ہین یا جماعت سنت سے علیحدہ ہوئے معاذ اللہ اور کلمہ لا تکونوا کہ اسناد
فعل کی طرف مخاطب کی ہی مقتضی ہی قصد کو باب تشبیہ مین اور مشتق ہونا لا تکونوا مصدر کون سے مقتضی ہے
وضع اور عادت مختصہ اس قوم کو لیس حرام ہوئے بھی ایسے افعال کفار سے کہ جو مختص اُنھین کفار کے ہون یا
اطوار عبادات کفار کے کہ شریعت اسلامیہ سے ثبوت اُنکا نہ ہوسکتا ہو یہی ممنوع ہین یا عبادات ثابتہ اپنی شرع
کے جنس اُنکی سے کفار کے یہان بھی معمول ہو بقصد اُنکے کہ قوم کفار اپنے رسوم مین لہویات کرتے ہین اور ہم اُس
مجلس شریف مین ذکر رسول اور انواع حسنات شرعیہ کے اور اس سے یون لیے اور فرق کثیر ہی اور تفرقہ حرمت
مشابہت کو دور کر دیتا ہی جیسا کہ ثابت ہوتا ہی روایت مشکوۃ سے کہ بسند مسلم ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت
کیا ہی قال حین صام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یوم عاشورۃ وامر بصیامہ قالوا یا
رسول اللہ انہ یوم یعظمہ الیہود والنصاری فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لئن بقیت الی
قابل لاصومن التاسع کہا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہ جب روزہ رکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دن عاشورہ
کے اور حکم کیا روزۂ عاشورہ کا عرض کیا صحابہ نے تحقیق عاشورہ دن ہی کہ تعظیم کرتے ہین اُسکی یہود اور
نصاری پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہر آئینہ اگر باقی رہونگا مین سال آئندہ تک

ہر آئندہ رکھوں گا میں روزہ نوین تاریخ یعنی ایک روزہ نوین کا اور ملاؤں گا اور نہیں ہو سکتا کہ مراد یہ ہووے کہ روزہ عاشورہ کا نوین کو ہٹا لانا فرمایا ہو اسواسطے کہ اس روایت سے روزہ رکھنا روز عاشورا کا اُسوقت ثابت ہوتا ہے اور توڑنا اُسکا نہیں اور نہ اور ونکو اُس روزہ سے منع بلکہ فقط عزم روزہ یوم تاسع کا ارشاد فرمایا غرض اس سے یہی ہے کہ دو روزے رکھنے کا عزم فرمایا اسواسطے کہ ترمذی نے اپنے جامع مین لکھا ہے عن الحکم بن الاعرج قال انتهیت الی ابن عباس وهو متوسد رداءه فی زمزم فقلت اخبرنی عن یوم عاشوراء ای یوم اصومه فقال اذا رأیت هلال المحرم فاعدد ثم اصبح من یوم التاسع صائما قال قلت اهکذا کان یصوم محمد صلی الله علیه وآله وسلم قال نعم روایت ہے حکم بن الاعرج سے کہ کہا پہونچا میں ابن عباس کے پاس درحالیکہ وہ اپنی چادر کو تکیہ لگائے ہوئے تھے زمزم پر پس کہا مین نے کہ خبر دو مجھکو روز عاشورا سے کہ کس روز روزہ رکھوں میں اُسکا پس کہا ابن عباس نے جب دیکھے تو چاند محرم کا تو شمار کرلے پھر صبح کر روز نوین سے روزہ دار یعنی ابتدا روزہ کی نوین تاریخ سے کر کہا حکم نے کہ کہا مین نے کیا ایسا ہی روزہ اُسکا رکھتے تھے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہا ابن عباس نے ہاں لانا ابن عباس کا لفظ من کا کہ موضوع واسطے ابتدا کے ہے اور تاسع کے مفید ہے اس بات کو کہ بعد نوین کے بھی روزہ ہے پس عزم ترک روزہ دسوین کا منتفی ہوا اور بعد دو سطر کے لکھا ہے وعن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال صوموا التاسع والعاشر وخالفوا الیہود اور روایت کیا گیا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہ تحقیق ابن عباس نے کہا روزہ رکھو نوین اور دسوین کو اور مخالفت کرو یہود کی یہ امر ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مفید وجوب کو نہیں ہے کیونکہ یہ اُن احادیث موقوفہ سے نہیں کہ حکم مرفوع میں ہو اسلیے کہ حدیث موقوف صحابی کی یعنی قول صحابی بدون قال رسول اللہ کے ایسے امر میں کہ عقل کو مفہوم نہو سکتا ہو حکم مرفوع یعنی قال رسول اللہ میں ہے یہ مفہوم باجتہاد ہے حدیث سابق سے جس میں مذکور ہے کہ صحابہ نے وجہ تشابہ یہود کی روز عاشورہ میں عرض کی اُسکے جواب میں کلمہ لاصومن التاسع کا ارشاد ہوا اُس سے مخالفت یہود کی مستنبط ہوئی پس یہ قول مفہوم ہو گیا اور حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سال آئندہ میں اس جہان سے تشریف لے گئے سمجھنا چاہیے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چونکہ اُس سال نوین تاریخ محرم کو روزہ نہیں رکھا احتمال تشابہ واقع ہوا باایں ہمہ روزہ گیارھوین کا واسطے دفع تشابہ کے رکھ نہ لیا بلکہ عزم مصمم ارشاد فرمایا سال آئندہ میں نوین کے روزہ ملا لینے کا اس سے معلوم ہوا

کہ امور ثابتہ شرعیہ میں تشابہ معتبر نہیں ہے لیکن اولی یہ ہے کہ کچھ فرق وضع کفار سے کرلیا جاوے پھر جاننا چاہیے کہ روزہ عاشورہ کا بالخصوص تنہا رکھنا بدون ملانے روزہ دوسرے کے مکروہ تحریمی ہے اس واسطے کہ اسمین مخالفت سنت کی لازم آتی ہے اسیلیے لانا لفظ نعم کلمۂ ایجاب کا جواب سوال حکم مین ابن عباس سے مفید ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو روزے عاشورہ کے رکھے لیکن بعد اس واقعۂ سوال کے وقوع مین نہین آیا روزہ نوین اور دسوین کا اسواسطے کہ سنن ابوداؤد مین ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس باب مین مروی ہے فاذا کان العام المقبل صمنا یوم التاسع فلم یات العام المقبل حتی توفی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پس جب ہوگا سال آیندہ روزہ رکھین گے ہم دن نوین کو پس نہ آیا سال دوسرا تا آنکہ وفات پائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پس تطبیق ان دونون روایتون مین یون ہے کہ قبل اس واقعہ کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھا واللہ اعلم

مسئلہ جب ثابت ہوا کہ تعین مجلس مولد شریف سے ثبوت تشابہ کفار کا نہین ہوسکتا پس تشبیہ دینا مجلس شریف کا ساتھ جنم وغیرہ کے معاذ اللہ مشعر توہین ہے جو کفر ہے اسواسطے کہ اجماع کیا ہے علمانے کہ توہین کل متعلقات ذات رسالت پناہ کی مطلقا کفر ہے سند کی عبارت بیان وجوب تعظیم آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین مذکور ہوگی انشاء اللہ تعالی

فصل دوسری بیان آداب مجلس شریف مین صاحب مجلس کو چاہیے کہ مکان کو صاف کرے اور فرش نفیس حسب مقدور بچھاوے اور پڑھنے والا مولد شریف کا صدر مکان پر باابہت ووقار لباس توقیر حسب مقدور پہنکر بیٹھے واسطے تعظیم ذکر مبارک کے اور یہ سب مستحب ہے بجہت جاری ہونے تعامل الناس علما کے اور اصل اس کی فعل امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے پائی جاتی ہے کہ تبع تابعین قرون ثلثہ سے تھے جیساکہ لکھا خاتم المحدثین شیخ عبدالحق دہلوی نے مقدمہ مین ترجمہ مشکوۃ کے احوال امام مالک مین وی از تبع تابعین ست از نافع مولی بن عمر واز محمد بن المنکدر واز زہری وجماعت دیگر از تابعین وتبع تابعین روایت حدیث کردہ ویحیی بن سعید انصاری وزہری باآنکہ از شیوخ او واز جملۂ تابعین اند از وی روایت حدیث کردہ اند اور بعد چند سطرون کے لکھا ہے وی در تعظیم واحترام حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باقصی الغایت می کوشید وچون شخصی بطلب علم بدرسرای مالک رحمہ اللہ آمدی جاریۂ خود را گفتی کہ برو وبپرس از این شخص کہ فتوی میخواہد یا حدیث اگر گفتی فتوی میخواہم مالک رحمۃ اللہ علیہ بیرون آمدی وجواب فتوی او بگفتی واگر بگفتے حدیث میخواہم اورا بنشاندی وغسلی تازہ برآوردی ولباسی

پاکیزہ پوشیدہ خود را مطیب و مشتمل ساختی و وسادہ نہادی و بالای وسادہ با ہیبت و وقار بنشستی
و احکام و دستوری دادے تا آن شخص در آمدے و احادیث شنواندے ظاہر ہے کہ فتوی خود اصول اربعہ
سے مستنبط ہے پس اگر تعظیم احکام حدیث کی مقصود ہوتی تو فتوے کے واسطے بھی ایسا ہی کرتے حالانکہ کیا
معلوم ہوا کہ یہ فعل امام مالک رحمہ اللہ کا محض واسطے تعظیم ذکر آنحضرت کے تھا اور بھی اس فعل امام مالک
رحمہ اللہ علیہ سے معلوم ہوا کہ تعظیماً لذکر النبی پڑھنے والے کو چاہیئے کہ باوضو ہووے بلکہ مستحب ہے باوضو
ہونا پڑھنے والے کا جیسا کہ لکھا ہے طحطاوی میں ویندب الوضوء بعد غسل المیت وحمله و لوقت
کل صلوة وقبل غسل الجنابة وللجنب عند اکل وشرب ونوم ووطی وللغضب وقراءة قرآن وحدیث
وروایته ودراسة علم واذان واقامة ولخطبة وزیارة النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ووقوف
وسعی ونظر الی محاسن امرأة ولاجل غسل میت اھ ابو السعود علی الشرنبلالیہ اور مستحب ہے وضو بعد
نہلانے مردہ کے اور اٹھانے اسکے کے اور واسطے وقت ہر نماز کے اور قبل غسل جنابت کے اور جنابت والے
کو وقت کھانے اور پینے اور سونے اور صحبت کرنیکے اور واسطے دفع غصہ کے اور واسطے پڑھنے قرآن اور
حدیث کے اور روایت حدیث کے اور واسطے بیان کرنے علم کے اور واسطے اذان اور اقامت کے اور واسطے
خطبہ اور زیارت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور واسطے وقوف عرفات اور سعی صفا اور مروہ کے اور دیکھنے
حسن عورت کے اور واسطے غسل میت کے لکھا ہے اسکو ابو السعود نے شرنبلالیہ سے اور چاہیئے کہ پڑھے
احوال ولادت اور فضائل اور آیات خوارق شریفہ اور جو کچھ ذکر شریف سے چاہیے بعد اسکے کچھ آیات قرآن
شریف کی پڑھی جاویں بعد اسکے شیرینی یا کھانا تقسیم کیا جاوے جیسا کہ سبل الہدی میں حافظ الحدیث النبوی
جلال الدین سیوطی سے نقل کیا ہے ان اصل المولد الذی هو اجتماع الناس وقراءة ما تیسر من القرآن
وروایة الاخبار الواردة فی مبدء امر النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وما وقع فی مولده من الآیات ثم
یمد لهم سماط یاکلونه وینصرفون من غیر زیادة علی ذلک من البدع الحسنة التی یثاب علیها
صاحبها لما فیه من تعظیم قدر النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واظهار الفرح والاستبشار بمولده
الشریف تا آخر تحقیق اصل مولد کی کہ وہ جمع ہونا لوگوں کا ہے اور پڑھنا جتنا ہو سکے قرآن سے اور بیان اخبار
جو کہ وارد ہیں بیچ مبدا امر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یعنی احوال ولادت شریف کا اور جو کہ واقع ہوا
وقت میلاد شریف آنحضرت کے اثبات عظمت کے پھر پھیلایا جاوے واسطے لوگوں کے کھانا کہ کھاویں بعد اسکے تقسیم

کھانے کی چیز سے طعام ہو یا شیرینی ہو کہ کھا دین اُسکو اور تصرف کرین بے زیادۃ کے اوپر اُسکے یعنی ایسے
ہی امور کرنا چاہیے اور حد سے تجاوز نکرے اور مراد زیادۃ سے یہ ہے کہ سوائے امور تعظیم نبی صلی اللہ علیہ و
آلہ وسلم کے نامشروع کو دخل دینا نہ مطلق زیادۃ اسواسطے کہ اظہار سرور کو باعث ثواب کہا ہے بدعتون حسنہ
سے ہے کہ ثواب پاتا ہے اُسپر صاحب اُسکا اسواسطے کہ اُسمین ہے جنس تعظیم قدر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اظہار
سرور اور خوشی پیدائش شریف کی اس سے معلوم ہوا کہ جو چیزین شعر ہو دین تعظیم آنحضرت اور سرور
پیدائش پر اسی قبیل سے ہے انواع زیادۃ نہین جیسا کہ اُسی کتاب مین قبل اسکے حافظ ابن حجر سے منقول
ہے وعلی ھذا فینبغی ان یتحری الیوم بعینہ حتی یطابق قصۃ موسی صلی اللہ علی نبینا وعلیہ وسلم
فی یوم عاشوراء ومن لم یلاحظ ذلک لا یبالی بعمل المولد فی ای یوم من الشھر بل توسع قوم
فنقلوہ الی یوم من السنۃ وفیہ ما فیہ فھذا ما یتعلق باصل المولد واما ما یعمل فیہ فینبغی ان
یقتصر فیہ ما یفھم الشکر للہ تعالی من نحو ما تقدم ذکرہ من التلاوۃ والاطعام والصدقۃ
وانشاد شیء من المدائح النبویۃ والزھدیۃ المحرکۃ للقلوب الی فعل الخیرات والعمل للاخرۃ اما
ما یتبع ذلک من السماع واللھو وغیر ذلک فینبغی ان یقال ما کان من ذلک مباحا بحیث یتعین
السرور بذلک الیوم لا بأس بالحاقہ بہ ومھما کان حراما او مکروھا فیمنع وکذا ما کان خلاف
الاولی اور بنابر اسکے سزاوار ہے کہ ڈھونڈھا جاوے روز معین یعنی ولادت شریف کا تاکہ مطابق ہووے قصہ
موسی علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کو روز عاشورہ مین اور جو شخص لحاظ نکرے اسکا کچھ باک نہین رکھتا ہے یعنی
اُسکو کچھ قباحت نہین ساتھ کرنے مولد شریف کے جس دن مین اُس مہینے سے ہو بلکہ وسعت رکھتا ہے گروہ
پھر نقل کیا اُسکو لوگون نے طرف جس دن کے کہ سال سے ہو اور اِس نقل مین جو ہے سو ہے یعنی یہ لطف مولد
شریف کا جو کہ خاص روز ولادت مین ہے اور دنون مین نہین ہے اور راہ ولادت بھی ایک نوع کی مناسبت رکھتا ہے
بخلاف اور دنون کے اگرچہ جب چاہے تب کرنا مولد شریف کا درست ہے بجہت ہونے خیرات کے پس یہ وہ چیز ہے
کہ متعلق ساتھ اصل سرور ولادت کے اور ہر وہ چیز کہ کرنا چاہیے اُسمین پس سزاوار ہے کہ اختیار کرے اُس مین
اُس چیز کو کہ جس سے بوجھا جاوے شکر اللہ کا ایسی چیزون مین سے کہ پہلے ہو چکا ذکر اُسکا قرآن پڑھنے اور
کھانا کھلانے اور پڑھنے کسی چیز کے مدائح نبی اور نصائح جوش دینے والے سے قلبون کو طرف کرنے نیکیون و
عمل آخرت کے لیکن جو کہ ساتھ لگا جانا سماع اور لہو اور سوا اُسکے مراد سماع سے بالحان پڑھنا قصائد مدحیہ آنحضرت صلعم کا

اور لہو سے وہ چیز ہے کہ بالذات اُسمین کچھ منفعت نہو بقرینہ قول آیندہ کے پس سزاوار ہے کہ کہا جاوے کہ جو چیز کہ
مباح اسطور کی اعانت سرور کو ہو اُس روز مین جیسے روشن کرنا اور سلگانا لوبان یا اگر کا یا وقت قیام کے
حاضران محفل پر گلاب چھڑکنا یا عطر لگانا قباحت نہین ہے اسکے ملا لینے مین ساتھ مولد شریف کے یہ سب امور بالذات
مباحات سے ہین کہ بعضے زمان آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین مستعمل تھے جیسا کہ عود وغیرہ سلگانا چنانچہ مشکوۃ
مین بسند مسلم نافع سے منقول ہے قال ابن عمر رضی اللہ عنہما اذا استجمر استجمر بالالوۃ غیر مطراۃ و
بکافور یطرحہ مع الالوۃ ثم قال هكذا كان يستجمر رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم کہا ابن عمر رضی اللہ عنہما نے
جب بخور کرتے یعنی خوشبو سلگاتے تو بخور کرتے عود ہندی کے ساتھ یعنی اگر یا لوبان کہ نہین مخلوط ہے کسی اور چیز سے
اور ساتھ کافور کے کہ ڈالتے تھے اُسکو عود مین ملا کر اس سے معلوم ہوا کہ مراد یہان الوۃ سے لوبان ہے سوا اسکے کہ
کافور مخلوط کرنا اُسمین زیادہ خوشبو دیتا ہے اور بعضے بلاد ہند مین اُسکو عود کہتے ہین اس سے معلوم ہوا کہ سلگانا
لوبان کا پسند تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پس مناسب ہوا کہ وقت ذکر شریف کے عمل مین آوے لیکن
چونکہ وقت تلاوت اور اذکار کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت نہین ہوا لہذا فی نفسہ استعمال اُسکا وقت
ذکر وغیرہ کے اقسام مباحات سے ہے اور بعد رواج پانے کے فعل علما سے بجہت تعامل الناس کے مستحبات سے
ہوگیا جیسا کہ فصل اول مین گذرا اور گلاب چھڑکنا عادات اہل عرب سے ہے وقت ملاقات سرور کے دوستون
پر گلاب چھڑکتے ہین پس یہ بھی مباح ہے بجہت نہ پائے جانے کسی قباحت شرعی کے اور ہرگاہ علماء سابق
نے اُسکا استعمال کیا کہ معین سرور خاص کو ہے مستحسن ہوا واللہ اعلم اور معمول ہے پڑھنے والون مولد شریف کا
تمامی بلاد اسلام مین کہ وقت پیدائش شریف کے کھڑے ہو کر درود مشتمل صفات فخریہ آنحضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کا یا قصیدہ مدح کا پڑھتے ہین اسکی بھی اصل حدیث سے ثابت ہوتی ہے کیونکہ بہ سبب ذکر شریف
کے ایک نوع کی تنحیہ شیطان پر واسطے اہل مجلس کے پائی جاتی ہے اور ایک نہج کا حصول اطمینان
ہوتا ہے جیسا کہ مشکوۃ مین بسند بخاری کے ابن عباس سے مروی ہے قال قال رسول الله صلى الله عليه
وآله وسلم الشيطان جاثم على قلب ابن آدم فاذا ذكر الله خنس واذا غفل وسوس کہا ابن عباس
رضی اللہ عنہما نے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شیطان بیٹھا ہوا ہے آدمی کے دل پر پس جب ذکر
کرتا ہے انسان اللہ کا بھاگتا اور شرمندہ ہوتا ہے شیطان اور جب غافل ہوتا ہے انسان تو وسوسہ ڈالتا ہے شیطان
اور اسی کتاب مین ابو سعید خدری اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہما سے بسند مسلم مروی و قال رسول اللہ صلعم

لا یقعد قوم یذکرون اللہ الا حفتہم الملائکۃ وغشیتہم الرحمۃ ونزلت علیہم السکینۃ
وذکرہم اللہ فیمن عندہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ نہین بیٹھتے کہ ذکر کرین اللہ کا مگر گھیر لیتے
ہین اُنکو ملائکہ اور چھپا لیتے ہین اُنپر رحمت اور نازل ہوتی ہو اُنپر سکینہ یعنی اطمینان اس سے معلوم ہوا کہ ذکر خدا
باعث فتحیابی کا شیطان سے اور حصول اطمینان کا ہوتا ہو اور فصل پہلی مین معلوم ہو چکا ہو کہ اشارۃ النص
آیۂ کریمہ سے ثابت ہوتا ہو کہ ذکر جناب رسالت پناہی عین ذکر الٰہی ہو اور بھی واقعات میلاد شریف مین روایات
صحیحہ سے ثابت ہوتا ہو کہ ابتدا ئے زمان علوق شریف مین شیطان کو چالیس دن عذاب رہا اور بعد اُسکے
وہ خوف ملائکہ سے بھاگ نکلا پس تمامی ذکر ولادت شریف کا مناسب اور مظہر فتحیابی کو ہوتا ہو اور پڑھنا
مدح نبی کا وقت فتحیابی اور اطمینان کے آنحضرت کے روبرو احادیث سے ثابت ہوا ہو چنانچہ ترمذی شمائل
مین انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہو ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دخل مکۃ فی عمرۃ القضاء
وابن رواحۃ یمشی بین یدیہ وھو یقول شعر خلوا بنی الکفار عن سبیلہ + الیوم
نضربکم علی تنزیلہ + ضربا یزیل الھام عن مقیلہ + ویذھل الخلیل عن خلیلہ فقال لہ عمر
یا ابن رواحۃ بین یدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وفی حرم اللہ تقول شعرا فقال
النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خل عنہ یا عمر فلھی اسرع من نضح النبل تحقیق نبی صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم داخل ہوئے مکہ کو عمرۃ القضا مین کہ عبارت اُس عمرہ سے ہو کہ بمقام حدیبیہ آپنے سنہ چھ مین ہجرت سے
قصد عمرہ کا کیا تھا کفار مانع آئے اور آپنے صلح کرلی اس وعدہ پر کہ سال آیندہ مین عمرہ کرینگے رجوع فرمائی
دوسرے سال اُسکے یعنی سنہ سات مین آپنے عمرہ قضا ہوا ہوا اُس سے ادا فرمایا اسکو عمرۃ القضا کہتے ہین اور بعضے
محدثین وجہ تسمیہ عمرۃ القضا کی یون لکھتے ہین کہ معنی قضا کے فتح کے بھی ہین اور یہ عمرہ بعد جاری ہونے اور
شروع فتوحات اور نزول سورۂ فتح کے وقوع مین آیا اسکو عمرۃ الفتح بھی کہتے ہین اسیطرح اور نام بھی ہین اُسکے
ایسے ہی معنی کے مثل عمرۃ القصاص اور عمرۃ الصلح اور عمرۃ القضیہ بعد فتح خیبر کے شروع ذوالقعدہ مین
تہیا اسباب عمرہ کا فرمایا اور حکم کیا کہ جتنے لوگون نے اگلے سال عمرہ موقوف کیا اس سال چلین اور کوئی رہ
نجاوے چنانچہ جتنے زندہ تھے سب ساتھ ہوئے دو ہزار مرد ہمراہ لیکر ابو رہم کو مدینہ مین والی کیا اور ساٹھ بدنہ
سوقی کیے اور ساتھ لیا سلاح اور اسباب جنگ کا اور سو سوار آگے رکھ لیے جب ذوالحلیفہ ایک مقام ہے وہان آگئے
روانہ کیا سواروں کو سردار اُنکا محمد بن مسلمہ کو کیا اور ذی الحلیفہ مین بشر بن سعد کو عامل کیا اور احرام عمرہ کا

کیا آنحضرت اور ہمراہیون نے اور لبیک کہتے ہوئے روانہ ہوئے اور پہونچے محمد بن مسلمہ مرالظہران کے مقام مین
کہ مکہ وہان سے کچھ کم ایک منزل رہتا ہی وہان کچھ لوگ قریش کے تھے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ
وسلم کہان ہین محمد بن مسلمہ نے کہا کہ تشریف لاتے ہین کل کی صبح یہین کرینگے انشاء اللہ پس ان لوگون نے
جا کر مکہ مین اپنی قوم کو خبر کی کفار قریش گھبرائے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مرالظہران مین اترے اور
اسباب جنگ کو بطن یاجج مین کہ وہان سے نشانہائے مکہ نظر آتے ہین بنگرانی انس بن خولی انصاری کے
چھوڑا پس کفار نے رعب کھا کر مکہ کو خالی کر دیا اور پہاڑ کی چوٹیون پر جا ٹھہرے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم ذی طوی مین ہدی کو پیش کر کے اپنی سواری پر سوار مکہ مین داخل ہوئے درحالیکہ مسلمان تلوارین
حمائل کیے ہوئے گرد رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کہتے ہوئے لبیک تھے اور ابن رواحہ باگ حضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کی مرکب کی پکڑے ہوئے تھے ایسا ہی لکھا ہی مواہب مین اور سامنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چلتے
تھے اور پڑھتے تھے خلوا بنی الکفار عن سبیلہ آخر تک طبرانی و بیہقی نے بعد اس مصرع کے اور چند مصرع روایت
کیے ہین اور ابن عقبہ نے بعد قد انزل الرحمن کے ایک اور روایت کیا ہی اور ابن اسحق نے آخر مین ایک اور
روایت کیا ہی مجموع اسکا یہ ہی خلوا بنی الکفار عن سبیلہ الگ کرو اولاد کفار کو راہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم سے یا الگ گئے ہو جاؤ ای گروہ کفار کے راہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قد انزل الرحمن فی تنزیلہ تحقیق
نازل کیا اور فرمایا رحمن نے بیچ تنزیل اپنی کے یعنی قرآن مین فی صحف یتلی علی رسولہ بیچ صحیفون کے پڑھے جاتے ہین
اسکے رسول پر بات خدا بان قتل فی سبیلہ باین طور کہ بہتر ہی کشت و خون کرنا اسکی راہ مین یعنی جہاد مین نحن قتلناکم
علی تاویلہ ہم قتل کرینگے تمکو بنابر تاویل اسکی کے یعنی اجتہاد اور استنباط سے کما قتلناکم علی تنزیلہ جیسا کہ قتل کیا ہمنے تمکو
نازل کرنے اسکے کے الیوم نضربکم علی تنزیلہ ضربا یزیل الہام عن مقیلہ آج مارینگے ہم تمکو بنابر تنزیل اسکی کے
ایسا مارنا کہ جدا کر دیگا سر کو جوڑ اسکے سے یعنی گردن سے ویذھل الخلیل عن خلیلہ اور بھلا دیگا دوست کو دوست
اپنے سے یارب انی مومن بقیلہ ای پروردگار مین ایمان رکھتا ہون موافق فرمان اس حضرت کے
رأیت الحق فی قبولہ مینے دیکھا حق کو اسکے قبول کرنے اور بدل و جان مان لینے مین پس اسنے کہا عمر رضی اللہ
عنہ نے ای ابن رواحہ سامنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور حرم خدا مین کہتا ہی تو شعر پس فرمایا نبی
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے الگ ہو اس سے اسواسطے کہ ہر آئینہ یہ تیز تر ہے انکے حق مین کانٹون سے اس
سے معلوم ہوا پڑھنا اشعار نعت نبوی کا وقت ظہور آثار فتح کے دشمن کو زیادہ صدمہ دیتا ہی اور پسندیدہ ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو اسواسطے کہ یہ عمرہ بعد فتح خیبر اور چند جنگون کے واقع ہوا اور کفار کو رعب حاصل
ہوا اُسکی خوشی مین ابن رواحہ یون چھپانے لگے اور پیغمبر صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اُسکو پسند فرمایا اور
بعد حصول فتح کامل کے کہ فتح مکہ ہے ایسا مروی نہین ہوا ہے اسیطرح ہم بھی بعد ذکر ولادت کے کہ ظہور آثار فتح
پائین گے شیطان پر اور نوع اطمینان کی بامید مغفرت حاصل ہوتی ہے درود مدحی اور قصائد فخر آنحضرت صلی اللہ
علیہ و آلہ وسلم کے پڑھتے ہین کھڑے ہوکر تاکہ شیطان کو صدمہ ہو اسواسطے کہ یہ پڑھنا ابن رواحہ کا اسلیے تھا
اور بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے مدائح فخری اپنے کھڑے ہوکر پڑھوائے ہین جیساکہ بخاری نے اپنے
جامع مین اور ترمذی نے مفصلا شمائل مین ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے قالت کان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم یضع لحسان بن ثابت منبرا فی المساجد یقوم علیہ قائما یفاخر عن رسول اللہ
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم او قالت ینافح عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و یقول رسول اللہ
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ان اللہ یؤید حسان بروح القدس ماینافح او یفاخر عن رسول اللہ
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کہا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کہ درست
فرماتے واسطے حسان بن ثابت کے ایک منبر مسجد مین کہ کھڑے ہوتے حسان اُسپر کھڑے کھڑے بیان مفاخر
آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا کرتے یا کہا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ جواب دہی کرتے جناب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے یعنی جوکہ کفار بدشعار کلمات بے ادبی کے زبان پر لاتے رد اُسکا حسان کرتے
ساتھ اشعار مدحیہ کے اور فرماتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم یقینی اللہ تائید کرتا ہے حسان کی بواسطہ
روح القدس یعنی جبریل علیہ السلام کے جبتک مدح اور فخر کرتے ہین حسان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی
ان دونون حدیث کے جمع کرنے سے معلوم ہوا کہ محل حصول طمانینت اور آثار فتح کے بیان مدح
آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا کھڑے ہوکر پڑھنا پسندیدۂ نبوی ہے پس وقت ذکر میلاد شریف کے واسطے
تعظیم آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے کھڑے ہوکر درود مشتمل اوصاف فخری اور اشعار مدحی آنحضرت صلی اللہ
علیہ و آلہ وسلم کے پڑھنا مستحب ہے اسواسطے کہ نظیر اُسکا فعل آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے بواسطہ اُن روایات
کے ثابت ہوتا ہے اور توارث علماے صالحین کا اُسپر جاری بلکہ بسبب انکار اہل دین جدید کے بکمال متانت
ساتھ پڑھنے حسان بن ثابت کے اشعار مدحیہ کو موجود ہے اور بعضے نادان کہتے ہین کہ قیام تعظیمی واسطے
آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ممنوع ہے بروایت مشکوۃ کے بسند ترمذی کے بروایت انس رضی اللہ عنہ

کے قال لم یکن شخص احب الیہم من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وکانوا اذا راوہ لم یقوموا
لما یعلمون من کراہیتہ لذلک کہا انس رضی اللہ عنہ نے کہ نہ تھا کوئی شخص محبوب تر انکے پاس رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم سے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت بہت رکھا کرتے اور کسی سے ویسی محبت
نکرتے اور تھے صحابہ کہ جب دیکھتے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہ اٹھتے اور نہ کھڑے ہو جاتے اس
سبب سے کہ جانتے تھے مکروہ جاننا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسکو وہ انعین قیام تعظیمی کے واسطے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آنا نہین سمجھتے ہین کہ اس حدیث سے نہی قیام تعظیمی کی مذکور نہین ہے بلکہ علت
ترک قیام صحابہ کی کراہت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مذکور ہے اور ظاہر ہے کہ یہ ناگوار کرنا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اپنے قیام تعظیمی کو بجہت غایت شفقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نسبت طرف
صحابہ رضی اللہ عنہم کے تھا بقرینہ روایت لم یکن شخص احب الیہم کے کہ سابق متصل ہے ساتھ ذکر ترک
قیام کے جیساکہ شیخ عبدالحق دہلوی رحمہ اللہ نے اس حدیث کی شرح مین لکھا ہے وطیبی گفتہ کہ این کراہت از جہت
کمال محبت ورسوخ مودت وصفای باطن وتالیف قلوب بود کہ موجب رفع تکلف ووجود اتحاد ویگانگی
است پس حاصل آن آمد کہ قیام وترک قیام بحسب زمان واحوال واشخاص مختلف گردد واز ینجاست
کہ گاہی کردہ اند وگاہی نہ وباین وجہ حاصل می گردد تطبیق وتوفیق میان احادیث وقول او لم یکن
شخص احب مشعر ست بآنکہ محبت مستلزم تعظیم وہیبت واجلال ست باوجود آن چون آنحضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم مکروہ میداشت آنرا ایشان نخاستند بجہت طلب رضا واطاعت از ینجا معلوم گردد کہ لا طاعۃ
فوق الادب ہر روشی کہ طبیب رفت ہمین محبت وکمال آن باعث بر عدم قیام آمد گویا کانوا اذا راوہ لم یقوموا
بیان ثمرہ ونتیجہ کلام سابق ست فافہم انتہی اور ناگوار رکھنا اپنے قیام تعظیمی کا واسطے تحریم کے نہ تھا
اسواسطے کہ قیام تعظیمی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا صحابہ سے ثابت ہے جیساکہ مشکوۃ مین بسند بیہقی
کے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یجلس معنا فی
المسجد ویحدثنا فاذا قام قمنا قیاما حتی نراہ قد دخل بعض بیوت ازواجہ کہا ابو ہریرہ نے
تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ بیٹھتے ہمارے ساتھ مسجد مین اور باتین کرتے ہمسے پس جب کھڑے
ہوتے اور اٹھتے کھڑے ہو جاتے ہم کھڑے رہتے کہ یہانتک کہ دیکھتے ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہ
داخل ہو چکے بعضے گھرون بیبیون اپنے کے تئین پس اس سے معلوم ہوا کہ صحابہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کے لیے قیام کرتے تھے پس اس روایت اور روایت انس رضی اللہ عنہ مین تعارض درباب قیام تعظیم
نفیاً و اثباتاً پیدا ہوا اور مثبت مقدم ہی عمل مین نافی سے جیساکہ فصل اول مین مشرح ہو چکا ہی اور
نہی قیام تعظیمی کی کہ مشکوٰۃ مین بسند ابو داؤد ابی امامہ سے مروی ہی قال خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم متکئا علی عصا فقمنا لہ فقال لا تقوموا کما یقوم الاعاجم یعظم بعضہا بعضاً کہا
ابو امامہ رضی اللہ عنہ نے کہ نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ٹیک دیے ہوے اوپر عصا کے پس کھڑے
ہوے ہم واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس فرمایا آنحضرت نے نہ کھڑے ہو جیساکہ کھڑے
ہوتے ہین اعاجم کہ تعظیم کرتے ہین بعضے بعضون کی یہ نہی محمول اوپر ہیئت مخصوص قیام تعظیمی کے نہ نفس
قیام تعظیمی کے اور قرینہ عبارت مقتضی ہے خصوص ہیئت کو جیساکہ لکھا ہی شیخ عبدالحق دہلوی رحمۃ اللہ
علیہ نے اس حدیث کی شرح مین برنخیزید ونہ ایستید چنانکہ برمی خیزند ومی ایستند اہل عجم تشبیہ در اصل
ایستادن باشد یا کیفیت خاص کہ چون عظیمے از عظماے ایشان برایشان در آید بمجرد دیدن وی برخیزند
اضطراب کنند و بیش آیند وبراے تعظیم وے برپا ایستادہ باشند چنانکہ تلمیح بآن کردہ بقول خود یعظم
بعضہا بعضاً تعظیم می کنند بعضے از ایشان کہ اصاغر ند بعضے دیگر را کہ عظما و اکابرند و برین توجیہ اصل
قیام ممنوع نباشد چنانکہ در احادیث آمدہ بلکہ آنچہ بطریق تعظیم وتجبیر باشد انتہی اور درصورت محمول ہونے
مطلق قیام تعظیمی کے یہ نہی منسوخ ہی بفعل آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جیساکہ مشکوٰۃ مین بسند ابو داود ام المومنین
عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہی قالت ما رأیت احداً کان اشبہ سمتاً وہدیاً ودلاً وفی روایۃ
حدیثاً وکلاماً برسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من فاطمۃ کانت اذا دخلت علیہ قام
الیہا فاخذ بیدہا فقبلہا واجلسہا فی مجلسہ وکان اذا دخل علیہا قامت الیہ فاخذت بیدہ
فقبلتہ واجلستہ فی مجلسہا کہا ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ نہین دیکھا مین نے کسی ایک کو
کہ ہووے مشابہ زیادہ روش باطنی و وقار ظاہری اور حسن اخلاق مین اور ایک روایت مین حدیثاً وکلاماً
بھی مذکور ہی یعنے بولی اور بات مین ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے تھین
فاطمہ رضی اللہ عنہا کہ جب داخل ہوتین آنحضرت پر یعنی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت
مین حاضر ہوتین کھڑے ہوجاتے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم طرف اُنہین فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پھر
پکڑتے ہاتھ اُنکا پس بوسہ دیتے اُنکو اور بٹھلاتے اُنکو اپنی نشست گاہ مین یعنی پاس اپنے اور جگے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ جب تشریف لاتے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر مین کھڑی
ہوجاتین طرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پھر پکڑتین ہاتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کا پس بوسہ دیتین اُنکو اور بٹھلاتین اپنی نشست گاہ مین ظاہر ہی کہ کلمہ کان کا بعد داخل ہونے
کے فعل پر دلالت کرتا ہی اوپر دوام کے پس بلاشبہ وقوع اس فعل کا بعد نہی کے ہوگا کیونکہ حضرت
عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس روایت مین ترک قیام کو ذکر نہین کیا اور بھی محمول کرنا اس قیام کا
اوپر قیام محبت غیر تعظیم کے بعید ہی اس لیے کہ وقوع ایسے امور کا ازراہ محبت کے درصورت تمادی
مفارقت کے ہوا کرتا ہی نہ دائما اس وجہ سے علما نے استحباب قیام تعظیمی واسطے بزرگون کے اس
حدیث سے ثابت کیا جیسا کہ شیخ عبدالحق دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح مشکوۃ مین تحت حدیث
ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ کے قوموا الی سیدکم کہ درحق سعد بن معاذ اوسی رضی اللہ عنہ کے لکھا
ہی پوشیدہ نماند کہ قیام آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مر فاطمہ رضی اللہ عنہا را و قیام وی رضی اللہ
عنہا مر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم را سابقا معلوم شدہ و تاویل بآنکہ آن قیام محبت و اقبال بود
نہ تعظیم و اجلال خالی از بعدے نیست و ہم طیبی رحمہ اللہ از محی السنۃ نقل کردہ کہ اجماع کردہ اند
جماہیر علما باین حدیث بر اکرام اہل فضل از علم یا صلاح یا شرف بقیام و امام محی السنۃ محی الدین
نووی رحمۃ اللہ علیہ گفتہ کہ این قیام مر اہل فضل را وقت قدوم آوردن ایشان مستحب ست
و احادیث درین باب ورود یافتہ و در نہی ازان صریحا خبری صحیح نشدہ و در مطالب المومنین از قنیہ
نقل کردہ کہ مکروہ نیست قیام جالس از برای کسیکہ درآمدہ است بروی بجہت تعظیم و قیام مکروہ نیست
بلکہ مکروہ محبت قیام ست از کسے کہ قیام کردہ شدہ است برای وی و اگر وی محبت قیام ندارد قیام برای
وی مکروہ نبود قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ گفتہ کہ قیام منہی عنہ درحق کسی ست کہ نشستہ باشد و ایستادہ
باشند پیش وی مردم تا نشستن وی چنانکہ در حدیث بیاید در قیام و تعظیم برای اہل دنیا بجہت دنیاے
ایشان وعید شدید وارد شد مکروہ ست در غایت کراہت انتہی اور بعضے سفہا قیام وقت کو تشبیہ دیتے
ہین ساتھ جنم وغیرہ کے معاذ اللہ حالانکہ فصل اول مین مشرح ہوچکا ہی کہ جو کہ اصول اربعہ سے ثبوت
پاوے اسمین حرمت تشابہ بدون نیت تشابہ کے اور اتحاد وضع کی لاحق نہین ہوسکتی اور ظاہر ہی کہ اس
قیام مین مدائح نبویہ اور درود پڑھا جاتا ہی اور اسمین شمول لہویات کا ہی مصرع چہ نسبت خاک را با عالم پاک

۵ سوال ۲۴۴ مولوی صاحب دام اقبالکم السلام علیکم ولی اللہ کے مزار پر چادر مٹھائی پھول وغیرہ لیجاکر فاتحہ دینا اور مجلس میلاد شریف مین جو تعظیما قیام کے واسطے اٹھتے ہین جائز ہے یا ناجائز ہے اسکا فتوی تحریر فرماکر روانہ فرمایئے مولوی اسد اللہ اس بات کا فتوے دیتے ہین کہ شیرینی وغیرہ لیجاکر جو فاتحہ مزار پر دیتے ہین وہ شرک ہے قرآن سے ثابت ہے ہو الموصوب امور مذکورہ بعض علما کے مستحبات سے ہین واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ

۵ سوال ۲۴۵ کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ یہ اشعار

دل از عشق محمد ریش دارم رقابت باخدای خویش دارم

عشق حضرت کا نہ لو نام دلا ہوشین کہین خالق سے نہ مضمون رقابت نکلے

کیسے ہین اور حکم انکا کیا ہے اور بعد تنبیہ صحت پر اصرار جائز اور تاویلات مفید ہین یا نہین بینوا توجروا الجواب قبل از بیان حکم تحقیق معنے اشعار حسب محاورہ شعرا اعتراضر و اضح معنی رقابت باصطلاح شاعران فارس وارد و مخالفت وعناد و رشک وحسد کو متضمن یا مستلزم اور دوسرے کا محبوب سے مجرد محبت رکھنا صحت اطلاق رقیب کے لیے غیر کافی ولہذا کہین انکے کلام مین ذکر اس صفت اور اسکے موصوف کا خیر وخوبی کے ساتھ نہین پایا جاتا جہان کہین لکھتے ہین سب وشتم وطعن وتشنیع وکلمات حسد ودعاہای بد وامثال اسکے کلمات کریہہ واقوال قطیعہ سے یاد کرتے ہین اور اولاد ووالدین کو نہ رقیب کہین نہ انکی نسبت الفاظ مذکورہ لکھین پس جناب باری جل شانہ وعظم برہانہ کو اپنے سے یہ نسبت قرار دینا گویا یہ کہنا ہے کہ العیاذ باللہ تعالی اس شخص کا مخالف اور اس سے رشک وحسد رکھتا ہے شعر اول مین صراحۃً ادعاے رقابت ہے پس باعتبار معنی متبادر ومحاورات شعرا اسکے کلام بیہودہ ومخالف شریعت مطہرہ ہونے مین کیا شبہہ شعر ثانی مین اگرچہ اس صریح دعوے سے احتراز اور جناب باری کو اپنا رقیب قرار دینے سے انکار ہو مگر طریقہ احتراز یہ ہے کہ عشق حضور مین خوف رقابت خدا تسلیم کرکے راسا عشق ومحبت کے نام لینے سے منع کرتا اور باز رکھتا ہے اور یہ امر بھی بوجوہ مخالفت شریعت غرا ہے اولا اگر علی سبیل التنزل معنی شعر یہی قرار دیے جاوین کہ عشق حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم مین رقابت باری کا ایک وہم واحتمال ہے تاہم اس نسبت کے ایہام مین ایہام رشک وحسد پیدا کرنے کا محصل ظاہر کلام یہ ہے کہ عشق ومحبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نہ لینا چاہیے مبادا خدای تعالی مخالف ہوجائے اور معاذ اللہ رشک وحسد پیش آوے

پر ظاہر کہ حضرت قدوس سبحانہ میں عیوب ونقائص کا وہم واحتمال بھی گستاخی وسوء ادب سے خالی نہیں ثانیا محبت حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ گمان فاسد کرنا اور اُنکے نام لینے سے باز رکھنا سفاہت بر سفاہت اور شرعا از قبیل یاوہ گوئی و ہذیانات ہے وہ بالا ہمارے سید و مولی صلی اللہ علیہ وسلم کی اصل ایمان وموجب رضائے رحمن ہے بندہ کو جسقدر اُس جناب سے عشق ومحبت زیادہ ہو اسی قدر ایمان کامل اور حضرت معبود سے نزدیکی وقرب زیادہ حضور خود ارشاد فرماتے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم لایؤمن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین یعنے تم میں کسی کا ایمان پورا نہیں ہوتا جبتک مجھے اپنے باپ اور اولاد اور سب آدمیوں سے زیادہ دوست نہ رکھے دوسری روایت سے ثابت ہے کہ جبتک حضور کو اپنی جان سے زیادہ نہ چاہے گا کمال ایمان نہ پائے گا نہ کہ العیاذ باللہ عشق جناب کے نام لینے سے مخالفت الٰہی اور اُس جانب سے رشک وحسد کا گمان ہو جیسا کہ ظاہر شعر ثانی سے متوشح ہے پس بلاریب دونوں شعر خلاف شریعت بیضا اور سخت بیہودہ و بیجا ہیں مگر پہلا دوسرے سے قبیح تر کہ اُس میں کھلا کھلا ادعاے رقابت ہے اہل اسلام کو امثال اس کلام سے احتراز لازم اور تاویلات وتصرفات اس حکم سے نجات نہ دینگے کہ ایسا لفظ کہنا کہ جسکے معنی متبادر میں جناب باری یا حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے ادنی گستاخی و دیگر قبائح شرعیہ پائے جائیں بلکہ اُسکا مجرد احتمال ہی ہو طریق ادب کے خلاف اور شرعا بیجا اور بعد تنبیہ اُس پر اصرار کرنا اور ویسے لفظ کہنا اور زیادہ برا ہے ہذا ما عندی والعلم بالحق عند واہب العلوم عالم کل سر مکتوم کتبہ عبدہ المذنب احمد رضا عفی عنہ بمحمد المصطفی [احمد رضا خان ولد مولوی نقی علیخان] صلی اللہ علی الہ اجمعین محمد نقی علی عفی عنہ [مولوی نقی علیخان ولد مولوی رضا علیخان] جواب مذکور درست وصواب ور حضرت مجیب مستحق اجر وثواب ہیں اسی واسطے کہ از دیاد محبت قلبی اور غلبہ شوق وعشق ولی سلامتہ جناب سید المرسلین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے اصل مدار ایمان ہے جسقدر اس میں کمی ہے اُسی قدر ایمان کا نقصان ہے اور انکار اس وصف کمال کا اور نام لینا اُسکا زبان سے بھی نہایت قبیح مقتضاے واما بہشت معشوق کے ہر دو شعر اردو میں جو بحوف نکلے مضمون رقابت کے حضرت کے عشق کے نام لینے سے علاقہ گویا دالہ ہے باعتبار معنی ظاہر متبادر کے ضلالت وجہالت نا مستحسن ہے اور شعر فارسی بھی باعتبار معنی متبادر قبیح و مستہجن ہے ایسے بیجا مضامین گو شعرا کے نزدیک نہایت

ہون اور عقلا ہذیان نہون مگر شرعاً نہایت بیجا ہین اور مقام نعت شریف مین کہ نہایت جا سے
ادب ہی استدلال کلام ایمہ شریعت سے لازم ہی استشہاد اقوال و اشعار شعرا سے بے قید سے نازیبا ہے
البتہ جبتک قائل کا اعتقاد معنی متبادر پر بغیر تاویل کے ثابت نہو حکم کفر قطعی کا نسبت شخص معین کے
جائز نہین اور اگر اصرار و التزام اُس شئے فاسد کا قائل کو ہو تو البتہ اس مین خوف نقصان ایمان
کا ہے اور تاویل و توجیہ خلاف ظاہر گو کفر سے مانع ہی مگر پھر بھی ممنوع ہونا تفوہ ایسے مضمون کا
برقرار ہی واللہ تعالی اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب حررہ الفقیر عبد القادر القادری عفی عنہ
فی الواقع ایسے کلمات جناب باری جل جلالہ کے حق مین بڑی بے ادبی کے موجب ہین بلکہ
اصرار اس پر موجب تعزیر ہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن
ذنبہ الجلی والخفی [ابو الحسنات محمد عبد الحی] جامع الفتاوی کے کتا ہو کہ ایسے اشعار اگر
غلبہ محبت سے کہے ہین تو موجب تعزیر یا لائق سرزنش نہین ہین استعارات و تشبیہات اور مجازات
کا استعمال اشعار مین بہت ہوتا ہی اور جب ایک لفظ مختلف معنی مجازی کی محتمل ہو تو شان اسلام
مین سے اُسی معنی کی تخصیص کردے گی جو منافی عقائد قائل نہون بحسب اسکی انبت الربیع البقل
کے تحت مین کتب معانی و بیان مین مشرح ہی تو اب ان اشعار کے معانی ایسے لینا جو شان اسلام
کے خلاف ہون ناروا ہوگا نہ یہ کہ ایسے اشعار کا کہنا ناجائز ہوگا ورنہ انبت الربیع البقل کے
تا تعدد محاورات ترک کرنا پڑین گے۔ مانا کہ رقیب دشمن کی جگہ اور مخالف کے اوپر بولا جاتا ہی
ساتھ ہی اسکے ہم خیال اور ہم مذاق اور ایک شخص کے مختلف عشاق پر بھی اطلاق ہوتا ہی اور محبوب
ابسا اپنے محبوب کے کثرت عشاق ہونے کو پسند کرتا ہی جو ذوق محبت رکھتے ہین اُن پر یہ امر ظاہر
ہی پس کیون نہ شعر فارسی سے مقصود اتباع سنت ہو اور شعر اُردو مین تادب کا پہلو ملحوظ
رکھنے اور اپنی محبت کی تحقیر کے خیال کرنے کا نہو جو شان اہل ایمان کے موافق ہی اور لفظ رقابت
سے بھی سمجھا جاتا ہی واللہ اعلم ۱۳۱۵ سوال ۱۴۶ چہ می فرمایند علماے دین و مفتیان شرع متین در تبرکات
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم از قدم شریف و ردا و قمیص و موی مبارک کہ کدام کدام چیز بعد وفات
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم باقی بود و کجا کجا منتقل شد بینوا بالروایات توجروا عند اللہ المصوب
بود ان موی مبارک و قمیص وغیرہ تبرکات نزد مصریان ثابت ست شیخ عبد الحق دہلوی رحمہ اللہ

در مدارج النبوة افاده نموده و در روایتی آمده که سر تراشید رسول مقبول صلی الله علیه وسلم بعد از آن حلاق
طلبید که معمر بن عبد الله نام داشت و اشارت کرد حلاق که ابتدا به جانب راست کند و قسمت
نمود موهای را بر اصحاب هر یکی را یک تار مو تا دو تار مو نصیب رسید و موهای جانب چپ را با بوطلحه
انصاری داد و آخر ناخن انگشتان مبارک تقلیم کرد و آن را نیز بر مردان قسمت نمود و مروی از
ابو برده ابن ابو موسی اشعری که گفت بیرون آورد پیش ما و نمود ما را عائشه رضی الله عنها ازاری درشت
مرقع و گفت قبض کرده شد روح حضرت پیغمبر صلی الله علیه وسلم در این دو جامه با این صفت
و گفت اسماء بنت ابی بکر رضی الله عنها جبه آنحضرت نزد عائشه رضی الله عنها بود و فوت کرد پس گرفتم آن را من و ما
می شوییم آن را برای بیماران برای طلب شفا و در کلاه خالد بن ولید موی چند بود از موهای
شریف صلی الله علیه وسلم تبرکا و افتاد کلاه وی در بعضی جنگ پس مضطرب گشت در
جستجوی آن تا آن که چند مسلمانان کشته شدند پس انکار کرد صحابه این فعل را بر خالد
گفت نکرده ام این را برای کلاه بلکه بجهت موهای شریف که در آن بسته بود نگاه داشتم تا ضایع
نشود و در دست مشرکان نه افتد و برکات آن از من مسلوب نگردد و مروی است که بعضی
از متروکات پیغمبر صلی الله علیه وسلم پیش عمر بن عبد العزیز بود و او آن را در خانه محفوظ نگاه
میداشت و هر روز یکباری می رفت و آنها را زیارت میکرد و گاه بود که چون بعضی از اشراف
پیش وی می آمدند آن را در آن خانه می برد و آنها را بایشان می نمود و میگفت میراث من اکرمکم
الله و اعزکم به و گویند در آن خانه سریری و بالشی از ادیم که حشو آن از لیف خرما بود و یک جفت
موزه و قطیفه و اشیای دستی و کنانه که در آن چند تیر بودند و گویند که در آن قطیفه اثر عرق سر
مبارک وی بود و مردی زحمتی عظیم داشت و شفائی نیافت از عمر بن عبد العزیز التماس نمودند
که بعضی از آن عرق بشویند او با سعوط در بینی بیمار چکانیدند بیمار شفا یافت انتهی و صاحب
مواهب اللدنیه نقل نموده است که در شهر ذیقعده سنه هشت صد و نود و نه هجری نزد یک شیخ
ابی حامد موی رسول مقبول صلی الله علیه وسلم دیده ام و ایضا من بعد ما ذکره من فضل
تمثال نعله الکریمة علیها افضل الصلوة والتسلیم و جرب من نفعها و برکتها ما
ذکره ابو جعفر احمد بن عبد المجید و کان شیخا صالحا قال حذوت هذا المثال

لبعض الطلبة فجاءني يوما فقال لي رايت البارحة من بركة صاحب هذا النعل عجبا اصاب
زوجتي وجع شديد كاد يهلكها وجعلت النعل على موضع الوجع وقلت اللهم ارني بركة
صاحب هذا النعل اصابه دعوي من الوجع الشديد فشفاها الله للحين قال ابو اسحاق قال
ابو القاسم ابن محمد ومما جرب من بركته ان من امسكه انتهى طلبا تبركا به كان امانا
من بغي البغاة وغلبة العدو وحرزا من كل شيطان مارد وعين كل حاسد وان امسكته
المرأة الحامل بيمينها وقد اشتد عليها الطلق تيسر امرها بحول الله وقوته انتهى والله اعلم
بالصواب واليه المرجع والمآب نمقه احقر العلماء خادم احمد عفر الله الصمد سوال ۱۵۴ ما قولكم رحمكم الله تعالى
در آثار قدم شریف که در تمام عالم بر شهر وقصبه موجود است اعتقاد این چگونه باید داشت از آنحضرت صلی الله علیه
وسلم چگونه بصحت رسیده که نقش قدم شریف در حجر اثر کرده وبعد ازان منتقل شده کجا رسیده ودر عهد
صحابه وتابعین کجا مانده حالا بکجا انکار ازهمان تبرکات است چگونه تعظیم وتکریمش کرده آید بینوا
توجروا هو الموفق بودن اثر قدم شریف در مقام ابراهیم واثر حافر بغله شریف در مسجد بنی معاویه
اندرون مدینه بحد تواتر رسیده شیخ عبد الحق دهلوی در مدارج النبوة افاده نموده واز انجمله است
که چون بر سنگ میرفت فرو میرفت هر دو پای وے در آن چنانکه در مقام ابراهیم متواتر است
واثر مرفقین آنحضرت در سنگ دیگر مشهور است واثر حافر بغله شریف در مسجد بنی معاویه در مدینه
واقع است انتهی ودیگر جاها که اثر قدم شریف مردمان مشهور ساخته اند اگر بپایه تصدیق برسد او را
تبرک شمارد واز و برکت گیرد بایں طور که او را مس ساخته هر دو دست را بر دو چشم مالد شیخ عبد الحق
دهلوی در مدارج النبوة رقم فرموده دیده ابن عمر رض که نهاد دست خود را بجای نشستگاه آنحضرت
صلی الله علیه وسلم بعد ازان دست را بر روی خود مالید انتهی آری چنین تعظیم وتکریم نباید کرد بپایه پرستش که
رسانند اعاذنا الله منه والله اعلم بالصواب والیه المرجع والمآب نمقه احقر العلماء خادم احمد عفر الله الصمد
۵۵ سوال ۲۳۹ ایسے موئے مبارک کی زیارت کی نسبت اور ایسی محفل زیارت میں شرکت کی
بابت جو بغیر اسناد صحیح کے آنحضرت صلی الله علیه وسلم کی طرف منسوب کی جاتی ہو حالانکہ ایسی محفلوں
میں بعض منہیات شرعیہ اور بدعات سیئہ کا ارتکاب بھی کیا جاتا ہو نیز شب زیارت کو بہت سے
چراغان روشن کیے جاتے ہیں نوبت وشہنائی نوبت بہ نوبت بجائی جاتی ہو [illegible]

راگ بھی مع مزامیر وغیرہ ہوتا ہے غرضکہ جملہ رسومات شادی اُس محفل زیارت مین ادا ہوتے ہین اور اسباب
عیش وطرب مہیا کیے جاتے ہین صبح روز زیارت کو بالیدہ پر آنحضرت کی شرح پر فتوح پر فاتحہ مرسومہ کرنا
بھی واجبات سے خیال کیا جاتا ہے اور نیز ارشاد ہو کہ شیفتگان موی مبارک اکثر نقد وجنس بطور نذر
ونیاز کے موے مبارک پر چڑھاتے ہین اُسکا لینا کیسا ہے اور کسکو لینا چاہیے اور کسی قدر اراضی
وغیرہ بطور اعانت عرس موے مبارک کی سلاطین اہل اسلام کے عہد سے معاف چلی آتی ہے اُس پر
خوادمان موے مبارک کا متصرف ہونا اور اُس مین سے اپنا اور اپنے اہل وعیال کا نفقہ چلانا شرعاً کیسا
ہے بینوا توجروا **الجواب** جاننا چاہیے ہر مسلمان کو کہ جن چیزون کو ذات بابرکات حضرت رسول الثقلین
سیدنا ومولانا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کسی قسم کا علاقہ ہے خواہ وہ موی مبارک ہو خواہ جبہ مبارک ہو
خواہ نعلین پاک ہون خواہ اور کوئی چیز ہو کہ جسکو آنحضرت نے مس فرمایا ہو اور کسی طرح سے اُسکو شرف
پیدا ہوا ہو ایسی تمام چیزون کی تعظیم کرنا اور اُنسے برکت حاصل کرنا نشان کمال ایمانی اور دلیل غایت
محبت نبوی ہے اور جملہ آثار نبی پر جان نثار کرنا ایک عمدہ علامت علامتہاے اسلام سے ہے اس
باب مین کسی عاشق جناب نبوی کو کلام اور کسی اہل ایمان کو اس سے انکار کی مجال نہین ہے اور اس مین
شبہہ نہین ہو سکتا کہ ایسے آثار ومشاہد کی تعظیم وتکریم اور اُنسے برکت حاصل کرنا دراصل تعظیم و
تکریم جناب احمدی کی ہے جو راس الایمان ہے اور ثبوت اسکا اکثر احادیث صحیحہ اور آثار صحابہ کرام سے ہوتا
ہے چنانچہ موے مبارک کی تعظیم اور برکت حاصل کرنیکی نسبت عثمان بن عبد اللہ بن موہب سے
روایت ہے ارسلنی اھلی الی ام سلمۃ بقدح من ماء وکان اذا اصاب الانسان عین او شئ بعث
الیہا مخضبۃ فاخرجت من شعر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکانت تمسکہ فی جلجل من فضۃ
فخضخضتہ لہ فشرب منہ قال فاطلعت فی الجلجل فرایت شعرات حمراء رواہ البخاری
ترجمہ عثمان بن عبد اللہ بن موہب فرماتے ہین کہ بھیجا مجکو میرے گھر والون نے حضرت ام سلمہ رض کے
پاس ایک پیالہ پانی کا لیکر اور عادت سب کی یہ تھی کہ جب کسی آدمی کو نظر لگتی یا اور کچھ بیماری ہوتی تو وہ حضرت
ام سلمہ کے پاس پانی کا پیالہ بھیجا کرتا پس ام سلمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا موے مبارک نکالتین اور
اُسکو ایک چاندی کی ڈبیہ مین رکھا کرتی تھین پس وہ موے مبارک اُسی پانی مین ڈال کر ہلا دیا
کرتی تھین اور وہ اُسکو پی لیا کرتا تھا پس مین نے جہانک کر ڈبیا مین دیکھا تو اُس مین چند بال سرخ تھے

سرخ رنگ کے روایت کیا اسکو بخاری نے اور جبہ مبارک کی تعظیم اور اس سے برکت حاصل کرنے کی نسبت حضرت اسما بنت ابی بکر ہمشیرہ خاص حضرت عائشہ صدیقہ رض سے روایت ہوا انہا اخرجت جبة طیالسة کسروانیة لہا لبنة دیباج وفرجیہا مکفوفین بالدیباج وقالت ہذہ جبة رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کانت عند عائشة فلما قبضت قبضتہا وکان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یلبسہا فنحن نغسلہا للمرضی نستشفی بہا رواہ مسلم ترجمہ حضرت اسما بنت ابی بکر سے روایت ہی کہ انہون نے نکالا ایک جبہ طیلسان کا کسرانی کہ اس مین گریبان ریشمی سنجاف تھے اور دونون چاکون پر اسکے ریشمی سنجاف تھے اور کہا کہ یہ جبہ ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت عائشہ کے پاس رکھا تھا پس جب عائشہ نے انتقال کیا تو یہ جبہ مین نے لے لیا اسکو آنحضرت پہنا کرتے تھے اور اب ہم دھو کر مریضون کو پلاتے ہین کہ اسکی برکت سے شفا حاصل کرین اور اس سے پوشیدہ نہ رہے کہ ثابت ہوا کہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے اپنے آثار مبارک کو تبرکا اورونکو عطا فرمایا ہو اور بطریق تبرک اسکا استعمال کرایا ہی چنانچہ باب حجة الوداع مین حضرت انس رض سے مروی ہی قال ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اتی منی فاتی الجمرة فرماہا ثم اتی منزلہ بمنی ونحر نسکہ ثم دعا بالحلاق وناول الحالق شقہ الایمن فحلقہ ثم دعا ابا طلحة الانصاری فاعطاہ ایاہ ثم ناول الشق الایسر فقال احلق فحلقہ فاعطاہ ابا طلحة فقال اقسمہ بین الناس رواہ الشیخان ترجمہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آئے منا مین پس جمرہ کی جگہ آکر رمی کی پھر آپ اپنے قیامگاہ میں مراجعت فرما کر قربانی کی پھر حجام کو بلا کر جانب یمین سر مبارک اسکے طرف کی اسنے حلق کیا پھر ابو طلحہ انصاری کو بلا کر وہ موے مبارک دیدیے پھر حلاق کو دوسری شق بیسار کی دی اور فرمایا کہ حلق کر چنانچہ اسنے حلق کیا تو فرمایا ابو طلحہ کو دیکر کہ یہ سب کو بانٹ دے اور ایسے ہی مروی ہی حضرت ام عطیہ رض سے حضرت زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غسل اور تکفین کے قصہ مین انہا قالت فالقی حقوہ فقال اشعرنہا ایاہ ترجمہ حضرت ام عطیہ فرماتی ہین کہ حضرت نے اپنا تہبند ہماری طرف پھینکا اور فرمایا کہ اس کپڑے کو سب کپڑون سے پہلے پہنا کر کفن دو یعنی اسکو بدن سے متصل رکھو اور یہ حدیث دلیل ہی برکت حاصل کرنے مین صلحا کے آثار سے چنانچہ صاحب لمعات نے اسکے تحت مین افادہ فرمایا ہی وہذا الحدیث اصل فی التبرک بآثار الصالحین ولباسہم الخ ترجمہ یہ حدیث اصل ہے

افادہ فرمایا ہے کہ یہ حدیث اصل ہے بیچ حاصل کرنے برکت کے ساتھ آثار صلحا اور لباس انکے کے اور
اسی طرح جن چیزوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مس فرمایا اسکی برکت ثابت ہے چنانچہ حضرت کبشہ
روایت فرماتی ہیں قالت دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فشرب من ماء فی قربۃ
معلقۃ قائما فقمت الی فیھا فقطعتھا ترجمہ حضرت کبشہ روایت فرماتی ہیں کہ آنحضرت ہمارے گھر
آئے اور ایک مشکیزہ لٹکتا تھا اسکو منہ سے لگا کر آپ نے پانی پیا پس میں نے اس مشکیزے کے
دہانے کو تراش رکھا اور قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے شفا میں افادہ فرمایا ہے ومن اعظامہ
اعظام جمیع اسبابہ واکرام مشاھدہ وامکنتہ من مکۃ والمدینۃ ومعاھدہ وما لمسہ علیہ
الصلوۃ والسلام وایضا قال کانت فی قلنسوۃ خالد بن الولید شعرات من شعرہ صلی اللہ
علیہ وسلم فسقطت قلنسوتہ فی بعض حروبہ فشد علیھا شدۃ انکر علیہ اصحابہ
کثرۃ من قتل فیھا فقال لم افعلھا بسبب القلنسوۃ بل لما تضمنت من شعر النبی
صلی اللہ علیہ وسلم لئلا اسلب برکتھا وتقع فی ایدی المشرکین الخ
ترجمہ اور قاضی عیاض نے کہا کہ منجملہ تعظیم آنحضرت کے تعظیم ہے آپ کے تمام اسباب کی اور بزرگی آپ کے
تشریف لانے کے مقامات اور مکانوں کی کہ مکہ میں ہوں یا مدینہ میں اور آپ کے عبادت کرنے کے
مقامات اور جن چیزوں کو آپ نے ہاتھ لگایا ہو یا مس ہو جو اسکی آپ پر اور سلام اور نیز کہا عیاض نے
کہ حضرت خالد کے ٹوپی میں چند موئے مبارک آنحضرت کے تھے پس گر گئی ٹوپی انکی ایک لڑائی میں
پس دوڑے اس ٹوپی کے واسطے کہ اس موقع پر انکے ساتھیوں نے ناپسند کیا اس جگہ کے قتل و
قتال کے اندیشہ سے تو حضرت نے فرمایا کہ میں کچھ اس ٹوپی کے لیے نہیں گھبرایا تھا بلکہ اس لیے کہ اس
میں آنحضرت کے موئے مبارک تھے مجھکو اندیشہ ہوا کہ مبادا وہ مشرکین کے ہاتھ لگے اور میں اسکی
برکت سے محروم ہو جاؤں ایضا قال القاضی وحکی عن عبد الرحمن السلمی عن احمد بن فضلویہ
الزاھد وکان من الغزاۃ الرماۃ انہ قال ما مست القوس بیدی الا علی طھارۃ منذ
بلغنی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اخذ القوس بیدہ الخ ترجمہ اور نیز کہا قاضی نے کہ مروی
ہے عبد الرحمن سلمی سے وہ روایت کرتے ہیں احمد بن فضلویہ زاہد سے اور وہ منجملہ غازیوں تیر اندازوں کے
تھے تو انہوں نے کہا کہ جب سے میں نے یہ سنا ہے کہ کمان کو آنحضرت نے دست مبارک سے چھوا

اُسوقت سے مینے اُسکو کبھی بے وضو نہین چھوا وایضا قال رأی ابن عمر واضعا یدہ علی مقعد النبی
صلی اللہ علیہ وسلم من المنبر ثم وضعہا علی جبہتہ الخ ترجمہ اور کہا قاضی نے کہ
ابن عمر کو لوگون نے دیکھا کہ جہان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر بیٹھتے تھے اُس جگہہ ہاتھ لگا کر پیشانی
مس فرماتے تھے پس ان تمام احادیث و روایات سے اہل ایمان کی نظر مین بخوبی ثابت ہوتا ہے کہ
جملہ آثار و مشاہد نبوی سے برکت حاصل کرنا اور اُنکی تعظیم کرنا عمدہ نعماے الٰہی سے ہی اور اس قسم کی برکت
اور تعظیم کا ثبوت خود آنحضرت و صحابہ کرام کے افعال مبارک سے ظاہر ہوتا ہی لیکن مسلمان کو چاہیے کہ
وہ اس بات پر نظر کرے کہ جس طرح ان احادیث سے آثار نبوی کی برکت و تعظیم کا ثبوت ہوتا ہی اُسیطرح
تعظیم و برکت حاصل کرنے کا طریقہ بھی انھین احادیث سے ثابت ہوتا ہی پس جس طرح وہ شخص جو منکر
برکت آثار نبوی ہو بددین گنہگار ہی اسی طرح وہ شخص جو خلاف طرق مرویہ حدیث کے کوئی نیا طریقہ
تعظیم کا اپنی طرف سے اختراع کرے وہ مبتدع اور مخالف سنت کہا جاویگا اس لیے کہ مخالفت سنت
مین دونون برابر ہین اور یہ اُس صورت مین ہی جبکہ اُس طریقہ مخترعہ مین کوئی امر خاص حرام شرعی
اور محرمات یقینیہ سے شامل نہو اور اگر اُس طریقہ مخترعہ مین کوئی امر محرمات شرعیہ سے بھی شامل کیا جاوے
تو ایسی حالت مین دو نقصان ہونگے ایک تو طریق خاص کا احداث اور دوسرے محرمات شرعیہ کا
ارتکاب اور ان دونون باتون کا حکم یہ ہی کہ اسکا مرتکب غیر مستحل فاسق اور مستحل کافر ہی دوسرے اس
بات پر نظر رکھنی چاہیے کہ جو تعظیم اور برکت آنحضرت کے آثار کے واسطے ثابت ہی وہ آنحضرت ہی کے
آثار کے ساتھ مخصوص اور دوسرے کے آثار کے ساتھ وہ معاملہ کرنا جو آنحضرت کے آثار کے ساتھ
مخصوص ہی حرام ہی پس ضرور ہوا کہ جب کسی خاص جبہ اور خاص لباس اور خاص ... کی نسبت یہ دعویٰ
کیا جاوے کہ یہ آنحضرت کے آثار ہین تو اول اس بات کا یقین حاصل کیا جاوے کہ یہ آثار آنحضرت ہی کے
آثار ہین یا دوسرے شخص کے ہین جنکو آنحضرت کی طرف طمع سے منسوب کردیا ہی تاکہ اس یقین سے
آثار کے ساتھ آنحضرت کے آثار کا سا برتاؤ لازم نہ آوے اور اس قسم کے یقین کا حصول
بغیر اس طریقہ کے متعذر ہی جسکو ہمارے محدثین رحمہم اللہ نے روایت حدیث مین اختیار کیا ہی
اثبات آثار نبوی بھی حدیث عن رسول اللہ ہی اور حدیث عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین یہی طریقہ
مسلوک ہی اور یہ بات ظاہر ہی کہ جہان آثار کا ثبوت ایسے طرق روایت پر موقوف ہو تو اسکو

وہ بھی صحت اسناد اور عدم صحت اسناد پر موقوف ہوگی اور جس صورت میں اسکے واسطے سند ضعیف
بھی میسر نہو تو صرف عقیدہ جاہلوں کے عرف زمانہ کے سبب اسکو ثابت کرسکتے ہیں جس خلاصہ کلام یہ ہو اگر بلا شبہ
تعظیم آثار نبوی علامات ایمانی میں سے ہو جسکا ثبوت احادیث صحیحہ سے ہوتا ہو لیکن وہ تعظیم اور تبرک
منحصر ہے انہیں طرق میں جو احادیث سے ثابت ہیں اور یہ تعظیم فرع ہو اس بات کی کہ ان آثار و تبرکات
کا انتساب آنحضرت صلعم کی ذات پاک کی طرف صحیح ہو اور صحت انتساب موقوف ہے صحت روایت پر لیکن جو آثار
بصحت روایت ثابت ہیں بلا شبہ انکی تعظیم صحابہ کرام کی طریقہ پر واجب کرنی چاہیے اور انسے برکت
حاصل کرنے میں کوئی شبہ نہیں اور جو بصحت روایت ثابت نہیں ہیں انکے ساتھ بلا تحقیق وہ معاملہ کرنا
جو آنحضرت صلعم کے آثار کے ساتھ کرنا چاہیے ایسا ہے جیسا کہ بلا سند کے کلام کو حدیث کہنا اور اس پر عمل
کرنا جسکی نسبت سخت وعید وارد ہے قال ابن عباس قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتقوا
الحدیث عنی الا ما علمتم فمن کذب علی متعمدا فلیتبوأ مقعدہ من النار رواہ الترمذی
ترجمہ حضرت عبد اللہ بن عباس سے مروی ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ تم میری طرف کسی بات کے منسوب کرنے
سے خوف خدا کرو اور بغیر تحقیق کے مجھسے کوئی روایت مت کرو کیونکہ جو مجھپر جھوٹ باندھے جان بوجھکر
وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں کرلے لیس واجب ہے ہر مسلمان پر یہ بات کہ جبتک اسکو اس بات کا علم نہو
کہ جس امر کی نسبت آنحضرت صلعم کی طرف کیجاتی ہے وہ نسبت صحیح ہے یا نہیں اسوقت تک اسکی روایت نکرے اور
جب روایت جائز نہیں تو عمل بطریق اولی جائز نہوگا البتہ ایسی صورت میں احتیاط کا مقتضے یہ ہے کہ
جب کوئی شئے آنحضرت صلعم کی طرف دعوے کیساتھ منسوب کی جاوے تو قبل تحقیق کے جیسا اس کا
اقرار جائز نہیں ہے انکار پر بھی اصرار نکرے بلکہ سکوت کرے چنانچہ ایسی صورت میں حدیث نبوی سے بھی
توقف ثابت ہوتا ہے صاحب مرقاۃ نے اس حدیث کے تحت میں قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
لا تصدقوا اهل الکتاب ولا تکذبوهم وقولوا آمنا باللہ وما انزل الینا الآیۃ رواہ البخاری
ترجمہ مت تصدیق کرو تم اہل کتاب کی اور نہ تکذیب کرو انکی اور کہو تم کہ ایمان لائے ہم اللہ پر اور اس چیز پر جو ہمپر
اتاری گئی روایت کیا اسکو بخاری نے لکھا ہے لا تصدقوا اهل الکتاب ای فیما لم تبین لکم صدقہ
لاحتمال ان یکون کذبا لظاهر من احوالهم قولہ ولا تکذبوهم ای فیما حدثوا من
التوراة والانجیل ولم یتبین لکم کذبہ لاحتمال ان یکون صدقا [illegible]

الکتاب قد یصدق وفیہا اشارۃ الی التوقف فیما استشکل من الامور والعلوم الخ غرض کہ جس
طرح ایسے مواقع پر بھی توقف کا طریقہ اسلم ہے جیسے تصدیق کرو اہل کتاب کی یعنی اس بات میں جسکی سچائی
ہم کو تصدیق نہیں ہوئی واسطے احتمال اس بات کے کہ شاید وہ جھوٹ ہو اس لیے کہ انکا ظاہر حال جھوٹ
کو مقتضی ہے اور نہ تکذیب کرو انکی ان باتوں میں جو توراۃ اور انجیل سے روایت کرتے ہیں تاکہ
انکی تکذیب ظاہر نہ ہو جاوے اسلیے کہ شاید وہ سچے ہوں کیونکہ ان کے دعوے صحیحہ بھی کبھی ہوتا
ہے کبھی سچ بول دیتا ہے اور اس میں اشارہ ہے اس بات کا کہ جو امر مشتبہ ہو اس اعتقاد اور یقین کے باب
میں سے تو اس میں توقف چاہیے الخ پس جب تمام امور کو ظاہر ہو چکے تو ایسے سائل کو یوں کہنا
چاہیے کہ جو لوگ موئے مبارک آنحضرت کی زیارت علی الہیئۃ مذکورہ سوال کیا کرتے ہیں [illegible]
اور [illegible] کے پابند ہیں دیکھو روایت مذکورہ بالا [illegible] جب موئے مبارک کا پانی مریض کے
واسطے حضرت ام سلمہ سے طلب کیا تو آنحضرت نے [illegible] اور قرآن خوانی نہیں کرائی
ترتیب مجلس اور تعیین وقت اور تاریخ نہیں کیا اور کسی قسم کے [illegible] عناصر سے آپ کی تعیین نہیں
فرمایا بلکہ اسکی برکت کو ہر حالت میں قابل اعتقاد [illegible] اس صورت کے سائل [illegible]
[illegible] تعیین ماہ و یوم و تاریخ کو امر ضروری اور موثر فی ازدیاد الثواب [illegible] کیا [illegible] سنت
میں کچھ بھی اصل نہیں ہے اور [illegible] اور اعتقاد [illegible] خاصہ کو لابدی [illegible] لیا ہے اور اس میں تو بہت سا
نقارہ و جلوس امیر [illegible] کیے جاتے ہیں جو سراسر افعال شیاطین سے ہیں [illegible] موئے مبارک [illegible]
زیر [illegible] کیا جاتا ہے اور بطور تبرک کے تقسیم [illegible] الا کہ اس سے انقطاع [illegible] ہو غرض [illegible] ہیں
حالانکہ ایسے رنگ بالاتفاق حرام ہیں پس برکت حاصل کرنا جو غایۃ الامر مستحب ثابت ہوگی باعث ہوئی
ہے ایسے محرمات شرعیہ کی ارتکاب کی جن سے اجتناب واجب ہے اور فقہا نے [illegible] امر مستحب کے ارتکاب
سے ترک واجب لازم آوے اس مستحب کا ترک واجب ہے پس اس صورت میں ہرگز شریعت غرا [illegible]
اس بات کی اجازت نہیں دیتی کہ ایسے بدعات کے ساتھ اس امر مستحب کا ارتکاب صحیح ہو اور لیکن استحباب
اسکا بھی اس صورت میں مسلم ہے جبکہ یہ بخوبی ثابت ہو جاوے کہ فی الواقع یہ موئے مبارک آنحضرت ہی کا
ہے اور اگر یہ امر پایۂ ثبوت کو نہ پہونچے تو ایسے جلسہ میں بقصد تبرک حاضر ہونا بھی جائز نہیں ہے اور جو لوگ نذر
مانتے ہیں موئے مبارک کی اور اس پر چڑھاوا چڑھاتے ہیں وہ حرام ہے کیونکہ نذر عبادت ہے اور عبادت

لغیر اللہ حرام ہی اور ظاہر ہی کہ یہ نذر لغیر اللہ ہی لیس یہ حرام ہی چنانچہ لکھا ہی صاحب بحر الرائق نے والنذر للمخلوق
لا یجوز لانہ عبادۃ والعبادۃ لا یکون للمخلوق یعنی نذر مخلوق کی ناجائز ہی اس لیے کہ وہ عبادت
ہی اور عبادت کسی مخلوق کے لیے نہین ہوتی الخ اور جس طرح یہ فعل حرام ہی اسی طرح اس قسم کے چڑھاوے کا
لینا اور اُسکا کھانا اور اپنے صرف مین لانا بھی حرام ہی اور ایسی نذر منعقد نہین ہوتی اور ذمہ پر اُسکا ادا
واجب نہین ہوتا چنانچہ اسی بحر الرائق مین ہی الاجماع علی حرمۃ النذر للمخلوق ولا ینعقد ولا تشتغل
الذمۃ بہ وانہ حرام بل سحت ولا یجوز للخادم الشیخ اخذہ ولا اکلہ ولا التصرف فیہ بوجہ من
الوجوہ الخ ترجمہ یعنی اس بات پر اجماع ہی کہ نذر مخلوق کی حرام ہی اور وہ نذر منعقد بھی نہین ہوتی اور ذمے
پر اُسکا وجوب نہین ہوتا اور مجاورون کو اُسکا لینا اور کھانا اور کسی قسم کا تصرف کرنا جائز نہین ہی اور
جو اوقاف موے مبارک کے خادم کے واسطے مقرر ہین اگر وہ اوقاف اس غرض سے مقرر کیے
گئے ہین کہ وہ تمام بدعات و شرکیات جو سوال مین مذکور ہین اس وقف کے ذریعہ سے رائج
کیے جاوین اور ایسے بدعات مین ان اوقاف سے صرف کیا جاوے تو فی نفسہ یہ وقف ہی باطل ہے
اور اُسکا واقف گنہگار ہی کیونکہ منجملہ شرائط صحت وقف کے ایک یہ شرط ہی کہ وہ کام جسکے لیے وقف
کیا ہی فی نفسہ قربت اور عبادت معلوم فی الدین ہو اور ظاہر ہی کہ یہ امور نعوذ باللہ منہا عبادت نہین ہین
چنانچہ عالمگیریہ مین ہی ومنہا ای من شرائط صحتہ ان یکون قربۃ فی ذاتہ وعند التصرف الخ
ترجمہ اور منجملہ شرائط کے ایک یہ شرط ہی کہ وہ امر فی نفسہ قربت ہو اور وقت تصرف کے الخ اور اگر
اُسنے صرف یہ نیت کی ہی کہ جو فقرا و مساکین یہان حاضر ہون اُن پر صرف کیا جاوے اور جو شخص اُس کے
متولی ہون وہ بھی بقدر حاجت اسمین سے لیا کرین تو وقف صحیح ہی اور بقدر حاجت خود لینا اور باقی فقرا پر صرف کرنا
حلال ہی واللہ اعلم کتبہ العبد الذلیل محمد اسمٰعیل (محمد اسمٰعیل) اجاد من اجاب … فی الواقع برکت لینا ایسی
چیزون سے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے باثبات صحیح بطریق صحیح منسوب ہین جائز و مستحسن ہی لیکن ایسے
تکلفات … جنکو سائل نے ذکر کیا بوجہ اشتمال ان کے بدعات مستقبحہ اور افعال محرمہ پر شرکیہ ہونا
جائز نہین ہی اور نیز ایسے آثار سے جنکا انتساب بطریق صحیح ثابت نہین ہی برکت لینا جائز ہی اور جو اشیا
خدام کو … موے مبارک پر چڑھاتے ہین اُنکا لینا بوجہ اسکے منذور لغیر اللہ ہونے کے نہین جائز ہے
… الی بتفصیل رائق وھو فیہ مصیب واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات …

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی جامع الفتاوی کہتا ہی کہ اس نذر کا بھی موافق اور نذور کے حکم ہی جس کی تفصیل اپنے محل پر ہوگی یہان اسی قدر سمجھنا چاہیے کہ اگر ناذر کی نیت یہ ہو کہ اشیا چڑھائی ہوئے مالک آثار اپنے تصرف مین لائے اور اسکا ثواب اسکو خدا دے تو کوئی وجہ عدم جواز کی نہین واللہ اعلم ۸۵۶ سوال ۴۶ بنانا صورت وشبیہ روضہ مقدسہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا بطرز عمارت کے اس زمانے مین واسطے حصول ثواب زیارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے درست وجائز ہی یا نہین ہو المصوب بنانا صورت وشبیہ روضہ مقدسہ کا واسطے حصول ثواب کے داخل بدعات ہی اور شرعاً ناجائز ہی اولاً اس وجہ سے کہ زمانہ صحابہ وتابعین وتبع تابعین وائمہ مجتہدین مین باوجود تحقق ضرورت کے یہ صورت نہین پائی گئی صدہا علما ان زمانون مین مشتاق زیارت قبر نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے رہتے تھے اور بعض صحابہ مثل ابن عمر وغیرہ کے بارہا قبر شریف کے پاس حاضر ہو کے زیارت کا ثواب حاصل کرتے تھے باین ہمہ کسی شخص سے ان حضرات سے منقول نہین کہ انھون نے اپنے شہر یا مکان مین نقشہ یا صورت قبر شریف یا حجرہ شریفہ بنا کے حصول ثواب زیارت کا قصد کیا ہو یا ایسی صورت کے جواز کا فتوی دیا ہو اور جس چیز کی ضرورت قرون ثلثہ متبرکہ مین ہو اور باوجود اسکے پھر اسکی طرف توجہ قولاً یا فعلاً نہوئی ہو وہ بدعت سیئہ ہی اور بحکم حدیث کل بدعۃ ضلالۃ وکل ضلالۃ فی النار غیر مشروع ہی ثانیاً اس وجہ سے کہ کسی شے متبرک کی شبیہ وصورت پر حکم اس شے کا دینا اور اس سے طلب حصول ثواب کا کرنا امر باطل ہی اور یہ گمان کرنا کہ جس طرح اصل کی تعظیم وتکریم سے ہمکو ثواب حاصل ہوتا ہی تعظیم نقل وشبیہ سے بھی ثواب حاصل ہوتا ہی گمراہی ہی جیسا کہ رسالۃ الاسلمی مین ہی من الاوہام تقرر حکم الشی لشبیہہ وہذا الوہم قد اضل عبدۃ الاصنام من طریق الصواب واوقعہم فی بادیۃ الجہل الذی انتہی بنا علیہ تشبیہ وصورت روضہ مقدسہ کا بطرز عمارت کے بنانا اور اس سے طلب حصول ثواب زیارت کرنا امر لغو وباطل ہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ہو المجیب بلقبہ ابو الحیش محمد عبدی عفی عنہ الہادی ۸۵۷ سوال ۸ چہ میفرمایند علمای دین اندرین صورت کہ مردمانیکہ برای گرفتن ... مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نقب زدہ بودند کسان مذکورہ کافر بودند یا مسلمان ونقب از شہر زدہ بودند یا از بیرون شہر ہو المصوب ہر دو کسان نصرانی بودند کہ نصاری آن را باموال جزیلہ در لباس حجاج مشارب بمدینہ فرستادہ بودند تا در حجرہ شریفہ نقب زدہ باجسد مبارک

حضرت سرور کائنات گرفته اند تا بیند و مکانیکه از آنجا نقب داده بودند قریب حجرهٔ شریفه است و آن مکان
الآن در جانب شرقی حجره خواب افتاده است و این قصه در سنهٔ سبع وخمسین وخمسمائه وقوع یافته پس
در آن زمانیکه سلطان نور الدین شهید محمود بن زنگی بادشاه بود و او در خواب حضرت رسول مقبول صلی الله علیه وسلم
از این ماجرا اطلاع فرمود او همان وقت به راه طی بسیار شده در شانزدهم روز از شام بمدینه قدوم آورده بهم
دو آن بیسعادت را گردن زده کذا ذکره المحقق الدهلوی فی جذب القلوب الی دیار المحبوب والله اعلم
بالصواب والیه المرجع والمآب حرره العبد المعتصم بحبل الله الصمد سوال ۱۵۷ کیا فرماتے ہیں علمائے
دین اس مسئلہ میں کہ آیا حضرت رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم باہمہ صفات الٰہی موصوف ہیں کیا آپ کو علم
اولین و آخرین ہے یہاں تک کہ روح کیا چیز ہے اور قیامت کب ہوگی وغیرہ خدائے تعالیٰ نے حضرت کو ہیں
یا اور کسی وقت میں عطا کر دیا ہے بینوا توجروا ہو المصوب حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
متصف تمام صفات الوہیت سے ہرگز نہیں ہاں علم ماکان و مایکون حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کر دیا گیا
تھا اور علم روح و قیامت میں اختلاف ہے واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ ۵۹
سوال ۱۵۸ کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ کیا مصنف تقویۃ الایمان نے توہین رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے اور شرعاً اس کے لیے کیا حکم ہے ہو المصوب تقویۃ الایمان میں بے شبہ توہین
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے واللہ اعلم حررہ الفقیر محمد قیام الدین عبد الباری عفا اللہ عنہ سوال ۱۵۹
جنگ احد کدام سال و ماہ واقع گشتہ و حضرت امیر حمزہ علیہ السلام کدام روز و ماہ و سال شہادت یافتند
بینوا توجروا ہو الموفق غزوہ احد در سال سوم از ہجرت در ماہ شوال در یازدہ شب یا ہفت شب که گذشته
بود واقع شد و بعضی در نصف شوال گفته و حضرت حمزہ بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ در ہمان سال و ماہ روز
یکشنبه بتاریخ پانزدهم شهادت یافتند و مدفن شان در موضعی نزدیک احد گردیده و قاتل وحشی بود
[illegible] واللہ اعلم نمقہ خادم اولیاء اللہ الصمد علی محمد غفر له الله الاحد ۲۴ رجب یوم پنجشنبه سنه ۱۲۸۵ ہجری
سوال ۱۶۰ شیخ محدث دہلوی در مدارج می فرماید که بیست و ششم ماه صفر روز دوشنبه رسول الله
صلی اللہ علیہ وسلم اسامه را بر جنگ رومیان گماشت و بست و ہشتم روز چہارشنبه طبع مبارکش دردمند شده
انتہی و از سیر مادیه یازدهم ربیع الاول مرض بر آنحضرت غلبه کرده و بروز دوازدهم روز دوشنبه بود وفات
یافت انتہی و ہمچنین در روضة الاحباب وغیره نیز مذکور است حالانکه اگر ہر دو تاریخ صفر حساب کنند

تاریخ دوازدهم بروز دوشنبه نتواند شد بحساب بیست و نه و نه بحساب سی روز بتواتر جسته و الله اعلم
بالصواب مخفی نماند که وفات آنحضرت صلی الله علیه وسلم بروز دوشنبه ماه ربیع الاول بود بالاتفاق
اما آن روز که امر تاریخ بود پس درین باب اختلاف است آنچه که پیش الناس مشهور و در اکثر کتب مذکور
است این است که روز دوشنبه دوازدهم ربیع الاول بوده لیکن این امر ممکن نیست بدین وجه که غره
ذی الحجه سنه عاشره هجری باتفاق ارباب سیر و تواریخ روز پنجشنبه بود چه حج نبوی که آنرا حجة الوداع نامند روز جمعه
واقع گشته بالاتفاق پس روز جمعه نهم ذی الحجه بود درین امر قطع نظر از تصریح ارباب سیر و روایات
حدیث هم ثابت است و کسی را درین باب اختلافی نیست بناء علیه ممکن نیست که دوازدهم ربیع الاول سنه یازده
هجری بروز دوشنبه واقع گردد زیرا که هر سه ماه یعنی ذی الحجه و محرم و صفر سی روز قرار داده شود پس غره محرم
بروز شنبه و غره صفر بروز دوشنبه و غره ربیع بروز چهارشنبه واقع خواهد شد برین تقدیر دوشنبه اول ربیع اول ششم و دوشنبه دوم سیزدهم
خواهد شد و اگر هر سه ماه بیست و نه روز قرار یابند غره محرم بروز جمعه و غره صفر بروز شنبه و غره ربیع اول بروز
یکشنبه خواهد شد و برین تقدیر دوشنبه اول ربیع اول تاریخ دوم و دوشنبه دوم نهم خواهد شد و اگر بعض ماه
مختلف باشند پس از دو حال خالی نیست یا غره محرم بروز جمعه باشد یا بروز شنبه بحساب نقصان ذی الحجه
یا کمال آن چه غره اش اتفاقا بروز پنجشنبه بوده پس اگر غره محرم جمعه باشد از دو حال خالی نیست
محرم کامل گرفته شود و صفر ناقص یا بالعکس بر تقدیر اول غره صفر یکشنبه و غره ربیع دوشنبه می شود و
بر تقدیر دوم غره صفر شنبه و غره ربیع دوشنبه باشد و بهر دو تقدیر دوشنبه اول ربیع اول و دوشنبه
دوم هشتم خواهد شد و اگر غره محرم بروز شنبه گرفته شود پس اگر محرم کامل و صفر ناقص گرفته شود غره صفر
بروز دوشنبه و غره ربیع بروز سه شنبه می شود و بالعکس آن غره صفر بروز یکشنبه و غره ربیع سه شنبه
می شود و بهر دو تقدیر دوشنبه اول ربیع هفتم و دوشنبه دوم چهاردهم خواهد شد و سوای این احتمالات احتمالی
در عالم وقوع نیست که بران بودن دوشنبه دوازدهم ربیع اول سنه یازده هجری که سال وفات نبوی است مستقیم
گردد و علمای محققین درین باب مختلف شده اند بعضی بعجز و اشکال کفایت کرده سکوت ساخته اند
چنانچه امام یافعی در تاریخ خود مرآة الجنان می نویسد قلت فیما قالوا انه توفی الثانی عشر منه اشکال
من اجل انه صلی الله علیه وسلم کانت وقفته بالجمعة فی السنة العاشرة اجماعا فاذا کان کذلک
لا یتصور وقوع یوم الاثنین ثانی عشر ربیع الاول من السنة التی بعدها وفاته علی کل تقدیر

یکون الوقفة قبله بالجمعة علی کل تقدیر من تمام الشهور ونقصانها او تمام بعضها ونقصان بعض
انتهی وبعض تقادیر کمال ہر سہ ماہ اختیار کردہ تاریخ وفات سیزدہم را مرجح ساختہ چنانچہ ابن رجب دمشقی در
لطائف المعارف می نویسد اختلفوا فی تعیین ذلک الیوم من الشهر فقیل کان اوله وقیل کان ثانیه
وقیل ثانی عشره وقیل ثالث عشره وقیل خامس عشره والمشهور بین الناس انه کان ثانی عشر
ربیع الاول وقد رد ذلک السهیلی وغیره بان وقفة حجة الوداع فی السنة العاشرة
کانت الجمعة وکان اول ذی الحجة الخمیس ومتی کان کذلک لم یصح ان یکون یوم الاثنین
ثانی عشر ربیع الاول سواء حسبت الشهور الثلثة اعنی ذا الحجة ومحرما وصفر
کلها کاملة او ناقصة او بعضها کاملة وبعضها ناقصة وانا اجیب عن هذا بجواب حسن وهو ان
ابن اسحق ذکر انه توفی لاثنتی عشرة لیلة من ربیع الاول وهذا یمکن فان العرب تورخ باللیالی
دون الایام ولکن لا تورخ الا بلیلة مضی یومها فیکون الیوم تبعا للیلة وکل لیلة لم یمض یومها لم یعتد بها
فیوم الاثنین الذی توفی فیه رسول الله صلعم کان ثالث عشر الشهر لکن لما لم یکن یعتد قد مضی یورخ بلیلته انتهی
وبعضی تاریخ دوم وبعضی غرہ وبعضی چہاردہم را اختیار کردند ابو عبد الله محمد الزرندی المدنی در کتاب الاعلام بسیرة
النبی علیه السلام می نویسد۔ اتفق العلماء واهل السیر علی ان رسول الله توفی یوم الاثنین
فی الربیع الاول غیر ان اکثرهم قالوا فی الثانی عشر منه ولا یصح ان یکون یوم الاثنین ثانی
عشر لاجماع المسلمین علی ان وقفة عرفة کانت فی حجة الوداع یوم الجمعة وهو تاسع ذی الحجة
وکان اول ذی الحجة یوم الخمیس وکان اول المحرم اما الجمعة واما السبت فان کان الجمعة فقد
کان صفر اما السبت واما الاحد فان کان السبت فقد کان الربیع اما الاحد او الاثنین و
کیف ما دارت الحال علی هذا الحساب فلا یکون یوم الاثنین الثانی عشر من الربیع بوجه
وذکر الطبری عن ابن الکلبی انه توفی فی الثانی من الربیع قال السهیلی هذا وان کان خلاف
الجمهور فانه لا یبعد ان کانت الثلثة والاشهر التی قبله من تسعة وعشرین ونقل الخوارزمی انه توفی
که ا ب قامت ناظر است [illegible] عرض نهر [illegible] ب ج [illegible] دو [illegible] خط شعاعی که
به طرف نهر رفته و ا ح خطی که بر صحرا افتاده و پس [illegible] مثلث ا ب د ا ب ج [illegible]
مساوی اند چه مفروض است که قامت ناظر [illegible] و [illegible] ب [illegible] دو زاویه
ح ا ب متساوی اند چه مفروض آنست که [illegible] اسطرلاب [illegible] شکل [illegible]
از اصول دو ضلع [illegible] ب ج متساوی باشند [illegible] درین صورت خط [illegible]
صحرا رفته بالضرورة [illegible] خطی که از موضع قدم ناظر بآن طرف رفته خواهد شد [illegible]



قامت ناظر قائم است علی اقل من [illegible] قائمتین بالضرورة در موضع تقاطع خواهد کرد که بعد
موضع تقاطع از قدم ناظر مساوی [illegible] قدم ناظر خواهد بود [illegible] طرف نهر [illegible]
[illegible]

موضع یا مروحش لا الی نہایۃ بجانب عمق خارج از بحث ست واگر دریجا ناتی نہ باشد الی غیر النہایۃ مروحش ممکن بلکہ لوجود مانع وتمام مروحش بعد تقاطع الی ما لا نہایۃ لہ ممکن ست چنانکہ انتہای خط شعاعی کہ از نظر بطرف نہر رفتہ ضروری نیست چہ ابعد ماس آن بطرف نہر مروحش بجانب عمق ممکن نیست پس اگر چہ انقطاع در انتہای خط ا ح را بران نقطہ معینہ یعنی ح در اثبات مطلب اثری نیست تا بمثلث ا ب ح را در انقطاع دخل ست ولیکن در تعیین نقطہ تقاطع وتشخص آن کہ منتہای مرئی است مثلث ا ب ح رابع مثلث دیگر بحسب مسائل ہندسہ دخلی ہست واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۲۹

سوال ۲۲ جناب مولوی عبد الحی صاحب بعد واجب آنکہ مکلف ہوں مولوی محمد حسین لاہوری و مولوی عبد العزیز لودھیانہ والے کا میرے روبرو مباحثہ شروع ہوا اور فریقین نے تصفیہ اس مسئلہ کیواسطے آپکو منصف مقرر کیا ہے تحریرات فریقین بجنسہ ارسال ہیں آپ روئداد مسل کو بموجب حکم کتاب اللہ و سنت نبوی فیصل فرماکر میرے نام کاغذات ارسال فرماویں تاکہ نتیجہ فیصلہ سے فریقین کو اطلاع دیجاوے کیونکہ اگر احد الفریقین کے پاس کاغذات پہونچیں گے تو جانب ثانی کو رنج ہوگا کاغذات مثل کے واپسی محصول بھی ارسال ہے الراقم سردار جیند سنگہ رئیس و آنریری مجسٹریٹ کاٹھ گڑھ ضلع ہوشیار پور تھانہ بلاچور ۱۸ مئی سنہ ۱۸۸۸ء

استفتای مع تقریرات فریقین

مسئلہ فضیلت سکان حرمین شریفین یعنی جو بیان ہو مولوی عبد الحی صاحب سے بمنصب قرار پایا ہے الراقم عبد العزیز

جواب ہیں سے مولوی عبد الحی صاحب کی منصفی مسئلہ فضیلت سکان حرمین میں تسلیم کی محمد حسین عفا اللہ عنہ

سوال آپ فضیلت کلی سکان حرمین کے مدعی ہیں اور ہر صفت میں انکو افضل بتلاتے ہیں یا کسی وصف خاص میں محمد حسین آپ نے مراد کلی فضیلت سے کیا رکھا ہے اور آپ وصف خاص کسکو کہتے ہیں اور تمسک اس مسئلہ میں آپ کس دلیل سے پکڑتے ہیں جواب ہیں نے وصف کلی کی تشریح کیا ہوں کہ ہر وصف میں یعنی علم و فہم و تقوی و نیکی سکونت اور وصف خاص سے مراد ایک صفت ان صفتوں سے ہے اور میرا تمسک کرنا بھی آپکو کہاں معلوم ہوا ہے میں تو سائل ہوں تمسک کا نام مدعا کا ہے سو آپ ہیں جس دلیل سے آپ تمسک کر رہے ہیں اس کا جواب دو محمد حسین جواب جب تک آپ کوئی دلیل ادلہ شرعیہ سے نہ نکالینگے یہ جواب متعذر ہے کیونکہ جس دلیل کو میں تسلیم نہیں کرتا اسکا بیان بیفائدہ ہے اسلیے آپکو لازم ہے کہ اپنا تمسک بیان کریں تاکہ جواب دیا جاوے اور آپ نے جو کل قرآن کی آیتیں بذمت

اہل مدینہ اور عرب کے بادیہ نشینوں میں فرمائی تھی اسکو بھی مذمت مذکورہ میں [illegible] ہو یا اس [illegible] انکار ہے
جواب ہم پہلے [illegible] دلیل پیش کر چکے اسوقت حاجت ہوئی [illegible] آپکے دوسرے فضیلت کا حکم ہونیکا
اور [illegible] مقرر نہیں [illegible] الاسلام یا انہیں [illegible] دلیل پیش کر چکے [illegible] حاجت نہیں
شاید ہمیں آپ [illegible] فضیلت کو [illegible] وقت میں آپکے [illegible] دلیل طلب کرنے [illegible]
وقت آپ [illegible] ثابت کرنا کہ تو دلیل کوئی [illegible] ان لوگوں کے
بابت [illegible] جو آنحضرت کے وقت میں منافق تھے چنانچہ [illegible] تفسیر [illegible]
جو [illegible] آنحضرت کے کافر [illegible] اور دوسرے [illegible] آنحضرت کے وقت [illegible] کافر [illegible]
بھی مدینہ میں منافق موجود تھے [illegible] وہ آیت پیش کی تھی [illegible]
کی مذمت میں وہ آیت پیش [illegible] تفسیر [illegible] آیت کو [illegible] بیان کیا [illegible]
آپکی وہی تھی جو آپ فرما رہے ہیں پس ظاہر ہے کہ آپ خطا ہی فاحش اور غلطی [illegible] میں گرفتار [illegible]
ہمنے مقابل میں بیان کی تھیں اسکا یہ مضمون نہ تھا کہ قبل تقرر اور نصرت اسلام کے ثبوت فضیلت کا [illegible]
اس حدیث کا آپنے یہی خیال کیا ہو لیکن امر اہل علم اور فراست سے دور اور بعید ہے اور اگر مراد آپکی بعد تقرر اسلام کے [illegible]
ہو تو پس اس سے تکذیب احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لازم آتی ہے [illegible]
کا اور آپ [illegible] جو انکا فضیلت [illegible] اسلیے آپ [illegible]
لینے لگا تھا [illegible] زمانہ کے لوگوں کی فضیلت [illegible] تفصیل [illegible] کیا تھا اور یہ
نہیں کہتا کہ جو مضمون احادیث سے فضیلت ثابت ہو وہ [illegible] لازم ہے کہ اسوقت
وہ تقرر پا گیا ہو وقت [illegible] میں منافق [illegible] وقت [illegible] اقرار [illegible] ثابت ہوگا پہلے
ہی سے آپ [illegible] فرماتے ہیں کہ ہم بعد تقرر اسلام منافقوں کا وجود مدینہ میں تجویز کرتے ہیں اور احادیث [illegible]
جواب [illegible] مطلق [illegible] منکر نہیں جسکا منکر ہوں اب بھی ہوں آپ [illegible]
کریں کہ آپ کس فضیلت [illegible] شاید میں [illegible] جب [illegible] اسوقت آپ مجھسے دلیل [illegible]
کا سوال کریں جواب عجیب الجواب [illegible] کہ آپکے [illegible] وہاں ہیں [illegible] مضمون احادیث کا [illegible]
دلالت کرتا ہے [illegible] نفاق اور کفر کا نہیں پھر بھی ایسی آیات کو مقابل میں ان احادیث کے بیان کرنا [illegible]
[illegible] تقرر اسلام [illegible] زمانہ [illegible] نفاق میں [illegible]

آپ ادعاے مذکور سے کوئی وجہ تھا کہ انکار کیا چاہتے ہین پس انکار کو آپکے ہٹنے بچاے توبہ کے قرار دیا کیونکہ الا مکان
انتظار توبہ اور فضائل سکان حرمین شریفین کے بالفعل بھی جو احادیث سے ثابت ہین کئی قسم کے ہین لیکن بائین
اس مناظرہ کے مقصود یہ ہے کہ سب علماء اطراف اور دیار مین کسی مسئلہ کا اختلاف ہو تو بیانا سعود
ہین بہر فضل اور بہ تکرار حرمین شریفین کے علما کو منصف قرار دیا جاوے چنانچہ مجموعہ احادیث مشتملہ استفتا جو
پیش کیا جاتا ہے اس پر دال ہے جو آپنے دعوی عام کیا تھا اور دلیل خاص فضیلت تا تقرر اسلام کی لائے
تھے اسلیے مین نے آپکے ایہام دعوے کے مقابلہ مین تقسیم کی اور نام کے انہین افراد کو توڑا اور وہ آیت میری تمسک کا مقابلہ
آپکے عموم دعوی کے ہے نہ بمقابلہ خصوص احادیث کے پس آپکا سمجھنا کہ ہماری احادیث کے سامنے آیت پڑھی گئی
غلطی فہم ہے اور وہ پیدا ہوئی اس غلطی سے کہ آپنے دعوی مین ایہام اور تعمیم کی تھی خیر اب تو آپ اس دعوے کو چھوڑتے
ہین تو مین اس امر کو آپکے بچاے توبہ کے قرار دیتا ہون اسلیے کہ انکار خطا سے توبہ ہے اور جو آپنے دعوی کیا ہے
کہ ہم اس وصف خاص مین فضیلت کے مدعی ہین کہ مفتی مقدمات دینیہ وہ افضل ہین اور اس دعوی پر آپنے
احادیث مشتملہ فتوی پیش کیے ہین سو مین کہتا ہون کہ آپکے اس دعوے مین اولا یہ بات تعین طلب ہے کہ کس زمانہ کے
لوگ اس فضیلت کے محل ہین آیا ہر زمانہ کے یا خاص قرون ثلثہ کے یا آج کل کے اسکے تعین فرماوین تو آپکا دعوی
دیکھا جاویگا کہ وہ آپکے دعوی کا مثبت ہے یا نہین جواب ہمارا دعوی اول یہ ہے کہ علماے حرمین شریفین کو اس زمانہ
مین منصف قرار دینا بروقت اختلاف اور تکرار باقی رہنے ہمارے کے چاہیے واسطے اس امر کے شرط تیسری ہماری شرط لکھا
شیخ السیوطی قبل انعقاد شرائط مسئلہ کے داخل کیگئی تھی شاہد عدل ہے کیونکہ بسبب نہ ماننے اس شرط کے یہ بحث شروع
ہوئی تھی اور اس شرط کو بعینہ نقل کیا جاتا ہے کہ حضار مجلس و ناظرین کو اغذات بظاہر ہو کہ توبہ کسکی طرف عائد ہوتی ہے
شرط سوم بعد گفتگو کے اگر تکرار باقی رہے تو واسطے انفصال کے علماء مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کو منصف مقرر کیا جاوے آپکو
لازم ہے کہ آپ تو منصفی علماے حرمین کی منظور فرماوین یا ایسا فتوی واسطے ثبوت مذمت سکان حرمین یعنی جو علما اور اتقیا
اور مومنین وہانکے موجود ہین تحریر فرماوین کیونکہ آپکا اول روز سے یہی دعوی سب کے روبرو ظاہر اور عیان ہے تاکہ فتوے
ہر دو فریقین کے منصف کے پاس ارسال کیے جاوین جواب بیشک جناب نے اپنی شرط مین علما کی منصفی کا ذکر کیا تھا
ولیکن جب آپنے دعوی کیا تو وہ ساکنان مکہ کی فضیلت کا مدعی ہوے اور بہت ظاہر ہے کہ شرط اور شی ہے اور دعوی اور شی ہے جسکے
ثبت کا مقرر کیگئی ہے اور یہ لازم نہین کہ شرط مین تصریح فضیلت علما کی ہوئی تو مشروط نہین ہے وہی تصریح بھی جاوی تھا
دعوی اعادہ [illegible] تقسیم [illegible] سے [illegible] ثابت ہو کہ آپ اپنے دعوی عام سے رجوع کر گئے [illegible] مین [illegible]

انصاف ناظرین تعصبات طرفین چھوڑتا ہوں اور اہلِ حدیث کی بات کا جواب دیتا ہوں کہ آپ نے میری بات کا جواب
نہیں دیا کہ آپ کن لوگوں کو اس فضیلت کا جو احادیث نبوی سے ثابت ہے محل قرار دیتے ہیں ہر زمانہ کے لوگوں کو
قرون ثلثہ کے ہوں یا آجکل کے۔ آپنے اس بات کا جواب تو دیا نہیں اور مجھ سے درخواست کی کہ تم منصفی علمائے حرمین
منظور کرو ورنہ انکی مذمت میں فتوی لکھو کیونکہ اجلی بات ہے [illegible] آپکی منصفی کو تسلیم یا انکار کو زبان پر لاتا
ہوں نہ اسکے خلاف میں کچھ لکھتا ہوں جب آپ تعیین ان لوگوں کی کر چکے جو آپکی احادیث [illegible] نبوی کے مصداق
ہیں تو اسوقت میں نظر کرونگا کہ وہ لوگ واقعی آپکے احادیث فتوے کے مصداق ہوئے ہیں [illegible] مان جاؤنگا ورنہ
انکار کرونگا آپ ابھی کچھ سوال سے تسلیم اپنے قول دعوے کی یا انکار کیوں چاہتے ہیں ابھی تو [illegible] ثبوت دعوے
ہیں کہ وہ کون لوگ ہیں جن کے باب منصفی میں آپ مدعی ہیں اور احادیث سے انکی فضیلت ثابت [illegible]
فرمائیے جانبین کی عبارات کو منصف محققانہ [illegible] کرینگا اور یہ جو کچھ آپنے لکھا ہے کہ کلام لاطائل ہے جس امر کے آپ مدعی
دلیل اسکی پیش نکر سکے آپکو اختیار ہے چاہے اب میں ابھی التماس کرتا ہوں لاطائل ہونا کلام ہر شخص کا سپرد ناظرین کے
چاہیے [illegible] مجھے آپ مدعی بنا کر دلیل طلب کرتے ہیں محل تعجب ہے وہ کونسا لفظ میری اس تحریر میں ہے جس
سے میں مدعی ہوتا کسی امر میں ثابت ہوتا ہو مہربانی فرما کر نشان دیں میں تو ایک سائل ہوں اور مدعی آپ ہیں پس
آپ پر دلیل پیش کرنا لازم ہے چنانچہ ایک فتوی بھی دکھایا تھا اب اسکو کیوں چھپا لئے ہو آئندہ دعوے میں تعیین کرو
اور اسپر کوئی ایک حدیث ہی فتوے کی شاہد ٹھہرا کر پیش کرو پھر مجھسے دریافت کرو کہ تو اسکو مانتا ہے یا اس میں
منع پیش لاتا ہے یا معارضہ کرتا ہے جواب لاطائل ہونا کلام کا سپرد ناظرین کے کرنا نہایت انصاف ہے لہذا
وجوہ لاطائل ہونے آپکے کلام کے بیان کیے جاتے ہیں تا ناظرین کو [illegible] اور [illegible] خوب واضح
اور لائح ہو جاوے [illegible] اول [illegible] لیکن جب آپنے دعوی کیا تھا تو [illegible]
[illegible] کہ جو سردار صاحب کے حضور میں ہوئی تھی اور شرائط [illegible] ملحوظ
علاوہ سردار صاحب کے [illegible] اور ہماری تیسری شرط ان شرائط سے یہ بھی تھی [illegible] گفتگو [illegible] کہ اگر
[illegible] باقی رہے تو واسطے انفصال کے علمائے حرمین کو منصف مقرر کیا جاوے اس شرط کو آپنے منظور فرمایا بلکہ اس کا
[illegible] وغیرہ [illegible] یاد فرمایا اور میں نے جو اسمیں کی [illegible]
[illegible] علمائے حرمین کو منصف قرار دیتے ہیں آپ [illegible]
[illegible]

آپ نے سکان حرمین کی مذمت کے رد کی ہو سکے ہیں نے تکفیر سے ہو کر حجت عام ہیں احادیث فضائل کے بیان سے
آیت اسکے جواب میں آیت کا ... الاعراب ... الآیۃ و من اہل المدینۃ مردوا علی النفاق الآیۃ اور چند روایات
واسطے استدلال مذمت اہل حرمین کے پیش کی ہیں اور چند روپے سے تھانہ دار اور سردار صاحب کے ہر چند آپ نے التجا کی کہ آپ ان
آیات کو نسبت مذمت جا کر تحریر کریں ... بالکل نہ مانا وجہ دوم قول آپکا کہ شرط اور شرط ہے اور مشروط یعنی دعوی اور برحق ہے
لیکن شرط مذکور ... مسائل مختلفہ کے لیے ... شرط کو ... قرار دیا بعینہٖ وہی شرط دعوی ہو گئی پس
اس ... کا ... محالات سے ہے الاستلزام الشی عن نفسہ محال وجہ سوم اور قول آپکا کہ دعوے کے
الفاظ میں ... الفاظ پر کو اعتراض ... مسئل میں نقصان دو وجہ چہارم اور قول آپکا آپ نے
میری بات کا جواب نہیں دیا کہ آپ کن لوگوں کو ... بڑے تعجب کی بات ہے کہ عبارت ہماری سراسر سوال ہے اور پر
تعین ... آپ نے فرمایا ... آپ ارشاد فرماتے ہیں کہ تعیین مدعی اگر کسی جسم کا نام ہے تو ...
... مذمت سکان حرمین کا جو آپکی روز سے ورد کر رہے تھے اب جب آپ نے اسکی
دلیل طلب کی گئی تو اسکو ایسی بات فرمانے لگے ... کی مثل ہے ایک شخص اپنے لڑکے سے ہر وقت آپ نے کسی اور آ
کے منکر اسکی ولدیت کا ہو جاوے اور اب جواب لکھتے ہیں کہ آپ پر دلیل پیش کرنا لازم ہے برعکس ... دو دفعہ
سے دلیل اپنی پیش کر رہے ہیں لیکن آپ کو مدعی مذمت زبانی ہونا اور دلیل پیش نکرنا بعید مناظرہ سے ہے
کیونکہ مناظرہ میں یہ شرط نہیں کہ جس چیز کا دعوی زبانی ہو اسکے واسطے دلیل بیان نکرے اور آپ کی جگہ
اپنے کو سائل سے تعبیر کرتے ہیں اور حالانکہ مراد سائل سے علم مناظرہ میں وہ شخص ہے کہ جو مقابلہ مدعی کا بعد قائم
ہونے دلیل کے کرے تسلیم کرنا دعوے کا بعد اقامت دلیل کے شان سائل سے نہیں قال فی الرشیدیۃ السائل
من نصب نفسہ لنفی الحکم ... سائل ہونا خبر نہیں کس علم سے مستنبط ہے اس سے آگاہ کریں اب آپکو لازم ہے کہ
مذمت کی دلیل پیش کریں اور فضیلت اہل حرمین کی دلیل جو آپکے روبرو کئی دفعہ بیان ہو چکی ... میری سے لینا اور دونو
کو ... کے پاس روانہ کیا جاوے اور ہر مسلمان پر لازم ہے کہ صدق کو ہاتھ سے نہ دے خصوصاً مناظرہ میں قال
اللہ تعالی یا ایہا الذین امنوا اتقوا اللہ وکونوا مع الصادقین قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہل
یکب الناس فی النار علی وجوہہم الا حصائد السنتہم واللہ اعلم وعلمہ اتم سوال اگر آپ نے الصدات
[illegible] ... کیا تھا تو ... ایک الالزامی تھا اسلئے انکا جواب ضرور ہوتا تھا لیکن ... کے
[illegible]

پڑھتے ہیں اور شرط ثالث میں منصفی علما کی چاہتے تھے ولیکن دعوی آپکا یہ تھا کہ مکہ ایسی جگہ ہے جہاں کوئی ہمیشہ
رہنے نہیں پاتا وہان کے سبھی لوگ اچھے ہوتے ہیں جسکے مقابلہ میں ہمنے تقسیم کی اور کہا تھا کہ مکہ اور
مدینہ پر کئی زمانہ آئے ایک زمانہ قبل نبوت یا ہجرت ہونیکے کہ اسمین کفر ظاہر تھا پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ
کہ اسوقت بھی بعض منافق موجود تھے جنپر وہ آیتیں پڑھی گئی وہ زمانہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد
ہوا اسمین بھی بعض اطراف کے لوگ مرتد ہو گئے تھے جنکو صدیق اکبر رضہ نے مارا اور بعض نے اکابر صحابہ کو جیسے حضرت
عثمان رضہ اور حضرت عمر رضہ کو شہید کیا پھر خلفاء کے مابعد کا زمانہ ہوا جسمین یزید پلید کے لشکر سے ہر کتین تباہی زنا و
قتل مدینہ میں سرزد ہوئین اور مکہ میں عبدالملک نے چڑھائی کی ان دلائل سے جیسے آپکے اس عام دعوے کو توڑا جو آپ
فرماتے ہیں کہ جو مکہ میں رہتے ہیں اچھے ہوتے ہیں میرا صریح کلام یہ ہے کہ مکہ ہمارے دین و ایمان کا رکن ہے و
لیکن وہان کے سبھی لوگ ہمیشہ یکسان نہیں رہے آپ فرمایئے کہ یہ درخواست منصفی سے یہ کہان لازم آتا
ہے سمجھا جاتا ہے کہ آپ نے برخلاف بیان فضائل ساکنان مکہ کے ان ساکنان میں قید علما و فضلا کی لگا دی ہو
اور پھر انہ لکھنا ان آیات کو جو میں نے منافقون کی مذمت میں بیان کی تھیں اسلیے تھا کہ بدون تقسیم
شروط اور تقریر سمت مقصود کے لکھنا لکھانا محال ہے جو آپ پہلے اپنے دعوے کا ثبوت لکھ سکین گے اور
مجھے آپکے خلاف میں کچھ دعوی ہوگا تو پھر وہی آیتین لکھدونگا جواب وجہ دوم وہ شرط اگر سمجھ کر
ایک دعوی ہو گیا ہو ولیکن بوقت اول دعوے کے وہ مغایر دعوی کیا تھا جواب وجہ سوم آپکا افترا کہ مجھ
افترا ہو اور پھر آپکا غذات مسل میں اسکا نشان چاہتے ہیں محل تعجب ہے وہ تو گفتگو زبانی تھی مسل کہان
ہو جس سے نشان دون مسل تو وہی ہونی جسمین آپ مدعی فضیلت ساکنان ہیں [illegible]
ہو جسکا جواب وجہ چہارم آپکی کسی لفظ سے تمام تحریر میں اتنا بھی اس بات کی نہیں آتی ہو کہ آپ [illegible]
سکے ساکنان ہر زمانہ کی بہتری کے باب میں منصف ہیں یا قرون ثلثہ [illegible]
کہ پھر اسوال ہے جس جگہ وہ عبارت ہو جس سے یہ بات نکلتی ہو وہان سے ایک سطر [illegible] جواب وجہ
پنجم میں نے تمام ساکنان حرمین کا مدعی نہیں ہوا کہ بھی وہان کے بستے ہیں تمام لوگ مسلمان و ہنود حاضرین
مجلس جانتے ہیں کہ میں کہتا ہون کہ وہان بھلے لوگ بھی ہیں اور برے بھی ہیں اور کہتا ہون کہ اس جگہ کے
رہنے سے وہان کے سبھی لوگوں کا اچھا ہونا لازم نہیں آتا اور یہ بھی میرا کہنا تھا اور دعوے کے نہ تھا بلکہ [illegible]
[illegible] آپکے دعوے میں تھا اور وہ بھی پہلے زبانی گفتگو میں ہو چکا اور جب سے گفتگو تحریری شروع ہوئی

مین کسی امر کا مدعی نہین رہا آپ سے تعین دعوی اور اُسکی دلیل کا سوال کرتا ہون اور اس بات پر مستعد ہون
کہ جب آپ اپنے دعوے پر دلیل قائم کرین تو پھر مین نظر کرون کہ آپکے کلام مین تقریب تام ہو یا نہین اگر
دلیل سے آپکا دعوی ثابت پاؤن تو مان جاؤن ورنہ سائل بن جاؤن اور اُسکی نفی کے درپے ہو جاؤن اور اُسکا رد لکھون
اس اعتبار سے مین سائل مصطلح ہو سکتا ہون ہمارا ہان جب مین آپکے دعوے کے اُکھاڑنے کے درپے ہو گیا تو سائل ہونگا
یا نہین علاوہ یہ کہ وہ تعریف سائل مصطلح فن مناظرہ کی ہی اور لغۃً ہر بات پوچھنے والیکو سائل کہتے ہین جیسا کہ ہر سوال
اول ہی اطلاق سے سوال ہو سکتا ہی اور ایسے ہی سائل سے بھی مجیب کو دلیل طلب کرنا نہین آتا اور جو آپنے کہا ہی کہ ہم
کرنا دعوے کا بعد قائم ہونے دلیل کی شان سائل ہی نہین ہی معلوم نہین میری کس بات کے جواب مین ہی میں سائل ہنا بعد قائم ہونے
دلیل اور تسلیم دعوے پر کے میرے کس کلام سے مفہوم ہوتا ہی یہ تو جواب ہی آپ کے اعتراض کا اگر آپ کے کلام کو
دیکھتا ہون تو اُسمین بھی کچھ کئی وجہ سے کلام ہی ولیکن مین اس جگہ اس بحث نوعی کو فضول جانتا ہون اسی
واسطے جب آپنے جملہ السائل من نصب نفسہ مین نصب کو سین سے لکھا تھا اور ترجمہ بھی اُسکا یہ کیا تھا کہ نسبت
کرے تو درگذر کرکے زبانی آپکو اس غلطی پر متنبہ کر دیا اور آپ ہی کے قلم سے سین کو صاد بنوا دیا اگر مجھے
لفظی بحث منظور ہوتی تو خاموش رہتا اور آپکے تحریر کے جواب مین تفصیل و تطویل کرتا یہ جوابات آپکے وہ بات کہ
ہین اب مطلب کی بات کا جواب دیتا ہون آپ نے پھر وہی بات کی اور اپنے دعوے کی دلیل پیش نہ کی اور
مجھ سائل سے دلیل مانگی اور جو آپ فرماتے ہین کہ ہم دو تین دن سے دلیل پیش کر رہے ہین یہ بھی نرالی
کی بات ہی کہ آپ برخلاف واقعہ اظہار کرتے ہین اسکی کیا مثال دون شرم آتی ہی مین دلیل مانگتا ہون آپ اپنے فتوے
کو اپنے ہاتھ مین رکھ کر دور سے دکھا دیتے ہین ہر چند آپ سے کئی لوگ یہانتک کہ سردار صاحب بھی کہتے ہین
ہین کہ آپ فتوی دین اور اپنے دعوے کا ثبوت پیش کرین آپ فتوی میرے ہاتھ مین دیتے نہین پھر جو
فرماتے ہین کہ مین دو تین روز سے دلیل پیش کر رہا ہون اور مجھسے دلیل مذمت چاہتے ہین یہ محال ہی اس
گفتگو کے جس مین تحریر ہوا ہی مذمت کا مدعی نہین جو کچھ زبانی کہا تھا سو دوسری بات ہی جسکی تشریح
جواب نمبر اول مین گذری اس گفتگو تحریری کو اُس سے کوئی علاقہ نہین اور باوجود اسکے مین اسی
جواب مین اس اپنی دلیل کو لکھ بھی چکا ہون اب تو ضد چھوڑ دیجیے اور اپنے دعوے کا ثبوت تحریر کیجیے
جس کا وعدہ آپنے آخر تحریر مین کیا ہی مین اُسکو دیکھ کر تسلیم کرون یا رد کرون پھر اُسکو منصف کی طرف پہونچا دون
اگر اس امر کے سوا اور کوئی بات پیش کرین گے یعنی پھر وہی لاطائل باتین کرینگے اور اپنا ثبوت پیش

کرین گے تو میری طرف سے اس بات مین خطاب سوا اعراض ہے مین ایسی باتون کو لائق جواب نہین جانتا اس بات کا انصاف ناظرین پر ہے اور جو آپنے اقتیسہ تحریر مین آیت اور حدیث لکھی ہین اُسی پر خود بھی عمل کرتے تو اتنی فضول باتین بعید از مطلب اور مخالف واقع زبان سے نہ نکالتے اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسکم بھی قرآن ہی کی آیت ہے اور اگر اس مسئلہ مین سوا ایسے قیل وقال کے آپ کو کوئی بات نہین آتی تو آپ دوسرے مسائل مین بحث کرین جیسے رفع یدین اور آمین بالجہر اور مثل اسکے اگر وہ بھی منظور نہین تو میری طرف سے سلام ہے جواب اگرچہ جواب دینے کی حاجت نہین لیکن بنظر فائدہ عام کے جواب بطور اختصار لکھا جاتا ہے لکھنا وجوہ کا واسطے حصول لاطائلیت کے نہین ہوا بلکہ واسطے وضاحت لاطائلیت کلام خصم کے لکھی گئی لیکن مین نے تقریرًا یا تحریرًا یہ دعوی نہین کیا کہ ساکنان حرمین شریفین قبل اسلام بھی بہتر تھے ورنہ کوئی تحریری سند پیش کرو یا حضار مجلس سے گواہی دلواؤ جیسا کہ ہمنے گواہ تحریری شرط ثالث کے پیش کیے اور جو واقعات قتل ابن زبیر و یزید کی پیش کیے اُنکا مقابل احادیث نبویہ مثل ان الدین لیارز الی الحجاز کما تارز الحیة الی جحرها وغیرہ جو صحاح ستہ اور مشکوۃ مین موجود ہین پیش کرنا شان محمدیہ سے بعید ہے آپ تو فرماتے ہین کہ ہمارے نزدیک بجز قرآن وحدیث اور اجماع صحابہ کے کوئی دلیل نہین ہے آپ واقعات کو کیون بیان کرتے ہو علاوہ برین انکے واقعات مذکورہ سے بجز مظلومیت اُنکی کے اور کچھ ثبوت نہین ہوتا یعنی عبد الملک وغیرہ نے مکہ اور مدینہ پر چڑھائی کرکے ساکنان حرمین کو بہت ستایا بلکہ ان شدائد سے فضیلت ساکنان حرمین کی عند اللہ ثابت ہوئی لقولہ علیہ السلام اشد البلاء الانبیاء ثم الامثل فالامثل اور یہ امر بھی ظاہر ہے کہ ہم اُنکی عصمت کے مدعی نہین ہوتے تا پھر کوئی اعتراض لازم آوے اور جو آپنے حدیث نقل کرکے ناشکری بطور اہانت ساکنان حرمین کے بیان کی تھی تو حقیقت مین طعن حضا پر ہے اُسکے جواب مین مین نے یہ کہا تھا کہ ہم انکی معصومیت کا دعوی نہین کرتے اور اب آپ جو فرماتے ہین کہ بعض لوگ وہان کے اچھے ہین اگر مراد اس سے علماء ہین تو انکی منصفی سے منحرف کیون ہوتے ہو اگر ذی علم مراد نہین تو اُسکی سند قرآن وحدیث سے پیش کرو اگر دعوے سے آپ نے اپنی عبارت مین جو عام فضیلت کا مراد لیا ہے تو اُسکا مشروط ہونا ساتھ شرط ثالث ہمارے کے محالات سے ہے للاویہ شرطیة الشیء لنفسہ والجرح وان احتلج فی صدرك بعد ذلك شيء فاقرأ قوله تعالى ان الله على كل شيء قدير فذیتا من فانه مقیق وبالتامل حقیق آپ خود فرماتے ہو کہ دعوے سے پہلے دعوی تقریر عام آپکا مراد رکھا [illegible] دیکھیے یہ افترا محض ہے لیکن واسطے ہمارے سند کامل ہوگئی لیکن اب آپ دعوی تقریر کی سند پہنچنے مقر

ہوسکے پس اب آپ یہ دلیل دعوی مذمت کفر بری اپنی کی تحریر کرو واسطے ملاحظہ منصف کے ضروریات
سے ہوئی لان المرء یعرف باقسامہ اور اب آپ یہ فرماتے ہو کہ ایک سطر واسطے تعیین دعوی اپنے کے نشان
دو سو چھٹی تحریر ہماری مین یہ درج ہی دیکھ لو ہمارا دعوی اول سے یہی ہی کہ علماے مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کا
اس زمانے مین منصف ماننا وقت اختلاف اور تکرار باقی رہنے ہماری کے چاہیے اطلاق کرنا لفظ سائل
کا مقابل لفظ مدعی کے لغو ہی اسکو لغو کرتا ہو اور کہنا آپکا کہ شاید مین تسلیم کر لون آپکے سائل ہونے کو باعتبار اول
الیہ کے باطل کرتا ہو والا ہر مجادلہ کو قتیل کہنا اگرچہ وہ مقتول نہو درست ٹھہرتا وہو کما تری اور آپ جو لکھتے ہو
کہ مین نے اسمین کو صاد نہوا یا آپ حلفاً بیان کرو کہ جب آپ نے ہماری تحریر سے نقل کی تھی تو اس مین
صاد تھا یا نہین اسمین تو صاف صاد ہی تھا اور آپ جو فرماتے ہو کہ فتوی ہمارے ہاتھ نہین دیتے یہ کس علم
مناظرہ کی کتاب مین درج ہی کہ جو شخص دلائل اپنے زبانی بیان کر چکا ہو اسکو تحریر کر کے بھی دینا خصم کو ضروریات
سے ہی جب آپ نے بمقابلہ احادیث فضیلت کے جو مین نے مجمع عام مین پڑھی تھین معارضہ دلائل
کے موافق زعم اپنے کے بیان کیے پس تحریر دلائل کی واسطے ملاحظہ منصف کے ضرور درکار ہی سو ہم کئی دن سے
کہ رہے ہین کہ مذمت کا فتوی مدلل کر کے تم بھی پیش کرو تا دونون شامل مسل ہو کر منصف کے پاس روانہ
کیے جاوین آپ جو بار بار زبان پر لاتے ہین کہ گفتگو فضیلت حرمین کی فضول ہی یہ بات آپکی بالکل بیجا
ہی کیونکہ اکثر فساد عوام کالانعام مین اسواسطے زیادہ برپا ہوتے ہین کیونکہ متبعین مذہب سند عمل در آمد علماء اور
اتقیا سکناے حرمین شریفین کی پکڑتے ہین اور آپکے فرقہ کے لوگ سکناے مکہ کی مذمت کر کے لوگون کی طبیعت
کو اشتعال دلاتے ہین اگر آپکو دینا فتوی مذمت کا واسطے ملاحظہ منصف کے منظور نہین ہم فتوی اپنا شامل
مسل کر کے منصف کے پاس روانہ کر دیتے ہین اور ختم گفتگو کر کے حضار مجلس کو پیام سلام کا دیتے ہین۔

مدعی فضیلت سکنان حرمین شریفین — مولوی عبد العزیز صاحب

سائل مقابل — مولوی محمد حسین صاحب لاہوری

خلاصہ تنازع یہ ہی

کہ مدعی نے دعوی فضیلت سکنان حرمین کا کیا سائل نے اسکے جواب مین کہا حرمین شریفین کے لوگ منافق و
کافر بھی تھے چنانچہ آیت ومن اهل المدينة مردوا على النفاق وآیۃ الاعراب اشد کفرا ونفاقا

اُسپر دال ہی بروز مباحثہ سائل نے استفسار کیا کہ آپ فضیلت کلی کے مدعی ہین یا کسی وصف خاص مین اُسکے
جواب مین مدعی نے کہا کہ مراد فضیلت کلی سے اور وصف سے کیا ہی اور آپ تمسک اس مسئلہ مین کس دلیل سے
پکڑ ہونگے سائل نے تشریح کی کہ فضیلت کلی عبارت ہی فضیلت سے ہر وصف مین جیسے علم و فہم و تقویٰ و اول
سکونت وغیرہ اور وصف خاص ایک صفت ان صفتون مین سے ہی اور یہ کہا کہ میرا تمسک آپکو ابھی تک
معلوم نہین ہوا مین تو سائل ہون آپ مدعی ہین آپ جس دلیل سے تمسک کرینگے مین جواب دونگا مدعی
نے کہا کہ جب تک آپ کوئی دلیل دلائل شرعیہ مین سے منظور نکروگے جواب متعذر ہی اس لیے آپکو لازم ہی کہ آپ
اپنا تمسک بیان کرین تا جواب دیا جاوے اور آپ نے جو کل آیۃ مذمت اہل مدینہ مین اور مذمت عرب مین
پڑھی تھی اسکو بھی مذمت مین سند جانتے ہو یا اس سے رجوع ہی سائل نے کہا کہ میرے پاس دلیل پیش کرنیکی
اُسوقت حاجت ہوگی جب مین آپکے دعوی فضیلت کا منکر ہونگا اور جبکہ ابھی تک محل نزاع مقرر نہین ہوا
اور میرا انکار یا تسلیم ثابت نہ ہوا تو ابھی دلیل پیش کرنے کی حاجت نہین شاید مین آپکے دعوے کو مان لون
جسوقت مین آپکے دعوے کا منکر ہونگا اسوقت آپ دریافت کرنا کہ تم کونسی دلیل مانگتے ہو اور آیت سے جو مین نے کل دلیل پکڑی تھی
وہ مذمت مین ان لوگون کے پکڑی تھی جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مین منافق تھے چنانچہ پیشتر کہہ چکی ہی کہ مکہ و
مدینہ کے لوگ کئی قسم پر ہین ایک وہ جو پہلے آنحضرت کے کافر تھے دوسرے وہ جو حضرت کے زمانہ مین کافر
تھے اور یہ کہا تھا کہ آنحضرت کے وقت مین بھی مدینہ مین منافق موجود تھے جیسے وہ آیۃ پیش کی تھی مدعی نے
کہا کہ آپ نے جو آیت مقابل ہمارے مناظرہ مین بیان کی تھی اگر مراد آپکی وہی تھی جو آپ فرما رہے ہین تو
آپ سے خطا ہوئی کیونکہ جو حدیثین ہمنے فضائل مین بیان کین تھین اُنکا یہ مضمون تھا کہ قبل بروز اور نصرت
اسلام کے ثبوت فضیلت کا ہو لیکن یہ اہل علم سے بعید ہی اور اگر مراد آپکی بعد تقرر اسلام کے تھی تو لیکن اس
سے تکذیب احادیث کی لازم آتی ہی اور آپ دو تین روز سے جو انکی تنبیہات کا کر رہے ہین اسلیے آپکے
دریافت تمسک ضرور ہی سائل نے کہا کہ چونکہ آپ نے دعوی تعیین نکیا تھا کہ کس زمانہ کے لوگون کی فضیلت
کے مدعی ہین اسلیے مین نے تفصیل و تقسیم کی تھی اور یہ مین نہین کہتا کہ جو مضمون احادیث سے ثابت ہی مسلم
نہین اور تقرر اسلام کی حد بیان کرنا آپ پر لازم ہی کہ کس وقت سے وہ مانا گیا جب آپ حد بیان کرینگے
اسوقت میرا اقرار یا انکار آپکو ثابت ہوگا پہلے سے آپ کیون فرماتے ہین کہ تم بعد تقرر اسلام کے منافق ہونیکا
وجود مدینہ مین تجویز کرتے ہو مین دو تین روز سے مطلق فضیلت کا منکر نہین ہون آپ اپنا مطلب بیان کرین

کہ کس فضیلت کے مدعی ہین شاید اسکا مین منکر ہون جب آپ منکر ہوے ہین اُسوقت مجھسے دلیل لانیکا
کا سوال کرین مدعی نے کہا یہ عجب العجائب ہے کہ آپ کے سامنے جب حدیثین فضائل کی بیان ہو چکین اور
مضمون احادیث کا صریحا دلالت کرتا ہے کہ اُنزمانہ نفاق وکفر کا نہین پھربھی ایسی آیت مقابل احادیث کے
بیان کرنا صریح غلطی ہے اور یہ امر ظاہر ہے کہ دعوی فضیلت کل سکان حرمین کا بعد استیلا و اقرار اسلام کے ہر
زمانہ کفر و نفاق مین خیر آپ چونکہ ادعاے مذکور سے انکار کیا چاہتے ہین انکار کو بجاے خود برقرار دیا اور
فضائل حرمین شریفین کے بالفعل بھی جو احادیث سے ثابت ہین کئی قسم کے ہین لیکن مقصود یہ ہے کہ
جب علما سے اطراف و دیار مین کسی مسئلہ کا اختلاف ہو پس اُس صورت مین یہ امر افضل و بہتر ہے کہ حرمین سے علما
کو منصف قرار دیا جاوے چنانچہ مجموعہ احادیث مشتملہ استفتا پیش کیا جاتا ہے جو اس امر پر دال ہین سائل نے کہا جو کہ
آپ نے دعوی عام کیا تھا اور دلیل خاص فضیلت زمانہ تقرر اسلام کی لائے تھے اسلیے آپکے دعوے کے مقابلہ
مین مین نے تقسیم کی تھی اور وہ آیت بمقابلہ آپکے عموم دعوے کے تھی نہ خصوص دعوے کے خیر آپ اس دعوے
عام کو چھوڑتے ہین تو مین آپکے اس امر کو بجاے خود قرار دیتا ہون اور جو آپ نے اب دعوی کیا کہ علماے حرمین
مین بھی منصفیت مین مدعی ہین کہ منصف مقدمات دین مین وہ افضل ہین اور اس دعوے پر آپنے احادیث متضمنہ
پیش کیے ہین سو مین کہتا ہون کہ اس دعوے مین یہ بات تعین طلب ہے کہ کس زمانہ کے لوگ فضیلت کے قابل ہین
ہر زمانہ کے یا خاص قرون ثلثہ کے یا آجکل کے آپ تعین فرماوین تو آپکا فتوی دیکھا جاویگا مدعی نے کہا ہمارا دعوی دل
سے یہی ہے کہ علماے حرمین کا اس زمانہ مین منصف قرار دینا بروقت اختلاف اور تکرار باقی رہنے ہمارے کے جائز ہے
واسطے اس امر کے شرط تیسری ہماری شرائط مشمولہ اسمین جو قبل انعقاد شرائط سرکار کے داخل کی گئی تھین شاہد
عدل ہے کیونکہ بسبب نہ ماننے اُس شرط کے یہ بحث شروع ہوئی تھی اور وہ یہ تھی شرط سوم بعد گفتگو کے اگر تکرار
باقی رہے تو واسطے انفصال کے علماے مکہ اور مدینہ کو منصف قرار دیا جاوے آپکو لازم ہے کہ یا تو منصفی علماے
حرمین کی منظور کرین یا ایک فتوی ثبوت مذمت سکان حرمین مین یعنی جو علما اور اتقیا اور مومنین وہان کے موجود
ہین تحریر فرماوین سائل نے کہا بیشک آپ نے شرط مین منصفی کا ذکر کیا تھا لیکن جب آپ نے عام دعوی
کیا تو عام ساکنان مکہ کی فضیلت کے مدعی ہوے اور بہت ظاہر ہے کہ شرط ایک امر ہے اور مشروط یعنی دعوی جسکے
لیے شرط مقرر کی گئی تھی اور ہے اور یہ لازم نہین کہ شرط مین تصریح فضیلت علما کی ہونے سے مشروط مین بھی
تصریح سمجھی جاوے اس سے سب کو ثابت ہوگا کہ آپ اس دعوے عام سے رجوع کرتے ہین

کو انصاف ناظرین پر چھوڑ کے مطلب کی بات کا جواب دیتا ہون کہ آپنے میری بات کا جواب نہین دیا کہ آپ کن لوگونکو اہل
فضیلت کا جو احادیث قوی سے ثابت ہی محل قرار دیتے ہین ہر زمانہ کے لوگونکو یا قرون ثلثہ کے یا آج کل کے جب
آپ تعین کیجیے گا مین نظر کرونگا اگر وہ لوگ واقعی آپکے احادیث قوی کے مصداق ہین تو مین مان جاؤنگا ورنہ اُس
مین عذر کرونگا آپ ابھی مجھ سائل سے تسلیم اپنے مجمل دعوے کی بار بار کیون چاہتے ہین مدعی نے کہا کہ جانبین کی عبارت کو
منصف خود تحقیقات کرلیگا اور یہ جو کچھ آپنے لکھا ہی کلام لاطائل ہی جسپر حرف کے آپ مدعی بنتے ہیں [illegible] کیجیے ورنہ آپ
کو اختیار ہی سائل نے کہا مین بھی التماس کر چکا ہون کہ لاطائل ہونا کلام ہر شخص کا سپرد ناظرین ہونا چاہیے اور شخص جو آپ
مدعی بناتے ہین اور مجھسے دلیل طلب کرتے ہین محل تعجب ہی وہ کون لفظ میری ہی جس سے میرا مدعی ہونا اسی امر کا ثابت ہوتا ہو
مین تو ابتک سائل ہون اور آپ مدعی ہین لیکن آپ پر دلیل پیش کرنا لازم ہی چنانچہ آپنے ایک فتوی بھی دکھلایا تھا اب اسکو کیون نہ لو
ہو آئندہ دعوے مین تعین کرو اور اسپر ایک حدیث فتوے کے شاہد ٹھہراؤ پھر مجھسے دریافت کرو کہ تو اُسکو مانتا ہی یا نہین لیکن انہان
مدعی نے وجوہ لاطائلیت کلام سائل کا بیان کرنا شروع کیا چند وجوہ سے ایک یہ کہ قول سائل کا ولیکن جب آپنے
دعوی کیا تھا تو عام کیا تھا محض بے سند ہی کیونکہ جب اول ملاقات سردار صاحب کے حضور مین ہوئی تھی اور
شرائط جانبین علیحدہ علیحدہ سردار صاحب کو حوالہ کی گئین تھین اور ہماری تیسری شرط منجملہ شرائط ستہ کے
یہ تھی کہ شرط سوم بعد گفتگو کے اگر تکرار باقی رہے تو واسطے انفصال کے علماے مکہ اور مدینہ منصف مقرر
کیے جاوین اس شرط کو آپ نے نامنظور فرمایا بلکہ سکان حرمین کو فاسق وغیرہ الفاظ سے یاد فرمایا مین نے
جواب مین کئی حدیثین فضیلت کی پیش کین کہ ہم بموجب ان احادیث کے علماے حرمین کو منصف قرار دیتے ہین
آپ نے اُسکے جواب مین بجز واقعات کے کوئی حدیث پیش نہین کی دوسرے روز روبرو سردار صاحب کے مجمع
عام مین پھر اُسی شرط کی تکرار شروع کی اُس روز بھی آپ سکان حرمین کی مذمت کے مدعی ہوے مین نے
کھڑے ہوکر مجمع عام مین احادیث فضائل کے بیان کیے اُسکے جواب مین آیۃ الاعراب اشد کفرا و
نفاقا الآیۃ و من اهل المدینۃ مردوا علی النفاق اور چند واقعات بیان کیے دوسری وجہ یہ کہ
قول آپ کا شرط اور شے ہی اور شرط اور ہی حق ہی لیکن شرط مذکورۃ الصدر بحث مسائل مختلفہ کی گئی تھی جب جانبین
نے اُس شرط کو بحث قرار دیا تھا تو یہی شرط دعوے ہوگئی تیسری وجہ یہ کہ قول آپ کا کہ دعوے کے
الفاظ مین تعمیم تھی محض افترا ہی ورنہ اُن الفاظ کو مسل مین نشان دیجیے چوتھی وجہ یہ کہ قول آپ کا کہ آپنے
میری بات کا جواب نہین دیا بڑے تعجب کی بات ہی کہ جو بات ہماری سراسر دال ہی اوپر تعین مدعی

گے اُسکے جواب مین آپ نے یہ فرمایا پانچوین وجہ یہ کہ مذمت سکان حرمین کا جو آپکی رو دن سے ذکر کر رہے تھے اب جب دلیل آپ سے طلب کی گئی تو اُسکو اجنبی بات فرمانے لگے اور آپ کئی جگہہ اپنے آپکو سائل سے تعبیر کرتے ہین حالانکہ مراد سائل سے علم مناظرہ مین وہ شخص ہی جو مقابلہ مدعی کا بعد قائم ہونے دلیل کے کرے تسلیم کرنا دعوے کا بعد اقامت دلیل کے شان سائل سے نہین قال فی الرشیدیۃ السائل من نصب نفسہ لنفی الحکم اب آپکو لازم ہی کہ مذمت کی دلیل پیش کیجیے اور فضیلت کی دلیل جو بیان ہو چکی تا دونون منصفون کے پاس روانہ کی جاوین بعد اسکے سائل نے جواب مین کہا کہ آپکی وجہ اول کا جواب یہ ہی کہ اگرچہ شرط ثالث منصفی علما کی چاہتے تھے لیکن دعوی آپکا یہی تھا کہ مکہ ایسی جگہہ ہی جہان کوئی خبیث رہنے نہین پاتا وہان کے سبھی لوگ اچھے ہوتے ہین جسکے مقابلہ مین ہم نے تقسیم کی تھی اور کہا تھا کہ مکہ اور مدینہ پر کئی زمانے آئے ایک زمانہ قبل نبوت کہ اُسمین کفر ظاہر تھا پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ کہ اُسوقت مین بعض منافق موجود تھے جن پر آیت پڑھی تھی پھر زمانہ جو حضرت کے بعد ہوا اُس مین بھی بعض اطراف کے لوگ مرتد ہو گئے پھر خلفاء کے مابعد کا زمانہ ہوا جس مین یزید پلید کے لشکر سے حرکتین بیجا سرزد ہوئین اور مکہ پر عبد الملک نے چڑھائی کی ان دلائل سے مین نے آپکے دعوے عام کو توڑا اور جواب وجہ دوم کا یہ ہی کہ اگرچہ شرط پیچھے کر ایک دعوی ہو گئی تھی ولیکن اول دعوے کے وہ مغایر تھی اور جواب وجہ سوم یہ ہی کہ افترا کہنا محض افترا ہی وہ گفتگو زبانی تھی کہ جس مین دعوی عام تھا سل کہان ہی جسمین نشان دیا جاوے مسل تو پیچھے ہوئی اور وجہ چہارم کا جواب یہ ہی کہ آپکے کسی لفظ سے تمام تحریر مین بوبھی اس بات کے نہین آتی کہ آپ حرمین کے ساکنان کی ہر زمانہ کے بہتری کے باب منصفی مین مدعی ہین یا خاص قرون ثلثہ کے یا آج کل کے لوگون کے اور جواب وجہ پنجم کا یہ ہی کہ مین مذمت عام ساکنان حرمین کا مدعی نہین ہوا تمام لوگ حاضرین مجلس جانتے ہین کہ مین کہتا ہون کہ وہان بھلے لوگ بھی ہین اور برے بھی ہین اور کہتا ہون کہ اُس جگہہ کے اچھے ہونے سے وہان کے سبھی لوگون کا اچھا ہونا لازم نہین آتا اور یہ بھی میرا کہنا کچھ بطور دعوے کے نہ تھا بلکہ بطور نقض آپکے دعوے کے تھا اور جب سے گفتگو تحریری شروع ہوئی مین کسی امر کا مدعی نہین ہوا آپ سے تعین دعوی اور دلیل کا سوال کرتا ہون اور سائل لغت مین ہر بات پوچھنے والے کو کہتے ہین اس نظر سے اطلاق سائل کا مجھپر ہو سکتا ہی اور جو آپ فرماتے ہین کہ مین دو تین روز سے دلیل پیش کر رہا ہون بڑی دلاوری کی بات ہی کہ آپ برخلاف واقع اظہار کرتے ہین مین جب دلیل مانگتا ہون آپ اپنے فتوے کو اپنے

ہاتھ مین رکھکر دور سے دکھا دیتے ہین ہین کہتا ہون کہ فتوی مجھے دیدیجیے مین اسکو قبول کرون یا رد کرون آپ
نہین دیتے ہین آپ بعد اسکے مدعی نے کہا کہ ہمنے تقریرًا یا تحریرًا یہ دعوی نہین کیا کہ ساکنان حرمین قبل تقرر
اسلام بہی بہتر تھے اور واقعات قتل ابن زبیر اور یزید کے مقابل احادیث نبویہ پیش کرنا شان محمدیہ سے
بعید ہی آپ تو فرماتے ہین کہ ہمارے نزدیک بجز قرآن وحدیث واجماع صحابہ کے کوئی دلیل نہین واقعات
کو کیون بیان کرتے ہو علاوہ اسکے ان واقعات سے بجز مظلومیت اہل حرمین کے اور کچھ ثبوت نہین ہوتا اور
یہ امر ظاہر ہی کہ انکے عصمت کے مدعی نہین ہوتے تا پہر کوئی اعتراض لازم آوے اور اب جو آپ فرماتے
ہین کہ بعض لوگ وہان کے اچھے ہین اگر مراد اس سے علما ہین تو انکی منصفی سے منحرف کیون ہوے اور ہمارا
دعوی اول سے یہی ہی کہ علماے مکہ اور مدینہ کا اس زمانہ مین منصفت ماننا وقت اختلاف اور تکرار باقی رہنا ہمارے
کے چاہیے اور آپ جو فرماتے ہین کہ فتوی ہمارے ہاتھ نہین دیتے یہ کس کتاب مین مناظرہ کی درج ہی کہ جو
شخص اپنے دلائل بانی بیان کرے اسکو تحریر کرکے بھی خصم کو دینا ضرور ہی فقط والله اعلم بالصواب چونکہ متخاصمین اس تقریر سراپا تقصیر
کے انصاف ومحاکمہ پر راضی ہوے یقین ہی کہ جو امر مین انصافا بلا لحاظ احد الجانبین تحریر کرونگا اسکو دونون
پسند فرماوینگے اور بعد نظر ثانی وفکر وافر کے میری تحریر کو محض انصاف واظہار حق تصور فرماوینگے بنا رعلیہ
امتثالا للامر مین متوجہ انصاف کا ہوتا ہون اور امر مکنون کو ظاہر کرتا ہون مخفی نرہے کہ متخاصمین کی تقریرات
امور زائدہ پر کہ مراحل واب مناظرہ سے دور ہین مشتمل ہین ان سب سے قطع نظر کرکے بعد معاینہ تقریرات
طرفین کے جو امور واضح ہوے اسکو مین درج صحیفہ ہذا کرتا ہون **اول** مدعی کو لازم تھا کہ اولا دعوے کی تنقیح
کما حقہ فرماتے اور دعوی فضیلت سکان حرمین کا علی سبیل الیقین عمومًا یا خصوصًا فرماتے اور سکان کی تقیید ساتھ
علما کے اور فضیلت کی تعیین کہ غرض باب انصاف مین ہی اور تعیین زمانہ فضیلت کرتے تا سائل کو موقع ابطال
بحث کا ملتا ایسے لوجہ منحرف ہوجاتے زائد تقریر کی امور غیر مقصود مین امر مقصود فوت نہوتا **دوم** اگرچہ مدعی نے
بوقت تقریر دعوی عام بلا تعیین کیا ہو مگر قرائن حالیہ ومقالیہ تقریرات سابقہ وشرائط سابقہ سے کہنا ناسے
یہ امر بدیہی ہو کہ غرض انکی اثبات فضیلت علماے اسلام حرمین تھی اسلام مسلم دلیل سا طع اس امر پر یہ ہی کہ دو کفار
اور منافقین اہل حرمین کو افضل نہین کہسکتا اور عقل عاقل مقتضی اس امر کی ہی کہ یہ دعوی سواے مجنون یا
[illegible] کسی سے نہین ہوسکتا لیکن گو دعوی مدعی عام ہو کہ شامل جمیع ساکنان حرمین ہو مگر قرائن واضحہ
[illegible] بیان کرده خاص ساتھ ساکنان حرمین بعد تقرر اسلام کے بلکہ ساکنین مسلمین حرمین کی [illegible]

مابین متخاصمین کے قبل اس تقریر کے مذاکرہ مشروط ہو چکا تھا اور شرط ثالث میں یہ مضمون مندرج تھا کہ بعد گفتگو کے
اگر تکرار جانبین باقی رہے تو واسطے انفصال کے علمای مکہ و مدینہ کو منصف قرار دیا جاوے اور اگرچہ وہ شرط محل بحث
واقع ہو گئی اور وقت مباحثہ کے مدعی نے دعوی مطلقہ کیا لیکن قرینۂ سابقہ سے ظاہر ہی کہ غرض اُس کی اس
دعوے سے اجرا اُسی شرط کا تھا پس بالضرورت دعوی اُسکا خاص ہوا اگرچہ اُس نے بوقت دعوی برخلاف آداب
مناظرہ اجمال کیا پس ایسی حالت مین سائل کو ہرگز نہین لازم تھا کہ بغرض نقض دعوے عامہ کے آیۂ الاعراب
اشد ومن اهل المدینة وغیرہ تلاوت کرین یا قصص فتنہ بیان کرین اسواسطے کہ سائل کو مدعی سے تعیین دعوی
وتعریفات مفردات دعوی وغیرہ اُس وقت کرنا چاہیے جب اُسکا علم نہو اور اگر باوجود علم کے طلب کریگا تو یہ مکابرہ
یا مجادلہ ہوگا جیسا کہ ابحاث باقیہ وغیرہ مین مصرح ہی اور مانحن فیہ مین علم اس امر کا کہ دعوی خاص ساتھ علماے حرمین کے
ہی بدلالت حال و مقال ہر کس و ناکس کو حاصل ہی پس مقابلہ سائل کا ایسی صورت مین خارج از مناظرہ ہی سوم
ہرگز سائل کو بمقتضای مناظرہ نہین لائق تھا کہ آیات مذمت اشرار و منافقین حرمین کے تلاوت کرے مگر بعد اسکے کہ اُنسے
یہ امر خلاف داب مناظرہ ہوا مدعی کو دلیل مذمت سکان حرمین سائل سے طلب کرنا اور سائل کو مدعی مذمت ٹھہرانا
خلاف داب مناظرہ ہی اسوجہ سے کہ ہر ذی عقل اس امر کو جانتا ہی کہ غرض سائل کی اس تلاوت وغیرہ سے صرف نقض
عموم و اطلاق دعوی مدعی تھا نہ ادعاے مذمت سکان حرمین یا منقصت علمای حرمین چہارم یہ کہ سائل نے جو
بمقابلہ اطلاق دعوے کے وقائع یزید و عبد الملک بن مروان بیان کیے وہ خارج از بحث ہین اسوجہ سے کہ اُن
وقائع مین کوئی امر شرارت و خباثت کا اہل حرمین سے نہین ہوا تھا بلکہ اُنہیر غلبہ مفسدین کا ہوا تھا پنجم تعیین
دعوی جو مدعی نے بعد چند تقریرات کے کیے یعنی یہ کہ دعوی فضیلت علماے حرمین کا باب الضاف مین سے ہے
اگرچہ یہ امر اُنکی شرط سابق سے معلوم ہوتا تھا مگر وقت بحث کے ابتدا سے اسکی توضیح ضرور تھی کہ سائل کو موقع
سوال کا نہوتا اور وقت دعوے کے اسکا اجمال اس غرض سے کہ جب خصم انکار اس دعوے کا کریگا تو حضار
مجلس سے کہدیا جاویگا کہ دیکھیے یہ مکہ اور مدینہ کے لوگون کی فضیلت سے جو نصوص صریحہ سے ثابت ہی انکار
کرتے ہین اور خلاف احادیث اعتقاد رکھتے ہین شان ارباب مناظرہ سے نہین ہی ششم باوجود
استفسار سائل کے مرۃ بعد اخری مدعی نے صاف بیان نہ کیا کہ دعوی فضیلت علماے حرمین کا من حیث
الانصاف آج کل کے علما کے باب مین ہی یا قرون ثلاثہ کے علما کے باب مین یا بہ نسبت ہر زمانہ کے یہ بھی امر
خلاف داب مناظرہ ہی جب سائل استفسار امر ضروری کا کرے مدعی پر اُسکا جواب صاف دینا لازم ہے

اور اسمین لیت و لعل کرنا خالی مجادلہ و مکابرہ سے نہین ہو مدعی نے اسکا حوالہ اپنی تقریرات سابقہ پر کیا
حالانکہ کسی تقریر مدعی سے اسکا حال نہین معلوم ہوتا ہو البتہ شرط ثالث کے عنوان سے اس قدر معلوم ہوتا
ہو کہ وہ اس زمانہ کے علماے حرمین کی افضلیت اضافیہ کے قائل ہین مگر یہ نہین معلوم ہوتا ہو کہ آیا یہ مرتبہ خاص
اسی زمانے کے ساتھ ہو یا ہر زمانے مین از ابتداے تقرر اسلام پایا گیا یا قرون ثلاثہ مین یہ وصف ثابت ہو کے
معدوم ہوگیا پھر اس زمانہ مین اعادہ معدوم ہوا جب تک کہ مدعی تعین دعوی صاف صاف نکرے دعوی کیونکر متقرر
ہوگا اور سائل کسطرح دلیل مین نظر کرسکیگا ہشتم بحث کرنا اس امر مین کہ سائل نہین خارج از مناظرہ ہو اگر
اصطلاحًا سائل نہو تو لغۃً سائل ہو یہ مین شبہہ نہین ہو نہم سائل کا یہ قول کہ مکہ و مدینہ مین ایسے لوگ بھی ہوتے
ہین اور برے بھی ہوتے ہین صحیح ہو لیکن منصفی مین افضل ہونا اسکا اثبات ذمہ مدعی کے ہو سائل کے اس کہنے سے
نہین لازم کہ افضلیت من حیث الانصاف کا بھی قائل ہووے دہم فضیلت عربیت بحیثیت عرب ہونیکے اور فضیلت
اہل حرمین شریفین کی عمومًا اور علماے حرمین کی خصوصًا بحسب تضاعف ثواب عبادات و کثرت قبولیت
حسنات و مغفرت سیئات و بحسب فضیلت موطن و مسکن متفق علیہ ہو اور اسکا ثبوت بہت سی احادیث صحیحہ و اخبار
صریحہ سے ہوتا ہو کسی مسلم کی شان سے نہین ہو کہ ان فضائل کا انکار کرے اور کثرت ثواب طاعات و مغفرت
خطیئات و قبولیت عبادات و فیضان رحم الٰہی و قرب جناب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم و افضلیت مسکن و موطن
مین کسی کو اہل حرمین پر فضیلت دے بالی امر انصاف و تحقیق مسائل خلافیہ مین اور تنقیح و تدقیق دلائل
مخالفین مین یہ موقوف ہو اوپر جودت طبیعت و فرط ذکاوت و وسعت نظر و حسن فکر و وسعت علم و کمال
فہم و ترک تعصب مذہبی و [illegible] ہوا فعلی [illegible] تک نہ ثابت ہو کہ علماے حرمین ہر زمانہ کے ایک ایسا
خاص کر ان سب صفات کے ساتھ [illegible] بحسب الانصاف [illegible] ہو اور ماہران کتب
تواریخ حرمین شریفین مثل العقد الثمین فی تاریخ البلد الامین و تاریخ المدینہ وغیرہ و ناظران تراجم علماے
متقدمین و متاخرین پر مخفی نرہیگا کہ اجتماع ان سب صفات کا ہمیشہ [illegible] نہین پایا گیا بلکہ
بعد قرون صحابہ رضی اللہ عنہم کے جس قدر شیوع علم و قوت فہم بلاد شام و مصر وغیرہ مین پایا گیا حرمین مین
اسی قدر نہین پایا گیا و پھر مدعی نے جو احادیث اثبات دعوے کے واسطے ذکر کین ہین ثبوت دعوے

[illegible] الدعوے [illegible] اول [illegible] المسجد الحرام [illegible] الا المسجد الحرام
[illegible] ثبت فضیلت [illegible] فضیلت ساکنان حرمین [illegible] ثواب

عبادات و بحسب شرافت سکونت ثابت ہی اور اسمین کسی مسلم کو نزاع نہین اور اس فضیلت سے فضیلت
من حیث الانصاف لازم نہین ہی بلکہ من حیث العلم بھی ضروری نہین ہی اور حدیث دوم سے یعنی ان اللہ
حبس عن مکۃ الفیل الی الحدیث شرافت ذاتیہ بلدہ مکہ معظمہ کی ثابت ہی نہ فضیلت علمیہ کان اور حدیث سوم
یعنی واللہ انک لخیر ارض اللہ الی اللہ الحدیث سے بھی فضیلت ذاتیہ زمین حرم مکہ کی اور فضیلت اہل حرمین
بحیثیت شرافت مسکن ثابت ہی نہ فضیلت علمیہ اور حدیث چہارم یعنی ان الدین لیارز الی الحجاز کے سبب
تصریح شراح حدیث اس زمانے سے خبر ہی کہ جسمین استیلای کفرہ تمام اقالیم مین ہو جاویگا اور قوت دین تمام
بلاد مین سے منتفی ہو جائیگی اُسوقت دین حجاز کی طرف مائل ہوگا اور وہان سے زائل نہوگا اور بعض محدثین
کہتے ہین کہ یہ اشارہ ہی اسطرف کہ دین حرمین مین قوی رہیگا اور جس طرح سے مداہنت امور دینیہ [illegible]
شرعیہ اور بلاد مین ہوگا اُس قدر حرمین مین نہوگا علی کل تقدیر اس حدیث سے فضیلت علما من حیث الانصاف
نہین ثابت ہوگی کیونکہ بقاے دین اور قلت مداہنت دین شی دیگر ہی اور فضیلت انصاف امر دیگر ہی اور حدیث
پنجم مین لا یکید اهل المدینة احد الا اذابه الله فی النار وعید ہی اُسپر جو اہل مدینہ کو ایذا پہنچاوے جیسے [illegible] سے کہ
یزید و عبد الملک بن مروان سے سرزد ہوا فضیلت علماء سے کچھ بحث نہین اور مجرد افضلیت اہل حرمین کو من
حیث العلم والانصاف کسی طرح سے داخل ایذا نہین ہان جو شخص اہل مدینہ سے عداوت کرے اور اُنکو ایذا دے اور
تحقیر اہل حرمین کی کیا کرے اور اُنکی مذمت کے بیان مین سرگرم رہے وہ البتہ اس وعید مین داخل ہی اور حدیث
ششم یعنی لا یدعها احد رغبة عنها الخ مین مدینہ سے نکل جانیکا اور مدینہ مین رہنے سے تنفر ثابت ہونیکا
ذکر ہی بحث سے کچھ علاقہ نہین اور حدیث ہفتم مین یعنی ان ابراهیم الخ ذکر برکت مکہ و مدینہ کا طول ہونا سیدو غیرہ
مین ہی فضیلت علمیہ سے اسکو کیا علاقہ ہی اور حدیث ہشتم سے یعنی من استطاع ان یموت بالمدینة فلیمت [illegible]
فضیلت موت کی مدینہ مین ثابت ہی اور یہ فضیلت علمیہ پر موقوف نہین اور حدیث نہم سے یعنی انما
المدینة کالکیر شرافت مدینہ کی اس امر کی ثابت ہوئی کہ وہ ایسی جگہ ہی کہ وہان منافق اور خبیث الباطن
بعد قوت اسلام کے نہین رہ سکتا اور یہ نہین ثابت کہ وہان کا ہر عالم علماے بلاد سے من حیث العلم افضل
ہوتا ہی اور بعض شراح حدیث نے اس حدیث کو بھی زمانہ ظہور علامات قیامت کیساتھ محمول کیا ہی کہ اُسوقت
مین مدینہ مین سواے مومن کامل کے کوئی نہ رہ سکیگا انہین عموماً فضیلت نہ ثابت ہوئی اور حدیث دہم
یعنی ان اللہ سمی المدینة طابة کچھ [illegible] نہین نام مدینہ کا طابہ ہونا اور چیز ہی اور وہ اُسکے

سکان کا افضل ہونا اور حدیث یازدہم یعنی آخر قریۃ من قری الاسلام خرابا المدینۃ بھی
مقصود سے کو بیگانہ ہی کیونکہ خبر اس امر کی ہے کہ بوقت خراب عالم وقرب قیامت مدینہ سب بلاد
کے بعد خراب ہوگا اسکو فضیلت سے کیا علاقہ ہی اور حدیث تبغض العرب فتبغضنی اور حدیث
من غش العرب لم یدخل فی شفاعتی اور حدیث لا یجتمع دینان فی جزیرۃ العرب اور احبوا العرب
لثلاث ان سے ایجاب حب عرب وحرمت ایذا وطہارت ملک عرب از نجاست شرک ثابت ہی اصل مقصود
سے اسکو کچھ ربط نہین اور احادیث جو فوتس مدعی مین فضائل یمن وشام کے مذکور ہین وہ بھی مطلب سے بالکل
بیگانہ ہی کہان فضیلت علمای حرمین من حیث الانصاف کہان فضیلت یمن وشام الحاصل جو احادیث مدعی نے
پیش کیے کوئی اُنمین سے مثبت دعوی نہین ہی البتہ فضیلت ذاتیہ بلاد حجاز وقوت دین واتیای اسلام در مدینہ تا
زمانہ آخر وفضیلت اہل حرمین بجہت تضاعف ثواب والزام محبت اہل حرمین ووعید موذی ایشان ثابت
ہوتی ہی اور اسمین کسی مسلم کو انکار نہین ہوسکتا ہی یازدہم ناظرین کتب فقہ وحدیث پر ظاہر ہی کہ زمانہ صحابہ
سے تا این زمان مجتہدین فقہا ومحدثین مسائل فرعیہ دلائل حدیثیہ مختلف رہا کیے اور فیما بین اصحاب مذاہب
کے مناظرات ہوا کیے مگر کہین یہ نہین ثابت ہی کہ مختلفین نے رفع خلاف کے واسطے اہل حرمین کو منصف
مقرر کیا ہو اور اُنکی تحقیق کو لازم التسلیم سمجھا ہو دوازدہم کتب اصول مین مصرح ہی کہ امام مالک کے نزدیک اجماع اہل مدینہ
حجت ہی اور عمل صحابہ وتابعین مدینہ اُنکے نزدیک مستند ہی اور سوا اُنکے اور ائمہ مثل امام ابوحنیفہ وغیرہ
کے اسمین مخالفت کرتے ہین اور مجتہدین اہل مدینہ کو مساوی باقی مجتہدین کے سمجھتے ہین پس اگر فضیلت
اہل حرمین من حیث الانصاف والتحقیق احادیث سے ثابت ہوتی اس مسئلہ مین مخالف نہوتے الغرض
دعوی اس امر کا کہ علمای حرمین تمام علمای بلاد سے من حیث العلم والانصاف افضل ہین قرون ثلثہ مین یا ہر
زمانہ مین اب تک حیز ثبوت تک نہین پہونچا ہان وہان کے علما بلکہ کل سکان کی فضیلت من حیث الثواب والشرافۃ
وغیرہ ذلک کا کوئی انکار نہین کرسکتا آرے اسقدر ثابت ہی کہ دو طائفہ علما کے فرض کیے جاوین
مساوی وسعت علم وتحقیق وانصاف وتدقیق مین ہون اور ایک طائفہ اُنمین سے حرمین کا ہو تو وہ افضل
از طائفہ دیگر ہوگا مگر یہ امر خارج از مقصد ہی حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی۔

الحمد للہ کہ رسالہ قیام الملۃ والدین کی پہلی جلد تمام ہوئی باقی جلدین بھی انشاء اللہ تعالی جلد ہدیہ ناظرین ہونگی

فہرس مضامین فتاوی قیام الملۃ والدین جلد اول

صفحہ	فہرست مضامین

باب در بیان مسائل متفرقہ

تمت

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]